تبارک الذی جعل فی السماء بروجا وجعل فیها سراجا وقمرا منیرا

GOLDEN YEARS 73

2020ء

زنجانی جنتری

aienaeqismat@gmail.com

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت لاہور

1 Alaska
2 Canada
3 Europe
4 Russia

2020ء عالمی امن یا جنگ کا سال؟

قطب غوث ابدال کی نئی ذمہ داریاں

7 Africa
8 Asia
United States 5
Australia 9
South America 6

از افادیات
شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی
چیف ایڈیٹر روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت

نئے پاکستان کا مستقبل

ASTROLOGY FOR ALL

بانی: منجمِ اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

آفاقی معلومات کا علمبردار

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت لاہور

بارہ اماموں جنتری 2020ء

اپنے اندر بے پناہ علمی و روحانی خزانہ لیے ہوئے 1947ء سے ہر ماہ باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے

قدیم و جدید ریسرچ پر مشتمل پاک و ہند میں شائع ہونے والا منفرد آفاق، فلکیاتی و روحانی مجلہ

اپنے قریبی بک سٹال سے طلب فرمائیں

نمونہ کا شمارہ مفت منگوائیں

قیمت 100 روپے

خواہش مند حضرات نمونہ کا شمارہ منگوانے کیلیے 20 روپے کے ڈاک ٹکٹ لازماً ارسال کریں (ادارہ)

البیرونی تقویم 2020ء

بیادِ حضرت میراں حسین زنجانی علیہ الرحمۃ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

بانیٔ ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانیؒ

چیف ایڈیٹر
شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

ایڈیٹر
شہزادہ سید مصور علی زنجانی

سب ایڈیٹر
شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

گروپ ایڈیٹر
شہزادہ سید محمد علی زنجانی

ماہنامہ آئینۂ قسمت® 2020
زنجانی جنتری®

جلد نمبر 72 جنوری 2020 شمارہ نمبر 11

قیمت فی شمارہ 300 روپے
سالانہ چندہ 1000 روپے
لائف ممبرشپ 15000 روپے

بیرونِ ممالک
لائف ممبرشپ 1000 ڈالر
For 12 Years

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ، انڈیا، کویت، سری لنکا
12000 روپے
یورپ، فار ایسٹ
14000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا
15000 روپے

بیرونِ ملک نمائندگان

علامہ صمصام الدین (شکاگو)
فیض احمد (نیویارک)
ارشد محمود ناز (لندن)
فیصل عرفان (دبئی)

ہیڈ آفس

کاشانۂ زنجانی D-125، گلبرگ II، لاہور
فون: 042-35752277, 35872277 فیکس: 042-35755253
موبائل: 0300-9483758 Email:alenaeqismat@gmail.com
www.aienaqismat.com.pk

(کراچی آفس) کاشانۂ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی 74200 فون: 021-32217544

(راولپنڈی آفس) کاشانۂ زنجانی A-19، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب / آرمی ہاؤس بمقابل پی ایس او پٹرول پمپ، راولپنڈی
Ph: 051-5581756 - Cell # 0300-4135822

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

امین عاصم

ذرّے ذرّے میں پنہاں ہے اِک کائنات
ذرّے ذرّے میں موجود ہے تیری ذات
تو خدائے محمدؐ نہیں بے ثبات
تجھ پہ قربان سب موت ہو یا حیات
یہ پہاڑوں کے پتھر، یہ پیڑوں کے پات
سب ہی تیری بیاں کر رہے ہیں صفات
خوب صورت پرندے جو گاتے ہیں گیت
سچ تو یہ ہے ادا کر رہے ہیں صلوٰۃ
بہتا راوی ہو کہ جھیل سیف الملوک
تیرے مظہر ہیں سب نیل ہو یا فرات
حمدِ باری تعالیٰ میں مشغول ہیں
یہ زباں اور یہ آنکھیں، یہ دل اور یہ ہات

نعت

مظہر بھوپالی

اپنے اشکوں کو مدینے میں بہا کر آؤں
بوجھ پلکوں پہ سہی اُس کو ہٹا کر آؤں
دِیپ اَشکوں سے مدینے میں جلا کر آؤں سو
گیا ہو تو مقدر بھی جگا کر آؤں
وہ تو بگڑی ہوئی تقدیر بنا دیتے ہیں
اپنی قسمت بھی اُسی در سے بنا کر آؤں
اُن کے روضے کا جو دیدار مجھے ہو جائے
سبز گنبد کو بھی نظروں میں بسا کر آؤں
اُن کے دامن سے لپٹ جاؤں گا طیبہ جا کر
ہو گئے ہوں تو خفا اُن کو منا کر آؤں
اُن کے قدموں کی بنوں خاک مدینے میں مظہرؔ
اِس طرح جاؤں مدینے کہ نہ جا کر آؤں

منقبت

مظہر بھوپالی

حُبِّ آلِ مصطفیٰؐ اجر رسالت ہو گئی
تذکرہ میں نے کیا میری عبادت ہو گئی
وارثِ دین نبی جب سے امامت ہو گئی
ہم بھی بخشے جائیں گے اِس کی ضمانت ہو گئی
حُبِّ آلِ مصطفیٰؐ مجھ کو عنایت ہو گئی
خوف محشر کا نہ ہو گا یہ ضمانت ہو گئی
اُن کی الفت فرض کر دی ہے خدا نے اس لیے
پنجتن کے نام سے دین کی حفاظت ہو گئی
اَجر یہ رکھا ہے رب نے پنجتن کے نام کا
تذکرہ جو بھی کرے اُس کی تلاوت ہو گئی
آپ کی عظمت کا عالم کون سمجھے گا مظہرؔ
دین پر ہو کر فدا فخر رسالت ہو گئی

صدی 20 سن 20 یوں بنا 2020ء

آزمائش مگر ترقی کی بھی راہیں کھولیں

(شاہ زنجانی)

زائچہ پاکستان اپنے تعمیر و ترقی کے دور میں

مہادشا قمر 5 ستمبر 2015ء تا 4 ستمبر 2025ء جاری۔

دس سالہ شاندار تعمیر و ترقی کا دور پاکستان

زنجانی جنتری کی سابقہ اہم پیش گوئیاں:

☆ **2015**ء کی پیش گوئی تعمیر وترقی وطن اور دہشت گردی کے خلاف مارشل لاء۔ **درستگی** (پاک چائنہ راہداری اور ضرب عضب)

☆ **2016**ء کی پیش گوئی خاتمہ دہشت گردی کا تسلسل اور کرپشن کے احتساب کا سال۔ **درستگی** (ضرب عضب جاری، کرپشن و پانامہ لیگ)

☆ **2017**ء کی پیش گوئی نئی عالمی لیڈر شپ، مسلم امہ اور پاکستان سے سیاست دان نہیں بلکہ لیڈر اُبھرے۔ سیاست دان کی نظر اگلے الیکشن اور لیڈر کی نظر اگلی نسلوں کی فلاح پر ہوتی ہے۔ مزید درستگی کا 31 دسمبر 2017ء تک انتظار رہے گا۔ **درستگی** (2017ء میں 35 سال سے ملک پر حکمرانی کرنے والے سیاست دان وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کی نا اہلی سے 2017ء میں نئی لیڈر شپ کا آغاز ہو چکا ہے۔

☆ **2018**ء نور مصطفیٰ محمد ﷺ وعلی مرتضیٰؑ کا مفرد نمبر 2 سال ہذا 2018ء کا نمبر ہے اور یہی نمبر زائچہ پاکستان میں مہادشا قمر کا بھی نمبر ہے۔ قوم اپنے لیڈر کا روشن چہرہ 2018ء میں ہی دیکھ سکے گی۔) (**درستگی** وزیر اعظم عمران احمد خان نیازی)

☆ **2019**ء آسمانی کونسل پاکستان پر مہربان ہوگی انشاء العزیز۔ 2019ء مہنگائی سے عوام کی مشکلات بڑھیں، تاہم 2019ء میں نصف پیش گوئی درست 72 سالوں بعد U.N.O میں ہمیں کشمیر، پاکستان، مسلم اُمہ کے مسائل بتانے کے ساتھ ناموس رسالتؐ کی حفاظت کی نمائندگی ملی۔

☆ **2020ء آسمانی کونسل پر پاکستان کے لئے آزمائش کے ساتھ نئی ترقی کی راہیں کھلنے کا سال۔** (2020ء میں انتظار رہیگا)

اہم کواکب کی بروجی تبدیلی کے سبب 2020ء پاکستان کی تاریخ میں ایک غیر معمولی مثبت تبدیلیوں کا سال ثابت ہوگا

2019ء آسمانی کونسل پاکستان پر یوں مہربان ہوئی پاکستان، کشمیر، سال 2019ء تینوں کا مفرد نمبر 3 بنا 3 مرتبہ 3 کو جمع کیا تو 9 بنے ادھر پاکستان کو بننے 72 سال ہو چکے۔ مفرد نمبر 9 بنا۔ اقوام متحدہ میں 72 سال بعد پاکستان نے کشمیر، مسلم اُمہ امن پسند مذہب اسلام خصوصاً سرکار دو عالمؐ کی عظمت بزرگی ان سے ایک مسلمان کی محبت عقیدت کی تشریح اقوام متحدہ میں ہمارے سفیر کشمیر وزیر اعظم عمران خان نے کر کے دُنیا کی آنکھیں کھول دیں۔

قارئین آپکو خوشی ہوگی کہ 2020ء میں دو مرتبہ 20 آیا ہے کائنات کی سب سے مقدس اور بڑی ہستی سرکار دو عالمؐ ہیں ان کے نام نامی محمدؐ کے عدد 92 جسکا مفرد نمبر 2 بنا ہے۔ فرمانِ رسول اللہ ﷺ ہے کہ ''أنا مدينة العلم و عليٌّ بابها'' یوں جب ہم نے علیؑ کے اعداد 110 ملاحظہ کئے تو اسکا بھی مفرد نمبر 2 ہی بنا۔ یوں ہم اس سال کو محمدؐ وعلیؑ کا سال قرار دیتے ہیں۔ ہم دُعا کرتے ہیں کہ پاکستانی قوم کو علم و حکمت کی روشنی عطا ہو اور مسلم اُمہ خصوصاً پاکستان کی علمی روحانی راہنمائی وسیلہ محمدؐ وآل محمدؐ ہو اور پاکستان وکشمیر 2019ء کے بعد 2020ء میں بھی عالمی سازشوں جنگ وجدل زلزلوں پاکستانی آفات سے محفوظ رہے۔ آمین

مصدقہ: ادارہ شیعہ مجلس علمائے پاکستان

شجرۂ طیبہ معصومین علیہم السلام

مصدقہ: آقا ملت مولانا سید نجم الحسن صاحب قبلہ کراروی، پشاور

اسمائے معصومین	مشہور لقب	کنیت	اُمہات	تعداد اولاد	تاریخ و ماہ و سن ولادت	جائے ولادت	تاریخ وفات	مدت حیات	بادشاہ وقت	سبب شہادت	جائے دفن
پیغمبر اسلام حضرت محمدؐ	مصطفےٰؐ	ابوالقاسمؐ	حضرت آمنہؑ بنت وہب	قاسم، عبداللہ طیب طاہر، قاسم و ابراہیم	۱۷ ربیع الاول ۱ عام الفیل	شعب ابی طالب (مکہ معظمہ)	۲۸ صفر ۱۱ھ	۶۳ سال	و۔ نوشیرواں عادل ش۔ ہرقل بادشاہ قیصر روم	زہر۔ یہودیہ بمقام خیبر	مدینہ طیبہ
اُم الائمہ جناب فاطمہؑ	زہراء	ام الحسین سیدۃ النساء	حضرت خدیجہ الکبریٰ	حسن و حسین، محسن، ام کلثوم و زینب	۲۰ جمادی الثانیہ ۴۵ عام الفیل	مکہ معظمہ	۳ جمادی الثانیہ ۱۱ھ	۱۸ سال ۹ ماہ ۱۵ یوم	و۔ یزدجرد ش۔ حضرت ابوبکر	اسقاط درد پہلو شکستن	جنت البقیع (مدینہ)
ابو الائمہ حضرت علیؑ	امیر المومنین	ابوالحسن، ابوتراب	حضرت فاطمہؑ بنت اسد	۱۱ پسر ۱۶ دختران	۱۳ رجب ۳۰ عام الفیل یوم جمعہ	درمیان خانہ کعبہ	۲۱ رمضان ۴۰ھ	۶۳ سال	و۔ شہریار ش۔ معاویہ	ضرب عبدالرحمن ابن ملجم سازش امیر شام بمقام مسجد کوفہ	نجف اشرف (عراق)
حضرت امام حسنؑ	مجتبیٰ	ابو محمدؑ	حضرت فاطمہ زہراؑ	۸ پسر ۷ دختران	۱۵ رمضان ۳ھ	مدینہ منورہ	۲۸ صفر ۵۰ھ	۴۷ سال	و۔ یزدجرد ش۔ معاویہ	زہر دادن بدست جعدہ بنت اشعث [illegible] معاویہ	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام حسینؑ	سید الشہداء	ابو عبداللہ	حضرت فاطمہ زہراؑ	۶ پسر ۳ دختران	۳ شعبان ۴ھ (بنا پر مشہور)	مدینہ منورہ	۱۰ محرم ۶۱ھ	۵۷ سال	و۔ یزدجرد ش۔ یزید	اذیتہائے بیشمار بمقام کربلا بخنجر شمر لعین	کربلائے معلی (عراق)
حضرت امام علیؑ	زین العابدین	ابو محمدؑ	حضرت شہربانو بنت یزدجرد بادشاہ ایران	۱۱ پسر ۴ دختران	۱۵ جمادی الاول ۳۸ھ	مدینہ منورہ	۲۵ محرم ۹۵ھ	۵۷ سال	و۔ بادشاہت دین امیر المومنین حضرت علی ش۔ ولید	زہر دادن ولید بن عبدالملک	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام محمدؑ	باقر	ابو جعفر	فاطمہ بنت امام حسن	۵ پسر ۲ دختران	یکم رجب ۵۷ھ	مدینہ منورہ	۷ ذی الحجہ ۱۱۴ھ	۵۷ سال	و۔ معاویہ ش۔ ہشام	زہر ابراہیم بن ولید بن عبدالملک	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام جعفرؑ	صادق	ابو عبداللہ ابو اسمٰعیل	ام فروہ بنت قاسم بن محمد ابن ابی	۷ پسر ۳ دختران	۱۷ ربیع الاول ۸۳ھ	مدینہ منورہ	۱۵ شوال ۱۴۸ھ	۶۵ سال	و۔ عبدالملک بن مروان ش۔ منصور	زہر منصور دوانقی	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام موسیٰؑ	کاظم	ابوالحسن ابو ابراہیم	حمیدہ خاتون	۱۹ پسر ۱۸ دختران	۷ صفر ۱۲۸ھ	ابواء (مابین مکہ و مدینہ)	۲۵ رجب ۱۸۳ھ	۵۵ سال	و۔ مروان الحمار ش۔ ہارون رشید	زہر ہارون رشید عباسی بذریعہ سندی ابن شاہک	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ	رضا	ابوالحسن	ام البنین	امام محمد تقی فقط	۱۱ ذی قعدہ ۱۴۸ھ	مدینہ منورہ	۲۳ ذی قعدہ ۲۰۳ھ	۵۵ سال	و۔ منصور دوانقی ش۔ مامون رشید	زہر مامون رشید	مشہد مقدس (خراساں)
حضرت امام محمدؑ	تقی	ابو جعفر	خیزران خاتون (ریحانہ)	۲ پسر ۲ دختران	۱۰ رجب ۱۹۵ھ	مدینہ منورہ	۲۹ ذی قعدہ ۲۲۰ھ	۲۵ سال ۳ ماہ ۱۲ یوم	و۔ محمد الامین عباسی ش۔ معتصم باللہ	زہر معتصم باللہ بذریعہ ام الفضل بنت مامون رشید	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ	نقی	ابوالحسن	سمانہ خاتون	۵ فرزند	۵ رجب ۲۱۴ھ	حوالی مدینہ منورہ	۳ رجب ۲۵۴ھ	۴۰ سال	و۔ مامون رشید ش۔ معتمد باللہ	زہر معتمد باللہ	سر من رائے (عراق)
حضرت امام حسنؑ	عسکری	ابو محمدؑ	حدیثہ خاتون	حضرت صاحب الامر	۱۰ ربیع الثانی ۲۳۲ھ	مدینہ منورہ	۸ ربیع الاول ۲۶۰ھ	۲۸ سال ۲ ماہ	و۔ واثق باللہ ش۔ معتمد باللہ	زہر معتمد باللہ	سر من رائے (عراق)
حضرت امام محمدؑ	مہدی الحجۃ القائم صاحب الزمان	ابوالقاسم	نرجس خاتون	العلم عند اللہ	۱۵ شعبان ۲۵۶ھ	سر من رائے عراق	بحکم خدا زندہ ہیں	ماشاء اللہ	و۔ معتمد باللہ	بحکم خدا زندہ ہیں	جائے غیبت سر من رائے

نوٹ: بادشاہ وقت کے خانہ میں "و" سے ولادت اور "ش" سے شہادت مراد ہے۔ (شاہ زنجانی)

سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ

www.aqtv.tv

SINCE 1947

اے کیو ٹی وی کے مقبول سلسلے

2020 سال کیسا گزرے گا
HOROSCOPE PREDICTIONS FOR THE ALL ZODIAC SIGNS
6:46:25

نومبر کیسا رہے گا
November 2019
1:31:17

آج کے ستارے
22nd October 2019
لکی نمبر، صدقہ اور وظیفہ ستاروں کی روشنی میں
22 اکتوبر 2019
9:09

آپ کے ستارے
یہ ہفتہ کیسا رہے گا؟
20 Oct - 26 Oct
Weekly Horoscope
1:53:24

Daily Horoscope
آج کا دن کیسے گزرے گا
22nd Oct 2019
22 اکتوبر 2019
3:16

حضرت داتا گنج بخشؒ
لاہور کے بادشاہ کی زندگی
10:18

بارش روکنے کا عمل
حروف مقلوب بعض کسے کہتے ہیں؟
5:16

سردی کی خوراک
ٹھنڈ کو بھول جائیں
آسان گھریلو نسخے
Winter Season Home Remedies
مشہور دواخانہ
6:59

یاکافی کی فضیلت
حاجت کیلئے وظیفہ
3:55

Mole on face
کیا آپ جانتے ہیں؟
چہرے پہ تل کا کیا مطلب ہوتا ہے؟
3:01

6:15

Dr Mehreen Bilal
Nutritionist
Importance of Nutritionist
4:39

سید گھرانہ
لڑکی کی تعلیم M Phil
ضرورت رشتہ
2:49

DENGUE
5:05

ULTIMATE FITNESS GUIDE
4:09

ستمبر کے لکی نمبر
کیا ہوگا پرائز بانڈ کا نمبر؟
خریدنے کا بہتر وقت؟
اور روحانی وظیفہ
3:45

عمران خان کی حکومت معاشی دلدل میں پھنس گئی
عوام میں ٹیکس سے حوالے سے اتنا خوف کیوں؟
4:41

سچ میں نجات
اسلامی واقعہ
Today's Story
بچوں کی دنیا
1:31

عرس منجم اعظم الحاج شاہ زنجانی رحمتہ اللہ علیہ

از تحریر: شہزادہ سیّد محسن علی زنجانی

جشن میلاد النبی ﷺ کے زیر سایہ 10 ربیع الاول/ بمطابق 09 نومبر بروز ہفتہ 2019ء بانی ادارہ آئینہ قسمت کا 47 واں عرس بمقام درگاہ شاہ زنجانی بھماں جھگیاں براستہ عامر روڈ شادباغ لاہور کے علاوہ کاشانہ زنجانی D-125، گلبرگ II میں محفل میلاد کی صورت میں منایا گیا۔

ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی 10 ربیع الاول/ بمطابق 09 نومبر بروز ہفتہ 2019ء نماز ظہر کے بعد محفل میلاد النبی ﷺ کا آغاز شہزادہ سیّد محسن علی زنجانی نے تلاوتِ کلام پاک سے محفل کا آغاز کیا۔ اس کے بعد یکے بعد دیگرے ثناء خوانوں علامہ محمد وقاص عطاری قادری، محترم جناب محمد کوثر علی قادری، محترم جناب محمد ناصر علی قادری نے محفل میں جوش و ولولہ روحانی سماع باندھ دیا۔ محفل کے اختتام پر محترم جناب قبلہ علامہ محمد عمیر قادری دامت برکاتھم العالیہ نے خصوصی خطاب سے محفل کو رونق بخشی اور محفل میلاد النبیؐ اور عرس شاہ زنجانی کو رونق بخشنے کیلئے جن مہمانانِ گرامی نے خصوصی شرکت فرمائی۔ محترم جناب علامہ اشفاق قادری، محترم جناب محمد دانیال عطاری قادری، محترم جناب ندیم وائس چیئرمین گوالمنڈی، محترم جناب طلعت محمود صدر لوہا مارکیٹ، پیر سیّد چن پیر قادری صاحب (سجادہ نشین میاں میر لاہور)، محترم جناب جمیل بدر صاحب (برادر مرحوم جہانگیر بدر صاحب)، جناب محمد یونس صاحب (بھماں جھگیاں)، جسٹس رانا زاہد محمود صاحب (سابق جج لاہور ہائی کورٹ، موجودہ جج الیکشن ٹربیونل پنجاب)، محترم جناب ذوالفقار علی بدر صاحب (صاحبزادہ مرحوم جہانگیر بدر صاحب)، محترم جناب غلام محمد علی حسن گجر صاحب (وائس چیئرمین گجر برادری، صدر شاہ عالم مارکیٹ تاجر برادری)، صاحبزادہ پیر سیّد ظہور شاہ کاظمی (سجادہ نشین حضرت صابر شاہ ولی و حضرت ناصر شاہ ولی)، میاں محمد اکرم صاحب (ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ)، خواجہ ندیم سعید صاحب (چیئرمین وال سٹی UC)، علامہ محمد اشفاق عطاری قادری صاحب، جناب سیّد ریاض علی شاہ گیلانی صاحب، محمد شہزاد بٹ صاحب (چیئرمین مصالحتی عدالت وال سٹی)، محمد فیصل بٹ (چیئرمین کینال پارک بازار)، علامہ عبدالقیوم قادری صاحب، چوہدری محمد خرم ریاض گجر صاحب (چیئرمین گجر یوتھ ایسوسی ایشن)، جناب سیّد شاہد علی قادری نقشبندی صاحب (کینال پارک)، مفتی محمد ساجد عطاری قادری صاحب، پیر سیّد ریاض علی شاہ صاحب (شادباغ)، الحاج محمد خالد محمود صاحب (خلیفہ مرتضیٰ علی حسینی عثمان آباد انڈیا)، معین الحق علوی صاحب، جناب سیّد اشتیاق حسین بخاری صاحب، محترم جناب حاجی انور صاحب (شادمانی ہال)، جناب سیّد عاصم بخاری صاحب (اداکار)، جناب سیّد اویس شاہ بخاری صاحب، محمد حبیب خان (سابق چیئرمین کینارل پارک بازار)، جناب سیّد شجاعت ہاشمی صاحب، جناب سیّد ریحان شاہ بخاری صاحب، محترم جناب عبدالعزیز صاحب، جناب ڈاکٹر نوازش علی صاحب، علامہ وقار علی قادری صاحب، محترم جناب جمال بدر صاحب، قاری محمد عارف صاحب نے شرکت کی۔ 4 بجے سبھی حاضرین محفل درود شریف کا وِرد کرتے ہوئے درگاہ چنوں شاہ سے درگاہ شاہ زنجانی کی طرف چادر پوشی کے لیے روانہ ہوئے۔ درود و سلام کے وِرد میں سجادہ نشین سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی کے ہمراہ سینکڑوں زائرین کے ساتھ چادر پوشی کی۔

لوحِ مصطفائی

یا رب تری رحمت سے مایوس نہیں فانی
لیکن تری رحمت کی تاخیر کو کیا کہیے

مصائب اور
انبساط غم اور خوشی انسان کے مقدر میں ہے
کبھی کو زیادہ اور کبھی کو کم۔ درحقیقت اس دنیا میں آسائش کے محل
بھی ہیں اور مصیبتوں کی جھونپڑیاں بھی۔ قہقہوں کی سمندر بھی ہے اور آنسوؤں کا سرچشمہ
بھی۔ انسان کبھی آرام کے جھولے میں جھولتا ہے تو کبھی گردشِ ایام کے کوڑے سہتا ہے۔

سکوں محال ہے قدرت کے کارخانے میں
ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

آفت و بلا درست، تکلیف اور دکھ بجا، لیکن خداوند تعالیٰ سبحانہ نے اس کے اثر کو زائل کرنے کے لیے اپنے کلام بلاغت نظام میں اوصاف پنہاں رکھے ہیں۔ مشکل سے مشکل اور مصائب بھی اس کلام پاک کے آگے دم نہیں مار سکتے، چنانچہ ماہر فلکیات و عامل عملیات و تعویذات قبلہ منجم اعظم شاہ زنجانی صاحب نے نوروز 21 مارچ کی ساعت بابرکت میں کلام مجید سے لوحِ مصطفائی تیار کی ہے۔ آج سے پہلے حضور کا یہ فیض حقہ خاص تک تھا، اب آپ نے اس فیض سے روحانی سے عوام کو بھی مستفیض فرمایا ہے۔ لوحِ مصطفائی پاس رکھ کر ہر ضرورت مند اپنے دلی مقصد میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔

☆ بے اولاد کے ہاں اولاد ہوگی ☆ دشمن مغلوب ہونگے ☆ افسران بالا مہربان ہونگے ☆ ہر شخص آپکا احترام کریگا ☆ قرضہ ادا ہونے کے سامان غیب سے پیدا ہونگے ☆ مقدمات میں کامیابی ہوگی ☆ حسب منشاء ملازمت ملے گی ☆ بحکم خدا قرضہ وصول ہو سکے گا ☆ کاروبار میں کشادگی ہوگی ☆ امتحان میں کامیاب ہوگی ☆ مایوس مریضوں کو شفاء منجانب اللہ ہوگی ☆ شادی خانہ آبادی میں رکاوٹ دور ہوگی ☆ جائیداد حسب منشاء فروخت ہو سکے گی ☆ محبوب کو آپ سے والہانہ محبت ہوگی۔ غرضیکہ لوحِ مصطفائی ﷺ پاس رکھنے سے آپ کی جملہ شکایات دور ہونگی۔

پس لوحِ مصطفائی کیا ہے؟ قرآن مجید کا زندہ جاوید معجزہ ہے جو آپ کے دلی جائز مقاصد ہوں وہ تفصیل سے لکھیے اور ساتھ ہی والدین کے نام بھی تحریر فرمائیے لوحِ مصطفائی آپ کو عمر بھر کام دے گی۔

ہدیہ =/900 روپے۔ نوٹ: ایک وقت میں صرف 2 مقاصد لکھیں۔

خاندان زنجانیہ عالیہ کے بے مثال روحانی تحائف

نقش	تفصیل	ہدیہ
نقش اسم اعظم	حصولِ خیر و برکت کے لیے پاس رکھنے کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں	ہدیہ =/700 روپے
نقش نادِ علیؑ	نادِ علیؑ کا وِرد دشمن کو زیر کرتا ہے اور اسکا نقش دشمن کے ہوار کو بے اثر کر کے حرزِ جاں بن جاتا ہے، گویا یہ ایک خاص تحفہ ہے	ہدیہ =/700 روپے
نقش تخلیص	بازاری اور پیشہ ور محبوبہ کی ناپاک محبت سے آزاد کر کے انسان کو تباہی و بربادی سے بچا لیتا ہے	ہدیہ =/700 روپے
نقش انقلابِ عظیم	تبادلہ حسب منشاء کرانے کے لیے اس سے بڑھ کر اور کوئی روحانی تحفہ نہیں ہے	ہدیہ =/700 روپے
نقش یوسفؑ	گھر سے مفرور اور آوارہ لڑکوں کو واپس بلانے کے لیے شاہ زنجانی کا بے نظیر روحانی تحفہ	ہدیہ =/700 روپے
نقش محافظ	یہ نقش پاس رکھنے سے حمل ضائع نہیں ہوتا اور بچہ صحیح سالم پیدا ہو کر زندہ رہتا ہے	ہدیہ =/700 روپے
نقش ولادت	دردِ ولادت میں کمی کر کے بچے کی پیدائش کو بے آسان بنا دیتا ہے	ہدیہ =/700 روپے

مینیجر شعبہ روحانیات آئینہ قسمت
کاشانہ زنجانی، D-125، حضرت سید میراں حسین زنجانی روڈ، گلبرگ 2، (نزد مین مارکیٹ) لاہور
بیرون ملک کے لیے ہر نقش کا ہدیہ 10 پونڈ ہے
فون: 0300-9483758

توشہ اصحاب کہف

کی پُرنور ہستیوں کی فضیلت اس سے زیادہ اور کیا ہوسکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کلام پاک میں سورۃ کہف کو نازل فرمایا۔ بزرگانِ دین نے توشہ اصحاب کو بڑا متبرک اور سریع الاثر مانا ہے۔ جو انسان مصیبت میں ان کی نظر دیتا ہے اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی مصیبت کو ان ہستیوں کے صدقے دُور فرما دیتا ہے۔ جناب شاہ زنجانی اپنے زیرِ نگرانی ہر ماہ باقاعدگی سے توشہ اصحاب کی نظر دیتے ہیں۔ ضرورت مند اور معتقد حضرات اس میں شریک ہو کر اپنی مصیبتوں کو دُور فرما سکتے ہیں۔ لیکن ناجائز اور خلافِ شرع مقصد نہ ہو ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ہدیہ ایک مقصد کے لئے صرف پانچ سو (500) روپے ہے۔ آپ اپنے مقاصد کے اعتبار سے شریک ہوسکتے ہیں۔ ایک دو یا تین زیادہ نہیں۔ توشہ کی تاریخ ہر قمری ماہ کی نوچندی جمعرات مقرر ہے۔ مقررہ تاریخ کا خاص خیال رکھیں ورنہ آپ کا توشہ اگلے ماہ دیا جائے گا۔

روحانی مشاورت

Understanding

خوشی وغمی سے مرقع اور روحانی وجسمانی مسائل سے بھرپور زندگی کا طویل راستہ ماہرانہ رائے کے بغیر دشوار تر ہوتا ہے۔ کسی بھی قسم کی ماہرانہ رائے کیلئے علمِ نجوم اور دیگر علومِ مخفیہ سے رجوع کریں۔ جن کا تمام الہامی کتب میں بڑی اہمیت کے ساتھ ذکر آیا ہے۔ زمین سے فلکیاتی رابطے کے تحت کائناتی شعاعیں قوانینِ فطرت کے تحت شب و روز اپنے فرائض انجام دے رہی ہیں جن سے ہم ہر لمحہ متاثر ہوتے ہیں۔ معروفیاتِ زندگی مثلاً ذاتی مسائل، مال واسباب، عزیز واقارب، گھریلو مسائل، معاملاتِ عشق ومحبت، غیر متوقع آمدن، انعام وغیرہ، صحت وقرض کے مسائل، شادی اور شراکت، وراثت اور حادثات، سفر و روحانیات، ترقی وروزگار، خواہشات، خفیہ امور، مبارک نگینہ اور دیگر فی زمانہ مسائل غرض ہر طرح کی دنیاوی روحانی مشکلات کے حل کیلئے پیدائشی زائچہ ووقتی زائچہ سے منجم وعامل شاہ زنجانی کی وسیع تر خاندانی روحانی خدمات سے بالمشافہ یا بذریعہ خط فیض یاب ہوسکتے ہیں۔

عطر تسخیر محبوب

آپ عطر حنا یا خس کی ایک شیشی ماشہ دو ماشہ کی لے لیں۔ جس کی خوشبو نہایت تیز ہو اس شیشی کو اپنے سامنے رکھیں۔ طہارت جسم ولباس اور باوضو ہو کر اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس شیشی پر دم کر لیں۔ **واللّٰہ المستعان علیٰ ما تصفون** یہ عمل چاند دیکھنے پر جو پہلا جمعہ آئے جمعہ کی نماز پڑھ کر شروع کریں اور ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر عصر کی نماز پڑھ لیں۔ پس عطر تسخیر محبوب تیار ہے۔ اِسکے بعد عروج ماہ تک عمل تجہیم کرنا بھی ضروری ہے۔ آپ جس مجلس اور جس شخص کے پاس یہ عطر لگا کر جائینگے اور اس عطر کی خوشبو آئے گی تو بے ساختہ اور والہانہ طور سے آپکی عزت و اخوت کریگا۔ اگر کوئی شخص یہ عطر خود تیار نہیں کر سکے تو ایک ماشہ عطر کی شیشی شعبہ روحانیات ادارہ آئینہ قسمت لاہور یا کراچی سے طلب کریں۔

اپنا نام مع والدہ ضرور لکھیں — ہدیہ ایک ہزار (=/1000) روپے

لوح امساک

نوٹ: پامسٹری کے شائقین بھی ذاتی طور پر مل کر لطیف محمد اسرار عالم سے فیض یاب ہوسکتے ہیں۔

چاند وسورج گرہن کے اوقات کی تیار کردہ یہ لوح میرے خاندانِ عالیہ زنجانیہ میں کئی پشتوں سے مجرب چلی آ رہی ہے۔ اس لوح کو بڑی محنت اور احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے۔ چاند گرہن یا سورج گرہن کے وقت زیرِ ناف پانی میں کھڑے ہو کر سیسہ (جس سے بندوق کے چھرے بنتے ہیں) پر کندہ کریں۔ سیسہ کا مربع حسب ضرورت پہلے سے بنوا لیا جائے۔ اس تختی کو اپنی کمر (گردوں) پر باندھ لیں۔ اس سے ایسی قوت باہ پیدا ہوگی۔ جو مقوی سے مقوی ادویات سے بھی پیدا نہیں ہوسکتی۔ اگر کوئی یہ لوح خود تیار نہ کر سکے تو ہمارے شعبہ روحانیات سے حاصل کرے۔ ہدیہ لوح مبلغ سات سو (=/700) روپے ہے۔ گزشتہ سال جو لوح گرہنوں کے اوقات میں تیار کی گئی تھیں ان میں سے صرف چند لوح باقی رہ گئی۔

لوح درج ذیل ہے

۳۶۶	۳۵۸	۳۶۴
۳۶۰	۳۶۳	۳۶۵
۳۶۲	۳۶۷	۳۵۹

طلسماتی دھاگہ

چھوٹے بچوں کو نظرِ بد سے محفوظ رکھنے کیلئے خاندانِ زنجانیہ عالیہ کا صدیوں سے مجرب چلا آ رہا ہے۔ ایسے والدین جو اپنے بچوں کو نظر لگ جانے سے پریشان رہتے ہیں۔ ان کے لئے اکسیر نعمت ہے۔ اس دھاگے کو جو آئینہ قسمت کے دفتر سے مفت مل سکتا ہے بچوں (7 سال تک کی عمر) کے گلے میں ڈالنے سے بچے نظرِ بد سے محفوظ رہیں

2020ء کا اسم اعظم

یَا رَزَّاقُ یَا رَبّ یَا رَزَّاقُ

شہزادہ سیّد انتظار حسین زنجانی

2020ء کی مناسبت سے قارئین کو آج ایک عجیب وغریب مگر پُرتاثیر خاندان زنجانیہ عالیہ کا مجرب بہ مجرب اسم اعظم پیش کرنے کی سعادت حاصل کرونگا۔

آپ نے اکثر سنا ہوگا کہ تقدیر نہیں بدلی جاسکتی یہ بات سچ ہے۔ ہم سائلین کو علوم الفلکیات یا علم نجوم سے انکی تاریخ پیدائش وقت پیدائش مقام پیدائش یا پھران کے ہاتھوں کے پرنٹ سے ان کے زائچے بنا کر انکی تقدیر ہی بتا رہے ہوتے ہیں۔ دُنیا میں جہاں عرب وعجم سپر پاور اور ہر مذہب ونسل کے حکمران اپنی اپنی رعایا پر حکمرانی کررہے اور اللہ کے بعد ان کی اخلاقی مذہبی، دُنیاوی ذمہ داری بنتی ہے کہ اپنی اپنی رعایا کی خوشحالی کا خیال کریں۔ **2020ء** کا اسم اعظم کچھ یوں روحانی طور سے اخذ ہوا ہے۔ کائنات کی سب سے محبوب ہستی سرکارِ دوعالم محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام **محمدؐ** کے ابجدی عدد **92** بنتے ہیں۔ فرمانِ رسولؐ ہے کہ

"أنا مدينة العلم و عليٌّ بابها"

ترجمہ: "میں علم کا شہر ہوں اور علیؑ اس کا دروازہ" اس سے معلوم ہوا کہ شہر مدینہ **محمدؐ** کے عدد **92** دروازہ شہر مدینہ **علیؑ** کے عدد **110** جمع کئے تو **202** بنے۔ اسم اعظم ربّ کے اعداد **202** بنتے ہیں۔ سال **2020ء** کا مفرد نمبر **4** جبکہ ربّ کا مجرب نمبر بھی **4** بنتا ہے خاندان زنجانیہ عالیہ سلسلہ روحانیات حضرت سیّد میراں حسین زنجانی پیر بھائی داتا گنج بخش ؒ کے گھرانے خاندان زنجانیہ عالیہ بانی ادارہ آئینہ قسمت حضرت منجم اعظم الحاج سیّد ناظر حسین زنجانی نے دُنیا سے پردہ کرنے سے چند دن پہلے مجھے بڑے پیار سے بلایا اور فرمانے لگے شہزادہ سیّد انتظار حسین زنجانی یہ جان لو کہ رزق حلال ایک نعمت ہے اور ہمارے مقدر کا رزق ہمیں خود تلاش کررہا ہوتا ہے اور جو رزق مقدر میں لکھا ہے وہ مل کر ہی رہتا ہے۔ کسی کے مقدر میں کم اور کسی کے مقدر میں زیادہ رزق قدرت نے لکھا ہے۔ پھر شفقت سے فرمانے لگے تم سیّد زادے ہو۔ عاشقانِ رسول ﷺ اور ضرورت مند بہن بھائی زندگی بھر تمہارے پاس اسی نسبت سے کہ آپ آل نبیؐ اولادِ علیؑ سمجھ کر پریشان حال آئے رہیں گے۔ ایسے سائلین کو آپ نماز فجر کی تلقین کریں۔ روزانہ نماز کے بعد اسم اعظم یَا رَزَّاقُ یَا رَبّ یَا رَزَّاقُ **818** مرتبہ یا کم ازکم **313** مرتبہ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر جو بھی پروردگار سے بوسیلہ محمدؐ، علیؑ دعائیں کرنا معمول بنالیں اس کا رزق کشادہ ہوجائیگا۔ اپنے مقدر سے بھی زیادہ رزق پاسکتا ہے۔ اس وظیفہ کی نسبت **2020ء** سے جڑی ہوئی ہے۔ اس کے لئے مختصر اسم اعظم یَا رَبّ **202** مرتبہ اور اگر وقت ہو تو **2020ء** مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر دونوں وظائف یا دونوں میں سے کوئی ایک بھی وظیفہ پڑھے گا اس پڑھنے والے کی تنگدستی دُور ہو اور اسے دستِ غیب عطا ہو۔ عمل جب بھی آپکی نظر سے گذرے اور پڑھنے کو دل چاہے تو اسی دن سے شروع کردیں آخر میں التماس ہے کہ میرے والد گرامی منجم اعظم الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی اور خاندان زنجانیہ عالیہ کے گزشتگان کے لئے ایک بار سورۃ فاتحہ تین مرتبہ سورۃ اخلاص کی تلاوت کرکے انکی ارواح کو ھدیہ کریں۔

فالنامہ چہاردہ معصومین علیہم الصلوٰۃ والسلام

از انتخاب: شہزادہ سید محمد علی زنجانی، لاہور

میرے دادا بزرگوار حضرت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی کو 1952ء میں حج بیت اللہ کی سعادت نصیب ہوئی اور مجھے 14-2013 میں اور ہر دو حج کا وقفہ 62 سال جو سرکار دو عالمؐ کی دنیاوی زندگی کے اعداد ہیں۔ آج ہم 1436ھ میں ہیں۔ آج اگر کسی کو کسی سے محبت ہو جائے تو وہ اپنے محبوب کو سب دنیا کی نظروں سے چھپاتا پھرتا ہے۔ یہ اللہ کا کتنا بڑا احسان ہے کہ اس نے ہماری ہدایت کے لئے اپنا محبوب بھیجا۔ 12 امامیہ جنتری 2020ء کی تیاری کرتے ہوئے مجھے امام زمانہؑ کی نسبت سے فالنامہ چہاردہ معصومینؑ اپنے دادا کی بیاض سے ملا اسے مومنین کے لئے من و عن پیش خدمت ہے۔ زنجانی جنتری 1955ء میں شائع شدہ فالنامہ سبعہ مقدسہ نہایت مقبول خاص و عام ہوا دادا بزرگوار فرماتے ہیں الحمدللہ علیٰ ذالک یہ فالنامہ مجھے دورانِ زیارات کربلائے معلّٰی و نجف، اشرف شہر مقدس کے ایک اہل اللہ بزرگ نے تفویض فرمایا تھا۔ اسی طرح زیارت سر من رائے کے دوران میں ایک شخصیت نے جو میرے خیال اور اعتقاد کے مطابق کوئی بزرگ مامور من اللہ تھے اس خادم و محب آل عباؑ زنجانی کو سطور الذیل فالنامہ یہ کہہ کر عنایت فرمایا کہ یہ خاص عطیہ حضور سیدنا مہدی آخری زمان حجۃ اللہ فی العالمین عجل اللہ فرجہ کا ہے۔ چنانچہ اس عطیہ حضرت حجۃ عجل اللہ فرجہ کو مومنین ارض اللہ کے استفادہ کی خاطر بزبان اردو شائع کیا جاتا ہے اس کی صحت کی شرط صرف حب محمدؐ و آل محمدؐ ہے کیونکہ فیض اسی کا حصہ ہے جس کا دل نور ایمان سے منور ہے غیر کو اگر بہرہ نہیں ملتا تو اس میں فیضان الٰہیہ کا کچھ قصور نہیں

چشم شہرہ بروز بند ہ گر
گناہ چہ طا آفتاب چشمہ

قواعد فالنامہ

سب سے پہلے اوّل آخر چہاردہ بار محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجتے ہوئے ۲ بار سورہ الحمد۔ ۳ بار سورہ اخلاص۔ ۳ بار سورہ کوثر۔ ۳ بار سورہ عصر۔ ۳ بار سورہ قدر پڑھے اور جدول ذیل میں اپنا سوال تلاش کرے۔

جدول سوالات

نمبر	سوال
۱	میری مراد پوری ہوگی یا نہیں؟
۲	میری مالی حالت کی کیفیات کیا ہیں؟
۳	مجھے علم حاصل ہوگا یا نہیں؟
۴	مجھے گھر کا سکھ نصیب ہوگا یا نہیں؟
۵	میرے ہاں اولاد ہوگی یا نہیں؟
۶	مریض کو صحت ہوگی یا نہیں؟
۷	میری ازدواجی زندگی کی کیفیات کیا ہیں؟
۸	میرا قرض ادا ہوگا یا نہیں؟
۹	میرے سفر کی کیفیات کیا ہیں؟
۱۰	میرے روزگار کی کیفیات کیا ہیں؟
۱۱	جو کام کرنے لگا ہوں اسمیں نفع ہوگا یا نقصان؟
۱۲	کیا مجھے مہم درپیش میں غلبہ ہوگا یا شکست؟

دائرہ فالنامہ چہاردہ معصومین علیہم الصلوٰۃ والسلام

شمار	حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
۱	اے صاحب فال مراد تیری پوری ہوگی۔
۲	زکوٰۃ دینے والے کی مالی حالت اچھی ہوگی۔
۳	علم خدا کی دین ہے متقی پرہیزگار کوملتا ہے۔
۴	جس نے صلہ رحمی دیا اس کو گھر کا سکھ ملا۔
۵	تیرے گھر میں یک چراغ جلنے والا ہے۔
۶	مریض کوکلی صحت حاصل ہوگی۔
۷	تیرا گھر آباد ہوگا۔
۸	خدا تجھے قرض کی مصیبت سے جلد رہا کریگا۔
۹	سفر وسیلہ ظفر ہے۔
۱۰	خدا روزی رساں ہے۔
۱۱	خیرات کر کہ اسی میں برکت ومنفعت ہے۔
۱۲	غلبہ تمہیں ہی حاصل ہوگا۔

شمار	حضور سیّدنا امام اوّل علیؑ ابنِ ابی طالب علیہ الصلوٰۃ والسلام
۱	گندم از گندم بروید جو ز جو
۲	جس نے کبھی خیرات نہیں کی اس کی حالت کیا اچھی ہوگی۔
۳	جس نے علم کا شوق کیا علم اُسے حاصل ہوا۔
۴	کاش تو بیوی بچوں کا حق پہچانتا۔
۵	اے صاحب فال تو صاحب اولاد ہوگا۔
۶	مریض دیر سے صحت یاب ہوگا۔
۷	اے صاحب فال نیک بیوی اللہ کی رحمت ہے۔
۸	قرض کا تقاضا نرمی سے کرو کہ یہ خیرات ہے۔
۹	سفر میں رکاوٹ پیدا ہو۔
۱۰	اللہ روزی کا سبب جلد بنائے گا۔
۱۱	دہ (۱۰) در دُنیا و ستر (۷۰) در آخرت۔
۱۲	خدا کو یاد کرتا کہ تو غالب ہو۔

شمار	حضور سیّدۃ النساء فاطمہ زہرہ سلام اللہ علیہا
۱	اپنے رب کو یاد کر وہی تیری مراد پوری کریگا۔
۲	کبیرہ گناہوں سے اجتناب کرتا کہ تو زردار ہو۔
۳	کچھ دین کا علم حاصل کرتا کہ تجھے دُنیا کا علم ملے۔
۴	تنگی کو برداشت کرنا اور گھر کا سکھ ایک ہی شے کے دو نام ہیں۔
۵	خدا تجھے اولاد کا سکھ دے گا۔
۶	مریض کو جلد صحت نصیب ہوگی۔
۷	رفیقہ حیات سے مہربانی کا سلوک کرو۔
۸	قرض ذرا دیر سے ادا ہوگا۔
۹	سفر میں نقصان کا اندیشہ ہے۔
۱۰	تیری روزی وطن سے دور ہے۔
۱۱	دیکھو اس کام کو جلدی کرو تا کہ فائدہ ہو۔
۱۲	مفاہمت ہی تیرا غلبہ ہے۔

شمار	حضور سیّدنا امام حسن مجتبیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام
۱	صاحب فال تیری مراد اصلاً پوری نہ ہوگی۔
۲	تجھے اچانک کہیں سے مال ملے گا۔
۳	علم تجھے ہرگز ہرگز حاصل نہ ہوگا۔
۴	تیرا خانہ آباد ہوا چاہتا ہے۔
۵	اولاد کا سکھ تیری قسمت میں نہیں ہے۔
۶	مریض کو جلد ہی صحت ہوگی۔
۷	شادی خانہ آبادی میں ابھی کچھ دیر ہے۔
۸	دیا ہوا قرض واپس نہ مل سکے گا۔
۹	یہ سفر قطعاً منفعت بخش نہیں۔
۱۰	ترا روزگار جلد ہی لگنے والا ہے۔
۱۱	اس کاروبار میں تجھے خاصہ نفع ہوگا۔
۱۲	مفاہمت کر کہ تجھے شکست کا اندیشہ ہے۔

شمار	حضور سیّدنا امام حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام
۱	مراد پوری ہوگی لیکن دیر سے۔
۲	دولت تجھے خود کمانی پڑے گی۔
۳	تیرا تعلیمی درجہ بلند ہوگا۔
۴	جب کہ تو گھر میں نہ رہا تو گھر کا سکھ کیسا۔
۵	اولاد تیرے لئے باعث پریشانی ہو۔
۶	مرض بڑھتا گیا جوں جوں دواء کی۔
۷	نیک بیوی کا ملنا سخت مشکل ہے۔
۸	قرض محبت کی قینچی ہے۔
۹	سفر دُور کا ہے لیکن نفع دے گا۔
۱۰	تیرا بگڑا ہوا کاروبار درست ہو۔
۱۱	نفع ونقصان برابر برابر ہو۔
۱۲	تجھے مقابل پر غلبہ حاصل ہوگا۔

شمار	حضور سیّدنا امام اعلیٰ وسط زین العابدین علیہ الصلوٰۃ والسلام
۱	کسی کی مدد سے مراد پوری ہو۔
۲	دولت وراثت میں ملے گی۔
۳	علم کثیر حاصل ہو۔
۴	گھر کا سکھ نہیں مل سکتا۔
۵	اولاد دکھ کا باعث بنے درگزر۔
۶	مریض کو جلد شفا حاصل ہو۔
۷	شادی ہو کر تنازعہ پیدا ہو۔
۸	قرض ملنا مشکل ہے۔
۹	سفر قطعاً نہ ہو سکے گا۔
۱۰	بگڑے ہوئے کام دیر سے درست ہوں۔
۱۱	نقصان عظیم ہوگا احتیاط لازم ہے۔
۱۲	مقابلے میں عزت اور جان کا خطرہ ہے۔

شمار	حضور سیّدنا امام محمدؑ باقر علیہ الصلوٰۃ والسلام
۱	مردے از غیب بروں آید وکارے بکند
۲	مال ملے، لیکن جلد خرچ ہو۔
۳	تعلیم ختم ہو۔
۴	کسی دوسرے گھر میں آباد ہو۔
۵	اولاد صلح پیدا ہو۔
۶	مرض معمولی ہے جلد صحت ہوگی۔
۷	بیوی تلخ مزاج ملے۔
۸	قرض خواہ ذلیل کریں گے۔
۹	سفر ملک غیر کا درپیش ہو۔
۱۰	ترقی کی جگہ تنزل ہو۔

۱۱	پچھلی زکوٰۃ ادا کر کہ تجھے عظیم فائدہ ہو۔
۱۲	یک مقدسہ اور باعث پریشانی ہو۔

شمار	حضور سیّدنا امام جعفر صادق علیہ الصلوٰۃ والسلام
۱	مراد پوری نہیں ہو سکتی۔
۲	مال باعث ابتلاء ہو۔
۳	حصول علم میں مشکل واقع ہو۔
۴	گھر کا سکھ کسی عدعدے جان نے خراب کیا ہے۔
۵	اولاد حمل میں ضائع ہو۔
۶	غلط علاج مریض کی جان کا اندیشہ ہے۔
۷	زوجہ صاحب نصیب ہو۔
۸	مقروض سے جان کا اندیشہ ہے۔
۹	سفر میں چندے رکاوٹ رہے۔
۱۰	ترقی دفعتہ رک جائے۔
۱۱	تیرے لئے شراکت میں فائدہ ہے۔
۱۲	مصیبت میں اور اضافہ ہو۔

شمار	حضور سیّدنا امام موسیٰ کاظم علیہ الصلوٰۃ والسلام
۱	حلوہ خود دن راہُ روئے باید
۲	مال و دولت کثیر ملے گی۔
۳	خدا تجھے عالم باعمل بنائے گا۔
۴	گھر والوں کی محبت ہی گھر کا سکھ ہے۔
۵	اولاد تیرا نام روشن کرے گی۔
۶	صدقہ و خیرات کر کہ تجھے صحت ہو۔
۷	دائم المریض رفیقہ حیات ملے گی۔
۸	قرض میں اضافہ ہو۔
۹	سفر میں حصول رزو مال ہو۔
۱۰	ترقی میں ابھی ذرا دیر ہے۔
۱۱	شراکت میں تجھے نقصان ہوگا۔
۱۲	قرائن تجھے مغلوب بنائیں گے۔

شمار	حضور سیّدنا امام علی رضا علیہ الصلوٰۃ والسلام
۱	اے صاحب فال نیک مراد مانگ کہ وہ پوری ہو۔
۲	غیب سے خزانہ ملے۔
۳	علم و حکمت میں یکتائے زمانہ ہو۔
۴	گھر میں امن پیدا ہونے میں ابھی کچھ دیر ہے۔
۵	صاحب نصیب فرزند پیدا ہو۔
۶	مریض علاج روحانی سے صحت مند ہوگا۔
۷	قسمت والی زوجہ ملے گی۔
۸	دیا ہوا قرض نہیں ملے گا۔
۹	سفر میں کوئی بڑا آدمی ملاقی ہو۔
۱۰	کاروبار بڑھے اور عزت حاصل ہو۔
۱۱	یہ کام نفع کا ہے جلدی کرو۔
۱۲	غلبہ صاحب فال کو ہوگا۔

شمار	حضور سیّدنا امام محمد جواد التقی علیہ الصلوٰۃ والسلام
۱	اللہ تیری سب مرادیں پوری کرے گا۔
۲	دولت جیسی آوے ویسی جاوے۔
۳	صرف دینی علوم حاصل ہو۔
۴	گھر کا سکھ کسی کی مدد سے ملے گا۔
۵	خوش نصیب بچی پیدا ہوگی۔
۶	مریض چند دن کا مہمان ہے۔
۷	زوج صاحب جائیداد ہو۔
۸	کوششیں رائیگاں جائیں گی۔
۹	سفر رک نہیں سکتا۔
۱۰	کاروبار ختم ہو کر عزت میں فرق آئے۔
۱۱	اس میں نقصان ہوگا۔
۱۲	تم یہ مقدمہ جیتو گے۔

شمار	حضور سیّدنا امام علی نقی علیہ الصلوٰۃ والسلام
۱	محمدؐ وآل محمدؐ مرادوں کے پورا کرنے والے ہیں۔
۲	دولت دُنیا اندازہ سے زیادہ ملے گی۔
۳	کوشش کرو کہ دُنیاوی علوم حاصل ہوں۔
۴	ماں کو خوش کر کہ تیرا گھر آباد ہو۔
۵	ااولاد پیدا نہیں ہو سکتی۔
۶	مرض جلد دور ہو جائے گا۔
۷	زوج مریض و منحوس ہو۔
۸	کوششوں میں کامیابی حاصل ہو۔
۹	سفر بالارادہ ترک ہو۔
۱۰	کاروبار میں ترقی ہو۔
۱۱	نفع نقصان سے زیادہ ہو۔
۱۲	ابھی مقدمہ جیتنے میں دیر ہے۔

شمار	حضور سیّدنا امام حسن عسکری علیہ الصلوٰۃ والسلام
۱	مراد مند مبارک ہو کہ تیری مراد عنقریب پوری ہو۔
۲	مالی معاملات میں پریشانیاں جلد دور ہوں۔
۳	صاحب فال کے علمی مدارج میں ترقی ہوگی۔
۴	گھر میں امن چین رہے گا۔
۵	اولاد تمہاری قسمت میں نہیں ہے۔
۶	مریض کو طبیب روحانی سے صحت ملے گی۔
۷	یہ شادی خانہ آبادی نہ ہوگی۔
۸	کوششیں بارآور ہوں گی۔
۹	سفر نمونہ سقر درپیش ہوگا۔
۱۰	کارگزاری صدا بہ صحرا ثابت ہوگی۔
۱۱	اس بیوپار میں خوب نفع حاصل ہوگا۔
۱۲	اس مہم میں فتح صاحب فال کی ہے۔

شمار	حضور سیّدنا امام محمد مہدی آخر الزمان عجل اللہ فرجہٗ
۱	تمہاری مراد کسی صنفِ نازک سے پوری ہو۔
۲	مال و دولت خوب ہاتھ آئے۔
۳	علوم روحانی و طبعی میں ترقی ہو۔
۴	گھر میں امن حاصل نہ ہو سکے گا۔
۵	اولاد کثیر ہوگی۔
۶	مریض کو صحت یاب ہونے میں ابھی دیر لگے گی۔
۷	یہ شادی خانہ آبادی ہے۔
۸	کوششیں دیر سے کوئی نتیجہ پیدا کریں گی۔
۹	سفر میں رکاوٹ ہوگی اور یہ اچھا ہے۔
۱۰	خدا پر دھیان رکھو وہ مسبب الاسباب ہے۔
۱۱	کسی کی بدنیتی سے اس کام میں نقصان ہوگا۔
۱۲	فتح حاصل ہوگی۔

شہزادہ سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی

نوروز عالم افروز
سنہ 2020

2020ء بادشاہ سال زہرہ ہونے سے عالمی سطح پر خواتین کے سماجی سیاسی کردار میں اضافہ ہوگا

نوروز 2020ء — 38 ثور 24 — بحساب یونانی

1 شمس 0.0 — 12 — 19 نیپچون — عطارد 3 — 2 زہرہ 16 — یورانس — 11 — 3 — 4 راہو 4.30 — 5 — قمر 13 — 6 — 8 — 10 — 7 — 9 — 22

بتاریخ 20 مارچ 2020ء اسلام آباد بوقت 8 بجکر 51 منٹ

بفضل تعالیٰ عزوجل بہ طفیل حضور پُرنور سیّد النور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بتصدیق امام المشارق والمغارب امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام بین نوروز عالم افروز 20 مارچ 2020ء بروز جمعہ 08 بجکر 51 منٹ قبل طلوع آفتاب اسلام آباد پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم جبکہ لندن (انگلینڈ) 20 مارچ 03 بجکر 51 منٹ شب اور نیویارک، واشنگٹن ڈی سی (امریکہ) 19 مارچ 22 بجکر 51 منٹ شام ہوگا۔ مولائے کائنات امیر المؤمنین علی ابن ابو طالب علیہ السلام امام المشارق والمغارب ہوگا۔ آپکی شان اور آپکے القاب سے تو اللہ اور اسکے رسولؐ ہم سے زیادہ واقف ہیں۔ فرمان رسولؐ ہے کہ اللہ کو مجھ سے اور علیؑ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور مجھے علیؑ اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور علیؑ کو مجھ سے اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا تو پھر ہماری کیا مجال ہم تو وہی بیان کریں گے جو ہم نے سنا اور پڑھا۔ نظامِ شمسی نجانے کب سے گردش میں ہے۔ ستارے گردش میں اُلٹے سیدھے چلتے ہیں۔ ماسوائے بادشاہ فلک شمس اور مادر فلک قمر جو ہمیشہ سیدھے چلتے ہیں۔ شمس کی توانائی ہر شے کو چندھیا دیتی ہے۔ کائنات میں یہ شان صرف اور صرف مولائے کائنات کی ہے کہ انہوں نے گردش کرتے سورج کو اپنی قضاء نماز کو واجب نماز کرنے کی ادائیگی کے لیے واپس بلایا، رسولؐ نے معجزہ شق القمر کر کے دکھایا۔ اسی سبب ہم مولا علیؑ کو امام المشارق والمغارب کے لقب سے بھی یاد کرتے ہیں۔

نوٹ: چونکہ نوروز کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم تحویل آفتاب کے مطابق ہے لہٰذا اس کا اطلاق ہر شہر اور قصبہ پر یکساں ہوگا۔ مقامی وقت کو جمع یا نفی کرنے کی ضرورت نہیں۔ مبارک و مستجاب وقت سے مومنین یکساں استفادہ فرمائیں۔ بیرون ملک رہنے والے بہن بھائی نوروز کا پاکستانی وقت 20 مارچ 2020ء بوقت 08 بجکر 51 منٹ سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو 20 مارچ 03 بجکر 51 منٹ گرین وچ کا وقت نکل آئے گا۔ اس وقت گرین وچ سے اپنے ملک کا معیاری وقت جمع یا نفی کر لینے سے آپکو اپنے ہاں کا نوروز کا وقت مل جائے گا۔

قدیم زمانہ سے منجمین میں رواج چلا آ رہا ہے کہ جب شمس برج حمل میں صفر درجہ صفر دقیقہ پر داخل ہوتا ہے تو منجمین اس وقت کو نہایت متبرک اور معتبر جانتے تھے اور جانتے ہیں۔ کیونکہ شمسی سال کی ابتداء اس وقت ہوئی تھی اور مہینوں کے نام بھی ان ہی بارہ بروج سے متعلق و منسوب تھے۔ متقدمین اس وقت خاص کے تحت زائچہ کشید کر کے دنیا میں یا خاص خاص ملکوں میں ایک سال کے اندر وقوع پذیر ہونے والے اچھے برے واقعات کا اظہار کرتے ہیں۔ زائچہ نوروز نہایت اہم ہوتا ہے۔ تاہم ہم نے چاروں نوروز کے (اسلام آباد) پاکستان کا زائچہ کشید کیا ہے لہٰذا ہم اپنے ملک کا احوال بیان کریں گے۔ یہ زائچے سبھی اوتاد کہلاتے ہیں یعنی زائچہ سال نوروز اوتاد اول **حمل** سے

شروع ہوگا۔ دوم اوتاد تحویل شمس در **سرطان**' سوم اوتاد تحویل شمس در **میزان**' چہارم اوتاد تحویل شمس در **جدی** جب یہ چاروں زائچے درست بن جاتے ہیں تو 3،3 ماہ کی سیاسی و موسموں کے احکامات صحیح ترین اخذ کئے جا سکتے ہیں۔ پھر یہ کہ زائچہ اول بادشاہ سال کے درجہ کے مساوی زائچہ دوم وزیر سال زائچہ سوم سپہ سالار جبکہ زائچہ چہارم مشیر سال کہلاتا ہے۔ یہ تو اصلی نوروز ہے۔ جو قدیم یونانیوں کے اصول کے تحت ہوتا ہے۔ اہل ہند نوروز یکم چیت کو کہتے ہیں۔ یہ قمری ہوتا ہے اور اس کے تحت نوروز کی سواری اور ان کے ادھیکار (وزیر سپہ سالار وغیرہ) مقرر کرتے ہیں۔ اب یونانی نوروز کو بھی ہندوستان کی تمام جنتریاں جگہ دے رہی ہیں۔ جو محض نئی اختراع ہے' اس اختراع کو ابھی سو برس بھی نہیں ہوئے مگر یہ صرف ہندوؤں کے اصول کے تحت ہے۔ ورنہ دنیا کے کسی خطہ میں بھی عجیب و غریب سواری رنگ برنگ دیو مالائی احوال کا وجود نہیں صرف سیدھے سادھے مسلمان اس کو فرد اعظم تصور کرنے لگے ہیں۔

نوروز مختلف ممالک میں

نوروز ایران، قفقاز، وسطی ایشیا اور دنیا میں مختلف فارسی ثقافت کے لوگ اس کو مناتے ہیں۔ ایران، عراق، جارجی، افغانستان، آذربائیجان، پاکستان (گلگت بلتستان) اور انڈیا میں عام تعطیل ہوتی ہے۔

30 مارچ 2009 میں کینیڈین پارلیمنٹ نے باضابطہ بل منظور کیا جس میں نوروز کو سرکاری کیلنڈر میں شامل کیا گیا۔

البانیہ میں سلطان نوروز کو بیکشا فرقہ کی طرف سے صوفیانہ طور پر منایا جاتا ہے اور اس دن کو حضرت علیؑ کی پیدائش کا دن سمجھا جاتا ہے۔

کردش لوگ عراق اور ترکی میں اس دن کو مناتے ہیں۔ پاکستان میں بلتستان میں منایا جاتا ہے۔ انڈیا میں پارسی لوگ اس دن کو مناتے ہیں۔ جنوبی کیلی فورنیا کے لوگ سمندر کے ساحلوں پر اس دن کو مناتے ہیں۔ 15 مارچ 2010ء کو 384 ووٹوں سے اس دن کو ثقافتی دن تسلیم کیا گیا۔

فنظر نظرۃ فی النجوم ہ فقال انی سقیم ہ

ترجمہ: پھر ابراہیم نے ستاروں پر ایک بار نظر ڈالی۔ پھر کہا میں بیمار ہونے والا ہوں۔

فضیلت عید نوروز

حضرت مجلبین خانیسؒ جو حضرت امام جعفر صادقؑ کے خاص صحابی تھے۔ وہ کہتے ہیں میں نوروز کے دن حضرت کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ حضرت نے فرمایا:

(1) یہ وہ دن ہے کہ خداوند عالم نے بندوں کی روحوں سے اقرار لیا کہ وہ اُس کو وحدہ لاشریک اور کسی کو اس کی عبادت میں شریک کار نہ دے۔

(2) یہ پہلا وہ دن ہے جس میں سورج نے اپنی پہلی کرن زمین پر ڈالی۔

(3) اسی دن حضرت نوحؑ کی کشتی نے طوفان کے بعد کوہ جودی پر قرار پکڑا۔

(4) اسی دن خداوند عالم نے اُن چند ہزار آدمیوں کو زندہ فرمایا جو طاعون کے خوف سے بھاگ گئے تھے اور خدا نے اُن سب کو موت دے دی۔ ایک مدت کے بعد جب ان کی ہڈیاں رہ گئیں تو ایک رسول کا وہاں سے گزر ہوا۔ انہوں نے خداوند عالم سے سوال کیا۔ پالنے والے مجھے دکھا دے کہ تو کس طرح بوسیدہ ہڈیوں کو زندہ کرتا ہے، خدا کی طرف سے وحی نازل ہوئی کہ تم اِن ہڈیوں پر پانی چھڑکو، تو انہوں نے اُن پر پانی چھڑکا تو باقدرت خدا وہ سب زندہ ہو گئے۔ اسی وجہ سے سنت ہے کہ مومنین ایک دوسرے پر پانی چھڑکیں یا خود اپنے اوپر پانی ڈالیں۔ جو لوگ زندہ ہوئے وہ 30 ہزار تھے اور وہ رسول حضرت حضقیلؑ تھے۔

(5) اسی دن حضرت علیؑ نے دوشِ مبارک رسولِ خداؐ پر چڑھ کر خانہ کعبہ میں بت شکنی کی۔

(6) نوروز کا دن ہی عید غدیر کا دن تھا۔

(7) نوروز کے ہی دن حضرت امیر المؤمنینؑ کو خلافت ملی۔

(8) نوروز کے ہی دن امیر المؤمنینؑ نے خارجیوں کے خلاف جنگ نہروان میں فتح حاصل کی۔

(9) انشاءاللہ اسی روز امام مہدیؑ کا ظہور ہوگا۔

(10) اسی روز باقی سارے امامؑ دنیا کی طرف رجعت کریں گے۔

(11) امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ نوروز کا دن ہمارے اور ہمارے چاہنے والوں کا دن ہے۔

احکامات نوروز عالم افروز

(1) بادشاہ سال	زھرہ	20 مارچ 2020
(2) وزیر اعظم سال	زحل	20 جون 2020
(3) سپہ سالار سال	مریخ	22 ستمبر 2020
(4) مشیر سال	قمر	21 دسمبر 2020

آسمانی کونسل پر نوروز عالم افروز 2020ء کے دربار میں اس مرتبہ چاروں نوروز کو اکٹھا کر دیا گیا ہے۔

زائچہ نوروز عالم افروز کا آسمانی کونسل پر فلکیاتی ثمرہ کچھ یوں معلوم ہوتا ہے۔ طالع ثور کا حاکم ستارہ زہرہ طاقتور پہلا گھر سیاسی نجوم میں پوری قوم کی عمومی حالت کو ظاہر کر رہا ہے۔ زہرہ یہاں دیگر نحس ستاروں کی بری نظر سے بھی مبرا ہونے سے ملک وملت میں گزشتہ سال سے مایوسی اُداسی کی جو لہر چل رہی ہے۔ اس کا رُخ تبدیل ہو جائے گا۔ قوم یکجا ہو گی۔ زائچہ کے نویں ستارہ مشتری اپنے فطرتی گھر یہ مذہب و قانون خارجہ اُمور بینکنگ سیکٹر کا ستارہ شرف یافتہ مریخ سے حالت قران میں ہونے سے بین الاقوامی خصوصاً ایشیائی علاقائی جنگ صورت کے مسلسل خطرات عوام میں جذبہ فلسفہ جہاد اُجاگر رہیگا۔ آزادی کشمیر جہاد کشمیر کیلئے مذہبی سیاسی نہ صرف 22 کروڑ عوام متحد رہیں۔ ملک دُشمن دہشت گرد قوتیں بے نقاب اور انکی سرکوبی کی جائیگی۔ عوام اور اپوزیشن ملکی دفاع کے تحفظ میں کسی قربانی سے دریغ نہ کریں۔ سرکاری و نجی سطح پر ملک و قوم کا جذبہ بڑھانے کے لئے آپس میں ایثار و قربانی کے جذبات کو الیکٹرانک پرنٹ میڈیا حکومت کے ساتھ مذہبی قوتیں بھی اس میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔

2020ء بادشاہ سال زہرہ ہونے سے جدید نت نئے فیشن اور ملبوسات آرام و آسائش تفریحی ہوٹل پر تکلیف ریسٹورنٹ کی تعداد میں اضافہ اندرون ملک نئے جیم مساج سنٹر کی تعداد میں اضافہ خواتین کو اندرون ملک سرکاری و نجی ملازمتوں اور بزنس کرنے میں سہولت اور مراعات ملیں۔ 2020ء اعلیٰ تعلیمی معیاری مقابلہ میں لڑکوں کے مقابلے میں لڑکیاں آگے نکل سکتی ہیں۔ اور اس کا اعتراف سرکاری سطح پر بھی کیا جائے۔ زائچہ نوروز میں نویں ملکی قوانین اعلیٰ عدلیہ مذہب تحریکات اور غیر ملکی تعلقات خارجہ اُمور سبھی اس گھر سے منسوب ہیں۔ زائچہ نوروز نویں پانچ ستاروں کا اجتماع زحل، کیتو، مشتری، مریخ اور پلوٹو کا یہاں قیام ہونا مقابل راہو تیسرا گھر پڑوسی ممالک سبھی پانچ ستاروں کا اس گھر کو ناظر ہونا تیسرا گھر پڑوسی ممالک عالمی ابلاغ عامہ سرکاری اور غیر سرکاری اخبارات الیکٹرانک میڈیا سرکاری بیانات ملکی فتوحات وزارت خارجہ، افواہیں، مسلح افواج، دفاع اعزازات، خلائی سیاروں کے ذریعے مواصلات کابینہ سربراہان کے غیر ملکی دورے اور اقوام متحدہ سے رابطہ جیسے سبھی منسوبات ان پر 9,3,2 گھروں سے منسوب ہیں۔ 2020ء میں وطن عزیز پاکستان بین الاقوامی لحاظ سے اقوام عالم میں خاصہ ہائی لائٹ رہیگا۔ اس زائچہ کا سب سے کمزور پہلا ستارہ شمس ارض وقت کا مالک ہو کر بارہویں نحس خفیہ دُشمنوں کے گھر ہونے سے پاکستان دُشمن قوتیں ہمارے ارض وطن کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کی بھرپور سازش کر سکتی ہیں۔ 2020ء میں ستارہ زحل پلوٹو قران یکم تا 24 جنوری اور پھر ستارہ مریخ زحل قران نحس 30 مارچ تا 12 اپریل زائچہ کے نویں دسویں حساس مقامات پر لگیں گے۔ سیاسی ایوانوں میں زلزلہ آسکتا ہے۔ مارشل لاء ایمرجنسی جیسے حالات تب ملک کی ضرورت ہو سکتے ہیں۔ سرحدوں پر عسکری نقل و حمل اور صورتحال کشیدہ رہیگی۔ 2020ء کے حساس مہینے جنوری میں مشتری کیتو قران، مارچ مشتری کیتو قران، اپریل، جون، جولائی، نومبر میں مشتری پلوٹو قرانات، دسمبر مشتری زحل قران مندرجہ بالا ایام ملکی دفاعی معاملات 2020ء میں اہمیت اختیار کر جائیں۔ **وطن ھے تو سب کچھ ھے۔**

زائچہ نوروز میں اُمید کی کرن چھٹے سروسز کا مالک سیارہ زہرہ طالع میں اپنے ہی گھر کا حاکم افواج پاکستان اور عوام وطن کے دفاع کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہ کریں گے۔ طالع زہرہ پوری قوم کی نمائندگی کا مظہر ہے۔ عوام اور پاک افواج ایک پیج پر ہونگے۔ 2020ء آزمائشوں کا سال تاہم ملکی تعمیر و ترقی خصوصاً سی پیک منصوبہ میں وسعت تجارتی حجم میں اضافہ احتسابی عمل تیزی سے جاری رہے۔ حکومت نے قوم سے جو وعدے کر رکھے ہیں 2020ء میں پھر سے وعدے حکومت کے خلاف وقفہ وقفہ سے ہڑتالیں ہنگامہ سیاسی بے چینی کا سلسلہ جاری رہیگا۔ ہماری دُعا ہے کہ 2020ء وطن کے لئے خوشحالی لائے۔ دُعا گو شاہ زنجانی

اعمال نوروز: تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک و مسعود ہوتا ہے۔ یہ اجابت دعا کا وقت ہے مومنین مقررہ وقت سے پہلے پاک و پاکیزہ صاف ستھرے ہو کر لباس مطہر زیب تن کریں اور ایک صاف کمرے میں فرش پر پاک و پاکیزہ کپڑا بچھائیں اور خوشبویات مثل لوبان، اگربتی، عنبر وصندل وغیرہ لگائیں۔ پھر ایک دستر خوان پر سرخ وسپید و سبز اور سیاہ رنگ کی مٹھائی رکھیں۔ اس پر نذر حضرت امیر المومنینؑ دیں بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول چھوڑ دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں۔ تحویل آفتاب کے وقت ساکن پھول میں خود بخود حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے اس وقت یہ دعا کم از کم **46** مرتبہ پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ یَامُفَتِّحَ الۡاَبۡوَابِ وَیَامُسَبِّبَ الۡاَسۡبَابِ وَیَامُقَلِّبَ
اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے کھولنے والے دروازوں کے اور اے پیدا کرنیوالے اسباب کے اور اے پھیرنیوالے
الۡقُلُوۡبِ وَالۡاَبۡصَارِ وَیَاغِیَاثَ الۡمُسۡتَغِیۡثِیۡنَ وَیَادَلِیۡلَ الۡمُتَحَیِّرِیۡنَ وَیَامُفَرِّجَ
دلوں کے اور نگاہوں کے اور اے فریاد سننے والے فریاد والوں کی اور اے راہ بتانے والے حیرانوں کے اور اے فرحت
الۡمَحۡزُوۡنِیۡنَ اَغِثۡنِیۡ اَغِثۡنِیۡ تَوَکَّلۡتُ عَلَیۡکَ یَارَبِّیۡ وَفَوَّضۡتُ اِلَیۡکَ
دینے والے غمگینوں کے میری فریاد سن میری فریاد سن بھروسہ کیا میں نے تجھ پر اے میرے رب اور میں نے تیرے سپرد کیا
اَمۡرِیۡ یَارَبِّ یَارَبِّ یَااَللّٰہُ یَابَاسِطُ یَارَزَّاقُ یَافَتَّاحُ یَاکَرِیۡمُ
اپنا کام اے پروردگار اے پروردگار اے اللہ اے خوشحال کرنیوالے اے رزاق اے کھولنے والے اے سخی

اس دعا کے اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں بعد ادائیگی دعا اپنے مقاصد و حاجات کے مطابق پڑھیں۔

اعمال دیگر: مومنین کو چاہئے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین **4** رکعت نماز نفل اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز پڑھتا ہوں قربتہ الی اللہ، اللہ اکبر۔ اول رکعت میں بعد سورۂ حمد دس مرتبہ سورہ انا انزلنا اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ **10** مرتبہ سورہ قل یا ایہا الکفرون اور بعد سلام ختم کرے اور پھر **2** رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اول رکعت میں سورۂ فاتحہ **10** مرتبہ قل ھو اللہ احد اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ دس دس مرتبہ سورۂ قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق پڑھیں اور بعد سلام ختم کریں اور دعا کریں اور سجدے میں جائیں اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ الۡاَوۡصِیَاءِ الۡمَرۡضِیِّیۡنَ وَ عَلٰی جَمِیۡعِ اَنۡۢبِیَآئِكَ وَ رُسُلِكَ بِاَفۡضَلِ صَلَوَاتِكَ وَ بَارِكۡ عَلَیۡھِمۡ بِاَفۡضَلِ بَرَکَاتِكَ وَ صَلِّ عَلٰی اَرۡوَاحِھِمۡ وَ اَجۡسَادِھِمۡ اَللّٰھُمَّ بَارِكۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ بَارِكۡ لَنَا فِیۡ یَوۡمِنَا ھٰذَا الَّذِیۡ فَضَّلۡتَہٗ وَ کَرَّمۡتَہٗ وَ شَرَّفۡتَہٗ وَ عَظَّمۡتَ خَطَرَہٗ اَللّٰھُمَّ بَارِكۡ لِیۡ فِیۡمَا اَنۡعَمۡتَ بِہٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَاۤ اَشۡکُرَ اَحَدًا غَیۡرَكَ وَ وَسِّعۡ عَلَیَّ فِیۡ رِزۡقِیۡ یَا ذَاالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ اَللّٰھُمَّ مَا غَابَ عَنِّیۡ فَلَا یَغِیۡبَنَّ عَنِّیۡ عَوۡنُكَ وَ حِفۡظُكَ وَ مَا فَقَدۡتُّ مِنۡ شَیۡءٍ فَلَا تَفۡقِدۡنِیۡ عَوۡنَكَ عَلَیۡہِ حَتّٰی لَاۤ اَتَکَلَّفَ مَالَاۤ اَحۡتَاجُ اِلَیۡہِ یَاذَاالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ ○

نوروز کی شرعی حیثیت: حضرات آئمہ معصومینؑ کے ارشادات اور اعمال و افعال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آل محمد مصطفیٰؐ نے اپنا دن فرمایا ہے اور اس کے متعلق بیشمار حالات و کوائف کو واضح فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ بدو کائنات سے صبح قیامت تک اور ازل سے ابد تک یہ دن عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

یہ دن ہماری نگاہ میں اس لئے بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے کہ اسی دن نوروز بھی تھا۔ از تحقیق **18** ذوالحجہ کو حسن اتفاق سے تاریخ عیسوی بھی **18** مارچ تھی۔ قمری وعیسوی دونوں تواریخ (**18**) تھیں، (دیگر ایک تحقیق کے مطابق **17** مارچ تھی)۔ نوروز عموماً **20** یا **21** مارچ کو آتا ہے۔ **10**ھ کی **18** ذوالحجہ تھی۔ یہ وہ تاریخ ہے کہ حضور خاتم النبیین سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰؐ نے بمقام غدیر خم بموقع حج آخر ایک لاکھ **24** ہزار صحابہ کرامؓ کے مجمع میں امام المتقین امیر المومنین حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ کو بحکم پروردگار عالم مفاد یاایہا الرسول بلغ ما انزل الیك من ربك اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا۔

الحمد للہ علی احسانہ قد رجع الحق الیٰ مکانہ

(روضۃ الاحباب) ان وجوہ کی بناء پر نوروز کے دن خوشی کا حکم دیا گیا ہے۔

نوٹ: خصوصی تحفہ نوروز سب کے لیے مہر نبوتؐ بمعہ ذاتی طلسماتی نقش صفحہ **93,92** سے کاٹ لیں۔ ترکیب استعمال صفحہ **93** پر درج ہے۔

نوروز نوبہار روز کا خاص طلسم

ا لا // 9||| 9||| // ||| یُحطی

بوقت تحویل آفتاب نوروز عالم افروزیہ طلسم زعفران سے لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

تبدیلی حکومت نوروز 2019ء بادشاہ مشتری نوروز 2020ء بادشاہ زھرہ

از تحریر: شاہ زنجانی

آسمانی کونسل پر نوروز عالم افروز 2020ء کا دربار سج چکا ھے:۔ ہر طرف خوشبوؤں پھولوں کے گلدستے آراستہ کئے گئے ہیں۔ فضاء میں ایک ہلکی ہلکی دھنیں رقص کر رہی ہیں۔ جب جب روحانیات کو یہ حمد و ثناء اور صاحب دُنیا کو یہ موسیقی تان سین کی یاد تازہ کرادیں۔ اتنے میں ایک گرج دار آواز بلند ہوئی باملاحظہ ہوشیار بادشاہ سال زہرہ تشریف لاتی ہیں۔ یہ کسی کلوپترا، رضیہ سلطانہ کی طرح نئی آن بان شان زرگ برگ سنہرے لباس میں **بادشاہ سال زھرہ** نے شاہی مسند پر بیٹھتے ہی پورے دربار پر نظر ڈالی اور اہل دربار کو مخاطب کر کے پوچھا آپ سب کو نئی تبدیلی کیسی لگی اس مرتبہ کوئی مذکر کی جگہ مونث ستارہ کی آسمان پر قدرت کی مہربانی کے سبب حکومت ہے۔ مجھے اہل دُنیا زہرہ، شکرا اور وینس کے نام سے صدیوں سے جانتے ہیں اور اہل ہند تو مجھے لکشمی دیوی کا خطاب بھی دیتے ہیں۔ **بادشاہ زھرہ** نے پھر گرج دار آواز میں پوچھا اس سال ہمارا وزیر اعظم کون بنا ہے؟ **ستارہ زحل** نے اُٹھ کر بڑے ادب سے عرض کیا بادشاہ اس سال یہ خدمت مجھے سونپی گئی **بادشاہ زھرہ** یہ بتاؤ اس سال حکومت چلانے میں میں تم میرا کیسا ساتھ دو گے؟ افواہیں گرم ہیں کہ پچھلے سال 2019ء رعایا مہنگائی، کرپشن، سرحدوں پر جنگی صورتحال اور پورے ملک کو کچرا کنڈی بنائے جانے پر سخت پریشان رہی ہے۔ مجھے بتایا جائے کہ 2020ء میں مجھے کمزور حکومت کیوں ملی ہے یہ بھی بتایا جائے کہ پچھلے سال کون نااہل حکمران تھا؟ **وزیر اعظم زحل** 2019ء میں بادشاہ مشتری تھا یہ فطرت کا نیک ستارہ مشتری بادشاہ تو بن گیا۔ مگر یہ آسمانی کونسل نوروز کے دربار میں تیسرے پڑوسی ممالک اور اصل بارہویں گھر خفیہ دُشمن کا حاکم ہو کر بارہویں نحس گھر بیٹھا تھا۔ بادشاہ مشتری خود سونے کے پنجرہ میں مغل شہنشاہ بہادر شاہ ظفر کی طرح بے اختیار تھا۔ بادشاہ کو کمزور جان کر پڑوسی ملک نے حملہ کرنے کی ناکام کوشش کی مگر ارض وطن کا محافظ سپہ سالار قمر کام آیا جسکی نظر صبح و شام دشمنوں پر تھی اور دُشمن ملک کو منہ کی کھانی پڑی۔ **بادشاہ زھرہ** کیا اس حکومت کا کوئی وزیر مشیر نہ تھا جو حکومت کو اچھے اچھے مشورے دیتا؟ **وزیر اعظم زحل** جی حضور انکا مشیر ستارہ شمس بڑا نگڑا تھا جو آٹھویں نحس گھر کا مالک ہو کر ارض وطن پر بیٹھا تھا۔ شمس نہایت اعلیٰ عہدہ پر ہونے کے باوجود غداروں جیسا کردار ادا کرتا رہا اس نے خوب کرپشن کی پورے ملک کو کچرا کنڈی بنا دیا۔ ہڑتالیں، ہنگامے اور ملک دُشمن قوتوں کو سپورٹ کرتا رہا۔ اور اس نے بادشاہ کو اچھے مشورے نہیں دیئے **بادشاہ زھرہ** اچھا یہ بتاؤ 2019ء میں وزیر اعظم کون تھا اس نے بادشاہ اور حکومت کی مدد کیوں نہیں کی؟ **وزیر اعظم زحل** 2020ء حضور جان کی امان پاؤں تو عرض کروں؟ (**بادشاہ زھرہ**) تمہیں امان دی جاتی ہے۔ **وزیر اعظم زحل** حضور پچھلے سال آپ خود ہی وزیر اعظم تھے۔ میں بھلا کیا عرض کروں **بادشاہ زھرہ** ہاں یاد آیا میں تو ملکی معیشت فنانس کے گھر بیٹھا رہا۔ خزانہ خالی تھا عوام پر خوب ٹیکس لگائے مگر پھر بھی خزانہ نہ بھرا پھر میں I.M.F کے پاس چلا گیا اور اسکی شرائط مان لیں۔ میرا دماغ خراب تھا میں نے غریب عوام، کاروباری طبقہ کی ذرا پرواہ نہ کی۔ انشاءاللہ 2020ء میں حکومت بادشاہت ملنے پر حالات بہتر کرنے کی کوشش کرونگا۔ بادشاہ سلامت کی جگہ اہلِ دربار مجھے ملکہ عالیہ بھی کہہ سکتے ہیں۔ اس سال حکومت چلانے میں میرا کون کون ساتھ دے گا۔ اہلِ دربار ملکہ عالیہ سے عرض کرنے لگے تمام اور میں **وزیر اعظم زحل** 2020ء میں آپ کی خدمت کرونگا۔ دوئم **سپہ سالار مریخ** آگے بڑھے ملکہ عالیہ میں آپکی حکومت کے اندرونی غداروں کو بے نقاب اور ملکی سرحدوں کی حفاظت کرونگا۔ سوئم **مشیر سال قمر** آگے بڑھا ملکہ عالیہ میں اس سال آپکو اچھے اچھے مشورے دونگا۔ **ملکہ زھرہ** مجھے 2020ء میں عوام کو جھوٹے سپنے نہیں دکھانے اور باقی تمام اہلِ دربار کیا کریں گے۔ تمام اہلِ دربار کھڑے ہو گئے اور یک زبان بولے ہم مرتے دم تک ہر حال میں آپکا ساتھ دیں گے۔ **ملکہ زھرہ** وزیر اعظم زحل آپ پورے دربار میں سینئر بزرگ دانشور ہیں بتائیں 2020ء میں ہمیں ملک کی ترقی کے لئے کیا کرنا ہوگا؟ **وزیر اعظم** ملکہ عالیہ 2019ء کی طرح 2020ء بھی کچھ آزمائش سے کم سال نہیں پوری قوم پہلے خواب غفلت میں تھی اب جاگ گئی ہے میں 30 سال بعد اپنے آفس لمبے سفر سے لوٹا ہوں۔ میں سپہ سالار مریخ سے ہاٹ لائین پے رابطے میں رہونگا۔ مشتری پلوٹو کیتو نے میرا ساتھ دینے کا وعدہ کیا ہے مگر میں ان پر بھروسہ کم اور آپکی حکومت کے اندرونی دُشمنوں خصوصاً دُشمن پڑوسی ممالک کی شرانگیزی پر نظر رکھوں گا۔ اگر اس نے ہمارے امن پسند ملک پر حملہ کیا تو اسے منہ کی کھانی پڑے گی۔ زائچہ نوروز 2020ء میں ملکہ عالیہ آپ خود ملاحظہ فرمالیں میں 30 سال بعد عروج اور سپہ سالار مریخ شرف یافتہ پہلے سے نہایت طاقتور جدید اسلحہ کے ساتھ لیس افواج کے ساتھ پوری قوم یک جان ہیں۔ اور تو اور ملکہ عالیہ آپ بھی اپنے آسمانی کونسل پر برج ثور میں اپنے شاندار محل میں ہیں 2020ء کا نوروز سید الیوم جمعہ سے شروع ہو رہا ہے۔ لہٰذا قدرت نے آپکو تو دوہری قوت عطا کر دی ہے۔ ہم سب وزیر اعظم، سپہ سالار، مشیر، وزیر اور پوری قوم ملک کی ترقی سلامتی خوشحالی اور دفاع وطن کے لئے آپ کے ساتھ ہیں۔

2020ء عالمی امن یا جنگ کا سال؟

شہزادہ سید انتظار حسین زنجانی

آسمانی کونسل پرستاروں کی صدی میں پانچ مرتبہ 20,20 سال میں گردش ہر بار منجمین کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے۔ ہر 20 سال بعد 6 یا پھر 7 ستارے بارہ منطقۃ البروج میں کسی ایک ہی برج میں اجتماع کرتے ہیں۔ آسمانی کونسل کا عکس جب ارضی کونسل پر پڑتا ہے تو انقلابات زمانہ کا ایک نیا دور شروع ہو جاتا ہے۔ بارہ منطقۃ البروج حمل تا حوت اور ان کے مالک کی ستارے سبع کواکب کی فطرت سے منجمین آئندہ آنے والے 20 سالوں کے حالات کی آگاہی سے پردہ اُٹھا سکتے ہیں۔ علم نجوم ایک سائنس علم ہے جو علم الفلکیات NASA کی مرتب کرتا بارہ بروج میں ستاروں کی لحہ لحہ گردش کو ریکارڈ کرتا ہے۔ اہل ستاروں کی صدیوں ایڈوانس آسمانی کونسل پر گردشی پوزیشن جان کر عالمی سیاسی منجمین اپنے شعوری علم نجوم ماضی کے مشاہدات کو سامنے رکھ کر پیش گوئی کرنے کی سعادت حاصل کر سکتے ہیں۔ عالمی سیاسی منجمین کی طرح بحیثیت ایک پاکستانی منجم ہم بھی اپنے فن علم نجوم سے مستقبل کے سیاسی حالات پر علم نجوم کی روشنی میں روشنی ڈالنے کی کوشش کریں۔ **محوِ حیرت ہوں کہ دُنیا کیا سے کیا ہو جائے گی۔**

2020ء لیپ کے ماضی کے سالوں کا عالمی مشاہداتی نظارہ:۔

ماضی میں اٹھارویں صدی میں 1716ء (Ottomon Empire کی جنگ) 1744ء (Tulon کی جنگ اور پھر Villa franca کی جنگ) 1772ء (American Revolutionary War) انیسویں صدی میں 1812ء (امریکہ، کینیڈا، برطانیہ کی جنگ اور پھر Russia Patriotic War اس کے علاوہ Napo Leonic اور Penninsular جنگیں) 1840ء (Ottomon اور برطانیہ کا بیروت پر حملہ) 1868ء (Japan- Paraguayan, Awa,Toba, Hakodate, Ueao, Titokowaru, Boshin, Magdala کی جنگیں) 1896ء (ایتھوپیا اور اٹلی کی جنگ، Ferkeh کی جنگ) بیسویں صدی میں 1908ء (ینگ ترک ریوولیشن Ottomon Empire) 1936ء (Spanish سول جنگ) 1964ء (Zanzibar ریوولیشن، برطانیہ کا یمن پر ہوائی حملہ، تنزانیہ کا قیام، ویتنام کی جنگ) 1992ء (میکسیکو سول جنگ Algeria سول جنگ، بوسنیا کی جنگ، آذربائجان میں عوام کا قتل)

پہلا مشاہداتی زائچہ 26 اپریل 1941ء:۔

ہمارے مدنظر ہم سبھی زائچوں کو فطرتی بروج کے مطابق ترتیب دینے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ قارئین زنجانی جنتری اسے آسانی سے سمجھ جائیں۔

سبھی ستاروں کا اجتماع آتشی برج حمل اور آتشی ستارہ مریخ اس برج کا حاکم ہے۔ اس اجتماع کے نتیجہ میں توانائی آگ بموں بلکہ پہلی بار ایٹم بم کا استعمال ہوا۔ دُنیا طاقت سے تقسیم در تقسیم اور یکسر بدل گئی۔ ایٹمی تباہی سے لاکھوں جانوں کا نقصان ہوا۔ جاپان نے ہتھیار ڈالے اور آج تک امریکی عسکری دباؤ میں ہے۔

فطرتی طالع برج حمل

خانہ	ستارے
1	زہرہ، مشتری، زحل، شمس، عطارد، قمر
2	یورانس
3	
4	پلوٹو
5	
6	
7	راہو، نیپچون
8	
9	
10	مریخ
11	
12	کیتو

دوسرا مشاھداتی زائچہ 5 فروری 1962ء:۔

فطرتی طالع برج حمل

آسمانی کونسل پر 2020ء سے آئندہ 20 سال تک علم نجوم کی روشنی میں کیا اثرات مرتب ہونگے۔ سات سیارگان کا اجتماع برج جدی میں ہوا اور اب پھر 26 دسمبر 2019ء کو ہی برج جدی میں سات ستارے اکٹھے ہو رہے ہیں۔ 1962ء میں امریکہ اور روس کے درمیان سرد جنگ اپنے انتہا تک پہنچ گئی اور پھر دُنیا نے دیکھا کہ دُنیا کے دیگر ممالک کو بھی ان سپر پاور نے اپنی لپیٹ میں لے لیا خصوصاً ہندوستان اور پاکستان میں دو جنگیں ہوئیں۔ اور پھر عالمی یہود و ہنود سازشوں سازش کے تحت دُنیا کی سب سے بڑی مسلم آبادی کا ملک مشرقی پاکستان اور مغربی پاکستان ٹوٹ گیا۔ اسرائیل نے بیت المقدس پر قبضہ کرلیا مصر، اردن، شام، لبنان عرب ممالک کی اسرائیل سے جنگ ہوئی۔ عرب ممالک کمزور ہوتے چلے گئے اور اسرائیل اپنی عسکری ٹیکنالوجی قوت میں اضافہ کرتا گیا۔

تیسرا مشاھداتی زائچہ یکم ستمبر 1981ء:۔

فطرتی طالع حمل

آسمانی کونسل پر چھ ستاروں کا اجتماع برج سنبلہ خاکی برج میں ہوا جس کے نتیجہ میں روس، افغانستان میں اپنے پورے لاؤلشکر کے ساتھ گھس گیا۔ امریکہ کو بھلا یہ کیسے برداشت تھا اس نے سرد جنگ کو گرم جنگ میں بدلنے اور دُنیا میں سپر مین بننے کیلئے اس نے پاکستان کے اُس وقت کے صدر ضیاء الحق کو ساتھ ملایا مجاہدین تیار کئے اور افغانستان میں وسیع جنگ شروع کروادی۔ اس کے بدلے مارشل لاء کے صدر ضیاء الحق کا اقتدار طویل ہوا۔ اور مطلب نکل گیا تو اپنے سفیر اور مزید چھ جرنیلوں کے ساتھ بہاولپور سے اسلام آباد آتے طیارے کو دھماکہ خیز مواد سے تباہ کروادیا۔ امریکہ نے روس کو شکست دی اور روس ٹکڑے ٹکڑے ہو کر بکھر گیا۔ ادھر یورپ جہاں دوسروں جنگ عظیم ہوئی تھی بکھرے ہوئے مشرقی مغربی جرمنی کو آپس میں ملادیا گیا۔ ایران پر عراق سے امریکہ نے حملہ کروایا اور پھر آٹھ سال دو اسلامی ممالک کے مابین یہ جنگ جاری رہی۔ امریکہ نے صدام سے کویت پر بھی عراقی حملہ کروایا۔ اور پھر امریکہ نے ایران کے خلاف اقتصادی جنگ شروع کردی۔ امریکہ نے ایران میں اپنے سفارتی یرغمالی عملہ کو چھوڑانے کا کمانڈو ایکشن منصوبہ بنایا اس کے ہیلی کاپٹر صحرا میں آپس میں ٹکرا کر تباہ ہو گئے۔ ایران اس بات پر خائف نہ ہوا تب امریکی صدر نے کہا کہ God ایران کے ساتھ ہے اور اپنی شکست قبول کی۔

چوتھا زائچہ 26 دسمبر 2019ء:۔

فطرتی طالع برج حمل

آئندہ آنے والے 20 سال میں دُنیا پر ان ممکنہ ستاروں کے کیا اثرات ہو سکتے ہیں 1981,1962,1941ء ستاروں کے اجتماع ایک مرتبہ آتشی برج اور دو مرتبہ خاکی بروج میں ہو چکے ہیں۔ 26 دسمبر 2019ء سیارگان کا اجتماع برج قوس آتشی برج فطرتی زائچہ میں یہ نواں برج جبکہ اس کا مالک ستارہ مشتری قانون، مذہب، دولت کا ستارہ ہے۔ اس زائچہ میں ایک خاص بات یہ بھی ہے کہ بوقت اجتماع سات ستاروں میں سورج کو گرہن لگا ہوگا۔ سورج برج اسد بادشاہوں یا پھر یوں سمجھ لیں عالمی سپر پاورز کے صدور جنکا دماغ دُنیا پر حکمرانی کرنے اور گہن زدہ سوچ کے سبب یہ مستقبل میں

جنگ و جدل تیسری عالمگیر جنگ کا ارادہ کئے بیٹھے ہیں۔ برج قوس اور ستارہ مشتری کا تعلق نظریات، مذہب، آئین یا قانون سے ہے۔ 2019ء میں ستاروں کا اجتماع اس بات کا اشارہ ہے کہ دُنیا میں نئے نظریات کا پرچار اور اس کے نتیجہ میں نئے عالمی قوانین بنائے جائیں گے۔ سپر پاور کوئی اپنا ہی نظریہ دُنیا پر لاگو کرنے کی کوشش کریں گے۔

ہیوسٹن امریکہ کی تقریر میں مودی اور ٹرمپ نے اسلام کو دہشت گرد بنا کر دُنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی کوشش کی جسکا جواب سفیر کشمیر وزیراعظم عمران خان نے اپنی اقوام متحدہ کی 50 منٹ کی تقریر میں دیگر تمام عالم اسلام کی نمائندگی کرتے ہوئے واضح کیا کہ اسلام میں کسی دہشت گردی کا تصور نہیں اسرائیل، امریکہ اور ہندوستان کا گٹھ جوڑ پاکستان ہندوستان میں جنگ کے خطرات بڑھ گئے ہیں۔ روس و چین اور امریکہ کے مابین تیسری عالمگیر جنگ سے یہ ممالک کشمیر پاکستان، افغانستان، ترکی، ایران، روس، چین، تمام عرب ممالک، سری لنکا، بنگلہ دیش سب جنگ کی لپیٹ میں آسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آئندہ بیس سالوں میں سائنس ٹیکنالوجی کی ترقی اپنے عروج پر ہوگی۔ دُنیا بھر کے مالی و ٹیکنالوجی ادارے اسرائیل بیت المقدس شفٹ ہو چکے ہیں۔ جن پر پہلے سے زیادہ عالمی یہودی زیونسٹ کنٹرول مزید بڑھ گیا ہے۔ یوں 2020ء کا آغاز سے ہی دُنیا میں مذہب، قانون، دولت، معاشیات اور طاقت کی جنگ شروع ہو جائے گی۔ برطانیہ امریکہ اور اس کے حواری ممالک نے عراق، افغانستان کی مہنگی ترین جنگ سے ابتک کوئی سبق نہیں سیکھا ہے۔ یہ دولت دُنیا میں بیروزگاری، غربت، افلاس، بیماریوں کو دُور کرنے کیلئے خرچ ہوتی تو دُنیا میں ایک نئی محبت کی دُنیا کا سورج طلوع ہوتا۔ مگر دُنیا کے راکشش (بدمعاش) بھلا ایسا کیوں کریں گے۔ آئندہ بیس سالوں میں خلائی ٹیکنالوجی سائنس بے پناہ ترقی کرے گی۔ تیل، گیس کے متبادل سولر انرجی دُنیا میں عام ہو جائیگی۔ جاپان فیوجل ٹیکنالوجی کے تحت خلائی ٹیکنالوجی سورج سے برائے راست توانائی حاصل کرنے والا واحد ملک بن جائے گا۔ جاپان اگر چاہے تو اس ٹیکنالوجی سے پوری دُنیا کو روشن کرسکتا ہے۔ گزشتہ دنوں خبر آچکی ہے کہ جاپان 250 میٹر لمبا سولر پینل اس انرجی کے حصول کے لئے فضاء میں بھیج چکا ہے۔ دُنیا میں 50% سے گاڑیاں، بس، ریل گاڑیاں، ہوائی جہاز سولر انرجی استعمال کرنا شروع کر دیں گے۔ تمام متعدی امراض کی تشخیص اور اس کی شناخت خون کے ایک قطرہ (DNA) ٹیسٹ سے ہو جایا کرے گی۔ مجرم جھوٹ بولنے والے سچ کی مشین سے پکڑے جائیں گے۔ غالباً ایسی پہلی مشین پاکستان (NAB) والوں کو تحفتہً ملنی چاہئے کرنسی کا استعمال کم اور A.T.M کارڈز کا عالمی استعمال بڑھ جائے گا۔ دُنیا میں ایسے لباس بن جائیں گے جنہیں دھونے کی ضرورت نہ ہوگی، جھاڑنے پر ہی صاف نظر آئیں گے۔ فضاء میں ایسی موسماتی غبارے چھوڑے جائیں گے جو سال بھر پہلے سیلاب، زلزلے اور طوفانوں کی خبر دیں گے۔ دُنیا بھر میں ہولو ٹیکنالوجی کی مدد سے آسمان پر ایسے مناظر دکھائے جائیں گے جیسے حضرت عیسیٰؑ دُنیا میں تشریف لے آئے ہیں۔ کائنات عالم میں مزید کہکشائیں دریافت ہونگی۔ ایڈوانس خلائی تحقیق و ریسرچ خلائی مخلوق سے رابطے اور دُنیا بھر میں U.F.O اُڑن طشتریوں کے مشاہدات دُنیا کے کئی ممالک میں ہونگے۔

26 دسمبر 2019ء سے شروع ہونے والے آئندہ 20 سالوں میں دجالی فتنہ نیٹ ورک عروج پر ہوگا۔ دُنیا کے کئی ممالک بلاواسطہ یا بلواسطہ ان کے غلام محکوم وفادار ہو چکے ہونگے۔ 2020/2019ء میں سعودی عربیہ میں آپ انکی وفاداری کی جھلک ملاحظہ فرمالیں۔ نوشتہ دیوار پر لکھا ہے کہ دجالی فتنہ اسرائیل ان کے ساتھ کیا سلوک کرنے والا ہے۔ مستقبل قریب میں عرب ممالک میں بادشاہت کا خاتمہ اور جمہوری دجالی نظام نافذ کیا جائے گا۔ گریٹر اسرائیل نقشہ کے تحت بہت سے عرب علاقے اسرائیل میں زبردستی شامل کر لئے جائیں گے۔ جو ملک ساتھ دیں گے وہ ترقی پذیر اور جو ملک مخالفت کریں گے انہیں جنگ و جدل اقتصادی لحاظ سے تباہ و برباد کرنے میں دجالی فتنہ کوئی کسر نہ اُٹھا رکھے گا۔ پاکستان، ایران، ترکی ان کے نشانہ پر ہیں۔ ہم دُعا کرتے ہیں کہ امام زمانہ کا جلد ظہور ہو وہ ہی آکر اس دجالی فتنہ سے دُنیا کو نجات دلائیں۔

غزوہ وہ جنگ جس میں سرکار دو عالم خود شرکت فرمائیں گے۔ اسرائیل، امریکہ اور ہندوستان کی اسلام دشمنی سے غزوہ ہند کا وقت اب دور نہیں ہے

نئے پاکستان کا مستقبل؟

شہزادہ سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی

برج جدی میں چار اہم کواکب کا قیام برج جدی میں قدرے لمبا ہوگا۔ ستارہ مشتری 30 مارچ 2020ء تا 20 نومبر 2021ء ستارہ مریخ 22 مارچ تا 4 مئی 2020ء ستارہ زحل 24 جنوری 2020ء تا 17 جنوری 2023ء اور پلوٹو 25 فروری 2020ء تا 16 جنوری 2040ء تک یہاں رہیگا۔

آج کل ہر دوسرا تیسرا شخص نئے پاکستان کا نعرہ لگنے اور مدینہ جیسی ریاست قائم ہونے کے نعرہ کے بعد نئے پاکستان کا مستقبل پوچھ رہا ہے۔ اندرون ملک اور دُنیا میں کہیں بھی پاکستانی رہتے ہوں انہیں اپنے وطن کی سلامتی اس کی خوشحالی اور اسکی عزت بہت عزیز ہے۔ آج کا کوئی بھی ملک ایک دوسرے سے الگ تھلگ نہیں رہ سکتا۔ 1947ء میں لاکھوں جانوں کی قربانی دینے کے بعد 14/15 اگست 1947ء مشرقی و مغربی پاکستان کا قیام توعمل میں آ گیا مگر ہندوستان کی تقسیم کرنے والی قوتوں نے دونوں ممالک خصوصاً کشمیری عوام کو موقعہ نہ دیا گیا کہ وہ اپنی قسمت کا فیصلہ کر سکیں یوں پاک بھارت میں مسلسل 72 سال سے ابتک تنازعہ کشمیر جاری U.N.O نے 1948ء میں دونوں ملکوں میں جنگ بندی کروا کر کشمیریوں کو انکی قسمت کا فیصلہ کرنے کا وعدہ کرایا جس پر ابتک عمل نہیں ہوا 1971,1965ء اور آج 2019ء اور 2020ء پھر دونوں ملکوں کے مابین جنگی ماحول بنا ہوا ہے۔ قائداعظم کی دور اندیش نگاہوں نے سیاسی دفاعی اقتصادی اور جغرافیائی حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا۔

بھارت نے شق 370 ختم کر کے کشمیریوں کی شناخت کو ختم کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور یوں پاکستان کی شہ رگ پر حملہ کر دیا گیا ہے۔ پوری پاکستانی قوم کو بھارتی ظلم کے خلاف کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کا مظاہرہ اپنے اندر لاکھ سیاسی اختلافات کو مٹا کر کرنا ہوگا۔ تاہذا تحریر کشمیر میں کرفیو جاری ہے۔ اگر آج ہم سب نے ملکر ظالم کے خلاف آواز نہ اُٹھائی بین الاقوامی میڈیا یا ہیومن رائٹس اور خود کو بیدار نہ کیا تو ہم غیر محسوس طریقے سے ایک سپر نیرل قوت کے غلام بنتے جائیں گے۔ جو ہماری شناخت ہمارا مذہب اور ہمیں بھی اپنے آپ سے چھین لے گا۔ اسکی ایک ہلکی سی مثال ہمارا موبائل انٹرنیٹ سسٹم ہے جو ایک دجالی فتنہ سے منسلک ہے۔ ماضی قریب کی کئی انٹرنیشنل رپوٹوں کے مطابق عالمی دجالی صیہونی فتنہ کے کئی منصوبے بے نقاب ہو چکے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی جارحیت کے ٹائمنگ خاصی توجہ طلب ہیں۔ وزیر اعظم عمران خان صاحب کا امریکہ جانا صدر ٹرمپ کا کشمیر سلسلے میں ثالثی کی پیش کش مودی کا شق 370 ختم کر کے کشمیر کو بھارت میں شامل کرنا اور پھر یکے بعد دیگر کئی عرب ممالک کے سربراہان کا مودی کی پذیرائی اسے ہار پہنانا اور کشمیریوں پر ظلم کے خلاف آواز نہ اُٹھانا اسی دجالی فتنہ کے چارٹر آف ڈیموکریسی کا حصہ ہے۔ کشمیر کے ذریعے پاکستان پر جنگی دباؤ بڑھانا دراصل پاکستان کا اسرائیل کو تسلیم کئے جانے کا کھیل بھی معلوم ہوتا ہے۔

قدیم علم نجوم کے مطابق برج جدی زمین سے اور ہندوستان سے منسوب کیا جاتا ہے۔ 2020ء میں آسمانی کونسل پر چار اہم ستارے مریخ مشتری زحل اور پلوٹو کا برج جدی میں اکٹھا ہونا عالمی سیاسی جنگی سازشیں عرب ممالک سے نکل کر ایشیائی ممالک خصوصاً ہندوستان، پاکستان کشمیر کو اپنی لپیٹ میں لے سکتی ہیں۔ تو مریخ دو ماہ اٹھارہ دن کے بعد نکل جائیگا جبکہ دیگر تین کواکب کا قیام **برج جدی** میں قدرے لمبا ہوگا۔ ستارہ **مشتری** 20 مارچ 2020ء تا 5 اپریل 2021ء ستارہ **زحل** 24 جنوری 2020ء تا 17 جنوری 2023ء اور **پلوٹو** 25 فروری 2020ء تا 16 جنوری 2040ء تک یہاں رہیگا۔ از روئے نجوم پاکستان کی بقاء میں ہندوستان کی بقاء چھپی ہوئی پاکستان محفوظ ہے تو ہندوستان بھی محفوظ ہے۔ 23 کروڑ کا ایک پاکستان ہندوستان کے اندر بھی چھپا ہوا ہے۔ غزوہ ہند کا چرچہ 2019ء میں خوب رہا۔ یہ 2020ء میں بھی جاری رہیگا۔ غزوہ وہ جنگ جس میں سرکار دو عالم خود شرکت فرمائیں گے۔ اسرائیل، امریکہ اور ہندوستان کی اسلام دشمنی سے غزوہ ہند کا وقت اب دور نہیں ہے۔ **نئے پاکستان کا مستقبل جہاد میں پنہاں ہے حکومت جہاد کا اعلان کرے یا نہ کرے کم از کم اسے جہاد کے لئے تیار رہنے کا اعلان ضرور کر دینا چاہئے یہی نئے پاکستان کا مستقبل ہے۔**

(27/10/2019)

غزوہ ھند سے قبل

شہزادہ سید انتظار حسین زنجانی

قطب، ولی، غوث ابدال کی نئی ذمہ داریاں

2020ء آسمانی کونسل پر بارہ منطقۃ البروج میں ستاروں کی گردش کا مشاہدہ کرتے ہوئے روحانی مشاہدات بھی ہوئے۔ الہامی طور سے یوں معلوم ہوا کہ نظام دُنیا چلانے والی روحانی ہستیوں کی ذمہ داریاں مستقبل قریب میں تبدیل ہونے والی ہیں۔ **کیا یہ غزوہ ھند کی تیاری ھے؟** ہم علوم الفلکیات کی روشنی میں اسے جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔ جو قارئین زنجانی جنتری **2020ء** کو ہدیہ ہیں۔

سیاسی نجوم میں فطرتی زائچہ میں دسواں گھر (وتد السماء آسمان کی بلندی) بادشاہ، صدر، وزیر اعظم، دُنیاوی حکمرانوں سے منسوب، کسی بھی ملک کے زائچہ میں منجمین حکمرانوں کیلئے نیک وبد پیش گوئیاں اسی گھر سے کرتے ہیں۔ علم نجوم میں بارہ بروج ہیں۔ (**1**) برج حمل (**4**) برج سرطان (**7**) (برج میزان) اور (**10**) برج جدی ہے منجمین ان چاروں بروج کو اوتاد مانتے ہیں۔ جب جب اہم ستارے ان میں قیام کریں یا ان سے اچھی بُری نظرات سیارگان بنائیں یا پھر ان بروج میں سورج یا چاند گرہن لگیں تو دُنیا میں سیاسی اور روحانی واقعات رونما ہوتے ہیں۔ عالمی وسیاسی واقعات تو الیکٹرانک پرنٹ میڈیا ہمیں فوراً دکھا دیتا ہے۔ مگر روحانی متوقع واقعات صرف صاحب روحانیات ہی جانتے ہیں۔ عموماً یہ ہستیاں اپنی ذات میں مطمئین ہوتی ہیں۔ کہ انہیں کسی شے کا خوف نہیں ہوتا۔ دنیاوی واقعات.......

مثلاً وزیر اعظم عمران خان کا اقوام متحدہ میں خطاب وادی کشمیر میں بھارتی افواج کے مظالم وغیرہ وغیرہ۔ کائنات کا نظام چلانے کیلئے قدرت نے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء معبوث کئے نبوتؐ کے بعد سلسلہ امامت (بارہ امام) مولا علیؑ، ولائیت بوعلی قلندرؒ، سخی لعل شہباز قلندرؒ، مائی رابعہ بصریؒ، قلندر، اولیاء اللہ، قطب غوث، ابدال کو بھی روحانی ذمہ داریاں سونپی جاتی ہیں۔ مثلاً رزق پہنچانا، بارش برسانا، گمراہ لوگوں کو سیدھی راہ دکھانا جس طرح دُنیاوی حکمران حکومت کرتے ہیں۔ اسی طرح قطب، غوث، ابدال بھی روحانی طور سے دُنیا کے حکمران اور بحکم الٰہی مصیبت زدہ خلق خدا کی خدمت کرتے ہیں۔ یہ روحانی لوگ زمین پر انبیاء کے اوتار اور ان کے نائب ہوتے ہیں یہ اپنے نفس کی پرہیز گاری، عبادت، ریاضت، عاجزی، خیر خواہی، حسن اخلاق، صبر ودانشمندی اپنی سخاوت سے ابدال بنتے ہیں ابدال سینئر ہونے پر قطب غوث بنتے ہیں۔ اگست **2019ء** سانحہ مقبوضہ کشمیر کے بعد میں **غزوہ ھند کی شروعات کا بھت چرچہ رھا۔**

علم نجوم کے علاوہ دُنیا کا کوئی بھی علم ہمیں اس بات کی تصدیق نہیں کروا سکتا کہ کیا واقعۂ غزوہ ہند ہونے جا رہا ہے۔ آسمانی کونسل پر دُنیاوی وروحانی حکمرانی کے برج میں ستاروں کی نشست **2020ء** ملاحظہ فرمائیں۔

بحساب ویدک نجوم

1:۔ برج جدی میں تجربہ کار بزرگ اور معلم ستارہ زحل **30** سال بعد آئے گا یہ اس کا ذاتی گھر بھی ہے۔ **24** جنوری **2020ء** تا **17** جنوری **2023ء** تک رہیگا۔

2:۔ برج جدی میں روحانیت کا ستارہ مشتری **20** مارچ **2020ء** تا **5** اپریل **2021ء** تک رہیگا۔

3:۔ برج جدی میں عسکری قوت جنگ وجدل آسمانی افواج کا کمانڈر انچیف ستارہ مریخ دو ماہ اٹھارہ دن **2020ء** یہاں شرف میں رہیگا۔

4:۔ برج جدی میں عالمی مشورہ گو راہنما ستارہ پلوٹو **25** فروری **2028ء** تا **16** جنوری **2040ء** تک یہاں رہیگا۔

5:۔ آسمانی کونسل پر **2020ء** میں غیر معمولی طور سے **4** چاند **2** سورج کل **6** گرہن بھی لگیں۔ برج جدی میں یکے بعد دیگرے ستاروں کا اجتماع یوں معلوم ہوتا ہے کہ **2020ء میں غزوہ ھند سے قبل ابدال، قطب، غوث کو ایشیائی ممالک خصوصاً پاک و ھند میں نئی روحانی ذمہ داریاں ملیں۔**

آزادی کشمیر اور جنگ کے خطرات؟

دونوں ملکوں میں باقاعدہ جنگ کا امکان؟ دونوں ملکوں کے زائچوں پر ایک فلکیاتی نظر

آج کل پاکستانی آسٹرولرجرز سے سب سے زیادہ پوچھے جانے والا سوال (سیّد مصوّر علی زنجانی)

پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کے امکانات کس حد تک ہیں؟

پاکستان اپنے اندرونی حالات ہی سے نبرد آزما ہے، وہ جنگ چھیڑنے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا۔ پاکستان اور بھارت دونوں ملکوں کا پیدائشی برج ایک ہی ہے اور عموماً سیاروی گردش بھی تھوڑے سے فرق کے ساتھ دونوں کے لیے سعادت یا نحوست کا اثر ظاہر کرتی ہے۔

پاکستان اور بھارت کے مابین کشمیر کی شق 370 ختم کرنے اور اپنے اندر ضم کرنے کے بعد کشیدگی اپنے عروج پر ہے۔ پاکستانی قیادت نے بلاشبہ نہایت تدبر اور تحمل کا مظاہرہ کیا ہے، بھارتی اشتعال انگیزی کا جواب خاصے تحمل کے ساتھ دیا اور مسلسل مذاکرات کی اہمیت پر زور دیا، ضروری کارروائی کر کے بھارت کو یہ بھی سمجھا دیا کہ مسئلے کا حل جنگ نہیں ہے، اگر جنگ کی گئی تو دونوں ملک بدترین صورت حال سے دوچار ہوں گے، دونوں ملکوں کے زائچوں پر جنگ کے حوالے سے نظر ڈالی جائے تو پاکستان کے زائچے کی پوزیشن بھارت کے مقابلے میں بہتر ہے، کسی بھی مہم جوئی کا نتیجہ بھارت کے خلاف ہی جائے گا، دونوں ملکوں کا طالع پیدائش برج ثور ہے لیکن طالع کے درجات مختلف ہیں اور سیاروی بھی مختلف ہے، ٹرانزٹ کرتے ہوئے سیارگان کی پوزیشن بھارت کے زائچے میں شرپسندی کو ہوا دے رہی ہے تیسرے گھر اور اس میں واقع سیارگان پر اثرانداز ہو رہا ہے، مزید یہ کہ سیارہ مشتری 2020/2019ء آٹھویں گھر سے گزرتے ہوئے۔

0 حوت 16

خانہ	سیارہ
1	
2	
3	مشتری
4	مریخ
5	زحل
6	قمر
7	راہو
8	عطارد
9	شمس، زہرہ
10	
11	
12	کیتو

بتاریخ 2 جنوری 1978ء دہلی بوقت 11 بجکر 59 منٹ

بین الاقوامی سطح پر بھی پاکستان کے فیصلوں اور اقدام کو پذیرائی ملی ہے، آیئے کشمیر کے زائچے پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

کشمیر:۔ کانگرس نے 2 جنوری 1978ء کشمیر کو آئینی حیثیت دی۔ کشمیر کے اس زائچہ میں مہادشا مشتری 26 فروری 2008ء تا 26 فروری 2024ء جاری ہے۔ ان دنوں کشمیر کا معاملہ بین الاقوامی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ زائچہ میں مشتری میں انتر دشا قمر 2 جولائی 2019ء تا 31 اکتوبر 2020ء جاری ہے۔ طالع عوام دسویں آزادی کشمیر کے معاملات کو تقویت دینے کا مشتر کہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد 5 نومبر 2019ء تا 20 نومبر 2020ء تک چلت میں دسویں گھر رہیگا۔ ان ایام میں کشمیری اور کشمیر پر آسمانی کونسل مہربان رہیگی۔ مسئلہ کشمیر جنگ یا آبرومندانہ بین الاقوامی U.N.O دباؤ کے تحت بھارت چاہے یا نہ چاہے مسئلہ کشمیر حل ہو۔ ہم سب ملکر قدرت کی مہربانی کا انتظار کرتے ہیں۔ اپنے مظالم کشمیری بہن بھائیوں کی آزادی کے لئے دُعا گو ہیں۔

U-TURN یا U.N.O

شہزادہ سیّد انتظار شاہ زنجانی

U.N.O اقوام متحدہ سے کون واقف نہیں پہلی اور دوسری جنگ عظیم کے خاتمہ پر کچھ دانشور عالمی لیڈروں کو خیال آیا کہ دُنیا میں ایک ایسا مضبوط مرکزی عالمی ادارہ ہونا چاہئے جو عالمی جنگ وجدل کو روکنے اور دُنیا میں امن کا ضامن ہو۔ اس سے قبل ایک ادارہ لیگ آف نیشن بنا جس کی پذیرائی نہ ہوئی۔ خیال اچھا تھا۔ **193** ممالک کی میزبانی امریکہ نے کی اور یوں **U.N.O** کا ادارہ وجود میں آ گیا۔ اس کے مستقل ممبر پانچ (5) ہیں۔ **امریکہ، چین، روس، برطانیہ** اور **فرانس** ہیں جو کسی بھی قرارداد کو ویٹو کر سکتے ہیں۔ **193** ممالک نے اس پر سانفرانسکو **U.S.A** میں دستخط کئے اور **24** اکتوبر **1945**ء **U.N.O** کا قیام عمل میں آیا۔ اقوام متحدہ قیام عمل سے قبل **26** جون **1945**ء کو اجلاس ہوا۔

U.N.O اسکے بنانے کے پانچ مقاصد تھے:۔

1:۔ بنی نوانسان کو تباہ کاریوں سے بچایا جائے۔
2:۔ اقوام عالم کی جنگ بندی کے لئے قانون بنایا گیا۔
3:۔ فلاح وبہبود کے کام رنگ ونسل سے بالاتر ہو کر کئے جائیں۔
4:۔ انسانوں کے بنیادی حقوق بنائے اور بحال کئے جائیں۔
5:۔ ممبر ملک ایک دوسرے کا خیال کریں تاہم ایک دوسرے کے معاملات میں دخل اندازی نہ کرنا۔

اقوام متحدہ بنے آج **75** سال ہو چکے ہیں۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد دُنیا بھر میں چھوٹی بڑی کئی ممالک کے مابین جنگیں جاری ہیں اور اقوام متحدہ اس میں کچھ نہیں کرتا اور نہ ہی اپنا کوئی کردار ادا کرنا چاہتا ہے ممکن ہے پس منظر میں اقوام متحدہ کو بھی یہودی کنٹرول کر رہے ہوں۔ اس نے ابتک خصوصاً کسی اسلامی ملک کی ابتک کوئی مدد نہیں کی۔ ایران، عراق، شام، سعودی عربیہ، یمن، لیبیا، مصر، ترکی، افغانستان، پاکستان، فلسطین، کشمیر کے جلتے سلگتے تازہ مسائل اقوام عالم کے سامنے ہیں۔ **کشمیر سلگ رہا ہے**۔ تاہذا تحریر **75** دن سے یہاں کرفیو میں آٹھ لاکھ مسلمان کشمیری بے بسی کی زندگی گذارنے پر مجبور ہیں۔ علم نجوم کی روشنی میں **U.N.O** کے دونوں زائچوں پر مختصر تبصرہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

دونوں زائچے بمطابق چندر لگن حسب ذیل ہیں:۔

24 جون **1945**ء کا زائچہ میں چندر لگن قوس کا مالک ستارہ مشتری اپنے فطرتی قانون مذہب ضابطہ اخلاق کے گھر میں ہے۔ **U.N.O** کا ادارہ نیک نیتی کے مطابق بنایا گیا۔ اس زائچہ میں عطارد اور زحل تحت الشعاع غروب ہیں۔ عطارد **U.N.O** کی عقل و دانش کی

چندر لگن قوس

193 ممالک کے دستخط بتاریخ **26** جون **1945**، **U.S.A** وقت نامعلوم

نمائندگی دُنیا بھر کے ممالک سے کرنے والا ساتویں دسویں گھر کا مالک ہو کر غروب ہے۔ جبکہ سیارہ زحل تجربہ کار افراد جو دُنیا میں امن کروا سکیں یہ بھی غروب ہے۔ ستارہ مریخ پانچویں (شعور) بارہویں کا مالک ہو کر طاقتور بارہواں گھر **U.N.O** کے خفیہ لوگ (زیونسٹ یہودی) ہیں۔ جنہوں نے **U.N.O** کو یرغمال بنا رکھا ہے۔ **U.N.O** جن نیک مقاصد کے لئے بنائی گئی تھی آج تک کسی بھی اسلامی ملک کو اس سے انصاف نہیں ملا۔

چندر لگن ثور

U.N.O کا قیام بتاریخ **24** اکتوبر **1945**ء وقت نامعلوم

U.N.O کا قیام:۔

علم نجوم کی روشنی میں اس زائچہ پر سرسری سی نگاہ ڈالیں تو سوائے قمر شرف کا ہونے سے ستارہ مریخ زحل ہبوط وبال یافتہ ستارہ زہرہ مشتری ہبوط وبال یافتہ ستارہ شمس ہبوط یافتہ عطارد چھٹے نحس گھر میں ہونے سے علم نجوم کی روشنی میں بلاشبہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ **U.N.O** نہیں بلکہ **U-TURN** اقوام متحدہ ہے۔ اس عالمی ادارہ سے مسلم اُمہ کو انصاف کی توقع نہیں رکھنی چاہئے۔ سفیر کشمیر وزیراعظم پاکستان عمران خان مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے **15** منٹ کی بجائے **50** منٹ **U.N.O** کے پلیٹ فارم پر کھڑے ہو کر تمام مسلمانوں کے دل کی بھڑاس نکال دی۔

دُعا ہے کہ یہود ونصارا کی بنائی گی اقوام متحدہ سے مسلم اُمہ ان کے شر سے محفوظ رہے۔

امام زمانہ علیہ السلام کا جلد ظہور ہو آپ علیہ السلام جلد تشریف لائیں ہم پر رحم فرمائیں اور ہمیں عدل دلائیں۔

شہزادہ سیّد مصور علی زنجانی

تیسری عالمگیر جنگ کے ہیروز؟

وزیر اعظم عمران خان اور روسی صدر پیوٹن میں مماثلت

جڑواں بچوں کی پیدائش ہمیشہ ایسٹرولوجی پر اعتراض کرنے والوں کا پسندیدہ سوال ہوتا ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک ہی دن، تاریخ، سال اور مقام پر پیدا ہونے والے بچے کیسے ایک دوسرے سے مختلف سوچ، عمل اور رویے کے حامل ہوتے ہیں، یقیناً یہ ایک نہایت اہم سوال ہے اور اس علم پر بھرپور گرفت رکھنے والے ماہرین نے اس کا معقول جواب بھی دیا ہے یہاں ہمارا موضوع جڑواں بچے نہیں ہے لہٰذا اس سوال کا جواب دینے کا یہ موقع بھی نہیں ہے صرف اتنا اشارہ دینا کافی ہے کہ جڑواں بچے بے شک ایک ہی دن تاریخ اور مقام پر پیدا ہوتے ہیں لیکن پیدائش کے وقت میں چند منٹ کا فرق ضرور ہوتا ہے اور یہی فرق نہایت اہم ہے جو دونوں کی زندگی کے حالات پر اثر انداز ہوتا ہے۔

قدرت جنگ کو ٹال بھی سکتی ہے۔ امریکہ، اسرائیل، بھارت نے جنگ کا اٹل ارادہ کر رکھا ہے جنگ ہوئی تو ایران کے صدر روحانی، ترکی کے صدر طیب اردگان، چین کے صدر **Xi Jinping**، روس کے صدر پیوٹن اور پاکستان کے وزیر اعظم عمران خان ہیروز بن کر اُبھریں۔

پس پردہ دُنیا پر حکمران بین الاقوامی قوتوں میں یہودی (زیونسٹ) سرفہرست ہیں امریکہ انکا کٹھ پتلی ہے۔ اس کی مثال حضرت عزرائیلؑ جو روح قبض کرتے ہیں نگران کا کوئی جاننے کے باوجود نام نہیں لیتا اسی طرح گریٹر اسرائیل کے لئے تیسری عالمگیر جنگ کا ہونا بھی ضروری ہے۔ مسلم عرب افریقی ممالک کے بعد اب ایشیائی ممالک ترکی، ایران، روس، چین، کوریا، جاپان، پاکستان، بھارت جبکہ افغانستان پہلے ہی جنگ سے زخم خوردہ ہے۔ یہ ممالک اسرائیل سازش کے تحت کیا میدان جنگ بننے جا رہے ہیں؟ یوں معلوم ہوتا ہے سعودی عربیہ میں **39** ممالک کی افواج کا قیام گریٹر اسرائیل کے قیام کی سازش ہے۔ اسرائیل کے اسلامی ممالک میں سفارت خانے کھلتے جا رہے ہیں۔ بھارت میں تو اسرائیل ائیر بیس پر اسرائیلی پائلٹ بھارتی پائلٹوں کے ساتھ ہمہ وقت پاکستان کے ایٹمی ریکٹر کو عراق کی طرح تباہ کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں۔ حال ہی میں تحقیق کرتے ہوئے حیرت ہوئی کہ ایران، ترک، روس اور پاکستان کے موجودہ حکمرانوں کی ان دنوں دوستی مثالی ہے ان چاروں شخصیات میں سے عمران خان اور پیوٹن کے زائچوں میں مماثلت پائی جاتی ہے۔ قارئین زنجانی جنتری کے لئے ہم دونوں کے زائچوں کے دلچسپ پہلوؤں پر روشنی ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں۔

ہمارے پیش نظر عمران خان اور روسی صدر ولادی میر پیوٹن کے زائچے ہیں۔

8 7 6 5 9
شمس عطارد زحل 26.31 18.39 23.59
مریخ 01.50
طالع میزان 25.03
10
زہرہ 15.55
4
راہو 27.06
کیتو 27.06
1
11
3
مشتری 20.45
12
قمر 10.50
2

عمران خان تاریخ پیدائش **5** اکتوبر **1952**ء بوقت **08** بجکر **55** منٹ

8 7 6 5 9
شمس عطارد زحل 29.58 20.43 24.15
مریخ 03.19
طالع میزان 09.49
10
زہرہ 18.30
4
راہو 26.47
کیتو 26.47
1
11
3
مشتری 26.32
12
2
قمر 09.41

ولادمیر پیوٹن تاریخ پیدائش **7** اکتوبر **1952**ء بوقت **09** بجکر **29** منٹ

اتفاق سے کچھ عرصہ پہلے صدر پیوٹن کی تاریخ پیدائش، وقت پیدائش وغیرہ ہماری نظر سے گزری، اس تاریخ کے مطابق بعض مشہور منجمین نے صدر پیوٹن کا زائچہ پیدائش بنایا ہے جسے دیکھ کر ہم خاصے حیران ہوئے کیوں کہ یہ زائچہ وزیراعظم عمران خان کے زائچے سے بے حد مماثل ہے۔ برسوں پہلے عمران خان کی مشہور تاریخ پیدائش 25 نومبر 1952ء ہمارے پیش نظر رہی لیکن بعدازاں محترم سید انتظار حسین شاہ زنجانی کی ذاتی کوشش سے عمران خان سے رابطہ کیا گیا اور انھوں نے بتایا کہ ان کی درست تاریخ پیدائش 5 اکتوبر 1952ء، لاہور ہے جب کہ وقت پیدائش تقریباً صبح 9 بجے ہے، چناں چہ پہلی مرتبہ ہم نے ہی ماہنامہ آئینہ قسمت میں عمران خان کا درست زائچہ پیش کیا تھا، واضح رہے کہ تازہ اپ ڈیٹ کے مطابق اب وکی پیڈیا پر بھی عمران خان کی تاریخ پیدائش 5 اکتوبر 1952ء ہے۔ بوقت 08 بجکر 55 منٹ جبکہ روسی صدر ولادی میر پیوٹن کی تاریخ پیدائش 7 اکتوبر 1952ء، سینٹ پیٹرزبرگ ہے اور وقت پیدائش صبح 09:29 am ہے۔

دلچسپ صورت حال یہ ہے کہ دونوں افراد کا طالع پیدائش برج میزان ہے، یقیناً طالع کے درجات میں نمایاں فرق ہے، برج میزان کا حاکم سیارہ زہرہ اپنے گھر میں باقوت پوزیشن رکھتا ہے اور کلاسیکل ویدک سسٹم کے مطابق ''ملاویا یوگ'' بنا رہا ہے، یہ یوگ خوش قسمتی کی علامت ہے اور چوں کہ طالع کا حاکم اس میں اہمیت رکھتا ہے لہٰذا یہ کسی راج یوگ سے کم نہیں ہے، زائچے کے پہلے گھر میں برج میزان طلوع ہے اور اس کا مالک سیارہ زہرہ طاقت ور پوزیشن میں ملاویا یوگ بنا رہا ہے، پہلے گھر کا حاکم پہلے گھر میں ہو تو یہ اچھی صحت اور سوسائٹی میں اچھی پوزیشن کے علاوہ لمبی عمر دیتا ہے، صاحب زائچہ کی زندگی کا آغاز بہتر اور مناسب انداز میں ہوتا ہے اور وہ زندگی میں مسائل حل کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔

جب کہ ساتویں گھر کا حاکم سیارہ مریخ تیسرے گھر برج قوس میں قابض ہے اور برج قوس کا حاکم سیارہ مشتری مریخ کے گھر برج حمل میں براجمان ہے، اسے ''پری ورتن یوگ'' کہا جاتا ہے یعنی دو ستارے باہم ایک دوسرے کے گھروں میں قابض ہوتے ہیں، تیسرے گھر کا حاکم سیارہ مشتری ساتویں گھر میں ہو تو صاحب زائچہ زندگی میں لمبے سفر کرتا ہے، اسٹیٹس کا مالک ہوگا، بیرون ملک رہائش اختیار کرے گا، شریک حیات کے معاملات میں ایسے شخص کی ترجیحات شدید ہوں گی اور ایک سے زیادہ تعلقات ہوں گے گویا رومان پسندی نمایاں ہوگی۔ چوتھے گھر میں راہو جب کہ ساتویں گھر میں مشتری کے علاوہ سیارہ قمر موجود ہے، قمر اور مشتری کا ایک ہی گھر میں ہونا گج کیسری یوگ کہلاتا ہے، یہ بھی خوش قسمتی لانے والا یوگ ہے اور خاص طور پر ایسے لوگ خدمت خلق یا اصلاح معاشرہ کے لیے کام کرتے نظر آتے ہیں، زائچے کا دسواں گھر سرطان ہے اور یہاں غضب ناک کیتو موجود ہے، اس کے علاوہ زائچے کے بارھویں گھر میں سیارہ شمس، زحل اور عطارد قابض ہیں، یہ زائچے کا کمزور و ناقص پہلو ہے جو زندگی میں بہت سے مسائل، پریشانیوں اور مصائب کو جنم دیتا ہے، عمران خان کی زندگی ایسے مصائب و مشکلات سے عبارت ہے، زندگی کا ابتدائی دور ہو یا درمیانہ یا آخری یہ مصائب و مشکلات جاری رہیں گے۔

روسی صدر پیوٹن

ولادی میر پیوٹن کی زندگی کا ابتدائی دور روس اور امریکا کے درمیان رسا کشی کا دور ہے، روس اس وقت دنیا کی دوسری سپر پاور کی حیثیت اختیار کر چکا تھا، چناں چہ پیوٹن کو اپنے ملک سے باہر تعلیم کے لیے نہیں جانا پڑا لیکن ابتدا ہی سے اسپورٹس سے لگاؤ ظاہر ہو گیا تھا اور ابتدائی عمر ہی میں انھوں نے بلیک بیلٹ حاصل کر لی تھی، اسی طرح روسی کیمونسٹ پارٹی میں بھی شمولیت کا موقع مل گیا تھا، 1975ء میں وہ روسی خفیہ ایجنسی کے جی بی سے وابستہ ہو گئے تھے، ان کے سامنے ہی روسی سپر پاور کا خاتمہ ہوا اور ملک مختلف ریاستوں میں بٹ گیا، اگست 1999 میں انھیں ڈپٹی پرائم منسٹر بننے کا موقع ملا اور اسی سال وہ وزیراعظم بن گئے اور روسی صدر بورس نیلسن کے غیر متوقع استعفے نے انھیں روس کا صدر بنا دیا، بعدازاں وہ صدارتی الیکشن بھی مسلسل جیتتے رہے، اقتدار میں آنے کے بعد روسی معیشت خاصی کمزور تھی، کرپشن ملک کا اہم مسئلہ تھا، انھوں نے آہستہ آہستہ معاشی طور پر ملک کو بحران سے نکالا اور کرپشن پر بھی قابو پایا، اس وقت وہ دنیا کی دوسری سپر پاور کے صدر ہیں۔

دونوں زائچوں کا بنیادی فرق

کئی اعتبار سے عمران خان اور صدر پیوٹن کے زائچوں میں بعض بنیادی فرق موجود ہیں، پہلی بات یہ کہ عمران خان کے زائچے کے اکثر اہم گھر راہو کیتو سے متاثرہ ہیں جب کہ صدر پیوٹن کے زائچے میں ایسے نحس اثرات نہیں ہیں، راہو کیتو اگرچہ دونوں زائچوں کے لیے نحس اثرات رکھنے والے سیارے ہیں لیکن صدر پیوٹن کے زائچے میں راہو کیتو دشاماسا چارٹ (D-10) میں شرف یافتہ ہیں، چناں چہ ہم دیکھتے ہیں کہ 17 سال کی عمر میں جب راہو کا طویل دور شروع ہوا تو انھیں اپنا کیریئر بنانے میں زیادہ مشکلات کا سامنا نہیں کرنا پڑا اور وہ بہت جلد ترقی کر کے روسی کے جی بی میں ایک اعلیٰ مقام تک پہنچنے میں کامیاب رہے، راہو کا دور اکبر 1987ء تک جاری رہا اور پھر سیارہ مشتری کا 16 سالہ دور بھی ان کے لیے ترقی کے نت نئے راستے کھولتا رہا۔ ہم تیسری عالمگیر جنگ کے حامی نہیں مگر دنیا کے نقشہ پر جنگجوانہ فطرت کا مالک امریکہ، اسرائیل، عرب ممالک نے بھارت کے ساتھ ملکر جو جنگی بساط بچھائی اور عالمی نقشہ پر جو جنگی توازن بکھرا ہوا ہے۔ اس جنگ میں چین، ایران، روس اور پاکستان کا کردار اہم ہوگا۔ چاروں ممالک کے لئے یہ ہیروز ہونگے۔ پیوٹن، عمران خان بھی جنگ کے ہیروز میں شمار ہونگے۔

مودی آپ کا شکریہ

از تحریر: شاہ زنجانی

لا اِلٰہَ اِلّا اللہ پر ایمان ہے ہم لڑیں گے

عمران خان

وزیر اعظم ہند مودی 22 کروڑ پاکستانیوں میں شائد مجھ جیسا کوئی دوسرا نہ ہوگا جو آپ کا شکریہ ادا کرے۔ بلکہ دنیا حیران ہو سکتی ہے کہ ایک سیّدزادہ ایک ظالم مودی کا شکریہ کیوں ادا کر رہا ہے؟ جی ہاں اس کا پس منظر جو میرے ذہن میں آیا ہے۔ وہ کچھ یوں ہے کہ **اگر دشمن میں بھی کوئی اچھی بُری صفت ہو تو اسکی تعریف یا اسے ضرور ھائی لائٹ ہونا چاھئیے** (تاریخ میں) زمانے بدلتے رہتے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں (بادشاہ) فرعون تھا۔ اسے جب علم نجوم جاننے والے نجومیوں نے بتایا کہ تمہاری سلطنت میں ایک ایسا بچہ پیدا ہونے والا ہے جو تمہیں تباہ و برباد کر دے گا تو فرعون نے یہ سن کر اپنے سپاہیوں کی ایک سپیل ٹیم بنا دی جو ہر حاملہ عورت کے گھر نشان لگا دیتی بچہ متولد ہونے پر لڑکی کو تو زندہ چھوڑ دیا جاتا اور بیٹے کو قتل کر دیا جاتا ظلم کا سلسلہ یوں ہی چلتا رہا اور اس نے **70 ھزار بچے قتل کروا دینے فرعون کا ظلم اس قدر بڑھ گیا کہ آج دنیا ھر قاتل اور ظالم کو فرعون ھی کے لقب سے یاد کرتی ھے۔**

مشہور کہاوت حضرت موسیٰؑ اور فرعون کے اس قصہ سے ہی بنی ہو۔ اس وقت کے نجومیوں کی پیش گوئی درست ثابت ہوئی حضرت موسیٰؑ کی ولادت کے وقت سپاہی چیک کرنے آئے تو مادرِ موسیٰؑ نے آپ کو جلتے تندور میں چھپا دیا اور مطمئن ہو گئیں کہ ان کا بیٹا سپاہیوں کی نظر سے چھپ گیا ہے۔ سپاہی گھر کی تلاشی لینے کے بعد جب چلے گئے تو ماں نے جلتے تندور سے اپنے بچہ کو نکالا جو جلتی آگ میں مزے سے انگوٹھا چوس رہا تھا۔ اور اسی طرح نمرود نے بھی لاکھوں ٹن لکڑیوں کی آگ روشن کی حضرت ابراہیمؑ کو اس میں منجلیق سے پھینکوایا اور وہ آگ گلزار بن گئی۔ اپنے اپنے وقت کے فرعون، نمرود، شداد، یزید وہ ظالم شخص جن کا نام ہی ظالم ہونے کی خبر دے اس کی یہ بُری صفت ہے۔ امام اوّل خلیفہ چہارم امیر المومنین حضرت علی ابن ابو طالب علیہ السلام نے اپنے اصحابہ کو بتایا کہ شام سے ایک شخص عبدالرحمٰن بن ملجم داخلہ کوفہ ہوا ہے۔ اور یہ میرا قاتل ہے۔ محبان علی علیہ السلام شام تک اس شقی القلب شخص کو پکڑ کر دربار میں لے آئے کہ مولا ہم آپکا قاتل پکڑ لائے ہیں۔ مولا علی علیہ السلام نے جب یہ سب دیکھا تو اپنے اصحابہ سے فرمانے لگے کہ ابھی تو اس نے کوئی جرم نہیں کیا تو پھر سزا کیسی اسے چھوڑ دیا جائے اور پھر قاتل علی علیہ السلام، عبدالرحمٰن بن ملجم کو مولاؑ نے رہا کر دیا۔ **جس طرح 72 شھداء کربلا کو 9 لاکھ یزیدی افواج نے 61ھ میں گھیر لیا تھا آج 1441ھ میں 80 لاکھ کشمیریوں کو 9 لاکھ مودی کی افواج نے گھیرا تو 72 شھداء کربلا کے روحانی نمبر کا اعجاز طلوع ھوا پاک بھارت میں متنازعہ**

کشمیر کا مسئلہ 72 سال بعد U.N.O میں کشمیریوں کو آزادی دینے اور اپنی قسمت کا فیصلہ کرنے کا معاملہ وزیراعظم پاکستان عمران خان کی 27 ستمبر 2019ء کی تقریر کے بعد دوبارہ زندہ ہو چکا ہے۔

مودی آپکا شکریہ آپ اگر شق 370 ختم نہ کرتے اور کشمیر کو بھارت میں کشمیریوں کی مرضی کے برخلاف بھارت میں شامل نہ کرتے 9 لاکھ مودی افواج 80 لاکھ کشمیریوں پر کرفیو لگا کر نہتے بے گناہ کشمیری مسلمان عورتوں مردوں اور معصوم بچیوں پر ظلم نہ کرتے تو دنیا کو کیسے پتہ چلتا کہ آج کا فرعونی، نمرودی، یزیدی کا نیا روپ مودی ہے۔

مودی آپکا شکریہ پوری دنیا خواب غفلت سے جاگ اُٹھی ہے۔ پوری دنیا کے مسلم و غیر مسلم عوام و راہنما ہومین رائٹس کی تنظیمیں سراپا احتجاج ہیں۔ 22 کروڑ پاکستانی اپنے لاکھ اختلافات رکھنے کے باوجود سب کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ 26 دسمبر 2019ء کا سورج گرہن جو پاک بھارت کے مشترکہ زائچہ کے آٹھویں گھر لگ رہا ہے۔ تب یہاں سات ستاروں کا اجتماع یوں بھی آٹھواں گھر فطرتی زائچہ میں برج عقرب موت سے منسوب اور فنا کے بعد ایک نئی دنیا آباد کراتا ہے۔ زنجانی جنتری 2019ء صفحہ نمبر 41 پر پیش گوئی شائع شدہ ہے کہ 2020/2019ء مسئلہ کشمیر ہندوستان کشمیر کو آزاد ریاست تسلیم کرنے پر مجبور ہوگا۔

آسمانی کونسل پر ستاروں کی **2019**ء اور **2020**ء میں بننے والی پوزیشن بھارت کے زائچہ **15** اگست **1947**ء دہلی صفر بجکر ایک منٹ کے مطابق اپنے زائچہ کے ادوار مہادشاء قمر میں انتردشاء زحل **11** دسمبر **2019**ء تا **11** جولائی **2021**ء دور زحل میں داخل ہو رہا ہے۔ ستارہ زحل زائچہ میں نویں مذہب قانون خارجہ تعلقات کے ساتھ دسویں سربراہ مملکت (مودی) کا بھی ستارہ ہے۔ اور زائچہ بھارت میں یہ تحت الشعاع غروب ہے۔ یوں بھارتی حکمران مودی اور اس کے ہم خیال لوگوں کی عقل ماری جائیگی بھارت کے اندر **24** سے زائد آزادی پسند تحریکیں موجود ہیں جو **2020**ء میں اپنے حق کے لئے سرگرم ہونگی۔ اور یوں مکافات عمل کے تحت بھارت کے ٹکڑے ہونے کی ابتداء شروع ہو جائیگی۔ **خصوصاً کشمیر نہ صرف بلکہ آسام، بنگال، خالصتان کی آزادی کی تحریکیں 2020ء میں بھارت سے آزادی کے لئے سرگرم رہیں۔ 2019ء میں مقبوضہ کشمیر کا ہائی لائٹ ہوا مسئلہ 2020ء ناعاقبت اندیش امریکہ، اسرائیل، بھارت نے ملکر جنگ کی نذر نہ کیا تو کشمیریوں کو حق ارادیت کا آبرومندانہ مسئلہ 2020ء میں عالمی دبائو (U.N.O) کے سبب حل ہو جائیگا۔** اگرچہ آج تک **U.N.O** نے کسی مسلم ممالک کے ساتھ وفا نہیں کی۔ جنگی شرانگیزی سے بھارت کے ٹکڑے ہونے کی ابتداء **2020**ء سے شروع ہو جائیگی۔ **خبردار جنگ ہوئی تو ایٹمی ہوگی اور نتائج پوری دنیا بھگتے گی۔ یہ انتباہ وزیراعظم پاکستان عمران خان صاحب نے U.N.O میں کر دیا تھا۔**

مقبوضہ کشمیر پر اقوام متحدہ کے امتحان کا وقت بھارت کو کرفیو اٹھانا ہوگا تمام قیدی رہا کرنا ہونگے عالمی برادری کو کشمیریوں کا حق خودارادیت دینا پڑے گا

شہزادہ سید محمد علی زنجانی

ایک کروڑ نوکریاں پچاس لاکھ مکانات خواب بنے سراب

عوامی مشکلات کا حل علم نجوم کی روشنی میں

حالات حاضرہ کے حساس موضوع پر آج ہم بات کرنے کی کوشش کریں گے۔ قیام پاکستان سے سال بہ سال یوں ہی گزرتے جارہے ہیں۔ **73** سالوں میں جو بھی حکومت آئی ہے سادہ لوح پاکستانی عوام اس سے اپنے مسائل کے حل کیلئے بہت ساری توقعات وابستہ کر لیتے ہیں۔ مگر ہر حکومت پہلی حکومت سے زیادہ غربت مہنگائی افلاس بیروزگاری میں اضافہ کر دیتی ہے۔ تو عوام پچھلی حکومت کو اچھا اور موجودہ حکومت کو بُرا کہنے لگتے ہیں۔ **P.T.I** عمران خان صاحب کی حکومت آنے سے قبل فی پاکستانی ایک لاکھ تیس ہزار اور **P.T.I** کی حکومت آنے کے بعد ایک لاکھ پچانوے ہزار کا مقروض ہو چکا ہے۔ عمران خان صاحب نے خود ہی اپنا نام بقول تبصرہ نگاروں کے سونامی خان رکھا تھا۔ انکی حکومت کے آنے کے بعد مہنگائی کے سونامی نے جنم لیا حکومت آنے کے ایک سال کے اندر اندر ایک سو پندرہ فیصد اشیاء میں اضافہ ہو چکا ہے۔ پاکستانی قوم مستقبل کے سنہرے خواب آنکھوں میں سجائے خوشحالی، غربت، مہنگائی کے خاتمہ کی کتنی اُمیدیں باندھ چکے تھے وہ سب چکنا چور ہو گئیں۔ مہنگائی کے سبب عام عوام کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے۔ مہنگائی اور ٹیکسوں کی بھر مار ختم کرنے، پیٹرول، گیس، بجلی سستی کرنے کے خواب دکھانے والے عمران خان صاحب نے عوامی خواب سراب کردیئے۔ اوپر سے آپکا فرمانا کہ گھبرائیں نہیں، سونے پہ سہاگہ کہ اپنی حکومت کو مدینہ جیسی حکومت سے منسوب کرنا، پاکستانی معصوم عوام کیلئے حکومت اگر کچھ نہیں کرسکتی تھی تو کم از کم روٹی اور روزگار کے مسائل تو حل کردیئے ہوتے فلاحی حکومتوں کی طرح نہ سہی عوام مفت تعلیم، علاج کما کر اپنی جیب سے ادا کرسکنے کی پوزیشن میں آسکتے حکومت جب سے آئی ہے۔ انہوں نے کرپٹ عناصر کے خلاف کارروائیاں شروع کیں اور کرنی بھی چاہئیں مگر دوسری جانب مہنگائی کا طوفان بڑھتا گیا۔ جو ہنوز جاری ہے۔ اس حکومت کی سب سے بڑی ناکامی یہ ہوگی اگر اس نے مہنگائی پر قابو نہ پایا تو مستقبل میں آنے والے دنوں میں اپوزیشن کے ساتھ عوامی غم و غصہ بھی عروج پر ہوگا۔ **آیئے ہم علم نجوم کی روشنی میں اس کا حل آپ کی مشاورت سے تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں** نئے پاکستان کا نیا زائچہ **20** دسمبر **1971**ء راولپنڈی **15**۔ بجکر **6** منٹ جب پاکستان دولخت ہونے کے بعد جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے سول مارشل ایڈمنسٹریٹر کا حلف اُٹھایا۔ زائچہ پاکستان میں **2020/2019**ء میں بحساب ویدک نجوم تین اہم ستارے بروج تبدیل کریں گے۔ ستارہ مشتری **5** نومبر **2019**ء آٹھویں آکر **20** نومبر **2020**ء تک رہیگا۔ ستارہ زحل **24** جنوری **2020**ء تا **17** جنوری **2023**ء تک نویں رہیگا۔ اپنے ہی گھر میں **30** سال بعد ستارہ زحل طاقتور زائچہ پاکستان میں مشتری **12,8,4,2** گھروں کو سعادت دے گا۔ ستارہ زحل **11,9,6,2** گھروں کو بھی **30** سال بعد عروج کا ہونے کے سبب طویل المعیاد مثبت تعمیر و ترقی کی راہیں اُجاگر کرے گا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے "خدا اس قوم کی حالت نہیں بدلتا جسے اپنی حالت بدلنے کا خیال نہ ہو۔ مدینہ کی ریاست کو نعرہ میں سیاسی قیادت کو درگذر برداشت اور درگذر رہنے والے معاملات میں درگذر بھی کرنا چاہئے زحل ایک معلم انصاف کا بھی ستارہ جلد پاکستان کی تقدیر بدلنے کے لئے ملک میں یکساں نصاب تعلیم نہ سہی مگر پہلی تا پنجم کلاس قرآن پاک کا اُردو ترجمہ اور پھر چھٹی کلاس تا میٹرک قرآن پاک عربی بمعہ ترجمہ مادری زبان میں لازم اور نصاف کا حصہ بنایا جائے اور اس کے نمبرز بھی طالب علم کو دیئے جائیں کم از کم آنے والی نسل کی اپنے اصل مالک سے دوستی ہونے سے یہ جان سکے گی کہ ہمارا ربّ ہم سے کیا چاہتا ہے۔ **22** کروڑ عوام کو حکومت اساتذہ اگر یہ شعور عطا کرنے میں کامیاب ہوجائیں تو مستقبل میں ایسا نیا معاشرہ تشکیل پاسکتا ہے جو آج کے پاکستان سے بہتر ہوگا۔ **19** ستمبر **2020**ء راہو طالع کیتو مقابل **17** مئی **2022**ء تک رہیگا۔ راہو **9,5,1** اور کیتو **11,7,3** اہم گھروں کے منسوبات جن میں عوامی شعور مزاج سائنسی ایجوکیشن نئے نئے کاروباری وسائل بیروزگاری کے خاتمہ کیلئے پھر کوشش حکومت اور نجی ادارے مشترکہ طور سے کریں گے۔ **اہم ستاروں کی تبدیلی ایک بار پھر نظام کی تبدیلی کا اشارہ ھے۔ علم نجوم کی روشنی میں بلدیاتی** سطح پر نظام عوامی نمائندہ تک پہنچایا جائے بلدیاتی نظام ہی عوامی مشکلات اور انہیں دلاسا دینے کا ایک مفید حل ہے۔ حکومت اگر کسی کو دواء نہیں دے سکتی تو بلدیاتی اداروں کے اراکین عوام کو تسلی و تشفی تو دے سکتے ہیں۔ **M.N.A** اور **M.P.A** بیشتر عوام کی دسترس سے باہر ہیں۔ **زانچہ پاکستان میں 30 نومبر 2024ء مھادشا زحل جب شروع ھو گی تو پاکستان کے حالات اچھے ھونگے۔ ستارہ زحل بھی 30 سال بعد وتد السماء برج دلو اپنے فعلی ذاتی گھر عزت کے گھر میں ھوگا۔ تب تک پاکستانی عوام حکومتوں کی خوش فھمیوں میں آنے سے بچیں اور اچھے دنوں کی اُمید پر توبہ استغفار کا ورد کریں انشاء اللہ العزیز آزمائش طلب دن یوں ھی گزر کر اچھے دنوں کی ابتداء ھوھی جائیگی۔**

Broken Future of India "بھارت کے کئی حصوں میں تقسیم ہونے کا وقت شروع"

بھارتی جنون اور کشمیر پر جابرانہ قبضے کی کوشش

شہزادہ سید مستور علی زنجانی

تاریخ گواہ ہے کہ ہندوستان بھارت یا انڈیا انگریزوں اور مغلیہ سلطنت سے پہلے بھی مختلف ریاستوں میں بٹا ہوا تھا۔ تقسیم ہند کے بعد بھی بھارت میں (1) ریاست جموں کشمیر (2) ریاست حیدر آباد دکن (3) ریاست اڑیسہ (4) ریاست بنگال (5) ریاست مدراس (6) ریاست پنجاب شامل نہ تھیں جو تقسیم ہند آزادی کے بعد زبردستی شامل کی گئیں۔ اب بھارت پاکستان کے ٹکڑے کرنے کے خواب دیکھ رہا ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ہم سے مشرقی پاکستان الگ کر چکا ہے۔ بھارت میں **24** سے زیادہ آزادی پسند تحریکیں کام کر رہی ہیں۔ کشمیر کو زبردستی ختم کرنے کے نتیجہ اور آزادی کشمیر کے ساتھ دوسری تحریکیں بھی اب بھارت سے علیحدگی کیلئے سرگرم ہو چکی ہیں۔ فرمانِ مولاؑ ہے کہ: **"کفر کی حکومت تو قائم رہ سکتی ہے مگر ظلم کی نہیں"** مکافات عمل ہے کہ ظالم مودی فرعون کی طرح جلد کیفر کردار کو پہنچے گا اور بھارت میں آزادی پسند قوتیں برج جدی بھارت سے منسوب ہے۔ **2020**ء میں اہم ستارے زحل، مشتری اور پلوٹو کی برج جدی میں طویل عرصہ کیلئے آمد مکافات عمل کے تحت **2020**ء سے بھارت کے ٹکڑے ہونے آزادی پسند تحریکیں قوت پکڑ جائیں گی۔

مذہبی جنون بھارت میں اپنی آخری حدوں کو چھو رہا ہے اور ایک ایسی سیاسی پارٹی برسر اقتدار ہے جو ابتدا ہی سے مذہبی انتہا پسندی کے لیے مشہور ہے، بھارتیہ جنتا پارٹی **2014**ء میں برسر اقتدار آئی تھی لیکن اسمبلی میں اسے ایسی واضح اکثریت نہیں مل سکی تھی کہ وہ اپنے انتہا پسندانہ نظریات پر پوری طرح عمل درآمد کر سکے، **2019**ء کے انتخابات میں اسے یہ موقع حاصل ہو گیا ہے چناں چہ وزیر اعظم نریندر مودی کو مقبوضہ کشمیر پر ایک سخت وار کرنے کا موقع مل گیا اور انھوں نے آرٹیکل **370** کو ختم کر کے مقبوضہ کشمیر کی بین الاقوامی شناخت ختم کر دی ہے، اس آرٹیکل کے تحت جو سابق بھارتی وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو اور کشمیری رہنما شیخ عبداللہ کے باہمی مذاکرات کے نتیجے میں وجود میں آیا تھا، کشمیر کو ایک خصوصی حیثیت حاصل تھی، وہ بھارت کا حصہ نہیں تھا بلکہ ایک آزاد ریاست تھی، اس کا اپنا پرچم تھا، اپنی خود مختار قومی اسمبلی تھی، خیال رہے کہ **1947**ء میں بھی کشمیر ایک آزاد ریاست کے طور پر برصغیر کے نقشے میں نمایاں تھا، یہاں مسلم آبادی اکثریت میں تھی لیکن حکومت ایک ہندو راجا کی تھی، مسلم اکثریت چاہتی تھی کہ تقسیم ہند کے بعد پاکستان کے ساتھ الحاق کرے لیکن ہندو راجا اس کے لیے تیار نہیں تھا، اس نے اپنے طور پر بھارت سے الحاق کا فیصلہ کیا مگر یہ شرط قائم رکھی کہ کشمیر کو ایک آزاد ریاست کے طور پر تسلیم کیا جائے گا، چنانچہ **26** اکتوبر **1947**ء کو بھارتی فوجیں اس کی دعوت پر کشمیر میں داخل ہو گئیں اور اس طرح بھارت جابرانہ طور پر کشمیر پر قابض ہو گیا۔

نریندر مودی نے آرٹیکل **370** کو ختم کر کے کشمیر کو بھارت کے ساتھ ضم کرنے کی جو کارروائی کی ہے یہ اگرچہ خود بھارت کے لیے نہایت خطرناک ثابت ہو گی لیکن پاکستان کے لیے بھی ایک تکلیف دہ عمل ہے، کشمیری مسلمان مسلسل ظلم و زیادتی کا شکار ہو رہے ہیں، ان کی نسل کشی کی جا رہی ہے، پورے کشمیر کو فوجی چھاؤنی بنا دیا گیا ہے اور کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے، انٹرنیٹ یا ٹیلی فون کی سہولت منقطع کر دی گئی ہے۔

جہاں تک بھارت میں مذہبی جنون اور شدت پسندانہ رجحانات کا معاملہ ہے تو یہ لہر ستمبر **2025**ء تک جاری رہے گی اور اس دوران میں ملک مکمل طور پر ایک ہندو ریاست نظر آئے گا، اس لہر کی انتہا دسمبر **2022**ء سے مارچ **2026**ء تک نظر آتی ہے اور یہی وہ وقت ہو گا جب بھارت میں انتشار اور علیحدگی پسندانہ رجحانات بھی عروج پر ہوں گے، گویا بھارت کے کئی حصوں میں تقسیم ہونے کا وقت شروع ہو جائے گا۔ بھارت کی تاریخ بتاتی ہے کہ وہ ہمیشہ سے مختلف ریاستوں میں تقسیم رہا ہے، کبھی کبھی کسی طاقت ور بادشاہ کا دور ضرور ایسا آیا ہے جب پورے ملک میں طویل عرصہ اس کی حکومت رہی ہو لیکن بحیثیت مجموعی ہمیشہ ہندوستان مختلف ریاستوں میں تقسیم رہا ہے اور آئندہ بھی ایسا ہی ہو گا۔

2020ء جنگ و جدل کا سال
عالمی معاشی بحران
معاشرتی ٹوٹ پھوٹ

از تحریر: سید انور فراز کراچی

پاکستان ایک نئے نظام کی طرف بڑھے گا، موجودہ سیٹ اپ ختم ہوسکتا ہے

آفات ارضی و سماوی اور اختلافات و جنگ و جدل کا سال 2019ء رخصت ہو رہا ہے، دنیا بھر میں جاری تبدیلی کی لہر بالآخر اپنے اختتامی مرحلے میں داخل ہو چکی ہے، اس سے پہلے کہ آنے والے سال 2020ء کے امکانات پر بات کی جائے، آیئے موجودہ سال کے نمایاں واقعات پر ایک نظر ڈال لی جائے۔ زنجانی جنتری 2019ء میں موجودہ سال کو تیسری عالمگیر جنگ کے آغاز کا سال قرار دیا گیا تھا، بے شک اس سال مختلف ممالک کے درمیان تنازعات اس حد تک بڑھ چکے ہیں کہ کوئی بھی نازک لمحہ تیسری عالمی جنگ کے آغاز کا باعث ہوسکتا ہے، حقیقت یہ ہے کہ اگر ہم ایشیا پر نظر ڈالیں تو ہر طرف ایک جنگ و جدل کی صورت حال نظر آتی ہے، **شام، لبنان، عراق، اسرائیل، یمن، سعودی عربیہ، افغانستان، پاکستان، بھارت، چین، روس، ترکی،** الغرض ایشیائی ممالک کی اکثریت کسی نہ کسی طور حالت جنگ میں ہے۔

ہم نے خاص طور پر دنیا کے جن ممالک کے بارے میں اندیشے اور خطرات ظاہر کیے تھے اور جن عالمی لیڈرز کی نشان دہی کی تھی، تقریباً وہی اس سال نمایاں رہے، **یورپی یونین** کے حوالے سے برطانیہ کو سخت صورت حال کا سامنا رہا اور تا حال ہے، **امریکہ، چین، روس، ترکی، ایران، یمن، مڈل ایسٹ، چین، بھارت، پاکستان اور دیگر ممالک سارا سال غیر معمولی حالات و واقعات سے دوچار رہے، سارا سال جاری رہنے والے زحل اور کیتو قران کے نتیجے میں دنیا بھر میں حادثات و سانحات، زلزلے، سیلاب اور طوفانی بارشیں صورت حال کو بد سے بدترین بناتی رہیں،** بھارت میں شدید طوفان کے باعث تقریباً سو ملین افراد متاثر ہوئے، ایران اور امریکا کے درمیان ٹینشن میں مزید اضافہ ہوا جب سعودی آئل ٹینکرز اور پائپ لائنیں ایک حملے میں تباہ ہوگئیں، سعودی اخبارات کے اداریوں نے اسے سرجیکل اسٹرائیک قرار دیا، امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے چینی اشیا پر ڈیوٹی بڑھا دی، جواباً چین نے امریکی اشیا پر اس سے زیادہ ڈیوٹی میں اضافہ کردیا اور اس طرح عالمی کرائسز کو بڑھاوا ملا، شمالی کوریا نے مزید میزائل لانچ کیے، جواباً امریکا نے اس کے کارگو جہازوں کی نقل و حرکت روک دی، امریکا میں سفید فام انتہا پسندی کو فروغ حاصل ہوا اور بھارت میں مذہبی انتہا پسندی عروج پر پہنچ گئی جس کے نتیجے میں نریندر مودی کے کشمیر کے حوالے سے فیصلے اور اقدام بھارت اور پاکستان کو کسی بڑی جنگ کے قریب لے آئے ہیں، اسرائیل کے جارحانہ اقدام شام، لبنان، عراق اور ایران کے لیے مزید تشویش کا باعث ہو چکے ہیں، 700 راکٹ غزہ کی جانب سے اسرائیل پر فائر کیے گئے، ایسا ہی اسرائیل کی جانب سے بھی کیا گیا، پاک بھارت سرحد پر مستقل جھڑپوں کا سلسلہ جاری ہے، کشمیر میں بھارتی فوجیں ظلم اور جبر کے نئے ریکارڈ قائم کر رہی ہیں، **پچاس سال بعد مسئلہ ء کشمیر پر اقوام متحدہ کا اجلاس طلب کیا گیا۔**

ہم نے نشان دہی کی تھی کہ اس سال 2 جون سے 17 اگست تک نہایت ہی حساس اور خطرناک وقت ہوگا، اس وقت میں تیسری عالمی جنگ کے آغاز کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے، اس وقت عالمی لیڈر صورت حال کو کس طرح کنٹرول کرتے ہیں اس پر مستقبل کے نئے منظرنامے کا انحصار ہوگا، کیا کوئی ہٹلر ٹائپ شخصیت جنگ کے شعلوں کو ہوا دے گی؟ ساتھ ہی یہ بھی لکھا تھا کہ **نریندر مودی، ڈونالڈ ٹرمپ، کم جون آف کوریا ایسی نمایاں طور پر شخصیات ہوسکتی ہیں جو جنگ کے شعلوں کو ہوا دیں۔ عزیزان من!** بے شک موجودہ سال میں عالمی میدان جنگ سج چکا ہے، نئی صف بندیاں نمایاں ہوچکی ہیں اور مزید نمایاں ہورہی ہیں، سعودیہ میں آئل ریفائنری پر حملہ ہوا جس کی ذمے داری ایران پر ڈالی جارہی ہے اور اب ایران پر حملے کا جواز پیدا ہوگیا ہے، البتہ پاکستان کی پوزیشن ابھی تک واضح نہیں ہے، شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ **موجودہ عالمی صورت حال میں پاکستان نے گزشتہ تقریباً دس سالوں میں اپنا کوئی نمایاں مقام نہیں بنایا، اس اعتبار سے جمہوری دور پاکستان کے لیے زیادہ خوش کن نہیں رہے، داخلی اور خارجی معاملات میں پاکستان مسلسل انحطاط اور تنزلی کی طرف بڑھ رہا ہے۔**

2020ء کا آغاز

نئے سال **2020ء** سے پہلے ہی **26 دسمبر 2019ء** کا سورج گہن کئی اعتبار سے نمایاں خصوصیات اور طویل المدت اثرات کا حامل نظر آتا ہے کیوں کہ اس گہن کے ساتھ ہی سیارگان کی اکثریت ایک ہی برج قوس میں اکٹھا ہورہی ہے، فطری زائچے کے مطابق یہ گہن نویں گھر میں لگے گا جو مذہب، آئین و قانون اور مستقبل کی منصوبہ بندی کا گھر کہا جاتا ہے، بین الاقوامی زائچے میں یہ سیاروی اجتماع چوتھے گھر میں ہوگا، واضح رہے کہ ایسے عظیم اجتماعات جنہیں قِران کہا جاتا ہے، سالوں میں ہوتے ہیں، ماضی میں سال **2000ء** میں بھی ایسا ہی عظیم اجتماع ہوا تھا، **سیارہ قمر، عطارد، زہرہ، شمس، مشتری اور زحل** ایک ہی برج حمل میں جمع ہوئے تھے، برج حمل آتشی اور منقلب برج ہے، اس کو ہم ایکشن کا برج کہتے ہیں کیوں کہ انرجی کا نمائندہ سیارہ مریخ اس کا حاکم ہے، طاقت اور جنگ و جدل کا سیارہ ہے، چنانچہ اس عظیم سیاروی اجتماع کے بعد ہم نے دیکھا کہ دنیا بہت تیزی سے طاقت کے اظہار اور جنگ و جدل کی جانب بڑھی، نائن الیون ہوا اور پھر امریکا افغانستان اور عراق پر حملہ آور ہوا، افغان امریکا جنگ ابھی تک جاری ہے، عراق کی دنیا بدل چکی ہے، روس اور یوکرائین میں تصادم ہوا، مراکش سے یمن تک ایک انقلابی لہر اٹھی جس میں بڑھے بڑھے برج الٹ گئے، گزشتہ **18/19** سالوں میں ملکوں، قوموں اور دیگر گروہوں کے درمیان تناؤ اور باہمی اختلافات میں اضافہ ہوا ہے اور آج جب تقریباً بیس سال بعد دوبارہ یہ سیاروی اجتماع ہورہا ہے تو دنیا ایک عالم گیر جنگ کے دہانے پر آچکی ہے۔ نئے سال کے آغاز سے چند ہی روز پہلے ہونے والے اس **غیر معمولی آسمانی کونسل کے اجلاس میں سیارہ قمر، عطارد، شمس، مشتری، زحل، پلوٹو اور کیتو بھی اس میں شامل ہے**، گویا راہو کیتو محور سیارہ شمس اور مشتری کو براہ راست متاثر کررہے ہیں، جب کہ شمس کی قربت سے تین سیارگان قمر، عطارد اور مشتری غروب ہیں، اپنی حیثیت کھو چکے ہیں، سیارہ زحل بہر حال اس اجتماع میں موجود ہوتے ہوئے بھی اپنا دامن بچا گیا ہے۔ فطری زائچے کے مطابق یہ قران اگر ایک طرف دنیا بھر میں مذہبی انتہا پسندی، آئین و قانون سے ماورا فیصلے و اقدام اور معاشی بحران لائے گا تو دوسری طرف عالمی زائچے کے مطابق قوموں اور ملکوں کی نئی حد بندیوں اور اندرونی انتشار کا باعث ہوگا، برج قوس کا حاکم سیارہ خود غروب ہوگا اور راہو کیتو سے بھی متاثر ہوگا، یہ صورت حال مثبت مذہبی یا آئینی و قانونی رجحانات کے لیے موافق نہ ہوگی، منفی رجحانات کی شدت پسندی ایک مادر پدر آزاد معاشرے کو جنم دیتی ہے، گویا آنے والے دور میں انسان اپنی خواہشات کا غلام اور اپنی سوچ کو دوسروں پر مسلط کرنے کے خبط میں مبتلا ہوگا۔ عالمی زائچے میں چوں کہ چوتھا گھر اس اجتماع کا مرکز ہے جسے پناہ گاہ کہا گیا ہے، گھر کی چار دیواری اور خاندانی رسم و روایات، نسلی ارتقا بھی اسی گھر سے وابستہ ہیں، چناں چہ یہ سیاروی اجتماع اس حوالے سے بھی پرانے طور طریقوں اور رسم و رواج کو یکسر تبدیل کردے گا جس کے نتیجے میں بعض ممالک کی سرحدیں اور بعض ممالک کے داخلی ڈھانچے تبدیل ہوں گے، اس عظیم اجتماع کے اثرات ماضی کی طرح تقریباً بیس سال کی مدت پر محیط ہوسکتے ہیں، محو حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہوجائے گی۔ عظیم سیاروی قران کے حتمی اور قریبی نتائج کا مطالعہ کرنے کے لیے ہمیں دیکھنا ہوگا کہ مذکورہ قران کسی ملک کے ذاتی زائچے میں کہاں واقع ہورہا ہے۔

ثوری ممالک

برج ثور سے متعلق ممالک پاکستان، بھارت،

مصر، میکسیکو اور بحرین ہیں، یہ غیر معمولی سیاروی اجتماع ان ملکوں کے ذاتی زائچوں میں آٹھویں گھر میں ہوگا، آٹھواں گھر خانہء حادثات و موت اور کایا پلٹ کا گھر ہے، ایک زندگی کے خاتمے کے بعد نئی زندگی کے وجود میں آنے کا گھر ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ آنے والے زمانوں میں ان ممالک کی کایا پلٹ کا امکان موجود ہے، یعنی یہ اپنے منطقی انجام تک پہنچ کر ایک نئے رنگ وروپ میں دنیا کے سامنے آئیں گے۔

سرطانی ممالک

برج سرطان سے متعلق ممالک امریکا، روس، ایران، ترکی اور فرانس ہیں، موجودہ قران ان ملکوں کے چھٹے گھر میں ہوگا، چھٹا گھر سول وملٹری سروسز، عدالتی اور انتخابی عمل، اختلافات اور تنازعات کا ہے، ان ملکوں کو اندرونی اور بیرونی طور پر جاری اختلافات اور تنازعات کا سامنا رہے گا، ملک کے اندر عدلیہ اور خارجی محاذ پر فوج کو مسلسل مصروف عمل رہنا ہوگا، مزید یہ کہ حد سے بڑھتے ہوئے اخراجات انھیں معاشی بحرانوں سے دوچار کریں گے جس کے نتیجے میں عوام میں بے چینی اور عدم اطمینان پیدا ہوگا، لوگ احتجاج پر آمادہ ہوں گے۔

سنبلہ ممالک

برج سنبلہ کے تحت انگلینڈ، جرمنی، کینیڈا، برما، لبنان اور افغانستان ہیں، موجودہ سیاروی اجتماع زائچے کے چوتھے گھر میں ہوگا اور چوتھے گھر سے متعلق اثرات کی نشان دہی ہم پہلے کر چکے ہیں، ان ممالک میں داخلی طور پر شدید نوعیت کی بحرانی صورت حال جنم لے گی، سابقہ رسم وروایات تبدیل ہو جائیں گی۔

عقربی ممالک

برج عقرب کے تحت شام، شمالی کوریا اور لیبیا ہیں، موجودہ قران زائچے کے دوسرے گھر میں ہوگا جس کا تعلق معیشت اور اسٹیٹس سے ہے، شام اور لیبیا پہلے ہی معاشی طور پر بدحالی کا شکار ہیں اور اپنا اسٹیٹس بھی کھو چکے ہیں، کوریا کی پوزیشن بہتر ہے لیکن امریکا سے محاذ آرائی کے نتیجے میں وہ ہتھیاروں کی دوڑ میں مصروف ہے، یہ صورت حال مستقبل میں معاشی بحران کا باعث ہوگی اور ان ملکوں میں فیملی سسٹم بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگا۔

قوسی ممالک

برج قوس کے زیر اثر سعودیہ عربیہ ہے، موجودہ قران زائچے کے پہلے گھر میں ہوگا، گویا سعودیہ میں شہنشاہی نظام کے خاتمے کی ابتدا ہو سکتی ہے، موجودہ طرز حکومت میں تبدیلی آسکتی ہے، ممکن ہے آئندہ بیس سالوں میں ہم سعودیہ میں جمہوری نظام کو پھلتا پھولتا دیکھ سکیں، مزید یہ کہ دیگر ملکوں سے محاذ آرائی میں اضافہ ہوگا۔

جدی ممالک

برج جدی کے تحت چین، اسرائیل، جاپان اور یوکرائن ہیں، موجودہ قران زائچے کے بارھویں گھر میں ہوگا جس کا تعلق خوف، نقصانات اور بے راہ روی سے ہے، یہ ممالک پہلے ہی سے کسی نہ کسی خوف میں مبتلا ہیں، چین اور جاپان کو امریکا سے خطرات لاحق ہیں، اسرائیل کی محاذ آرائی اسلامی بلاک سے ہے اور یوکرائن کی روس سے، ان کے دشمنوں اور مخالفین میں مزید اضافہ ہوگا اور اپنے تحفظ کے لیے ان ملکوں کو مزید حفاظتی اقدام کرنا پڑیں گے جس کے نتیجے میں غلط یا صحیح فیصلے ہو سکتے ہیں، کامیابیاں اور ناکامیاں ساتھ ساتھ رہیں گی، بیرونی خطرات بڑھ جائیں گے۔

دلو ممالک

متحدہ عرب امارات برج دلو کے تحت ہے، موجودہ قران زائچے کے گیارھویں گھر میں ہوگا جس کے نتیجے میں رفتہ رفتہ یو اے ای کی موجودہ تجارتی پوزیشن کمزور ہوتی چلی جائے گی لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ معاشی طور پر متحدہ عرب امارات کی حیثیت متاثر ہوگی، اس بات کا خطرہ موجود ہے کہ چند ریاستوں کا یہ اتحاد آگے چل کر اتحاد نہ رہے اور باہمی اختلافات کے سبب تمام ریاستیں علیحدہ علیحدہ اپنی پالیسیاں بنائیں، جیسا کہ حال ہی میں یورپی یونین کا حال ہوا ہے۔ **عزیزان من**! نہایت اختصار کے ساتھ دنیا کے نمایاں اور چنیدہ ممالک اور موجودہ سیاروی اجتماع کے حوالے سے تجزیاتی گفتگو کی گئی ہے، ہمارے سامنے گزشتہ اجتماع سیارگان کی مثال موجود ہے جو سال **2000**ء میں ہوا تھا، اس حوالے سے بعض دیگر ایسے پہلو بھی ہو سکتے ہیں جن پر ممکن ہے ہماری نظر نہ گئی ہو تو یقیناً اہل علم حضرات ان کی نشان دہی کر سکتے ہیں۔

پاکستان

نئے سال **2020**ء کا آغاز غیر معمولی سیاروی قران سے ہو رہا ہے جو زائچے کے آٹھویں گھر میں واقع ہوگا، زائچے میں مشتری کا دور اکبر نومبر **2008**ء سے جاری ہے، مشتری زائچے کا فعلی منحوس سیارہ ہے، جب سے یہ

دور شروع ہوا ہے پاکستان روز بہ روز تنزل کی جانب بڑھ رہا ہے اور ملک کو سنبھلنے کا موقع ہی نہیں مل رہا، خراب دور میں قومی قیادتیں بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرنے سے قاصر رہتی ہیں، گزشتہ سالوں میں ایسا ہی کچھ ہوا ہے اور اب بھی ہو رہا ہے، وزیر اعظم پاکستان عمران خان اگر چہ اپنی پوری کوشش کر رہے ہیں مگر نتائج خوش کن تا حال نہیں ہیں اور نیا سال بھی زیادہ خوش آئند نظر نہیں آتا، روز بہ روز صورت حال بگڑتی جارہی ہے اور تادم تحریر ملک بدترین سیاسی اور انتظامی طور پر بدنظمی اور انتشار کا شکار ہے، ستمبر اور اکتوبر 2019ء وزیر اعظم اور ملک کے لیے خاصے تشویش ناک مہینے ہیں، اسمبلیاں عضو معطل ہو چکی ہیں، ان کی کوئی حیثیت نہیں رہ گئی، دوسری طرف بھارت سے جنگ کے خطرات بڑھتے جارہے ہیں، کشمیر کا مسئلہ مزید پیچیدہ ہو گیا ہے، اس صورت حال کے ساتھ ہم نئے سال 2020ء کا استقبال کریں گے اور بقول شاعر۔

بہت مشکل ہے دنیا کا سنورنا
تری زلفوں کا پیچ و خم نہیں ہے

جنوری 2020ء

جنوری کا آغاز آٹھویں گھر کے سیاروی اجتماع سے ہو رہا ہے، اچھی بات یہ ہے کہ نویں دسویں گھر کا حاکم سیارہ زحل اس اجتماع میں نحس اثرات سے محفوظ ہے لیکن بہر حال آٹھویں گھر میں اچھی پوزیشن نہیں رکھتا، چناں چہ جنوری میں بھی صورت حال میں کسی مثبت تبدیلی کا امکان نظر نہیں آتا، مشتری، عطارد وغیرہ کی پوزیشن میڈیا پر دباؤ کی صورت حال برقرار رکھے گی، البتہ انتظامی سطح پر مثبت اقدام اور فیصلے ہو سکیں گے، معاشی طور پر حالات بدستور پریشان کن ہی رہیں گے، دیگر ممالک سے دباؤ اور تناؤ جاری رہے گا، بھارت سے کشیدگی میں مزید اضافہ ہوگا، ساتھ ہی سرحدوں کی صورت حال بھی تشویش کا باعث رہے گی، اسمبلیاں ٹوٹنے کا خطرہ بدستور موجود رہے گا۔

فروری 2020ء

نہایت اہم تبدیلی تقریباً ڈھائی سال بعد زائچہ پاکستان میں جنوری کے آخر میں ہوگی یعنی نویں دسویں کا حاکم سیارہ زحل آٹھویں گھر سے نکل کر نویں گھر میں 24 جنوری 2020ء داخل ہوگا جو اس کا ذاتی گھر ہے یہ نہایت خوش کن اور امید افزا مومنٹ ہوگی جس کے سعد اثرات آئندہ تقریباً ساڑھے سات سال تک جاری رہیں گے، مزید یہ کہ سیارہ مشتری اپنے ذاتی گھر برج قوس میں ایک سال کے لیے آ جائے گا، یہ بھی ایک مثبت قیام ہوگا، ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ دو بڑی سیاروی تبدیلیاں آگے چل کر ملک کو ترقی کے راستے پر گامزن کریں گی، مشتری سارا سال آٹھویں گھر میں رہے گا، جہاں پہلے سے سیارہ پلوٹو اور کیتو موجود ہیں، آگے چل کر جب مشتری ان دونوں اہم سیاروں سے قران کرے گا تو اہم واقعات رونما ہوں گے، مجموعی طور پر مشتری کا ایک سالہ قیام ملک میں زرعی ترقی اور زیر زمین قدرتی ذخائر سے استفادے کا رجحان لائے گا اور اس سلسلے میں معقول پیش رفت نظر آئے گی۔ اس مہینے میں سیارہ مریخ بھی آٹھویں گھر میں داخل ہوگا اور خصوصاً دس فروری سے 20 فروری کے درمیان اہم سیاسی واقعات رونما ہو سکتے ہیں، معاشی صورت حال مزید خراب ہو سکتی ہے اور سرحدوں پر کشیدگی میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

مارچ 2020ء

مارچ کا مہینہ بھی واقعاتی اعتبار سے نہایت اہم ہے، کیتو کے بعد سیارہ مریخ اس ماہ سیارہ مشتری سے قران کرے گا، اس کے نتیجے میں پارلیمنٹ ہنگامہ آرائی کا شکار رہے گی، بعض آئینی و قانونی مسائل پیچیدہ رخ اختیار کر سکتے ہیں، اسی مہینے کے آخر سے زائچے میں سیارہ قمر کا دور اصغر شروع ہوگا لہٰذا انداز حکمرانی میں جارحانہ طور طریقے نمایاں ہو سکتے ہیں، فروری تا مارچ پارلیمنٹ کے لیے بھی مشکل مہینے ثابت ہو سکتے ہیں، اس دوران میں پارلیمنٹ کے وجود کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں، جمہوریت کی بساط لپٹ سکتی ہے اور وزیر اعظم کے لیے سیکورٹی رسک بڑھ سکتے ہیں۔

اپریل 2020ء

اپریل کا مہینہ مارچ کا تسلسل ہوگا، گویا گزشتہ مہینوں میں جو مسائل پیدا ہوئے ہوں گے، وہ اپنی انتہا کو پہنچیں گے، نئے الیکشن کی باتیں ہو سکتی ہیں، آئینی اور قانونی معاملات میں نئی نئی موشگافیاں سامنے آئیں گی، عدلیہ کا کردار اہمیت اختیار کرے گا، بعض اہم مقدمات کے فیصلے ہو سکتے ہیں، عدلیہ میں نئی اصلاحات یا تبدیلیوں کا امکان ہوگا، اسی طرح بیورو کریسی، پولیس اور فوج میں بھی اہم تبدیلیاں دیکھنے میں آ سکتی ہیں، ملک میں نئے صوبوں کے قیام کی بازگشت بڑھ جائے گی اور اس حوالے سے نئی آئین سازی پر زور دیا جائے گا، نئے اہم فیصلے و اقدام اس مہینے میں نمایاں ہو سکتے ہیں، خیال رہے کہ سیارہ مشتری مختصر مدت کے لیے زائچے کے نویں گھر میں داخل ہوگا اور پیدائشی سیارہ زہرہ سے قران کرے گا۔

مئی 2020ء

مئی کے مہینے کی ہنگامہ خیزیاں نمایاں رہیں گی اور اس مہینے میں بھی آئینی و قانونی محاذ آرائیاں عروج پر ہوں گی، عوام کے لیے یہ ایک مشکل مہینہ ہوگا،

خصوصاً توانائی کے بحران میں اضافہ ہوگا، مارچ تا مئی ملک کی صورت حال کسی ایمرجنسی کی سی معلوم ہوتی ہے، ان مہینوں میں جمہوری بساط لپٹنے کے خطرات بہت زیادہ ہیں اور نئے انتخابات کی طرف ملک بڑھتا نظر آتا ہے یا کسی قومی حکومت کے قیام کی تجاویز سامنے آسکتی ہیں۔

جون، جولائی، اگست 2020ء

جون میں بھی سیارہ مشتری کی نویں گھر میں پوزیشن نہایت خطرناک اور انتظامی طور پر اکھاڑ پچھاڑ لانے والی ہے خصوصاً سول وملٹری بیوروکریسی کا کردار نہایت اہم ہوگا، اس ماہ سے راہو کیتو بھی اہم پوزیشن اختیار کریں گے جس کی وجہ سے زائچے کے اہم گھر بری طرح متاثر ہوں گے، معاشی، انتظامی امور کی صورت حال اطمینان بخش نہ ہوگی، سربراہ مملکت مسلسل دباؤ اور مسائل کا شکار ہوں گے اور یہ سلسلہ اگست تک جاری رہے گا، ان تین مہینوں میں ناخوش گوار صورت حالات اپنے عروج پر پہنچ کر مثبت انداز میں آگے بڑھنے کا امکان موجود ہے کیوں کہ اگست ہی میں پاکستان کا یوم آزادی بھی ہوگا اور اسی ماہ میں سیارہ مریخ برج حمل میں بحالت رجعت ہوگا جو زائچے کا گیارھواں گھر ہے، یہ کسی شدید نوعیت کی بیرونی مداخلت کی نشان دہی کرتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ تین مہینے ملک کو کسی نئے سیٹ اپ کی طرف لے جاسکتے ہیں جو جمہوری بھی ہوسکتا ہے اور غیر جمہوری بھی۔

ستمبر، اکتوبر 2020ء

ستمبر ایک نہایت اہم مہینہ ہے، اس مہینے میں راہو کیتو اپنے برج تبدیل کریں گے اور پاکستان کے پہلے اور ساتویں گھر میں داخل ہوں گے جو ان کے شرف کے گھر ہیں، یہ بڑی مثبت تبدیلیاں ہیں جو آئندہ اہم کردار ادا کریں گی لیکن خیال رہے کہ مثبت تبدیلیاں بہرحال بہت سے منفی حالات سے گزر کر ہی سامنے آتی ہیں، چوں کہ سیارہ مریخ کی پوزیشن اگست ہی سے ناموافق ہوگی اور خصوصاً 30 اگست سے 22 ستمبر تک سیارہ مریخ ایسی خطرناک پوزیشن پر ہوگا جو ملک میں کسی ایمرجنسی پلس ٹائپ مارشلائی کیفیت کی نشان دہی ہے، اس وقت میں پڑوسی ممالک سے شدید نوعیت کی محاذ آرائی کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، لہٰذا خطرہ ہے کہ ہم کسی بیرونی محاذ آرائی اور جنگ جیسی صورت حال سے دوچار ہوں، جنگ بہرحال کسی بھی ملک کے لیے بہتر نہیں ہوتی۔

نومبر، دسمبر 2020ء

نومبر کے آخر سے سیارہ مشتری زائچے کے نویں گھر میں داخل ہوگا جو اس کا برج ہبوط ہے، یہاں رہتے ہوئے مشتری کا قران سیارہ زحل سے ہوگا، یہ صورت حال بیرون ملک تجارت اور سربراہ مملکت یا کابینہ کے لیے خطرناک ہوگی، کوئی نیا آئینی بحران یا عدلیہ سے متعلق مشکل صورت حال سامنے آسکتی ہے، اس وقت میں سخت اور مشکل فیصلے ہوسکتے ہیں، سول و ملٹری اسٹیبلشمنٹ کا کردار نمایاں رہے گا، یہی صورت حال دسمبر تک نئے ہنگاموں کو جنم دے گی، وفاق اور صوبوں میں نئی تبدیلیاں ہوسکتی ہیں، اندرونی اور بیرونی دشمن ملک کے خلاف تخریبی کارروائیاں کرسکتے ہیں گویا سال **2020** ء مکمل طور پر ایک سخت اور صبر آزما سال ثابت ہوسکتا ہے۔**عزیزان من**! اس نئی صدی میں گزشتہ اور موجودہ سال زائچہ ء پاکستان کے مطابق یقیناً انتہائی اہم ہیں جو ہمیں شاید کسی نئے سیٹ اپ کی طرف لے جارہے ہیں، گزشتہ **70** سالوں میں ہم نے جو بویا ہے، وہی ہم کاٹ رہے ہیں، اس حوالے سے نہایت اہم سوال یہ ہے کہ دنیا کے اور ممالک بھی ایسے مشکل ادوار سے گزرتے ہیں، اگر مخلص اور دانش ور قیادت انھیں میسر ہو تو انھیں اپنا وجود قائم رکھنے میں آسانی ہوتی ہے، اس کے برعکس صورت حال میں نتیجہ بھی برعکس ہی ہوتا ہے، پاکستان، بھارت، مصر، ملائشیا، میکسیکو، بحرین وغیرہ اب مستقبل میں جس صورت حال کی طرف بڑھ رہے ہیں اس میں کسی مخلص اور محب وطن قیادت کی ضرورت انتہائی شدید ہوگی، پاکستان میں یقیناً وزیراعظم عمران خان سے لوگوں نے مثبت توقعات وابستہ کی ہیں لیکن پاکستان کی سیاسی اشرافیہ اور بیوروکریسی برس ہا برس سے جس رنگ ڈھنگ کی عادی ہوچکی ہے اسے تبدیل کرنے پر آمادہ نہیں ہے، یہ صورت حال ملک کو دوبارہ کسی بدترین مارشل لاء یا کسی غیر ملکی استبدادی نظام کی طرف لے جاسکتی ہے، ہمیں بنگلہ دیش سے سبق سیکھنا چاہیے۔

آخر میں اس مشہور شعر پر اختتام مناسب ہے جو پہلی بار ہماری نظر سے **1971**ء میں سقوط ڈھاکا کے بعد گزرا تھا۔

قافلے دلدلوں میں جا ٹھہرے
رہنما پھر بھی رہنما ٹھہرے

شہزادہ سید مسعود علی زنجانی

کیلنڈر کہانی 2020ء

HAPPY NEW YEAR 2020

2020 LEAP YEAR STARTING ON WEDNESDAY

LEAP YEAR ایک ایسا سال جو انگریزی کیلنڈر میں دِنوں کے حساب کو پورا کرنے کیلئے ماہِ فروری **28** کے بجائے **29** دِنوں کا ہوتا ہے تاکہ کیلنڈر کا حساب دُرست رہے۔ ماضی گواہ ہے کہ تاریخ خود اپنے آپ کو دہراتی ہے۔ اور تاریخ کا دہرانا محض ایک اتفاق نہیں ہوسکتا۔ جیسے چاند ہر ماہ بارہ بروج میں اپنا سفر مکمل کرتا ہے اور سورج یہی سفر ایک سال میں مکمل کرتا ہے تو نظامِ شمسی میں قدرت کی ایک ایسی کاریگری ہے آج کل سائنسدان چاند کے بعد دوسرے سیاروں پر آثارِ زندگی کی تلاش میں سرگرداں ہیں یہ ایک الگ بحث ہے کہ عراق، افغانستان، شام، کے بعد کشمیر، فلسطین اور دیگر کئی ممالک میں زندگی کے موجود آثار اور جیتی جاگتی مظلوم تصویروں کو محض طاقت کے نشے اور اپنی حاکمیت کو منوانے کیلئے مٹایا جارہا ہے۔ جتنا بجٹ اور پیسہ جنگ وجدل اور ناکام خلائی مشن پر لگایا جاتا ہے جو محض کامیابی سے **2** کلومیٹر پہلے ناکام ہوجائیں۔ قدرت کی کئی ایک کہکشاؤں میں سے اس ایک کہکشاں میں لاکھوں کروڑوں ستاروں کے ہمراہ گمنام سفر میں معصوم لوگوں کی ارواح بھٹک جائیں تو ایسے عقل کے اندھوں پر کیا تنقید یا رائے دی جائے کہ جن کو یہ تک احساس وسوچ نہ آئے کہ یہ بجٹ اور پیسہ کئی سالوں تک اس زمین پر موجود زندگی کو بھوک مٹانے مرنے سے بچانے اور روز اندھیروں، مایوسیوں میں پڑی زندہ لاشوں میں نئی زندگی کی اُمید ڈال سکتا ہے۔ پر افسوس صد ہائے افسوس جان لیں کہ تاریخ خود کو دہراتی ہے۔ فرانس کا انقلاب ہو یا رومن ایمپائر چاہے منگول ہوں یا چنگیز خان وہٹلر ہر دُور میں نام اور چہرے بدل کر وہی کردار حکمراں رہتے ہیں۔ جب نام ہو حکمرانی کا تو مغلیہ سلطنت کے زوال کی وجوہات آج بھی موجود ہیں تبھی تو دُنیا کے تمام مسلمان ممالک چاہ کے بھی کوئی ایسا اتحاد نہ بنا سکے کہ اُن کی ایک آواز پر دُنیا کے ہر خطہ میں موجود مسلمانوں پر ظلم رُک جائے۔ پر کیا کریئے کہ تاریخ خود کو دہراتی ہے اور آج کا مسلمان یہ سوچنے پہ مجبور ہے کہ اُس کو حج کیلئے آلِ سعود نہ روک دے یا ایران، عراق، شام زیاراتِ نجف و کربلا، مشہد و شام کیلئے نہ روک دیا جائے۔

2020ء کا یہ کیلنڈر ماضی میں **1936,1908**ء اور پھر قیامِ پاکستان کے بعد **1964**ء اور **1992**ء میں جلوہ نما ہوا اور اب **2020**ء کے بعد یہ بدھ کے دن سے شروع ہونے والا کیلنڈر جو کہ لیپ کا سال بھی ہے **2076,2048**ء اور پھر **2116**ء میں بالترتیب آئے گا۔

2020ء لیپ کے ماضی کے سالوں کا عالمی مشاہداتی نظارہ:-

ماضی میں اٹھارویں صدی میں **1716**ء (**Ottomon Empire** کی جنگ) **1744**ء (**Tulon** کی جنگ

اور پھر Villa franca کی جنگ) 1772ء (American Revolutionary War) انیسویں صدی میں 1812ء (امریکہ، کینیڈا، برطانیہ کی جنگ اور پھر Russia Patriotic War اس کے علاوہ Napo Leonic اور Penninsular جنگیں) 1840ء (Ottomon اور برطانیہ کا بیروت پر حملہ) 1868ء (Awa,Toba, Paraguayan, Japan- Hakodate, Ueao, Titokowaru, Boshin, Magdala کی جنگیں) 1896ء (ایتھوپیا اور اٹلی کی جنگ، Ferkeh کی جنگ) بیسویں صدی میں 1908ء (ینگ ٹرک ریوولیشن Ottomon Empire) 1936ء (Spanish سول جنگ) 1964ء (Zanzibar ریوولیشن، برطانیہ کا یمن پر ہوائی حملہ، تنزانیہ کا قیام، ویتنام کی جنگ) 1992ء (میکسیکو سول جنگ Algeria سول جنگ، بوسنیا کی جنگ، آذر بائیجان میں عوام کا قتل)

اب 2020ء اکیسویں صدی کا یہ پہلے بدھ سے شروع ہونے والا لیپ کا سال اپنے آنے سے پہلے ہی کچھ اپنی دُنیا بھر میں تاریخ دہرا رہا ہے۔ ترکی کے کُرد حملے اور شامی فوج کا جوابی حملہ، سعودیہ اور ایران کا تناؤ، ایران اور برطانیہ کی وارننگز، فلسطین و کشمیر میں ظلم و بربریت کی مثالیں قائم کرنا، روہنجین مسلمانوں پر ظلم، شام کے حالات، تاریخ دہراتی رہے گی اور طاقت کے نشہ میں بدمست ممالک زمین پر زندگی کے آثار روند کر دوسرے سیاروں پر زندگی کی تلاش کب تک کرتے رہیں گے؟ مولا علیؑ کا قول ہے کہ **"کفر کی حکومت تو قائم رہ سکتی ہے لیکن ظالم اور جابر کی نہیں۔"**

اب دیکھنا یہ ہے کہ ریاستِ مدینہ کا نعرہ لگانے والے ہر دل عزیز وزیر اعظم عمران خان ورلڈ لیڈر بن کر 1992ء کے کیلنڈر کی طرح پاکستان کو امن، خوشحالی، معاشی ترقی اور بے روزگاری کے خاتمہ کا کپ (Cup) جتوا سکیں گے؟

AQ TV

تبصرہ نگار: چودھری واجد علی خان (سابق ایم پی اے)

منجم شاہ زنجانی کی سچی پیش گوئیاں

ہر سال کی طرح منجم اعظم الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی کے وارث شہزادہ سیّد انتظار حسین زنجانی کی پیش گوئیوں پر تبصرہ کے ساتھ حاضر ہوں۔ میرے پیش نظر زنجانی جنتری **2019**ء اور اکتوبر **2018**ء تا اکتوبر **2019**ء کے بھی ماہنامہ آئینہ قسمت کے شمارے پیش نظر ہیں۔ اپنے مرشدزادے شاہ زنجانی کی خدمت میں حاضر ہونے کی سعادت ملتی رہتی ہے آپ نے زنجانی جنتری **2019**ء صفحہ نمبر **42** پر واضع لکھا تھا کہ دوست ممالک کے علاوہ پڑوسی ممالک سے تعلقات میں کشیدگی کا اندیشہ متنازعہ مسئلہ کشمیر ہائی لائٹ رہیگا۔ ستارہ مشتری **23** اپریل تا **11** اگست جب ساتویں ہوتب خارجہ تعلقات کی نہات اہمیت پڑوسی ممالک سے کشمیر کا مسئلہ بین الاقوامی طور سے اہمیت کا حامل رہے گا۔ مارچ میں کیتو کے یہاں آنے سے زحل کیتو کا قران اپریل، مئی، جون، جولائی، ستمبر، اکتوبر سال کے چھ مہینوں میں وقفہ وقفہ سے ہونے پر زلزلے، طوفان بادباراں، سیلاب سے تباہی جانی مالی نقصانات کے خدشات بڑھیں تاہم زلزلوں کے سبب زمین کے اندر سے قیمتی معدنیاتی ذخائر کی دریافت سے ملکی معیشت میں استحکام خوشحالی حکومت وقت کے لئے غیبی امداد سے کم نہ ہوگی۔ (ابھی انتظار ہے) بھارت: زائچہ مہادشا قمر میں **11** اگست **2018**ء تا **11** دسمبر **2019**ء اِنتر دشا مشتری کی اس زائچہ میں مشتری فعلی منحوس ستارہ ہو کر یکم جنوری تا **29** مارچ اور **24** اپریل تا **4** نومبر طالع کے مقابل ساتویں رہنے سے سپر پاور اور پڑوسی ممالک (پاکستان) سے خارجہ تعلقات میں تناؤ، اختلافات اور تنازعے (کشمیر) پیدا ہوتے رہیں گے۔ اقوام متحدہ **(UNO)** کشمیریوں اور سکھوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کا نوٹس لینا چاہئے۔ **1948**ء سے **UNO** مشن اب تک پاک بھارت بارڈر اور حالات کی نگرانی پر مامور ہے۔ بھارت آرمی چیف جسٹس ان کے اپنے لوگ انہیں کنوارا یعنی عقل سے کورا کہتے ہیں اور بھارتی وزیراعظم مودی بھی کنوارے ہی ہیں۔ ان ہر دو کنواروں کی جوڑی وقتاً فوقتاً پاکستان کو دھمکیاں دیتی نہیں تھکتی۔

2019ء مفرد نمبر **3**، پاکستان مفرد نمبر **3**، سعد اکبر ستارہ مشتری منسوبہ نمبر **3** آسانی کونسل پاکستان پر مہربان، معاشی ٹیک آف کا سال۔ قیمتی معدنیاتی **(Mineral)** ذخائر کی دریافت کا سال۔
2019ء نئے پاکستان مدینہ جیسی ریاست کی شروعات، احتسابی عمل کے تسلسل کا سال۔ سودی نظام سے نجات۔ اسلامی نظریاتی کونسل اور ماہرین معاشیات سے مشاورت در مشاورت کا سال.
2019ء متحدہ اپوزیشن کا حکومت کے خلاف شدید احتجاج وزیراعظم عمران خان کا اللہ اور رسولؐ سے پاسداری سچا عمران سے عوامی توقعات، وقت کم مقابلہ سخت کا سال
2019ء تحریک انصاف کی حکومت سے عوامی توقع انصاف کا سال۔ **2019/2020** مسئلہ کشمیر ہندوستان، کشمیر کو آزاد ریاست تسلیم کرنے پر مجبور۔
2019ء اقوام متحدہ **(UNO)** عالمی امن سے عدم دلچسپی، دوہرے معیار اور عالمی جنگی جنون (تیسری عالمگیر جنگ) میں مبتلا سیاسی لیڈران پر عالمی میڈیا کی تنقید کا سال
2019/2020ء دجالی فتنہ صیہونی (زیونسٹ) کا عروج۔ دنیا کی عسکری تقسیم عالمی جنگ کی صف بندیاں۔ امریکہ، اسرائیل، بھارت اور ساتھی ممالک کی سپر پاور روس سے سرد گرم جنگی حکمت عملی۔ کشمیر، فلسطین میں یہود و ہنود کی بربریت۔ امریکہ، ایران کشیدگی کا نیا دور۔ "افغان امن" میں امریکی رکاوٹیں۔

تبصرہ:۔ **8** لاکھ مقبوضہ کشمیری مسلم آبادی پر **9** لاکھ بھارتی افواج نے واقعہ کربلا یاد کروایا جب نواسہ رسولؐ کے **72** جاں نثار عزیزوں بچوں دوستوں کو **9** لاکھ یزیدی افواج نے گھیر لیا تھا۔ **کربلا سے کشمیر** تک مظالم کا سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ کشمیری مسلمانوں کے دُکھ میں **22** کروڑ پاکستانی ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ سفیر کشمیر عمران خان نے **U.N.O** میں جس وضاحت سے کشمیر اور مسلم اُمہ کا مسئلہ بیان کیا یہ دُنیا کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی۔ زنجانی جنتری کی ایسی درست پیش گوئیوں کے لئے شاہ زنجانی اپنے دل میں بہت درد رکھتے ہیں اور دُعا گو ہیں۔ اس کے علاوہ اب تو شہزادہ سیّد محمد علی زنجانی نے سوشل میڈیا یوٹیوب پر **AQtv.** کا جو آغاز کیا ہے۔ اس میں سالانہ ماہانہ ہفتے وار اور روزانہ کی بنیادوں پر علم نجوم کے علاوہ بہت سارے دیگر علوم کی معلومات ہم سب کو روزانہ کی بنیاد پر ملنے لگیں ہیں۔ خاندان زنجانیہ عالیہ کی تیسری نسل جذبہ خدمت خلق میں مصروف مبارک باد کی مستحق ہے۔

منجم شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی ماہر علم النجوم و فلکیات

عالمی و سیاسی حالات 2020

وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (سورۃ النحل آیت 12)

اور رات اور دن اور سورج اور چاند کو تمہارے کام میں لگا دیا ہے، اور اسی کے حکم سے ستارے بھی کام میں لگے ہوئے ہیں۔ بے شک اس میں لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو سمجھ رکھتے ہیں۔

غزوہ ہند سے قبل 2020ء (ولی) غوث، قطب، ابدال کی نئی ذمہ داریاں

2020ء عالمی سازشیں مشرق وسطیٰ کے بعد ایشیائی ممالک جنگ کی لپیٹ میں

2020ء بھارتی سیاست کا ٹرننگ پوائنٹ علیحدگی پسند تنظیموں میں تیزی

2020ء سے آغاز 2025ء میں بھارت کے ٹکڑوں کی ابتداء

2020ء U.N.O میں غیر مسلم ممالک کا تصفیہ کشمیر پر زور

2020ء چین، روس، ایران، ترکی کے بعد افغان طالبان کی مظلوم کشمیری حریت پسندوں کی حمایت

2020ء گریٹر اسرائیل کیلئے عالمی سازشوں میں امریکی گھناؤنا کردار

26 دسمبر 2019ء سورج گرہن اور آٹھ کواکب (شمس، قمر، مشتری، مریخ، زحل، پلوٹو، کیتو اور راہو) کی اجتماعی عالمی نحوست 2020ء تا 2040ء عالمی جغرافیائی تبدیلیوں کا آغاز

پاکستان 2020ء:۔زائچہ پاکستان میں آسمانی کونسل پر سالانہ زائچہ (ورش پھل) کا طالع برج اسد مالک ستارہ شمس طلوع ہے۔ بارہ منطقۃ البروج میں یہ واحد برج شاہانہ جاہ وجلال منسوب ستارہ شمس بھی بادشاہ ستارہ صدر، وزیر اعظم، وزراء اعلیٰ، اعلیٰ حکام اور بااثر شخصیات کی نمائندگی کرتے ہیں۔ سالانہ زائچہ میں شمس اپنے فطرتی گھر میں نہایت سعد تاہم 5 درجہ ہونے پر اطفالی پوزیشن میں ہے۔ اس کی مثال یوں سمجھ لیں شیر کا بچہ خواہ ایک دن ہی کا کیوں نہ ہو وہ شیر ہی ہوتا ہے۔ ہمارے وزیر اعظم نے نیشنل اسمبلی میں فرمایا تھا کہ ان کا محبوب ہیرو ٹیپو سلطان ہے۔ جن کا مشہور قول ہے کہ **"شیر کی ایک دن کی زندگی گیڈر کی سو سالا زندگی سے بہتر ہے"**۔ عالمی سازشیں 2019ء سے ازسرِ نو کشمیر اور پاکستان کے خلاف سازشوں کا جو طوفان اُٹھا ہے دراصل یہ عالم اسلام کے خلاف عالمی سازشوں کا وہ حصہ ہے جس میں ماضی میں ایران، عراق، افغانستان، ترکی، شام، لیبیا، فلسطین، یمن، بحرین، کویت اور حالیہ کشمیر پاکستان جیسے پرامن علاقے دہشت گردی اور جنگی محاذ آرائی جیسے مستقبل کے حالات و واقعات کی جانب اشارہ دیتے ہیں۔ ایک المیہ ہے کہ مسلم اُمہ کو اسکا ادراک نہیں۔ قارئین جنتری 2020ء کی خدمت میں ایک "کہاوت" ھدیہ ہے۔ دُنیا کی آبادی اس وقت 7 ارب جبکہ جنات کی 70 ارب کے لگ بھگ ہے۔ روزانہ " كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْت " کے تحت انسان اور جنات یقیناً مرتے ہیں۔ ہم لوگوں سے یہی سنتے ہیں۔ فلاں شخص ہارٹ اٹیک، فلاں کینسر، فلاں گردے فیل ہونے اور فلاں ایکسڈنٹ میں ہلاک ہو گیا ہے۔ اور کبھی موت کے فرشتہ حضرت عزرائیلؑ کا نام نہیں لیتے۔ اس طرح پوری دُنیا میں دہشت گردی امریکہ اسرائیل جبکہ ان کے ساتھ ملکر خصوصاً کشمیر پاکستان میں دہشت کا کنگ ہندوستان بنا ہوا ہے۔ اسے اسرائیل اور امریکہ کی مکمل سپورٹ حاصل ہے۔ دانشور، صحافی اور الیکٹرانک پرنٹ میڈیا سے تعلق رکھنے والے سینئر دوست یہ جانتے ہیں کہ عالم اسلام کے خلاف عالمی دہشت کرنے والے یہودی (زیونسٹ یا کٹر قسم کے یہودی) ہیں۔ پسِ پردہ رہتے ہوئے تمام عالم اسلام مسلم اُمہ کا امن یہی دہشت گرد یہودی زیونسٹ برباد کر رہے ہیں۔ اور اپنے لئے گریٹر اسرائیل کا خواب دیکھ رہے ہیں۔ حال ہی میں اسرائیلی وزیر اعظم نے غرب اُردن کا علاقہ اسرائیل میں شامل کرنے کا میڈیا پر عندیہ دیا تھا۔ پھر عرض ہے۔ مزہ کی بات ہے کہ سب جانتے ہیں کہ ہماری روح حضرت عزرائیلؑ قبض کرتے ہیں مگر انکا کوئی نام نہیں لیتا اسی طرح عالمی دولت و میڈیا پر قابض یہ زیونسٹ ہیں انہی کا سب سے بڑا کٹ پتلی عالمی دہشت گرد امریکہ جو اسلحہ کی فروخت کا سب سے بڑا تاجر ہے۔ امریکہ پہلی جنگِ عظیم میں لیٹ شامل ہوا پہلی اور دوسری جنگ کے بعد یورپی ممالک میں تو امن قائم ہو گیا آپس میں اتفاق اور قربتیں بڑھ گئیں اور انہوں نے بھی ممالک کو مشترکہ "یورپی یونین" بنا کر اپنے بھی مشترکہ مفادات کو آپس میں بانٹ لیا ہے۔ مگر عالمی دہشت گرد امریکہ تب سے ابتک سو سال گزر جانے کے باوجود امریکہ جاپان پر ایٹم بم گرانے کے بعد ویت نام، روس، ایران، عراق، افغانستان، لیبیا، شام، یمن، ترکی، پاکستان، چین، کوریا نجانے کتنے ملکوں کے ساتھ گرم وسرد حالت جنگ میں ہے۔ عالم اسلام کے خلاف عظیم سازش سعودی عریبہ میں 39 ممالک کی اسلامی فوج اسرائیل کے خلاف تو کبھی جنگ نہیں کرے گی بلکہ اب تو کئی اسلامی ممالک نے اسرائیل سے سفارتی تعلقات استوار کر لئے ہیں۔ تمام عالم اسلام کی دولت اور وسائل کو امریکہ لوٹ رہا ہے۔ "مسلم اُمہ" فرمان نبویؐ کے تحت سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ ہر سال حج کا عظیم اجتماع قدرت نے اس لئے قائم کیا کہ مسلمان آپس میں ملکر اپنے دکھ سکھ بانٹ سکیں اور دشمنان اسلام پر مسلمانوں "مسلم اُمہ" کی ہیبت طاری ہو۔ حجاز مقدس سعودی عریبہ پر قابض حکمران تو ہمہ وقت اپنی بادشاہت بچانے میں لگے رہتے ہیں۔ حضرت عزرائیلؑ کی طرح سبھی جانتے ہیں کہ صدا کی بادشاہت اللہ کی ہے۔ علامہ اقبالؒ نے کیا خوب خواب دیکھا تھا کہ۔

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لئے
نیل کے ساحل سے لے کر تابخاکِ کاشغر

پس پردہ مسلم اُمہ کی بربادی میں یہودی زیونسٹ کارفرما ہیں۔ صدی سے زیادہ مسلمانوں کو ہی آپس میں لڑا لڑا کر اور ایک دوسرے کا خوف بیٹھا کر اپنا اسلحہ دن رات بیچ رہے ہیں۔ بھلا کمزور ملک یمن سعودی عریبہ کا کیا بگاڑ سکتا ہے۔ قدرت اگر حوثی قبائل کو ابابیل بنا دے تو پھر سعودی ظالم بادشاہت بھسم ہو سکتی

ہے۔ یا پھر مستقبل قریب میں امریکہ سعودی عربیہ میں انقلاب لا کر بادشاہت کو ختم کرے گا۔ واحد ایٹمی اسلامی ملک پاکستان کے خلاف اسرائیل امریکہ ہندوستان کی سازشیں دن بدن بڑھ رہی ہیں۔ اگست 2019ء سے کشمیر کو ہندوستان میں شامل کرنے اور مہینوں کا کرفیو لگا کر کشمیریوں کی زندگی اجیرن کر دی گئی ہے۔ اسرائیل کے فلسطین پر اور بھارت کے مقبوضہ کشمیر پر مظالم کا نہ رُکنے والا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔ دُنیا کا واحد ملک ایران انقلاب ایران سے بعد کے آیت اللہ خمینی کے ایران سے امریکہ ڈرتا ہے۔ ایران کے خلاف اقتصادی پابندیاں لگا کر ایران کو کمزور کرنے کا جو سلسلہ امریکہ نے شروع کر رکھا ہے۔ اقتصادی کمزوری کے باوجود ایران نے بے پناہ عسکری ترقی کر لی ہے۔ اور اپنے ہمسائیہ ممالک روس اور ترکی سے ایران کے بہترین تعلقات جبکہ قریبی ہمسائیہ ملک پاکستان سے ایران کے تعلقات امریکہ دباؤ کے سبب واجبی سے چلے آ رہے ہیں۔ جبکہ انرجی کرائسس میں ایران سے ہم اپنی ضروریات سستے داموں لے سکتے ہیں انقلاب ایران کے بعد امریکہ نے ایران کو تباہ کرنے کو شش اور دھمکی دی تھی۔ اس کے جواب میں ایرانی قیادت نے کہا تھا کہ ہم حسینؑ کربلا والے ہیں۔ آپ ایران پر حملہ کریں ہم شہداء کربلا کی طرح شہید ہونے کو ترجیح دیں گے۔ حافظ شیرازی نے کیا خوب فرمایا ہے۔

مزار پیر طریقت نصیحت یاداشت — کہ غیر یاد خدا ہرچہ ہست برباد است

غالباً یہی جذبہ ہے جس کے سبب ایران امریکہ سے ڈرتا ہے۔ ایران کے جھنڈے پر کا نام لکھا ہے۔ جو سربلندی کی نشانی ہے۔ اور انقلاب ایران کے آئین میں لکھا ہے کہ یہ مملکت اسلامی جمہوریہ ایران امام زمانہ حضرت مہدی علیہ السلام کی مملکت ہے نبوتؐ کے بعد امامتؑ کا جو سلسلہ جاری ہے۔ جانشین رسولؐ ان کی ذات کے سبب ابتک دُنیا قائم ہے آپ کے ظہورؑ فرمانے سے ہی دُنیا میں عدل اور سکون نصیب ہوگا تب تک جو بھی ایرانی حکومت ہوگی وہ ان کے نائبین و خادمین امام زمانہؑ کے طور پر کارہائے حکومت چلائیں گے۔ **سفیر کشمیر وزیر اعظم عمران خان** نے اقوام متحدہ میں تاریخی خطاب فرما کر دُنیا کے سامنے اتمام حجت کر دیا ہے۔ مودی سرکار کی تمام تر بین الاقوامی سفارتی کوششیں ابتک ناکام ہو چکی ہیں۔ ٹرمپ کی ثالثی کوششیں بھی ابتک کسی ڈرامہ کی طرح بے وفا ثابت ہوئی ہیں۔ امریکہ اگر ثالث بن جائے تو اسکی اسلحہ ساز فیکٹریاں یقیناً بند ہو جائیں۔ 100 سال سے جاری یہ نفع بخش کاروبار بھلا امریکہ اور یہودی زیونسٹ کیوں بند کرنا چاہیں گے۔

اب ہم پاکستان 2020ء کے ورش پھل (سالانہ زائچہ) پر علم نجوم سے روشنی ڈالتے ہیں۔

20 دسمبر 2019ء تا 7 جنوری 2020ء دورِ راھو: ۔ زائچہ ورش پھل میں چاند کا سایہ راہو زائچہ کے گیارہویں برج جوزا یہ گھر پارلیمنٹ ملک کی تہذیب و ثقافت تجارتی ترقی آموز دوست ممالک سے تعلقات اور وطن عزیز کے مستقبل کے بارے میں منصوبہ جات خوشحالی توقعات سے وابستہ راہو کے مقابل برج قوس میں 26 دسمبر 2019ء سورج گرہن اور سات ستاروں کے اجتماع میں ابھی بھی پانچ ستارے شمس مشتری زحل کیتو اور پلوٹو موجود ہونے سے اندیشہ ہے کہ اس وقت اندرون ملک اور اسمبلی کے اندر اپوزیشن کی مذمت حکومت کے خلاف سیاسی جنگ کیا کسی منطقی انجام کو پہنچ سکتی ہے؟ یا پھر وزیر اعظم اسمبلی کے تحفظ کے لئے کوئی ایمرجنسی لگا سکتے ہیں یا دلبرداشتہ ہو کر اپوزیشن کو سبق سکھانے کے لئے اسمبلیاں توڑ کر دوبارہ الیکشن لڑکر دوبارہ زیادہ اکثریت سے اسمبلی میں آنے کا انہیں مشورہ دیا جا سکتا ہے۔ مخدوش جغرافیائی حالات کے سبب ایسے مشورے میڈیا تک ہی محدود رہیں گے۔ سالانہ زائچہ میں دسویں کا مالک زہرہ چھٹے نحس گھر میں ہونے سے وزیر اعظم کو کوئی جذباتی یا جلد بازی کا فیصلہ مہنگا پڑ سکتا ہے۔

7 جنوری تا 25 فروری 2020ء دورِ مشتری: ۔ ستارہ مشتری زائچہ ورش پھل میں پانچویں اپنے ہی گھر دیگر ستاروں کے اجتماع کے ساتھ تحت الشعاع غروب پانچویں کے مقابل گیارہویں 11 جنوری کو چاند گرہن 8 جنوری مشتری کیتو قران اور راہو سے مقابلہ 12 جنوری زحل پلوٹو قران اندرون ملک جرائم کی شرح اچانک بڑھ سکتی ہے۔ بھارت سے کشیدگی میں مزید اضافہ سرحدی صورتحال بھی تشویش ناک اسمبلی ٹوٹنے ایمرجنسی مارشل لاء جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ بازار حصص سٹاک ایکسچینج میں زبردست اُتار چڑھاؤ سے تخمین بازی کا بڑا کام کرنے والوں کو بڑا نقصان ہو سکتا ہے۔ سوشل میڈیا

سوسائٹی میں پھیلائی گئی افواہوں سے دُور رہیں کم از کم وہ فیملیز ادارے محفوظ رہیں گے جو معاشرتی امور میں مثبت حصہ لیں گے۔

25 فروری تا 22 اپریل 2020ء دورِ زحل:۔ستارہ زحل 30 سال بعد 24 جنوری 2020ء اپنے ذاتی برج جدی میں آکر 29 اپریل 2023ء تک یہاں رہیگا۔ ورش پھل میں یہ چھٹے ملکی سروسز ادارے بحری، بری افواج پولیس کی انٹرپول کو خدمات مستعار لی جائیں عسکری اداروں کی ذمہ داریاں بڑھ جائیں۔ زائچہ پاکستان میں زحل نویں دسویں مشترکہ گھروں کا مالک اس کی بروجی تبدیلی مذہب قانون موجودہ حکمرانوں کی سابقہ حکمرانوں سے جاری گزشتہ ڈھائی سال سے جو سیاسی قانونی جنگ جاری ہے یہ کسی منطقی انجام کو پہنچائی جائے گی۔ ستارہ زحل کے فوراً بعد 25 فروری پلوٹو بھی برج جدی میں آجائیگا۔ دو اہم ستاروں کی بروجی تبدیلی اندرون ملک اہم سیاسی وغیر سیاسی واقعات راہنما ہونگے۔ زحل پلوٹو مشترکہ طور سے نویں سے تیسرے گھر کو مکمل ناظر رہیں پارلیمنٹ کے وجود کو خطرات، کیا جمہوریت کی بساط پلٹ دی جائیگی؟ جی ہاں اس کے خدشات وزیر اعظم کو اپنی سیکورٹی بڑھانی چاہئے آئینی قانونی مسائل اور الیکشن کمشنر کے نئے ضابطے بہت سارے سیاسی لوگ آئندہ الیکشن کے لئے نااہل ہوسکتے ہیں۔ پڑوسی ممالک افغانستان خصوصاً بھارت سے کشمیر کا سیاسی تصفیہ ایک نیا رُخ اختیار کرسکتا ہے۔ امور مذہبی قانونی اور متعلقہ اداروں میں بے چینی فسادات ہنگامے ہڑتالیں حکومت اور حکمران پارٹی کے خلاف خفیہ تحریکیں مرکز اور صوبوں کے مابین وسائل اور اختیارات کی سیاسی جنگ ستارہ پلوٹو 25 فروری 2020ء تا 16 جنوری 2040ء اپنے 20 سالہ نویں گھر قیام کے دوران مجموعی طور سے نیا رُخ دے گا۔ نئی انتظامی تبدیلیاں اور نئے قوانین بنا کر ان پر عملدرآمد کیا جائے گا۔ پڑوسی ممالک کی جانب سے دفاعی سنٹر یا ایٹمی مراکز پر حملوں کے امکان کے خطرات بڑھ جائیں گے۔ اس بھی طویل عرصہ قیام پلوٹو میں حفاظت پر مامور ایٹمی مراکز الرٹ پوزیشن میں ہونے کے ساتھ ایٹمی مراکز اپنے دفاعی نظام میں جدید ترقیاتی فنی ایجادات واختراعات لائیں۔

22 اپریل تا 13 جون 2020ء دورِ عطارد:۔سالانہ ورش پھل میں عطارد دوسرے گیارہویں کا مشترکہ حاکم ہوکر چوتھے مقیم ہونے سے خارجہ پالیسی کے تسلسل مثبت تبدیلیوں سے دوست ممالک کی تعداد میں اضافہ نہ صرف بلکہ دوست ممالک سے جاری تجارتی حجم بڑھنے سے ملک کی معیشت میں اضافہ اندرون ملک مواصلاتی نظام میں اصلاح بہتری موٹروے کے علاوہ سی پیک سے منسلک نئے ہائی وے کھلنے سے اندرون ملک تجارتی سرگرمیاں بڑھیں گی۔ سالانہ زائچہ کے چھٹے 30 مارچ تا 2 اپریل مریخ زحل کا قران اندرون ملک آتشزدگی کے بڑے واقعات حادثات سرحدوں پر جھڑپیں جنگی سا ماحول بنا رہے محنت کش طبقہ میں بے چینی حکومت کے خلاف مظاہرے خفیہ سازشیں اور بغاوت سول نافرمانی جیسے خدشات دکھائی دیتے ہیں۔ زائچہ میں 6 جون چاند گرہن حکمرانوں میں سختی، ظلم، ناانصافی اور عوام دشمن I.M.F کے کہنے پر پالیسیاں سخت کرنے سے عوام بزنس مین سراپہ احتجاج جنسی جرائم اور طلاقوں کی شرح میں اضافہ، سیاسی مخالف ایک دوسرے پر سخت غیر اخلاقی الزامات لگانے سے بھی گریز نہ کریں۔ 21 جون سورج گرہن ملکی معیشت زراعت پر ناقص اثرات مرتب کرئے گا۔ روپیہ کی قدر میں اُتار چڑھاؤ دیکھنے میں آئے۔ عدلیہ، پولیس اور فوج میں تبدیلیاں اور مثبت اصلاحات مخصوص سیاسی لوگ اچانک نئے صوبوں کے قیام کے لئے متحرک ہوجائیں۔ اس سال قانون کا فطری ستارہ مشتری آٹھویں سے نویں گھر مارچ 2020ء بارہ سال کے بعد آنے سے ایسا ہوگا۔

13 جون تا 5 جولائی دورِ کیتو:۔سالانہ زائچہ میں کیتو پانچویں مقیم ہونے سے دوست ممالک سے خارجہ تعلقات نہایت صاف و شفاف رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ دوست ممالک کی ضروریات آپس میں جڑی ہونگی طالب علم خصوصاً جواں نسل کی تعلیم وتربیت اگرچہ حکومت کے ذمہ ہوتی ہے۔ تاہم اندرون ملک یوں معلوم ہوتا ہے کہ دیہاتوں محلوں قصبہ وشہروں میں والدین سرپرست اور اساتذہ کو نئی نسل کو تربیت دینی ہوگی۔ اور انہیں بڑھتی ہوئی بے راہ روی سے بچانا 12 اگست تا 21 اکتوبر مریخ مشتری شمس تربیع نئی نسل کے تحفظ کے لئے این جی اوز اور وزارت تعلیم کو

ہائی الرٹ اور ہنگامی بنیادوں پر اپنی خدمات پیش کرنی ہونگی۔ اندرون ملک معاشی انتظامی صورتحال ناخوشگوار ہونے سے سٹاک شیئرز کا کاروبار بری طرح متاثر ہو۔ کیا ملک میں جمہوری مارشل لاء لگ جائیگا؟ آسمانی کونسل کے ستارے عجیب وغریب حالات کی نشان دہی کرتے ہیں۔5 جولائی چاند گرہن بچوں کی شعوری تعلیم وتربیت وزارت تعلیم کی ذمہ داریاں بڑھیں۔

5 جولائی تا 30 ستمبر دورِ زھرہ:۔ ورش پھل میں زہرہ چھٹے ملکی سروسز کے گھر میں تیسرے دسویں کا مشترکہ حاکم ملکی سرحدوں پر افواج کی خدمات نقل وحمل میں اضافہ ستارہ مریخ 16 اگست تا 14 اکتوبر (دورانیہ راہو کیتو بھی برج تبدیل کریں۔) زائچہ ورش پھل میں نویں جبکہ زائچہ پاکستان میں بارہویں رہیگا۔ 19 ستمبر راہو طالع اور ساتویں کیتو کے آنے سے اگست تا اکتوبر احتیاط طلب وقت ہوگا۔ پڑوسی ممالک سے کشمیر کے سلسلے میں گزشتہ سال سے جو محاذ آرائی چل رہی ہے اس میں شدت آسکتی ہے۔ خطرات ہیں کہ ملک دشمن قوتیں ہمیں کسی جنگ کی طرف دھکیل سکتی ہیں۔ تب حالات وواقعات کی نزاکت کو کنٹرول کرنے کے لئے ملک میں ایمرجنسی بھی لگ سکتی ہے۔30 اگست تا 30 ستمبر عسکری ستارہ مریخ زائچہ کے حساس درجات کو متاثر کرے۔ پڑوسی ملک بھارت سے سرحدوں پر شدید محاذ آرائی مارشل لاء نہ سہی ایمرجنسی جیسے حالات نظرانداز نہیں کئے جاسکتے۔ کشمیر بارڈر پر جنگی صورت رہ سکتی ہے۔

30 اکتوبر تا 22 ستمبر دورِ شمس:۔ سالانہ ورش پھل طالع کا ہی مالک شمس زائچہ میں پانچویں کمزور درجات اور ستاروں کے اجتماع میں گھرے ہونے کے سبب وطن عزیز پاکستان اندرونی سازشوں اور بیرونی دباؤ کا شکار رہیگا۔ کشمیری بہن بھائیوں کی حق ارادیت کے لئے بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔ عالمی دباؤ مشکلات کے باوجود ہر آزمائش سے سرخرو ہونے کے لئے حکومت کو ہر چینل پر اندرون اور بیرون ملک حمایت حاصل کرنے کی ضرورت کو اہمیت دے گی۔

22 ستمبر تا 22 اکتوبر دورِ قمر:۔ زائچہ ورش پھل میں قمر بارہویں کا مالک ہو کر دوسرے بیٹھا ہے۔ یوں تو 2020ء پورا سال ہی ملکی معیشت کے حوالے سے ایک آزمائش طلب سال دکھائی دیتا ہے۔ جب ملکی ذرائع آمدن کم ریونیو کا ٹارگٹ پورا نہ ہو اور I.M.F کی کڑی شرائط کا سامنا ہو۔ اسی زائچہ میں تیسرے دسویں انتظامی اُمور حکمرانی کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ چھٹے نحس گھر میں ہے۔ ان ایام میں عسکری اخراجات بلند رہیں، اشیاء خوردنی کی عارضی قلت، مزدور طبقہ میں بے چینی، فساد جھگڑے اور اندرون ملک اچانک وبائی امراض کے بڑھنے کا اندیشہ 30 ستمبر تا 3 اکتوبر مریخ زحل تربیع اندرون ملک انتظامی سیاسی حالات کو کنٹرول کرنے کے لئے حکومت وقت سخت جارحانہ فیصلے کرنے پر مجبور ہوگی اندرون ملک ناگہانی آفات و بلیات زلزلے طوفان بادِ باراں جیسے خدشات سے تحفظ کے لئے ملکی تحفظ اور مشکلات پر قابو پانے والے اداروں کو الرٹ رہنا چاہئے۔

22 اکتوبر تا 12 نومبر دورِ مریخ:۔ ورش پھل زائچہ مریخ تیسرے وبال یافتہ ریلوے مواصلات کے شعبوں کے علاوہ سڑکوں پر ٹریفک جیسے امور میں حکومت اور متعلقہ اداروں کو متوجہ دلائے گا تو مرمت بحالی کے کام تیز کئے جائیں۔ مواصلات خصوصاً ریلوے سے متعلقہ کارکن اپنے مطالبات کی تکمیل کے لئے ہڑتالیں مظاہرے کر سکتے ہیں۔ بھاری فضول اخراجات کے سبب انتظامیہ اور مینجمنٹ کے حلقوں میں سکینڈل بدنامی مواصلات سیاحت صحافت اطلاعات کے اداروں میں اعلیٰ افراد بھی آزمائش تنزلی کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ان ایام میں ایسے اداروں کے غیر ذمہ دار افراد کو یا پھر کسی احتسابی عمل سے گزرنا پڑے گا۔

12 نومبر تا 20 دسمبر دورِ راھو:۔ ورش پھل میں راہو گیارہویں پارلیمنٹ دوست ممالک سے تعلقات تجارت کا گھر مقابل پانچ ستاروں کا اجتماع حکومت وقت کے لئے کسی آئینی بحران کا بینہ اور سربراہ مملکت کے کئے گئے کام احکامات سیاسی آزمائش تنقید کا باعث بنیں۔ 30 نومبر چاند گرہن زائچہ ورش پھل کے دسویں زائچہ پاکستان کے طالع میں گرہن لگنے سے عوام اور حکمران طبقہ مشترکہ آزمائش وپریشانیوں سے

گزریں۔عوام پہلے ہی زندگی کے ہر محاذ پر قربان ہو چکے ہیں تاہم پھر بھی حکمران عوام سے ملک کی ترقی دفاع کے نام پر مزید قربانی مانگ سکتے ہیں۔ سول وملٹری اداروں کی ذمہ داریاں بڑھ جائیں گی۔زحل مشتری قران کابینہ اور سربراہ مملکت کے لئے مشکلات لائے گا۔صوبوں اور وفاق کے مابین ہم آہنگی اور انتظامی کمزوریوں کو دُور کرنے کی مثبت کوششیں کی جائیں۔

مجموعی طور سے **2020**ء پاکستانی حکمرانوں عوام کے لئے صبر آزما سال تاہم ملکی تجارتی صنعتی ترقی زراعت کے شعبوں میں فعال بہتری سے کسان خوشحالی کا کوئی نیا مفید پروگرام سامنے آئے گا پانی کے نئے چھوٹے ڈیم بنائے جائیں باغات باغبانی تعمیرات کے شعبہ کا معیار بڑھے مذہبی قوتیں اور حکومت **عوام میں سارا سال وقفہ وقفہ سے جذبہ قربانی جہاد کو بڑھایا جائے گا۔**

کشمیر:۔ **U.N.O** میں کشمیر کے مسئلہ کو پُرامن حل کرنے کیلئے حکومت پاکستان کے لئے **2020**ء بھی آئیڈیل سال ہوگا۔قدرت نے اسکی تائیدیوں فرمائی کہ **72** سال بعد مسئلہ کشمیر مودی کی جارحانہ پالیسی کے سبب دُنیا اور **U.N.O** میں ہائی لائٹ ہوا سفیر کشمیر وزیراعظم پاکستان عمران خان نے کشمیر کا مقدمہ لڑا اور لڑ رہے ہیں۔**26** دسمبر **2019**ء آسمانی کونسل پر **7** ستاروں کی نشست سورج گرہن کے بداثرات کے نتیجہ میں **2020**ء آزادی کشمیر کیلئے فیصلہ کُن سال ثابت ہوگا۔**9** لاکھ مودی یزیدی افواج مسلسل کشمیری نہتے مسلمانوں پر ظلم کررہی ہے۔فرمانِ مولاؑ ہے کہ ’’کفر وشرک کی حکومت تو قائم رہ سکتی ہے مگر ظلم کی نہیں‘‘ جنتری ہذا میں آزادی کشمیر اور جنگ کے خطرات پر ایک فلکیاتی تجزیہ الگ سے دیا جارہا ہے۔مسئلہ کشمیر **72** سال میں ابتک حل نہ ہوا۔طالبان نے افغان مسئلہ اپنی قوت سے **17** برس میں حل کرلیا۔

بھارت:۔ زائچہ میں مہادشا قمر میں **5** دسمبر **2019**ء تا **5** جولائی **2021**ء تک دورزحل رہیگا۔زائچہ قانون مذہب اور حکمرانی کا ستارہ پیدائشی زائچہ میں تیسرے تحت الشعاع غروب ہے جبکہ زحل گزشتہ **26** جنوری **2017**ء تا **24** جنوری **2020**ء تک آٹھویں نحس گھر میں رہا یہ گھر حادثوں، زلزلوں، حکمرانوں کی ذہنی نفسیاتی اُلجھنوں اور حادثاتی یا غیر حادثاتی اموات بھی ہے مودی سرکار نے اپنے جنونی پن سے پورے بھارت کی قسمت کو داؤ پر لگا کر ہندو ریاست میں تمام اقلیتوں عیسائی، سکھ، خصوصاً مسلمانوں سے اپنی انتہاء پسندی دشمنی کی انتہاء کردی اور کشمیر کی آئینی حیثیت شق **370** ختم کرکے کشمیر کو اپنے اندر ضم کرنے کی جو سازش کی یہ مودی سوچ اور اسکی سرکار کے لئے آئندہ تاریخ بتائے گی کہ حکومت سیاسی موت مرے گی۔زائچہ کے نویں گھر **2020**ء میں اہم ستاروں کا اجتماع ہونا غیر معمولی بات دکھائی دیتی ہے۔یہ گھر قانون مذہب سیاسی نجوم میں (اعلیٰ عدلیہ ملکی اور بین الاقوامی عدالت انصاف کے ساتھ اقوام متحدہ سے بھی انصاف لینے یا دینے کا گھر) مذہبی اُمور اور اس سے متعلقہ محکمہ جات مساجد، گرجے، مندر، اقلیتی رفاہ عامہ، شرعی یا مذہبی عدالتیں بینکنگ تجارت، الیکٹرانک سائنسی ایجادات، ایٹمی توانائی، ری ایکٹرانکے مراکز، ہوائی اور سمندری سفر، پاسپورٹ یا ویزا پالیسیاں ملکی وغیر ملکی مذہبی اُمور ان سے متعلقہ تحریکات کا ہے۔زائچہ کے اس گھر میں آسمانی کونسل پر اہم ست الرفتار سیارگان کا اجتماع ہورہا ہے۔ستارہ زحل **24** جنوری **2020**ء تا **17** جنوری **2023**ء تک یہاں رہیگا۔زائچہ میں زحل نویں دسویں کا مشترکہ حاکم یہ مندرجہ بالا سبھی منصوبات میں سعادتیں دے گا۔بشرط جنونی حکمرانی اس کیلئے آمادہ بھی ہوں۔فعلی منحوس ستارہ مریخ جو بارہویں کے ساتھ منحوس گھر کا مالک اہم ستاروں کے اجتماع میں **22** مارچ تا **4** مئی یہاں رہیگا۔مریخ مشتری قران **18** تا **22** مارچ مریخ پلوٹو قران **21** تا **24** مارچ مریخ زحل قران **30** مارچ تا **2** اپریل مشتری پلوٹو قران **27** مارچ تا **6** اپریل یکے بعد دیگر شرف یافتہ فعلی منحوس مریخ کے اہم ستاروں سے قران اندرون ملک جنونی پن کو ہوا دیں۔چلت کے سبھی یہ اہم ستارے مشتری زحل پلوٹو تیسرے پڑوسی ممالک کو بنظر مقابل رہیں مریخ مارچ تا مئی یہاں سے گزرتے ہوئے سبھی ستاروں کو سپارک وا یکٹو کردے گا۔ان مہینوں میں کشمیر پاک سرحدوں پر عسکری نقل وحمل بڑھ جائے اور سرحدوں پر جنگی ماحول سا بنا رہے۔ستارہ پلوٹو **25** فروری **2020**ء تا **16** جنوری **2040**ء تک جبکہ ستارہ مشتری **20** مارچ تا **5** اپریل **2021**ء تک یہاں رہیگا۔

جنم زائچہ کے تیسرے گھر (شمس، قمر، زہرہ، عطارد، زحل، پلوٹو) چھ ستاروں کا اجتماع اور ان میں حکمرانی مذہب قانون کا ستارہ زحل نویں رہ کر 2021,2020ء میں زحل کی مکمل نظر تیسرے گھر میں رہیگی۔ پڑوسی ممالک خصوصاً پاکستان سے کشمیر کے تصفیہ پر عسکری محاذ آرائی کے علاوہ U.N.O دوست ممالک سپر پاور کی مداخلت کے سبب مظلوم کشمیریوں کی دُعاؤں سے مقبوضہ کشمیر آبرومندانہ حل کی طرف بڑھے گا۔

بھارت گرہنوں کے آئینہ میں:۔ 11 جنوری دوسرے چاند گرہن ملکی معیشت پر عسکری ساز وسامان کی خریداری کے سبب بوجھ پڑوسی ممالک کو دھمکیاں ٹرانسپورٹ ریل ہوائی حادثات صدمات نشریاتی اداروں اور سوشل میڈیا سے ایسی افواہیں گردش کریں جس کی سٹاک شیئرز کا کاروبار بُری طرح متاثر ہو۔ 6 جون ساتویں چاند سپر پاور سے خارجہ تعلقات میں خرابی ملکی سیاسی معنوی عزت ووقار میں کمی آئے عوام میں حکومت کے خلاف نفرت بے چینی اور علیحدگی پسند تحریکوں میں اچانک تیزی آئے۔ 21 جون ایک بار پھر معیشت وخزانہ کے گھر سورج گرہن سٹاک مارکیٹوں میں زبردست اُتار چڑھاؤ بھوک غربت افلاس میں اضافہ کابینہ وزیراعظم کے متنازعہ سیاسی بیانات اپوزیشن انکو خوب اُچھالے 5 جولائی آٹھویں چاند گرہن اندرون ملک سیلاب زلزلے ناگہانی آفات وبلیات آتشزدگی سے پبلک گورنمنٹ خصوصاً مقبوضہ کشمیر میں جانی مالی نقصانات کسی بڑے سیاسی لیڈر کی اچانک موت بھی ہو۔ 30 نومبر طالع میں چاند گرہن ملک میں سیاسی تنازعہ سرحدوں پر جنگی نقل وحمل سے اندرون ملک بے چینی خوف وہراس رہے۔ موسمی اثرات سے فصلوں پر بُرے اثرات پڑیں۔ عوام مہنگائی غربت سے پریشان حال رہیں۔ 14 دسمبر ساتویں سورج گرہن پڑوسی ممالک سے تنازعے سرحدوں پر جنگی ماحول بنا رہے۔ عسکری نقصانات آئل ڈپو اسلحہ کے ذخائر میں آتشزدگی۔ ایٹمی ریکٹر کی تنصیبات جگہ کی تبدیلی سے تابکاری کے اخراج سے قریبی آبادی کی صحت پر بُرا اثر پڑے۔ 2020ء اور 2021ء بھارت کی سیاست کا ٹرننگ پوائنٹ ہوا اہم ستاروں کی بدنظرات 9,8,3 پڑنے سے بھارت سے علیحدگی پسند تنظیموں میں اچانک تیزی آجائیگی۔

ایران:۔ زائچہ ایران انقلاب ایران 1979ء کے بعد 2020ء آسمانی کونسل پر ستاروں کی تبدیلی کے اعتبار سے نہایت اہم دور میں داخل ہونے جارہا ہے۔ چار اہم ستارے ساتویں خارجہ اُمور غیر ملکی طاقتوں سے تعلقات تنازعے، جھگڑا، آزادی انقلاب ایران کے اوّل روز سے امریکہ نے ایران کو اپنا دُشمن اوّل نمبر بنا رکھا ہے۔ حسن اتفاق سے ایران امریکہ دونوں کا ہی طالع برج سرطان دونوں ممالک کے ہی یکساں گھر زحل 24 جنوری تا 17 جنوری 2023ء پلوٹو 25 جنوری تا 16 جنوری 2040ء مریخ 22 مارچ تا 4 نومبر 2020ء اور مشتری 30 مارچ تا 20 نومبر 2021ء رہیگا۔ گزشتہ سال سے ایران امریکہ (سعودی عربیہ) کی آپ میں سخت سرد جنگ جاری رہی۔ 26 دسمبر 2019ء سورج گرہن کے ساتھ چوتھے گھر میں سات ستاروں کا اجتماع اندرون ملک داخلی صورتحال تشویشناک 2020ء میں یکم تا 24 جنوری زحل پلوٹو قران 27 تا 31 مارچ مریخ پلوٹو کا قران ایشیائی ممالک خصوصاً ایران عرب ممالک اور خلیج فارس میں ایران امریکہ عسکری محاذ آرائی جنگ کے خطرات کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اس جنگ کو قدرت کاملہ کے نمائندے ولی، قطب، ابدال، غوث ہی ٹال سکتے ہیں۔ آسمانی کونسل پر مہادشا مشتری میں انتردشا زہرہ 17 ستمبر 2019ء تا 18 مئی 2022ء رہیگی ستارہ زہرہ زائچہ میں چوتھے کا مالک ہو کر آٹھویں نحس ہمراہ کیتو ہونے سے اندرون ملک ناگہانی موسمی اثرات زراعت باغات سے پیداواری اہداف میں کمی سیلاب زلزلہ جانی مالی نقصان کے خدشات اندرون ملک گاؤں سے شہروں میں ہجرت میں اضافہ زائچہ میں طالع کا مالک قمر شرف یافتہ اور طالع میں شرف یافتہ مشتری ہونے کے سبب ایران کی اعلیٰ علماء کی قیادت کو روحانی طور سے قطب ولی ابدال غوث اور امام زمانہؑ کی مدد ونصرت شامل رہیگی۔ ایران کا جھنڈا جس پر [...] لکھا ہے سرفرازی وبلندی کا نشان ہے۔

افغانستان:۔ یوں تو سرزمین افغان کی تاریخ ہے کہ برطانیہ روس کے بعد آج تک لاکھ کوشش کے بعد صیہونی دجالی عسکری نیٹو اتحاد نے 9/11 کے بعد افغانستان پر جو یلغار کی تھی اب یہی طاقتور افواج افغان سرزمین پر رحم چاہنے کے لئے مجبور ہے۔ آسمانی کونسل پر برج جدی میں اہم کواکب مشتری مریخ زحل اور پلوٹو کا یکے بعد دیگرے آنا اس بات کا اشارہ ہے کہ صدر ٹرمپ نے امریکہ افواج کو یہاں سے نکالنے کیلئے 2019ء

میں جو کوشش یا ڈرامہ کیا 2020ء میں پھر پاکستان کی معرفت یہ ڈرامہ رچا کر کامیاب ہونے کی کوشش ثانی کرے گا۔ اس دجالی لشکر کی عزت اسی میں ہوگی کہ یہ اپنی آبرو بچا کر یہاں سے نکلے۔ 2020ء یوں بھی امریکہ کے لئے تیسری عالمگیر جنگ کے خبط کا سال ہے۔ فرقہ پرستی افغان طالبان اس حوالے سے مبارک باد کے مستحق ہیں۔ یوں بھی زائچہ میں بارہ سال کے بعد ارض وطن کا فعلی حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 29 مارچ 2019ء تا 20 نومبر 2020ء تک چوتھے ارض وطن کے گھر رہیگا۔ یہ زائچہ میں اپنی سعادت کے دوران قوموں کی تقدیر بدلنے والا ستارہ ہے۔ مستقبل قریب میں اب وہ دن دور نہیں جب روس کی طرح امریکہ اور اس کے اتحادی بھی افغان سرزمین چھوڑ جائیں گے۔ ستارہ مشتری رجعت واستقامت کے سبب 2020ء میں 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں رہے امریکہ افواج کے انخلاء کیلئے یہ وقت اہم دکھائی دیتا ہے۔ مہادشا زحل میں انتر دشا زہرہ 21 مارچ 2019ء تا 21 مئی 2022ء جاری رہے زہرہ ملکی معیشت سنبھالنے میں مدد فراہم کرے۔ دوست ممالک ملکی ضروریات تجارت میں مدد کریں۔ انسانی حقوق کی تنظیمیں ریڈ کراس عوام کی مدد کریں۔ ہجرت، نقل مکانی میں کمی آئے وہ افغان جو اپنے وطن گھر جانے کے خواہاں ہیں 2020ء انکی دیرینہ خواہشات کی تکمیل کا سال ثابت ہوگا۔ افغان ٹریڈ میں اضافہ طالبان گروپوں میں مفاہمت تاہم پاک افغان سرحد بارڈر پر بھارتی شرانگیزی کے سبب ناخوشگوار واقعات پیش آسکتے ہیں۔ افغان پاک جنگ کرنے کی سبھی بھارتی کوششیں ناکام ہونگی۔

چین:۔ چائنہ کے نظر ثانی شدہ زائچہ میں اہم ستاروں کی چلت پوزیشن 2021,2020ء نہایت اہم دکھائی دیتی طالع میں اپنے گھر کا حاکم ستارہ زحل 30 سال بعد طالع میں 24 جنوری 2020ء تا 17 جنوری 2023ء رہیگا۔ ستارہ زحل یہاں نہایت طاقتور ہوگا۔ ملک وملت میں مضبوطی توانائی اور ترقیاتی رجحانات بڑھیں گے۔ اندرون ملک سنجیدہ قیادت ثابت قدمی سے ملک کی کمان چلاتی رہیگی۔ سپر پاور سے بدلتے سیاسی خارجہ تعلقات نظر ثانی کے طلب اندرون ملک متعدد جگہ معدنیاتی ذخائر کی دریافت تیل، گیس کے نئے ذخائر بھی بعض جگہ دریافت ہونے سے ملکی معیشت میں استحکام بہتری آئے۔ دو اہم کواکب ستارہ پلوٹو 25 فروری 2020ء تا 16 جنوری 2040ء طالع میں 20 سال کے لئے آئے جبکہ ستارہ مشتری بھی 30 مارچ 2020ء تا 5 اپریل 2021ء آنے سے اندرون ملک باغات اور فصلوں کی حالت بہتر زراعت میں جدت زراعت میں کسان ترقی خوشحالی پائیں۔ ٹیکسٹائل کیمیکل آٹو مشینری کی تجارت اور کاروبار میں تیزی آئے امریکہ اور یورپی ممالک چین سے امپورٹ پر جو اضافی ڈیوٹیاں لگا کر چینی ایکسپورٹ اور امپورٹ کی عدم حوصلہ افزائی کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ انہی ممالک کے گلے پڑے۔ اور وہ چین سے تجارتی اُمور پر نظر ثانی کریں۔ دُنیاوی زائچوں میں جاپان، چین میں تجارتی ایکسپورٹ مقابلہ رہیگا۔ اندرون ملک متعدد تجارتی نمائشوں کا اہتمام کیا جائیگا۔ سپر پاور میں بارہ منطقۃ البروج میں آسمانی کونسل پر جاپان، اسرائیل کے علاوہ چین کے زائچہ کے طالع میں 2020ء میں اہم ستارے قیام کریں گے۔ 11,4 گھروں کا مالک مریخ 22 مارچ تا 4 مئی شرف یافتہ ستارہ زحل، مشتری اور پلوٹو کا طالع میں لمبا عرصہ قیام چین بین الاقوامی طور سے 2020ء میں اُبھر کر تمام سپر پاورز کے سامنے ایک عالمی سٹیک ہولڈ کی حیثیت سے اپنا کردار ادا کرے گا۔ چین نے امریکہ کی طرح عسکری محاذ پر اُلجھنے کی بجائے اقتصادی لحاظ سے امریکہ اور اس کے حواری یورپی یونین کی ہوا نکال دی ہے۔ یورپی یونین کے کئی ممالک امریکہ کی مخالفت کے باوجود بیجنگ ایشیائی انفراسٹرکچر انوسٹمنٹ بینک کے رکن بن چکے ہیں۔ 2020ء آسانی کونسل پر ستاروں کی مہربانی کے سبب اس کے رکن ممالک میں اضافہ ہوگا۔ 2020ء میں ستارہ پلوٹو عالمی رہنما ستارہ مشتری بینکنگ اور فطری طور سے دولت کا ستارہ زحل تجربہ کار سینئر مشیروں کا نمائندہ اور ستارہ مریخ عسکری قوت کا سرچشمہ سبھی ستارے وقفہ وقفہ سے زائچہ میں سعادت دیں۔ 2020ء میں چین کا ایک بڑا کارنامہ یہ ہوسکتا ہے کہ ایشیائی بینک کا قیام عمل میں آنے سے ترقی پذیر ممالک ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے شکنجہ سے آزاد ہوں۔ 2020ء میں عسکری جنگ کے مقابلے میں مالیاتی جنگ جیت جائے گا۔ چین کو تمام ایشیائی ممالک کی خصوصاً جاپان جیسے مضبوط معاشی ملک کی بھی مشروط حمایت رہیگی۔

جنوری، جون، جولائی، نومبر اور دسمبر میں چھ گرہنوں میں سے تین گرہن کے بداثرات جون، نومبر، دسمبر سپر پاور کی جانب سے خارجہ محاذ، تجارتی حجم، ایکسپورٹ میں

کمی اور معیشت کو نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش کی جائے گی۔ تیسری عالمگیر جنگ کے تناظر میں بلواسطہ یا بلا واسطہ جنگی دھمکیاں بھی ملیں جسکا مؤثر جواب دے۔

امریکہ:۔ امریکہ کا نظر ثانی شدہ زائچہ گزشتہ سال سے زیر بحث ہے۔ سپر پاور جو تیزی سے زوال کی جانب بڑھ رہی ہے۔ صدر ٹرمپ کی آمد نے اسے یقینی بنا دیا اس سبب اس زائچہ نے متوجہ کیا۔ زائچہ میں مہادشا شمس جو ملکی معیشت کا حاکم اس میں انتر دشا زحل 12 فروری 2019ء تا 25 فروری 2020ء جاری زحل آٹھویں نحس گھر کا حاکم افغانستان اور عراق دُنیا کی مہنگی ترین جنگوں نے امریکہ کی معیشت بری طرح متاثر کی ہے۔ دسمبر 2019ء تک امریکہ اپنے واجب الادا قرضوں کی بلند ترین سطح 35 کھرب ڈالر کو چھو لے گا۔ سوویت یونین کی معیشت بھی افغانستان جنگ کے سبب تباہ ہوئی طلسماتی افغان سرزمین پہلے روس اور اب مستقبل قریب امریکہ کی معیشت کے زوال کا باعث بننے جا رہی ہے۔ امریکہ نے روس کے ٹکڑے کروائے مکافات عمل کے نتیجہ میں صدر ٹرمپ کی بے وقوفیاں 2020ء میں عرب ممالک خصوصاً سعودی عربیہ اسرائیل بھارت سے ملکر ٹرمپ نے تیسری عالمگیر جنگ چھڑنے کا منصوبہ بنا رکھا جس دن دُنیا کو عذاب میں مبتلا کرنے کی اس نے غلطی کی اسی دن سے امریکہ روبہ زوال پذیر ہوگا۔ ستارہ زحل 30 سال بعد 8,7 گھروں کا مشترکہ حاکم ہوکر 24 جنوری 2020ء تا 17 جنوری 2023ء تک ساتویں اور ستارہ پلوٹو بھی 25 جنوری 2020ء تا 16 جنوری 2040ء تک یہاں قیام کرے گا۔ دو اہم ستاروں زحل پلوٹو کا مشترکہ قیام سیاسی نجوم ساتویں خارجہ اُمور غیر ملکی طاقتوں سے تعلقات ملکی وغیر ملکی جھگڑے اور تنازعے جنگی جنون اور بین الاقوامی تجارت جیسے اہم منسوبات سپر پاور امریکہ جیسے ملک کا موجودہ صدر ٹرمپ جیسی شخصیت ہو تو پھر اگلے بیس سالوں میں ملکی معیشت تجارت جنگی جنون تیسری عالمگیر جنگ جیسے گھنوؤنے افعال و کردار کی ابتداء کر کے دُنیا کو خصوصاً عالم اسلام کو آزمائش عذاب میں مبتلا کرنے کی کوشش کر کے ٹرمپ اور مودی کے نزدیک غالباً مسلمان ہی دہشت گرد ہیں۔ جاپان پر ایٹم بم گرانے والے یورپ میں 10 لاکھ یہودیوں کو مارنے والے ظالم کون تھے؟ ستارہ زحل ساتویں کا مالک ہونے کے ساتھ ساتھ آٹھویں فعلی منحوس ستارہ زحل کی یہاں نشست کسی نحوست سے کم نہیں امریکہ کے لئے 2020ء خارجہ پالیسیوں میں عدم استحکام کا سال ثابت ہوگا۔ امریکہ اگر سروے کرائے تو نصف سے زیادہ دُنیا اس سے ناراض معلوم ہوگی۔ 2020ء میں عالمی سطح پر امریکہ کا کردار دوسرے ممالک کے لئے شکوک وشبہات جیسا دکھائی دیتا ہے پڑوسی ملک میکسیکو جس سے تارکین وطن کو روکنے کیلئے ٹرمپ کا باڑ لگانے کا منصوبہ جاری ہر دو ممالک کی سرحدوں پر تناؤ اور فوجی قافلوں پر ہر دو ممالک کی جانب سے دہشت گردی کے خدشات دکھائی دیتے ہیں۔ امریکہ افغان وار میں پہلے ہی مبتلا ہے یہ دُنیا میں اور کئی جنگی محاذ کھول دے گا۔ 2020ء زحل پلوٹو قران یکم تا 24 جنوری مشتری کیتو قران 4 جنوری تا 13 جنوری مریخ زحل قران ساتویں گھر میں 30 مارچ تا 2 اپریل اور خصوصاً چھٹے ساتویں گھر میں مشتری پلوٹو قرانات سارا سال وقفہ وقفہ سے مارچ، اپریل، جون، نومبر میں ہونے سے امریکہ کے غیر ممالک کے ساتھ مالی معاشی اور خارجہ اُمور پر دوسرے ممالک کے ساتھ ایسے تنازعات پھر سے کھڑے ہو جائیں جو عارضی طور پر دبے ہوئے تھے۔ امریکہ نے سعودی عربیہ میں جو 39 ممالک کی افواج اکٹھی کر رکھی ہے۔ 2020ء خود ہی اس کا شیرازہ بکھرنے کی سازش بھی کرے اسرائیل کو بیت المقدس میں اہم بین الاقوامی کنٹرولنگ ہیڈ کوارٹرز کی منتقلی میں بھرپور معاونت وامداد فراہم کرے۔ 11 جنوری اور 14 نومبر کا چاند گرہن خارجہ پالیسی کے غلط فیصلے امریکہ عزت ووقار میں کمی آئے۔ 21 جون کو سورج گرہن ایک مرتبہ پھر ملکی عزت ووقار کے منافی خود غرضانہ فیصلے ٹرمپ حکمت کی رسوائی کا باعث بنیں ستارہ مشتری بھی بارہ سال بعد زائچہ کے ساتویں گھر میں 30 مارچ تا 5 اپریل 2021ء تک رہیگا۔ یوں زائچہ میں زحل پلوٹو اور مشتری کا یکے بہ دیگرے قیام امریکہ 2020ء اندرونی ملکی تعمیر وترقی کی بجائے غیر ممالک سے مالی معاشی تجارتی تناؤ پیدا کرے حکومتی قرضوں کا بوجھ بڑھنے اور امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ میں خسارے کی تجارت کے سبب غیر ملکی مالیاتی اداروں سے مزید قرضوں اور لین دین میں رکاوٹیں آئیں۔ 6 جون چاند گرہن اور 14 دسمبر سورج گرہن اندرون ملک میڈیا یا سوشل میڈیا پر ایسی افواہیں گردش کریں جس سے سٹاک شیئرز میں زبردست اُتار چڑھاؤ رہے۔ 2020ء امریکی تاریخ کا ایک نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے۔ امریکی سیاست اور عوامی رائے عامہ یہ فیصلہ کرنے میں حق بجانب ہونگے کہ ٹرمپ حکومتی کی پالیسیاں ملک کی ترقی کی جانب رواں رکھنے کی بجائے تنزلی فضول قسم کی ممالک سے عسکری محاذ آرائی مالیاتی خسارہ اور ملک میں

بیروزگاری جیسے مسائل کو تو جنم نہیں دے رہی ٹرمپ کا موخذہ اسکینڈل اور اس کے سیاسی گراف میں کمی آئے۔ امریکی جاسوسی نیٹ ورک پینٹا گون سے خفیہ راز چرائے جانے سے امریکی عزت و وقار اور ملکی استحکام کی پروگرامنگ پر نظر ثانی کرنی پڑے۔

روس:۔ تقسیم روس کے بعد نیا زائچہ (25 دسمبر 1991ء) عالمی سپر پاور میں آسمانی کونسل پر 2020ء میں منفرد اور ڈائنامک (Dynamite) ستاروں کی پاور ملنے جیسے اثرات کا زائچہ معلوم ہوتا ہے۔ پیدائشی زائچہ کے ساتویں ستارہ زحل اپنے ہی گھر کا مالک ہو کر طاقتور بیٹھا ہے۔ زحل 30 سال بعد زائچہ کے ساتویں اپنے گھر کا حاکم ہو کر 23 اپریل 2023ء تک اپنے ہی گھر رہے۔ ساتویں کے منسوبات بین الاقوامی ممالک سے خارجہ تعلقات غیر ملکی جھگڑے تنازعے جنگ و جدل ٹریڈ یونین امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ وغیرہ 2020ء میں ساتویں تین اہم سست الرفتار ستاروں زحل پلوٹو اور مشتری اور ایک Dynamite ستارہ مریخ کی آمد موجودہ صدر پیوٹن کی قیادت میں امریکہ نے تیسری عالمگیر جنگ چھیڑی تو امریکہ اور اس کے اتحادی نہ صرف رسواء ہوں بلکہ اسی دن سے مکافات عمل کے تحت امریکہ کے ٹکڑے ہونے کا آغاز شروع ہوگا۔

یورپ:۔ یورپی یونین کا زائچہ (یکم نومبر 1993ء) بھی 2020ء آسمانی کونسل پر اہم ستاروں کی تبدیلی زحل، پلوٹو، مشتری، مریخ، راہو، کیتو اور 26 دسمبر 2019ء سات ستاروں کے اجتماع کے اثرات یورپی یونین کے اتحاد کو متاثر کرنے کے لئے صیہونی دجالی کوشش اسی سال سے شروع ہو جائیں مستقبل قریب کی تیسری عالمگیر جنگ کی شروعات میں جو یورپی ممالک دجالی امریکہ لشکر نیٹو کا ساتھ نہ دیں دجالی صیہونی ان یورپی ممالک میں دہشت گردی کروانے کی سازشیں کریں اور الزام اسلامی ممالک کی طرف موڑ دیں۔ مہادشا راہو میں مشتری کی انتردشا 9 مارچ 2020ء تک جاری ہے اور پھر 9 مارچ 2020ء تا 12 مارچ 2023ء زحل کی انتردشا شروع ہوگی۔ زحل 30 سال بعد زائچہ کے ساتویں اپنے گھر کا حاکم ہو کر 23 اپریل 2023ء تک اپنے ہی گھر رہنے سے آپس کے ممالک میں تجارت ثقافت سیاحت کو مزید فروغ ملے۔ بڑی عمر کے سیاستداں یا شاہی خاندان کے بزرگ افراد کی خرابی صحت یا موت کا اندیشہ ستارہ مشتری جو فطرتی طور سے مذہب دولت کا ستارہ ہے۔ 2020ء میں یہ پانچویں چھٹے ساتویں تین گھروں میں رجعت واستقامت کے سبب رہنے سے اندرون ممالک حکومتوں کے علاوہ عام افراد میں بھی فراڈ دھوکہ دہی کے خدشات بڑھ جائیں۔ پبلک کا رجحان یورپی انعامی اسکیموں لاٹریوں میں بڑھے۔ اندرون ملک سیاسی مخالفین ایک دوسرے کو بدنام کرنے اور انکی حکومت گرانے کی سازشیں کریں۔

پیر	12	24	28	20	06:04	17:34	06:29	18:08		صرفہ 19:20	نحس	وفات حضرت اُم کلثومؑ بنت علیؑ
منگل	13	25	29	21	06:04	17:33	06:29	18:07	سنبلہ 09:55	عوا 17:06	نحس	
بدھ	14	26	30	22	06:05	17:32	06:30	18:06		سماک 14:14	نیک	
جمعرات	15	27	کاتک	23	06:06	17:30	06:30	18:05	میزان 10:53	غفر 10:53	نیک	
جمعہ	16	28	2	24	06:06	17:29	06:30	18:04		زبانہ 07:12	نحس اکبر	وصال رسول اللہ ﷺ 11ھ شہادت حضرت امام حسنؑ 50ھ
ہفتہ	17	29	3	25	06:07	17:28	06:31	18:03	عقرب 10:05	اکلیل 03:22 قلب 23:33	نیک	عرس حضرت میاں میرؒ (لاہور)
اتوار	18	30	4	26	06:08	17:27	06:31	18:02		شولہ 19:56	نیک	رسول اللہ ﷺ کی مکہ سے مدینہ ہجرت
پیر	19	ربیع الاول	5	27	06:09	17:26	06:32	18:01	قوس 09:42	نعائم 16:40	نیک	
منگل	20	2	6	28	06:09	17:25	06:32	18:00		بلدہ 13:53	نحس	
بدھ	21	3	7	29	06:10	17:24	06:33	18:00	جدی 11:43	ذابح 11:43	نحس اکبر	
جمعرات	22	4	8	30	06:11	17:23	06:34	17:59		بلع 10:13	نحس	
جمعہ	23	5	9	عقرب	06:12	17:22	06:34	17:58	دلو 17:16	سعود 09:23	نیک	
ہفتہ	24	6	10	2	06:12	17:21	06:35	17:57		اخبیہ 09:14	نحس	وفات حضرت اُم ربابؑ
اتوار	25	7	11	3	06:13	17:20	06:35	17:56		مقدم 09:42	نیک	
پیر	26	8	12	4	06:14	17:19	06:36	17:56	حوت 02:18	مؤخر 10:40	نحس	شہادت امام حسن عسکریؑ 260ھ
منگل	27	9	13	5	06:15	17:18	06:36	17:55		رشا 12:03	نیک	عید شجاع، اہلبیت نے سوگ ختم کیا
بدھ	28	10	14	6	06:15	17:17	06:37	17:54	حمل 13:44	شرطین 13:44	میانہ	عرس پیر سیّد مکیؒ (لاہور)
جمعرات	29	11	15	7	06:16	17:16	06:37	17:53		بطین 15:37	نیک	عرس پیر سیّد ناظر حسین زنجانیؒ (بھاں جھگیاں لاہور)
جمعہ	30	12	16	8	06:17	17:15	06:38	17:53		ثریا 17:37	نیک	عید میلاد النبی ﷺ
ہفتہ	31	13	17	9	06:18	17:14	06:39	17:52	ثور 02:18	دبران 19:40	نحس	

زنجانی جنتری نومبر 2020ء ربیع الاوّل 1442ھ مگھر 2077ب قوس 1942ش

ایام	نومبر	ربیع الاول	مگھر/کاتک	قوس	لاہور طلوع	لاہور غروب	کراچی طلوع	کراچی غروب	داخلہ قمر فی البروج	اوقات منازل قمری	سعد/نحس	تاریخی واقعات
اتوار	1	14	18	10	06:19	17:13	06:39	17:51		ہقعہ 21:41	نیک	
پیر	2	15	19	11	06:19	17:12	06:40	17:51	جوزا 14:59	ہنعہ 23:36	نیک	بنیاد مسجد قبا 1ھ
منگل	3	16	20	12	06:20	17:12	06:40	17:50		ہنعہ	نیک	
بدھ	4	17	21	13	06:21	17:11	06:41	17:50		زراعہ 01:19	نیک	میلادِ مسعود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و امام جعفر صادقؑ
جمعرات	5	18	22	14	06:22	17:10	06:42	17:49	سرطان 02:45	نثرہ 02:45	نیک	ولادت باسعادت اُم کلثوم بنت علیؑ 9ھ
جمعہ	6	19	23	15	06:23	17:09	06:42	17:48		طرفہ 03:46	نیک	
ہفتہ	7	20	24	16	06:24	17:08	06:43	17:48	اسد 12:18	جبہ 04:16	نحس اکبر	
اتوار	8	21	25	17	06:24	17:08	06:44	17:47		زبرہ 04:09	نحس	
پیر	9	22	26	18	06:25	17:07	06:44	17:47	سنبلہ 18:29	صرفہ 03:23	نیک	پیغمبرؐ کا مدینہ میں ورود، غزوہ بنی نضیر 3ھ
منگل	10	23	27	19	06:26	17:06	06:45	17:46		عوا 01:56 سماک 23:50	نیک	
بدھ	11	24	28	20	06:27	17:05	06:46	17:46	میزان 21:09	غفر 21:09	نیک	
جمعرات	12	25	29	21	06:28	17:05	06:46	17:46		زبانہ 18:00	نحس	
جمعہ	13	26	30	22	06:29	17:05	06:47	17:45	عقرب 21:18	اکلیل 14:31	نحس	رحلت حضرت ابوطالبؑ 10 بعثت
ہفتہ	14	27	مگھر	23	06:30	17:04	06:48	17:45		قلب 10:51	نیک	
اتوار	15	28	2	24	06:31	17:04	06:48	17:44	قوس 20:46	شولہ 07:09	نحس	
پیر	16	29	3	25	06:31	17:03	06:49	17:44		نعائم 03:37	نیک	
منگل	17	ربیع الثانی	4	26	06:32	17:03	06:50	17:44	جدی 21:34	بلدہ 00:22 ذابح 21:34	نحس اکبر	
بدھ	18	2	5	27	06:33	17:02	06:50	17:44		بلع 19:20	میانہ	عرس باباشاہ جمالؒ (لاہور)
جمعرات	19	3	6	28	06:34	17:02	06:51	17:43		سعود 17:46	نیک	
جمعہ	20	4	7	29	06:35	17:01	06:52	17:43	دلو 01:24	اخبیہ 16:55	نحس	
ہفتہ	21	5	8	30	06:36	17:01	06:53	17:43		مقدم 16:47	نیک	
اتوار	22	6	9	قوس	06:37	17:01	06:53	17:43	حوت 09:05	موخر 17:20	نیک	
پیر	23	7	10	2	06:37	17:00	06:54	17:43		رشا 18:29	نیک	
منگل	24	8	11	3	06:38	17:00	06:55	17:42	حمل 20:04	شرطین 20:04	نیک	
بدھ	25	9	12	4	06:39	17:00	06:55	17:42		بطین 21:58	نیک	
جمعرات	26	10	13	5	06:40	17:00	06:56	17:42		بطین	نیک	میلادِ مسعود امام حسن عسکریؑ 232ھ
جمعہ	27	11	14	6	06:41	16:59	06:57	17:42	ثور 08:42	ثریا 00:01	نیک	عرس شیخ عبدالقادر جیلانیؒ (بغداد) بڑی گیارہویں شریف
ہفتہ	28	12	15	7	06:42	16:59	06:58	17:42		دبران 02:05	نحس	
اتوار	29	13	16	8	06:43	16:59	06:58	17:42	جوزا 21:15	ہقعہ 04:03	نیک	نماز فرض ہوئی 1ھ
پیر	30	14	17	9	06:43	16:59	06:59	17:42		ہنعہ 05:49	نیک	کوفہ میں قیام حضرت مختارؒ

زنجانی جنتری دسمبر 2020ء ربیع الثانی 1442ھ پوہ 2077ب جدی 1942ش

ایام	عیسوی				لاہور طلوع	لاہور غروب	کراچی طلوع	کراچی غروب	داخلہ قمر فی البروج	اوقات منازل قمری		تاریخی واقعات
منگل	1	15	18	10	06:44	16:59	07:00	17:42		زراعہ 07:20	نحس	
بدھ	2	16	19	11	06:45	16:59	07:00	17:42	سرطان 08:32	نثرہ 08:32	میانہ	عرس نظام الدین اولیاؒ دہلی (انڈیا)
جمعرات	3	17	20	12	06:46	16:59	07:01	17:42		طرفہ 09:23	نیک	
جمعہ	4	18	21	13	06:47	16:59	07:02	17:42	اسد 17:52	جبہ 09:49	نیک	
ہفتہ	5	19	22	14	06:47	16:59	07:02	17:43		زبرہ 09:49	میانہ	
اتوار	6	20	23	15	06:48	16:59	07:03	17:43		صرفہ 09:21	نحس	
پیر	7	21	24	16	06:49	16:59	07:04	17:43	سنبلہ 00:46	عوا 08:23	نیک	عرس شاہ شمس تبریزؒ (ملتان)
منگل	8	22	25	17	06:50	16:59	07:04	17:43		سماک 06:56	نحس	وفات موسیٰ المبرقع 206ھ
بدھ	9	23	26	18	06:50	16:59	07:05	17:43	میزان 05:01	غفرا 05:01	نحس	
جمعرات	10	24	27	19	06:51	17:00	07:06	17:44		زبانہ 02:39 اکلیل 23:56	نحس	
جمعہ	11	25	28	20	06:52	17:00	07:06	17:44	عقرب 06:58	قلب 20:57	نیک	
ہفتہ	12	26	29	21	06:53	17:00	07:07	17:44		شولہ 17:47	نیک	
اتوار	13	27	30	22	06:53	17:00	07:08	17:45	قوس 07:39	نعائم 14:35	نحس اکبر	
پیر	14	28	پوہ	23	06:54	17:01	07:08	17:45		بلدہ 11:28	نیک	
منگل	15	29	2	24	06:55	17:01	07:09	17:45	جدی 08:34	ذابح 08:34	نیک	
بدھ	16	30	3	25	06:55	17:01	07:10	17:46		بلع 06:02	نیک	
جمعرات	17	جمادی الاول	4	26	06:56	17:02	07:10	17:46	دلو 11:26	سعود 04:00	نیک	
جمعہ	18	2	5	27	06:56	17:02	07:11	17:47		اخبیہ 02:33	نیک	
ہفتہ	19	3	6	28	06:57	17:03	07:11	17:47	حوت 17:38	مقدم 01:46	نحس	عرس رکن الدینؒ (ملتان)
اتوار	20	4	7	29	06:57	17:03	07:12	17:47		مؤخر 01:41	نیک	
پیر	21	5	8	30	06:58	17:03	07:12	17:48		رشا 02:18	نیک	بروائیت میلاد مسعود حضرت زینبؑ 5ھ
منگل	22	6	9	جدی	06:59	17:04	07:13	17:48	حمل 03:32	شرطین 03:32	نیک	
بدھ	23	7	10	2	06:59	17:04	07:13	17:49		بطین 05:13	نیک	جنگ موتہ 8ھ
جمعرات	24	8	11	3	06:59	17:05	07:14	17:50	ثور 15:55	ثریا 07:13	نیک	
جمعہ	25	9	12	4	07:00	17:06	07:14	17:50		دبران 09:19	نیک	
ہفتہ	26	10	13	5	07:00	17:06	07:15	17:51		ہقعہ 11:19	میانہ	عرس صوفی بابا (کوئٹہ)
اتوار	27	11	14	6	07:01	17:07	07:15	17:51	جوزا 04:32	ہنعہ 13:05	نحس اکبر	
پیر	28	12	15	7	07:01	17:07	07:15	17:52		زراعہ 14:29	نیک	
منگل	29	13	16	8	07:01	17:08	07:16	17:52	سرطان 15:28	نثرہ 15:28	نحس	احتمال شہادت حضرت فاطمۃ الزہراؑ 11ھ
بدھ	30	14	17	9	07:02	17:09	07:16	17:53		طرفہ 15:59	نیک	
جمعرات	31	15	18	10	07:02	17:10	07:16	17:54	اسد 23:57	جبہ 16:02	نیک	میلاد مسعود امام زین العابدینؑ 38ھ

ارشاداتِ امام ہشتم سیدنا علی الرضاؑ

برجوں کیلئے ارشادات

حمل — 21 مارچ تا 20 اپریل ♈

چونکہ یہ فصلِ بہاری کا آخری مہینہ ہے اس لئے ہوا بخارات سے صاف ہو جاتی ہے۔ زیادہ نمکین دودھ استعمال مضرِ صحت ہے۔ دن کے اولین حصہ میں غسل کر سکتے ہیں۔

ثور — 21 اپریل تا 21 مئی ♉

اس ماہ دن بڑھنے لگتا ہے موسم میں حدت بڑھ جاتی ہے، خون میں ہیجان بڑھ حرکت پیدا ہو جاتی ہے۔ اسلئے کھانے پینے کی اشیاء کے ہمراہ سرکہ استعمال کریں، تیل کی مالش اور عطر سونگھنا مفید ہے۔ ورزش سے اعتراز کریں۔

جوزا — 22 مئی تا 21 جون ♊

اس ماہ خون کا غلبہ جاتا رہتا ہے اور صفراء کا غلبہ شروع ہو جاتا ہے۔ اس کثرت ریاضت کی ممانت ہے چربی دار گوشت اور دال کھانے سے پرہیز کریں، سبزیاں، تازہ پھل، میوے اور مرغابی کے گوشت کا استعمال بھی نہایت مفید ہے۔

سرطان — 22 جون تا 21 جولائی ♋

اس ماہ گرمی زیادہ ہو جاتی ہے، کنوؤں اور چشموں میں پانی کم ہو جاتا ہے، نہار منہ تھوڑا تھوڑا پانی پینا صحت کے لئے اکسیر ہے، لطیف و زود ہضم غذاؤں کا استعمال اور پھولوں کا سونگھنا بھی مفید ہے۔

اسد — 23 جولائی تا 23 اگست ♌

اس ماہ بادِ سموم یعنی زہریلی ہوائیں چلتی ہیں۔ نزلہ زکام کھانسی زیادہ ہو جاتی ہے، موسم مرطوب ہو جاتا ہے، مزاج کی اصلاح کے لئے معتدل اور زود ہضم غذا استعمال کریں۔ شبنم سے احتیاط لازم ہے۔

سنبلہ — 24 اگست تا 22 ستمبر ♍

اس ماہ ہوا معتدل ہو جاتی ہے خلط سودا غالب ہو جاتی ہے، مسہل جلاب لینا مفید ہے، حلوہ، تیتر، بٹیر، بھیڑ، بکری اور دیگر پرند چرند کا گوشت کھانا مفید ہے۔ بلا عذر حمام کرنا مضرِ صحت ہے۔

میزان — 23 ستمبر تا 23 اکتوبر ♎

اس ماہ مختلف ہوائیں چلتی ہیں۔ بادِ صبا بھی شروع ہو جاتی ہے، چربی دار مصالہ دار گوشت اور اچار و چٹنی کھانا منع ہے، پانی کم پینا مضرِ صحت ہے۔ قصداً کھانا اور ورزش کرنا مفید ہے۔

عقرب — 24 اکتوبر تا 22 نومبر ♏

اس ماہ سردی تیز ہو جاتی ہے۔ ٹھنڈی چیزوں کے استعمال اور فصد وغیرہ کھلوانے سے پرہیز کریں۔ پودینہ، ادرک، لہسن اور ساگ وغیرہ اور گرم اشیاء کا استعمال مفید ہے۔

قوس — 23 نومبر تا 21 دسمبر ♐

اس ماہ کے شب و روز نہایت سرد ہوتے ہیں خلط بلغم میں زیادتی ہو جاتی ہے۔ لطیف غذائیں، چھوٹا گوشت ہیضہ، نیم بوشت اور مچھلی کا شوربہ کھانا مفید ہے لہسن اور پیاز کا استعمال بھی مفید ہے۔

جدی — 22 دسمبر تا 20 جنوری ♑

اس ماہ سردی بڑھنا شروع ہو جائیگی، رات کو پانی پینا سخت مضرِ صحت ہے حمام میں کمی بھی مناسب ہے، ساگ، پودینہ، ادرک اور لہسن کے استعمال سے پرہیز لازم ہے، نہار منہ ایک گھونٹ پانی پینا سیر و تفریح اور ورزش کرنا مفید ہے۔

دلو — 21 جنوری تا 19 فروری ♒

جسم انسانی میں بلغم کم ہونا شروع ہو جاتی ہے نہار منہ پانی کے چند گھونٹ پینا مفید ہے۔ سبزیاں مثلاً کریلا، بینگن اور پیاز وغیرہ کھانا مفید ہے۔ مچھلی اور انڈے کا استعمال بھی مفید ہے۔

حوت — 20 فروری تا 20 مارچ ♓

اس ماہ مختلف ہوائیں چلتی ہیں، گھاس پھوس خوب اُگتی ہے چرند پرند کا گوشت کم استعمال کریں، خشک میوہ جات اور لہسن و پیاز کا استعمال اور سیر و تفریح و ورزش مفید ہے۔

علمائے اہل عرب، فارس اور ہند کا اسلامی نام رکھنے کا قدیم طریقہ بقید ایام

مسلمان بچوں کے نام بقید ایام

شب جمعہ	جمعہ	شب ہفتہ	ہفتہ	شب اتوار	اتوار	شب پیر	پیر	شب منگل	منگل	شب بدھ	بدھ	شب جمعرات	جمعرات
عبداللہ	حارث	داؤد حسن	مغیث الدین	اشراف حسن	حبیب اللہ	آصف	قادر	خدایار	قائم الدین	ارشاد احمد	رضی احمد	عبدالفتح	سالار محمد
عبیداللہ	زید	ادریس	غیاث الدین	اشراف حسین	مجید اللہ	اکبر	نورالدین	خدابخش	قدرت اللہ	وجیہہ الدین	رضا حسین	مسیح اللہ	علیم اللہ
عبدالسلام	بلال	ذکریا	امداد حسن	عباداللہ	عبدالناصر	محی الدین	نیاز الدین	ولی اللہ	عبدالقدیر	صفدر علی	رجب علی	شبیر حسن	لطف الرحمن
عبدالحمید	بایزید	سلیمان	امداد حسین	عظیم اللہ	اسفندیار	غوث محمد	امام الدین	عبدالولی	حضور احمد	منیر الدین	قربان	مجیب اللہ	کمال الدین
عبدالسنان	اباحسن	عبدالمومن	امداد اللہ	عظیم الدین	احمد یار	فیض احمد	جہاندار	عبدالوالی	محمد علی	دلدار حسین	علی الدین	عبدالقدوس	محب الاسلام
عبدالمتین	ابومحمد	اسمٰعیل	احمد اللہ	دلبر بخت	جان محمد	عبدالحامد	زورآور	شوکت	انور علی	مرغوب محمد	محمد مراد	رفیق اللہ	خواجہ حسن
عبدالبصیر	ابوبکر	خلیل	احمد دین	بخت فیروز	گل محمد	حامد حسین	شیر شاہ	شاہد حسین	ذاکر علی	محسن الدین	فرقان الحق	رحیم الدین	خواجہ عالم
عزیز الاسلام	ابومسلم	جلیل	حسن محمود	فیروز بخت	گلزار احمد	دلدار	فیروز شاہ	سلامت اللہ	زاہد حسین	بشیر احمد	مصباح الحق	رؤف احمد	جان عالم
عبدالناصر	ابوالحسن	اشرف	محمود حسین	اقبال بلند	گلزار حسن	دیدار	فرید احمد	آسمان جاہ	زاہد حسن	ممتاز	خیرالدین	افتخار	ندیم احمد
عبدالقیوم	ابن حسن	صدیق	محمود حسن	بخت بلند	گلزار حسین	شاہ عالم	معین الدین	جمال محمود	افضل یار	احتشام	مفید	افضال	اکرام اللہ
عبدالکریم	ابن حسین	عبدالغنی	مصلح الدین	جمشید	صفی اللہ	شاہ محمود	منصور	جمیل احمد	لیاقت	فدا	سراج	خلیل اللہ	وزیرالدین
عبدالقوی	ابوالحارث	عبدالجبار	شرف الدین	دولت حسین	بدیع الدین	شیردل	ممتاز	جمال الدین	بدرالدین	محمد حیات	شمشاد	ولایت علی	قطب الدین
عبدالستار	اقبال احمد	موسیٰ	شریف حسن	عزیز الدین	باقی باللہ	شہریار	محب النبی	قمرالدین	علیم اللہ	مظہر	آل محمد	واجد حسین	واحد حسین

مسلمان بچیوں کے نام بقید ایام

شب جمعہ	جمعہ	شب ہفتہ	ہفتہ	شب اتوار	اتوار	شب پیر	پیر	شب منگل	منگل	شب بدھ	بدھ	شب جمعرات	جمعرات
آمنہ	کبریٰ	فیروز خاتون	میمونہ	قمرالنساء	اصغری	حسن بانو	نجمہ خاتون	مہرانور	مہر نیمروز	ثریا بیگم	صالحہ بیگم	امانی بیگم	گوہر جہاں
عائشہ	زیتون	مختار النساء	صدیقہ	زبیدہ	کنیز بانو	صمدانی	شوکت بانو	انور جہاں	مہرالنساء	عشرت النساء	عارفہ بیگم	مہتاب بیگم	اولیا خانم
عابدہ	زینت النساء	صنوبر	ممتاز بیگم	صفیہ	نجم النساء	نوبخت	گل افروز	اقبال دولت	بسم اللہ	آمنہ بیگم	ام حبیبہ	آفتاب جہاں	چاندنی
رقیہ	نور جمال	نسیمہ	انوار احمدی	صاحبہ خاتون	رفیق زمانی	حسینہ	رابعہ	رضیہ	رفیقہ	محبوب النساء	ام حلیمہ	زینت بیگم	مخدومہ
سلطانہ	جمال انور	رونق جہاں	زاہد	صابرہ	یزدانی	مہرالنساء	ثریا خاتون	فوزیہ	مطلوب النساء	جنت بی	ام کلثوم	شہزادی بانو	نظیر بیگم
ساجدہ	برجیس قدر	دلبہار	سروری	غوثیہ	سبحانی	نعیمہ	ربیعہ	شاہ بانو	نیرالنساء	زلیخا	ام سلمہ	محمدی بیگم	فیاضی
ہاجرہ	راحت جہاں	نور ظفر	شرافت بانو	کنیز فاطمہ	فیاضی	ربانی	راشدہ	عزیز النساء	سکینہ	صفیہ	نفیسہ بیگم	حور بانو	گلفام بیگم
محمودہ	خورشید جہاں	حمیدہ	زکیہ	سلیمہ	ماہ رخ	یمانی	لطیفہ	ہاجرہ	شافیہ	عاقلہ بیگم	نجیب النساء	عمر خاتون	حیدری بانو
رابعہ	فردوس	طیبہ	ذاکرہ	گلبہار	ماہ اختر	رحمانی	کلیمہ خاتون	مسعودہ	صوفیہ	حشمت بانو	خیرالنساء	عاقلہ خاتون	شادمانی
اختری	بدر جہاں	کلثوم	صالحہ	گلبدن	بخت آور	شاکرہ	عزیزہ	نسیمہ	افتخار النساء	دارا بیگم	حفصہ خاتون	سکندر بیگم	انیسہ
روشن جہاں	مقصودہ	قطبیہ	سروری	گلزار	فرخندہ	مبارک بیگم	پاکدامن	عالیہ	افضل النساء	یزدانی	فرخ بیگم	کشور زمانی	افسری
منور جہاں	آرام دل	حلیمہ	نازنین	ثمرین	شیریں بیگم	مہ رخ	سکینہ	صادقہ	اعجاز بانو	مقبول النساء	نعیم النساء	شہوار بیگم	سعادت خاتون
نور جہاں	دل آرام	قیصر بانو	رشیدہ	جلیل الرحمانی	برکت جہاں	جہاں آرا	سکندر بخت	شرافت بانو	صغریٰ	گلشن بانو	امیر النساء	شہناز بیگم	عابدہ
قدسیہ	دولت جہاں	سعدیہ	زہرہ	آسیہ	محمدی	طاہرہ	سیدہ خاتون	حنیفہ	صغیرہ	ریحانہ	امتہ السلام	ناز بیگم	شمس النساء
خدیجہ	سکندر بیگم	سعیدہ	خالدہ	ابرار بیگم	لیاقت بانو	صدیقہ	مبارک خاتون	شمشاد بیگم	نوشابہ خانم	اختر النساء	امراؤ بیگم	بلقیس	حبابہ بیگم

فالنامہ حاملہ عورت کے بچہ ہوگا یا بچی؟

(۱) قمر
(۲) عطارد
(۳) زہرہ
(۴) شمس
(۵) مریخ
(۶) مشتری
(۷) زحل

باوضو استخارہ سے قبل دو نفل حاجت پڑھ کر دعا کر کے آنکھیں بند کر کے شہادت کی انگلی رکھیں۔

شمار	سیارہ	کیفیت
	قمر	خوبصورت مبارک قدم پیدا ہوگی۔
۲	عطارد	فرزند دانشمند و خوشحال پیدا ہوگا۔
۳	زہرہ	دختر تولد ہوگی اور بھاگوان ہوگی۔
۴	شمس	مبارک ہو، امیر و کبیر فرزند تولد ہوگا۔
۵	مریخ	وکیل فرزند ہے، دلیر اور خوش نصیب ہوگا۔
۶	مشتری	نوید فرزند سعادت مند ہے، عالم و پارسا ہوگا
۷	زحل	حمل کو خلل کا اندیشہ ہے، تدبیر کریں۔

بچہ کا نام رکھنا اور مذہبی احترام قائم کرنا

پیدائش کے بعد پہلا کام بچہ کے داہنے کان میں اذان فجر دینا یعنی اللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر بائیں کان میں اقامت پڑھنا یعنی قَدْ قَامَةِ الصلوٰۃ دوئم بچہ کا روزہ رکھولنا، یعنی منہ میں چھوہرا چبا کر بچے کے منہ میں بقدر چنا دو چنا ڈال دیں۔ زیادہ نہ ہو۔ یہ دونوں کام نہایت پاکیزہ اور برگزیدہ دیندار سے تعلق رکھتے ہیں۔ نیک لوگوں کا سایہ روز اول سے حاصل کیا جائے۔ تیسرا کام کسی مرد صالح کا عطا کردہ پرانا کپڑا بچے کے جسم پر پہلی بار پہنایا جائے۔ ساتویں روز عقیقہ کیا جائے، سر منڈوا دیا جائے نام ہر شخص رکھ سکتا ہے لیکن علماء و مشائخ کی حضور سے نام حاصل کیا جائے۔ جو نام بزرگان دین کی طرف سے عطا ہوا کرتا ہے۔ وہ تاثیر رکھتا ہے تا کہ اسلامی برکتیں گھر میں پائیدا اور نحوسات کا دفعیہ ہوتا رہے۔ بطور خود کوئی کام نہ کریں۔ زندگی سکھی رہے گی۔ فقط

انتخاب تحریر: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

اہرام شرفِ مشتری PYRAMID

اہرام کے فوائد و کرشمات

☆ مراقبہ میں ارتکازِ توجہ یکسوئی پانے کے لیے اس میں اپنی تصویر رکھ دیں یا بڑے اہرام میں بیٹھ کر مراقبہ کریں، نتائج مخفی اسرار و رموز سو فیصد ملتے ہیں۔ ☆ اہرام نیک خواہشات و خیالات کو مادی شکل بھی فراہم کرتے ہیں۔ اہرام میں ناقابلِ عمل خواہشات لکھ کر رکھیں، پوری ہو سکتی ہیں۔ ☆ اپنے بیڈ کے نیچے اہرام رکھیں، آپ کو پرسکون میٹھی نیند آئے گی۔ شادی شدہ ہونے کی صورت میں ازدواجی مسرتیں بڑھ جائیں گی۔ ☆ اہرام میں بلیڈ رکھ دیں تو بلیڈ تیز ہو کر پھر سے کارآمد ہو جاتا ہے۔ ☆ اہرام میں موذی امراض کینسر، سرطان کی ادویات رکھیں، ادویہ میں روحانی تاثیر شفا کی قوت بڑھ جائے گی۔ ☆ اہرام میں پھل، سبزیاں رکھ کر کھائیں، مزید توانائی بخش غذا بن جائے۔ ☆ اہرام میں بیج یا قلمیں رکھیں تو اُن کی افزائش حیرت انگیز طور پر بڑھتی ہے۔ ☆ اہرام میں رکھا گیا دودھ یا پانی پینے سے بڑھاپا طاری نہیں ہوتا۔ اس دودھ یا پانی سے چہرہ دھونے سے خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ☆ اہرام میں کوئی اسمِ اعظم یا قرآنی نقش اپنے نام مقصد کے ساتھ لکھ کر عروج ماہ میں رکھیں، روحانی تاثیرات آپ کو حیران کر دیں گی۔

ترکیب استعمال: اہرام کے اندر کاغذ پر دعائیں لکھ کر رکھ سکتے ہیں، دعائیں رکھنے سے پہلے دو نفل حاجت ادا کر کے اہرام کا ڈھکن اُٹھا کر سنٹر پوائنٹ پر سکاچ ٹیپ لگا کر دعائیں کر کے رکھ دیں۔ اہرام لیول سے سیدھا کر لیں، اہرام کے نیچے پلیٹ فارم پر چار یکساں لائنیں ہیں۔ ایک لائن کو قطب نما (Compass) سے شمال کی سمت کریں، یوں اہرام میں رکھی ہوئی دوا یا دعا میں تاثیر شروع ہو جائے گی۔ بہتر وقت رکھنے کا عروج ماہ چاند کی یکم تا 14 تواریخ ہیں۔

زنجانی جنتری 2002ء میں کرشماتِ اہرام کے ذکر سے اندازہ ہوا کہ اہرام سے فیض یابی اور اس میں دلچسپی رکھنے والے شائقین ساری دنیا کی طرح وطنِ عزیز پاکستان میں بھی خاصی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ مختلف اوقات میں کل پرائیویٹ ٹیلی ویژن کے نغمات اور اشتہاری فلم DHL نے اہرام میں ایک بار پھر عوامی دلچسپیاں بڑھا دی ہیں۔ سال بھر وقفہ وقفہ سے ملنے والے تجربات میں چند نئے تجربات کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ اہرام میں بانجھ پن کے لیے رکھی گئی ادویات کے مسلسل استعمال سے بانجھ پن کا مرض جاتا رہا۔ ☆ روٹھے ہوئے (محبت) دوستوں کو منانے کے لیے رکھی گئی دعا قبول ہوئی۔ ☆ ہمارے دوست میجر (ر) خالد اسماعیل قاضی و میجر (ر) نوید اکبر نے بتایا کہ اُن کے ایک دوست نے اہرام کے اندر پرائز بانڈ اور نکلنے کی دعا لکھ کر رکھی اور ان کا پچاس لاکھ روپے کا انعام نکل آیا۔ اہرام کے اَن گنت فوائد میں یہ ایک نیا اضافہ ہے۔ ☆ اہرام گھر میں رکھنے سے خبیث ارواح جنات، آسیب کے اثرات کا خاتمہ ہوا۔ ☆ اہرام عین سرہانے کے نیچے رکھ کر سونے سے خواب میں استخارہ جلد نصیب ہوتا ہے۔ ☆ اہرام بستر کے عین تکیہ کے نیچے رکھ کر بہ نیت پرائز بانڈ نمبرز معلوم کرنے کے لیے باوضو سونے سے خواب میں متوقع لکی نمبرز معلوم ہوتے ہیں۔ ☆ اہرام میں کوئی سکن کریم رکھ کر استعمال کرنے سے چہرے کی خوبصورتی، داغ دھبے دور ہوتے ہیں۔ ☆ اہرام میں بادام رکھ کر کھانے سے نظر اور دماغ تیز ہوتا ہے۔ ☆ اہرام میں نام بمعہ والدہ لکھ کر رکھنے سے تحفظ احساس رہتا ہے جیسے کوئی آپ کے ساتھ ہو اور آپ کی حفاظت کر رہا ہے۔ ☆ اہرام میں بخورات (صندل، لوبان، ہرمل، گوگل، دال چینی) سات دن رکھ کر جلانے سے مخفی مخلوقات کی جھلکیاں نظر آنے لگتی ہیں۔

اہرام بنانے کی ترتیب

اہرام گتے، لکڑی، جست، ایلومینیم، مٹی یا پتھر یا کسی بھی چیز کا بنائیں۔ AB کا ایک گرافک زاویہ 58.18 اور BC کا گرافک زاویہ 301.82 ہے۔ یہ زاویہ کمپیوٹر سے بنائیں۔ دونوں نقطے B کو ملنے چاہئیں، کمپیوٹر پرنٹر سے پرنٹ نکلوالیں۔ یہ اہرام کی، کی Key بن جائے گی۔ اس فارمولا سے اہرام کی سائیڈ تیار ہوگی، اس طرح کی چار سائیڈز بنا کر نقطہ B کو ملاتے جائیں، درست اہرام بن جائے گا۔ درجنوں غلط اہرام بنانے کے بعد یہی آسان طریقہ ہاتھ لگا ہے۔

شمال
B
مغرب
مشرق
A
C
جنوب
گرافک اینگل 58.18
گرافک اینگل 301.82

"وَاللّٰهُ أَخْرَجَكُمْ مِنْ بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ لَا تَعْلَمُونَ شَيْئًا"

حل معمّٰی اعجاز الجفر

از تحریر: تنویر عصری ایم۔اے

خدا تعالیٰ کا ارشاد ہے: "وَاللّٰهُ أَخْرَجَكُمْ مِنْ بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ لَا تَعْلَمُونَ شَيْئًا" (سورہ نحل آیت نمبر 78) **ترجمہ:۔** "اور اللہ تعالیٰ نے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے اس حالت میں نکالا کہ تم کچھ بھی نہ جانتے تھے۔" (اشرف علی تھانوی صاحب) اس لئے ارشاد ہے "يُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ" (سورۃ البقرہ آیت نمبر 151) **ترجمہ:۔** سکھاتا ہے تم کو کتاب اور حکمت اور سکھاتا ہے تم کو جو کچھ کہ نہیں تھے تم جانتے۔" (شاہ رفیع الدین صاحب) ظاہر ہے کہ کتاب و حکمت کی تعلیم کے علاوہ دیگر تعلیم کا ذکر ہے مگر "فَأَوْحَىٰ إِلَىٰ عَبْدِهِ مَا أَوْحَىٰ" (سورۃ نجم آیت نمبر 10) **ترجمہ:۔** "پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے پر وحی نازل فرمائی جو کچھ نازل فرمائی تھی۔" (اشرف علی تھانوی صاحب) سے واضح ہے کہ ہر وحی کتاب و حکمت نہیں قرار ائی کیونکہ یہاں ذکرِ وحی ہے نہ کہ مضمونِ وحی سو تعلیم کتاب و حکمت کے اعتبار سے کُل تعلیم نہ دی گئی اور اس کے باوجود ایک ذریعہ تعلیم یہ بیان فرمایا گیا ہے۔ "فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا" (سورۃ الشمس آیت نمبر 8) **ترجمہ:۔** "پھر اُس کی بدکرداری اور پرہیزگاری (دونوں باتوں) کا اُس کو القا کیا۔" (اشرف علی تھانوی صاحب) ذرائع القا مختلف ہیں بایں ہمہ رضائے الٰہی اور مصلحتِ خداوندی کا اظہار ہر کسی کے لئے مناسب نہیں قرار دیا گیا اور اُن کے مابین بھی درجہ بندی ہے جیسا کہ ارشاد ہے۔ "وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ" (سورۃ یوسف آیت نمبر 76) **ترجمہ:۔** "اور اپنے اوپر ہر جاننے والے کے جاننے والا ہے۔" (شاہ رفیع الدین صاحب) بدیں وجہ ہر صاحبِ اہل و استحقاق تک پہنچانے کے لئے مرموز طور پر طریق مستحصلہ بیان کر دیا گیا ہے تاکہ نااہل و اہل میں فرق و امتیاز رہے۔

مومن کامل کو چاہئے کہ ولائے حیدرؑ کو خاص طور سے دل میں جگہ دے لے یوں بفضلہ تعالیٰ جہنم کا رخ ہرگز ہرگز نہ کرنا پڑے گا بلکہ جہنم کا رخ بجائے خود موڑ کر اور ذوالفقار ولایت سے بابِ خیبر کی طرح بابِ جہنم کو اکھاڑ کر مضبوط ہاتھوں سے بابِ فردوس کے ساتھ جا ملائے اور پشت پھرا کر سود و زیاں سے بے نیاز ہو جائے تب بارگاہ ربّ العزت میں سجدہ ریز ہو یہ سب کچھ وقت فجر ہی میں مضمر اور مفید طلب ہے کیونکہ یہی خاص وقت استجابت ہے اسی کے لئے تاکید ہے جس کو مومن اگر نظر انداز کرے گا تو مقصود حاصل نہ ہو سکے گا۔ فتدبر

> "فردوسِ بریں کے اس بابِ خاص سے اگر جھانک کر دیکھیں تو کچھ حجاب نظر آئیں گے خصوصاً یہ حجابِ علم، حجابِ صبر، حجابِ رضا، حجابِ یقین ہیں مگر جب ان حجابات کے سرے ملا کر نظارۂ قدرت کے لئے سعی کی جائے تو پھر نورِ مؤدّت سے گوہرِ مراد چمکتے نظر آئیں گے۔" اب یہ اپنی اپنی رسائی ہے کہ فیض یاب ہو کر فائز المرام ہوں۔

وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ قَبْلَ كُلِّ اَحَدٍ وَّ الْحَمْدُ لِلّٰهِ بَعْدَ كُلِّ اَحَدٍ (حمد ہے خدا کے لئے ہر ذکر سے پہلے اور حمد ہے خدا کی ہر ذکر کے بعد) شکرانے نعمت کی ادائیگی ان الفاظ کے ساتھ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ نِعْمَةٍ كَانَتْ اَوْهِىَ كَائِنَةٌ (اللہ کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے حمد کُلی ہے اس اللہ کیلئے ہر اس نعمت پر جو ہے یا ہو گی) علمِ سادات کی میراث ہے اور سادات نام ہے "کردار" کا مگر افسوس صد افسوس کہ مادی دُنیا کی چمک دمک نے جہاں غیر سادات کے دل سے خوفِ خدا، خوفِ فشارِ قبر، عذابِ حشر کے احساس کو معدوم کیا وہیں سادات کی تربیت سے تزکیہ نفس کے نکل جنے سے وہ بے حسی میں کچھ زیادہ ہی ایڈوانس نظر آنے لگے۔ دینی و روحانی علوم کو حقارت سے دیکھتے ہوئے ان کو اُمتیوں کے سپرد کر دیا اور خود دُنیاوی آرائش و زیبائش کے فاخرہ لباس سے مزین ہوتے ہوئے نظر آنے لگے۔ اور علم اپنی بے بسی کا رونا روتے ہوئے گوشہ نشین ہوتا چلا جا رہا ہے۔ علم کی قدر و معرفت نہ رکھنے کے سبب ان سے وابستہ افراد اپنی روزیوں کے لئے محتاج نظر آتے ہیں۔ قرب قیامت جہالت اس قدر عروج پر ہو گی کہ عالم اپنی زندگی کو بچانے کے لئے گوشہ نشینی پر مجبور ہو جائے گا۔ اس کے آثار نمایاں نظر آتے چلے جا رہے۔ اسی سبب علوم دینی و روحانی کے لب نور آقائے سید ابوالحسن حافظیان مشہدیؒ نے جب 625 خانوں پر محیط "نقش معظم لوح محفوظ تیار کیا تو بقول انکے کل ایک یا دو لوگوں نے رموز سے آگاہی کے لئے رجوع کیا۔ علم کی زبوں حالی کی یہ حالت ہے۔ حالانکہ دینی علوم ہوں یا دنیاوی یہ محاورہ موجود ہے کہ **READERS BECOMES LEADERS** سادات کو اپنے احساس کو جگانا چاہئے اور خداوند کریم سے توبہ کے ساتھ توفیق مانگنی چاہئے۔

دعائے رؤیت ھلال

☆ جب نیا چاند دیکھیں تو تین مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ تین مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور سات مرتبہ سورۂ الحمد جب تک ختم نہ کرلیں چاند کی طرف سے نظر نہ ہٹائیں چاند دیکھ کر درج ذیل دعا کا پڑھنا مستحب ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَنِیْ وَ خَلَقَكَ وَ قَدَّرَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں کہ جس نے مجھے اور تجھے پیدا کیا اور تیری

مَنَازِلَكَ وَجَعَلَكَ مَوَاقِیْتَ لِلنَّاسِ اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا اِھْلَالًا مُّبَارَكًا

منزلیں معین کر دیں اور تجھے لوگوں کے لیے زمانے کا نشان بنایا اے اللہ! یہ چاند ہمارے لئے برکت کا سبب ہو

اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْہُ عَلَیْنَا بِالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالْیَقِیْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالْبِرِّ وَالتَّقْوٰی

اے اللہ! (یہ چاند) اس کو بنا دے ہم پر سلامتی اور اسلام اور یقین اور ایمان اور نیکی اور تقویٰ

وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور ایسی توفیق جو تجھے پسند اور تیری رضا کے قابل ہو اے اللہ رحمت نازل فرما محمد ﷺ اور آل محمدؑ پر

ماہانہ جدول: روایت میں ہے کہ چاند سے نظر ہٹا کر درج ذیل جدول میں تحریر شدہ اشیاء میں سے کسی ایک کو دیکھے اور اُس ماہ کی سورہ کو پڑھے گا تو اس ماہ کی نحوست سعادت میں بدل جائیگی

محرم الحرام — سورۂ کہف (پارہ ۱۵) سبزہ۔ سونا۔ چاندی۔ فیروزہ	صفر المظفر — سورۂ شوریٰ (پارہ ۲۵) آئینہ۔ پانی۔ انگوٹھی۔ ہتھیلی	ربیع الاوّل — سورۂ مجادلہ (پارہ ۲۸) آئینہ۔ جاری پانی۔ اچھی صورت
ربیع الثانی — سورۂ ملک (پارہ ۲۹) چوپائے۔ جاری پانی۔ موتی	جمادی الاوّل — سورۂ مزمل (پارہ ۲۹) قرآن مجید۔ بیٹے کی صورت۔ چاندی	جمادی الثانی — سورۂ مدثر (پارہ ۲۹) جواہر۔ روپیہ۔ ہتھیلی۔ زمین
رجب المرجب — سورۂ یٰسین (پارہ ۲۲) قرآن۔ دوات۔ فیروزہ۔ پھول	شعبان المعظم — سورۂ جن (پارہ ۲۹) صورت عالم۔ رنگین کپڑا۔ خوبصورت عورت	رمضان المبارک — سورۂ محمد (پارہ ۲۶) تلوار۔ بزرگ عالم۔ قرآن مجید
شوال المکرم — سورۂ فتح (پارہ ۲۶) خوبصورت عورت۔ فیروزہ۔ جاری پانی۔ سبزہ	ذیقعدۃ الحرام — سورۂ نساء (پارہ ۴) آئینہ۔ رنگین کپڑا۔ خوبصورت بچہ	ذوالحجۃ الحرام — سورۂ حجر (پارہ ۱۴) تالاب۔ بھیڑ۔ گھوڑا۔ موتی۔ جاری پانی

نماز اوّل ماہ

☆ روایت میں ہے کہ ہر ماہ کی پہلی تاریخ دو رکعت نماز پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورۂ توحید اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورۂ قدر پڑھے۔
☆ نماز کے بعد کچھ صدقہ دے انشاء اللہ اس ماہ میں جمیع آفات سے سلامتی میں رہیگا۔
☆ نماز اوّل ماہ کے بعد درج ذیل آیاتِ قرآنی کا پڑھنا مستحب ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُھَا وَیَعْلَمُ مُسْتَقَرَّھَا

زمین میں کوئی ایسا چلنے والا نہیں مگر یہ کہ اس کا رزق اللہ کے ذمہ ہے اور جو اس کی قیام گاہ

وَمُسْتَوْدَعَھَا ؕ كُلٌّ فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ۞ وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا

اور مقام حرکت کو جانتا ہے یہ سب کتاب مبین میں ہے (ہود:۶) اور اگر اللہ تجھے ضرر پہنچانا چاہے تو اسے ٹالنے والا

كَاشِفَ لَہٗۤ اِلَّا ھُوَ ۚ وَاِنْ یُّرِدْكَ بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِہٖ ؕ یُصِیْبُ بِہٖ

کوئی نہیں سوائے اسی کے اور اگر وہ تیرے لیے بھلائی کا ارادہ کرلے تو اسکا رد کرنیوالا کوئی نہیں اسکے فضل سے اس کے بندوں

مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ ؕ وَھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۞ سَیَجْعَلُ اللّٰہُ بَعْدَ

تک پہنچتا ہے جو وہ چاہے اور وہ غفور رحیم ہے (یونس:۱۰۷) بہت جلد اللہ تعالیٰ سختی کے بعد

عُسْرٍ یُّسْرًا ۞ مَا شَآءَ اللّٰہُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۚ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ

فراغت و آسانی دے گا (طلاق:۷) جو اللہ چاہتا ہے اللہ کے سوا کوئی طاقت نہیں (کہف:۳۹) ہمیں اللہ کافی ہے اور

الْوَكِیْلُ ۞ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۞ لَآ اِلٰہَ

جو بہترین کارساز ہے (آل عمران:۱۷۳) اور میں اپنا معاملہ اللہ کو سونپتا ہوں بیشک اللہ بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے (مومن:۴۴) کوئی معبود

اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۞ رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ

نہیں تیرے سوا تو پاک ہے بیشک میں ہی ظالموں (گنہگاروں) میں سے ہوں (انبیاء:۸۷) اے پروردگار تو نے جو کچھ بھلائی مجھ پر

اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ۞ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۞

نازل کی اس کا میں محتاج تھا (القصص:۲۴) اے پروردگار مجھے تنہا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہترین وارث ہے (انبیاء:۸۹)

اعمال شب عاشور

☆ امام جعفر صادقؑ کا ارشاد ہے کہ جو شخص شب عاشور گریہ وزاری کیساتھ شب بیداری کرے اور عبادت الٰہی میں مشغول رہے تو وہ بروز قیامت شہدائے کربلا کی طرح اپنے خون میں آلودہ محشور ہوگا
☆ روایت میں ہے کہ اس رات میں کی گئی عبادت ستر سال کی عبادت کے برابر ہے۔
☆ اس رات ذکرِ الٰہی و قرآن مجید کی تلاوت کرنا مغفرت و بخشش کا موجب ہے۔
☆ کتاب مصباح کفعمیؒ میں حضرت امام زین العابدین علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جو کوئی شب عاشور (اور روز عاشور) چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے گا تو اسکے پچاس سال کے گناہانِ صغیرہ و کبیرہ بخشے جائیں گے ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد پچاس مرتبہ سورۂ توحید پڑھے۔
☆ نماز کے بعد درج ذیل تسبیحات مع ذکر اور استغفار ستر مرتبہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَكْبَرُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے پاک ہے اللہ اور حمد اللہ ہی کے لئے ہیں اور نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ بزرگ تر ہے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

اور نہیں کوئی حرکت و قوت ماسوائے اللہ بلند برتر صاحب عظمت کے میں مغفرت چاہتا ہوں اپنے رب اللہ سے اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

☆ اس رات شب بیداری کے ساتھ درج ذیل کلمات کا پڑھنا اجرِ عظیم اور خوشنودیٔ امامِ مظلومؑ کا موجب ہے

یَا لَیْتَنِیْ كُنْتُ مَعَكُمْ فَاَفُوْزَ مَعَكُمْ فَوْزًا عَظِیْمًا اے کاش میں آپ کے ساتھ ہوتا میں بھی کامیاب ہوتا بہت زیادہ کامیاب

☆ اس رات امام حسین علیہ السّلام اور شہدائے کربلا کے قاتلوں پر اس طرح لعنت بھیجے۔

اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَةَ الْحُسَیْنِ وَاَصْحَابِہٖ۔ اے اللہ امام حسینؑ اور انکے اصحاب کے قاتلوں پر لعنت بھیج

فضیلت زیارت: حضرت امام جعفر صادقؑ کا ارشاد ہے کہ جو شخص شب عاشور (اور روز عاشور) زیارت امام حسینؑ بجالائے تو ایسا ہے کہ گویا وہ آپ کی نصرت میں آپ کے سامنے شہید ہوا ہو۔

طریقہ: آستین کو کہنیوں تک اُلٹ کر سر ننگے گریبان کھول کر زیرآسمان باچشم گریہ کربلا کی طرف انگلی سے اشارہ کر کے یہ درج ذیل مختصر زیارت یا زیارت وارث جو صفحہ (۱۷۸) پر درج ہے پڑھے زیارت کے بعد دو رکعت نماز بجالائے۔

مختصر زیارت امام حسینؑ

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا ابْنَ

اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّھْرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَكَاتُہٗ

اعمال روز عاشور

☆ روزِ عاشور امام حسینؑ اور ان کے اصحاب کی شہادت کا دن ہے یہ دن مومنین کیلئے حزن و ملال کا دن ہے اس دن جو دنیاوی کام کیا جائے اس میں برکت نہ ہوگی۔ اس روز عزادار بغیر روزہ کی نیت سے فاقہ کریں اور بعد عصر فاقہ شکنی کریں آستین الٹ دیں گریبان چاک رکھیں غم امام حسینؑ میں رونا سنت رسول اکرم ﷺ ہے جو کوئی اس روز گریہ و بکا میں مصروف رہے گا بروز قیامت اسے آنحضرت ﷺ کی شفاعت نصیب ہوگی۔ حضرت امام رضاؑ نے فرمایا کہ جو شخص روز عاشور کو مصیبت و غم کا دن قرار دے گا تو اللہ تعالیٰ بروز قیامت اس کے لئے خوشی کا دن قرار دیگا۔
☆ روایت میں ہے کہ اگر کوئی شخص آج کے دن لوگوں کو پانی پلاتا رہے تو اس شخص کی مانند ہوگا جس نے حضرت امام حسینؑ کے لشکر کو پانی پلایا اور آپ کے ساتھ کربلا میں موجود رہا ہو۔
☆ کتاب مصباح میں حضرت امام زین العابدین علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جو کوئی روز عاشور چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے گا تو اسکے پچاس سال کے گناہانِ صغیرہ و کبیرہ بخشے جائیں گے ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد پچاس مرتبہ سورۂ توحید پڑھے۔
☆ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ اگر کوئی روز عاشور ہزار مرتبہ سورۂ توحید پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص پر نظرِ رحمت فرمائیگا حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص بروز عاشور حضرت امام حسینؑ کے قاتلوں پر ہزار مرتبہ اس طرح لعنت کرے گا تو اسے اجرِ عظیم نصیب ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَةَ الْحُسَیْنِ وَاَصْحَابِہٖ۔ اے اللہ امام حسینؑ اور انکے اصحاب کے قاتلوں پر لعنت بھیج

خاص عمل: حضرت امامِ حسینؑ کی طرح عزادار بھی بوقت لاشِ علی اصغرؑ خیمہ لے جانے کی نیت سے جس طرح امام مظلوم نے چند قدم آگے بڑھتے اور چند قدم پیچھے ہٹتے پڑھا تھا یہ نوحہ پڑھے

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّاۤ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ رِضًا بِقَضَآئِہٖ وَتَسْلِیْمًا لِاَمْرِہٖ

بیشک ہم اللہ کیلئے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ہم راضی ہیں اس کی قضا پر اور تسلیم شدہ ہیں اسکے امر پر

☆ روزِ عاشور بوقت زوال آفتاب زیرآسمان سو مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھنا سال بھر کی سلامتی کا موجب ہے
☆ اس دن زیارتِ وارث زیارتِ عاشور اور دعائے علقمہ کا پڑھنا انصارانِ امام میں سے ہونے کا سبب ہے

زیارت امام حسینؑ: بروز عاشور عزادار سر اور پاؤں ننگے آستین الٹ کر اور گریبان چاک کر کے زیرآسمان مختصر زیارت امام حسینؑ جو صفحہ (۲۴۳) پر یا زیارت وارث جو صفحہ (۱۷۸) پر درج ہے پڑھے

سلامتی سال کیلئے: اپنی سال بھر کی سلامتی کیلئے یہ دُعا عاشورہ کے دن (بعد عصر) دس مرتبہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْحُسَیْنِ وَجَدِّہٖ وَاَبِیْہِ وَاُمِّہٖ وَاَخِیْہِ فَرِّجْ عَنِّیْ مَاۤ اَنَا فِیْہِ

اے اللہ میں تجھ سے حسینؑ انکے نانا انکے والد انکی والدہ اور انکے بھائی کے حق کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ میں جس مشکل میں ہوں اس سے مجھے نجات دے

اعمال ماہِ صفر

☆ محدث قمی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ ماہ صفر نحوست کے اعتبار سے بہت ہی سخت ہے۔
☆ اس ماہ میں اہل بیت رسول ﷺ کو قید کر کے دربار یزید میں لایا گیا اور قید میں رکھا گیا
☆ اس ماہ کے ساتویں روزِ ولادتِ امام موسیٰ کاظمؑ اور سترھویں تاریخ شہادتِ حضرت امام علی رضاؑ اور بیسویں تاریخ چہلم سید الشہداء آء ہے اٹھائیسویں تاریخ وصال حضرت رسول اکرم ﷺ اور امام حسنؑ ہے ان تاریخوں میں زیارتِ جامعہ پڑھنا اجرِ عظیم کا موجب ہے۔
☆ نحوست ماہ کے اثرات سے بچنے کیلئے صدقہ دیں اور ازالۂ نحوست کیلئے ہر روز یہ دعا پڑھیں۔

دعائے ماہِ صفر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا شَدِيْدَ الْقُوٰى وَيَا شَدِيْدَ الْمِحَالِ يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے زبردست قوتوں والے اور اے سخت گرفت والے اے غالب اے غالب اے غالب

ذَلَّتْ بِعَظَمَتِكَ جَمِيْعُ خَلْقِكَ فَاكْفِنِيْ شَرَّ خَلْقِكَ يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ

تیری بڑائی کے آگے تیری ساری مخلوق پست ہے پس مجھے اپنی مخلوق کے شر سے بچائے رکھ اے احسان کرنے والے اے نیکی دینے والے اے نعمت دینے والے

يَا مُفْضِلُ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنَاهُ

اے فضل والے نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو پاک ہے بیشک میں ظالموں میں سے ہوں پس ہم نے اس کی دعا قبول کی اسے

مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ

غم سے نجات دی اور ہم مومنوں کو اسی طرح نجات دیتے ہیں اور اللہ رحمت نازل کرے محمدؐ اور ان کی آل پر جو پاک و پاکیزہ ہیں

گیارہ سال عمر بڑھے: بحوالہ گنج ہائے معنوی ملا محمد باقر فشارکی مرحوم نے اپنے رسالہ ''اعمال ماہ رجب و شعبان و رمضان'' میں مختلف کتابوں کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ اگر کوئی ''ماہ صفر'' کے آخری جمعہ کو یہ دعا پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی عمر میں گیارہ سال کا اضافہ فرمائے گا

يَا اَجَلَّ مِنْ كُلِّ جَلِيْلٍ يَا اَكْرَمَ مِنْ كُلِّ كَرِيْمٍ يَا اَعَزَّ مِنْ كُلِّ عَزِيْزٍ اَغِثْنِيْ

اے جلال والوں میں سے زیادہ جلال والے اے کرم کرنیوالوں میں سے زیادہ کرم کرنیوالے اے عزت والوں میں سب سے زیادہ عزت والے میری مدد فرما

يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ بِفَضْلِكَ وَجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ وَمُدَّ عُمْرَنَا وَهَبْ

اے فریاد کرنیوالوں کے فریاد رس اپنے فضل اور جود اور کرم سے اور ہماری عمر دراز فرما اور عنایت فرما

اعمال ربیع الاوّل

☆ اس ماہ کی پہلی رات ''شب ہجرت'' سے موسوم ہے اس دن روزہ رکھنا مستحب ہے۔
☆ اس دن زیارت رسول اکرم ﷺ اور زیارت امیر المومنینؑ پڑھنا اجر عظیم کا موجب ہے
☆ اس ماہ کی نویں کو (عید شجاع) ہے کہ اس دن عمر بن سعد قاتل امام حسینؑ واصل جہنم ہوا۔
☆ یہ دن امام العصرؑ کی ''جانشینی'' کا دن ہے نہایت خوشی کا دن ہے عمدہ لباس پہننا خوشبو لگانا اور عید منانا ثواب عظیم رکھتا ہے اس دن حضرت امام حسن عسکریؑ اور امام العصرؑ کی زیارت پڑھنا مستحب ہے۔
☆ اس ماہ کی بارہ تاریخ کو اہل سنت کی مشہور روایت کے مطابق حضرت رسول اکرم ﷺ کی ولادت ہے۔ اس ماہ کی سترہویں تاریخ کو شیعہ امامیہ کے مشہور قول کے مطابق حضرت رسول اکرم ﷺ اور حضرت امام جعفر صادقؑ کی ولادت ہے ان دنوں میں روزے کا ثواب ایک سال کے روزوں کے برابر ہے نیز اس دن غسل کرنا، اچھا لباس زیب تن کرنا، اظہار مسرت اور صدقہ و اعمال خیر بجا لانا قرب الٰہی اور حصول جنت کا موجب ہے۔
☆ ۱۷ ربیع الاول کو حضرت رسول اکرم ﷺ اور حضرت امام جعفر صادقؑ کی زیارت پڑھنا مستحب ہے
☆ اس دن بوقت چاشت دو رکعت نماز بجا لائے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ قدر اور دس مرتبہ سورۂ توحید پڑھے۔

اعمال ربیع الثانی و جمادی الاوّل

☆ ربیع الثانی کی دسویں تاریخ کو حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی ولادت ہے۔
☆ جمادی الاوّل کی تیسری کو حضرت امام زین العابدینؑ کی ولادت ہے یہ دن بہت مبارک ہے
☆ ان دنوں میں روزہ رکھنا، صدقہ دینا، عبادات بجا لانا اور زیارت جامعہ پڑھنا مستحب ہے

جمادی الثانی

☆ اس ماہ کی تیسری تاریخ کو حضرت فاطمۃ الزہراؑ کی شہادت ہے اس روز آپ کی زیارت جو صفحہ نمبر (۳۱۰) پر درج ہے پڑھے اور آپ کے مصائب کا ذکر کرنا اجر عظیم کا موجب ہے۔
☆ اس ماہ کی بیسویں تاریخ کو حضرت فاطمۃ الزہراءؑ کی ولادت باسعادت ہے اس روز خوشی منانا روزہ رکھنا، صدقہ دینا اور زیارت حضرت فاطمۃ الزہراء پڑھنا مستحب ہے۔

اعمال ماہِ رجب

فضیلت: حضرت رسولِ اکرم ﷺ نے فرمایا کہ رجب میری امت کیلئے استغفار کا مہینہ ہے
☆ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس ماہ میں میری امت پر اللہ تعالیٰ کی رحمت بہت زیادہ برستی ہے جو اس ماہ میں ایک رات عبادت کیلئے جاگے گا وہ جہنم کی آگ سے آزاد ہوگا۔
☆ حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ جو کوئی اوّل رجب درمیان اور آخر میں روزے رکھے گا اس کے تمام آئندہ و گذشتہ گناہ بخشے جائیں گے اور سال بھر کے روزوں کا ثواب عطا ہوگا۔
☆ کتاب تحفۃ المومنین میں آئمہ علیہم السلام سے منقول ہے کہ ستائیسویں رجب کے روزے کا ثواب ستر سال کے روزوں کے برابر ہے۔ ☆ اس تمام ماہ میں ہزار مرتبہ سورۂ توحید اور ہزار مرتبہ کلمہ (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) پڑھنا حصول جنت کا موجب ہے۔
☆ کتاب ادعیہ جلالیہ میں حضرت رسولِ اکرم ﷺ سے دو رکعت نماز ماہِ رجب کی تمام راتوں کے متعلق روایت ہوئی ہے ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۃ الکافرون اور ایک مرتبہ سورۂ توحید پڑھے تو اللہ تعالیٰ ساٹھ حج اور ساٹھ عمروں کا ثواب عطا فرمائے گا۔
☆ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص رجب میں جمعہ کے روز نمازِ ظہر اور عصر کے درمیان چار رکعت نماز پڑھے جس کی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ الحمد سات مرتبہ آیت الکرسی اور پانچ مرتبہ سورۂ توحید پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس دن سے اس کی موت تک ہر روز اس کے لئے ایک ہزار نیکیاں لکھے گا ہر آیت کے بدلے اسے جنت میں یاقوت سرخ کا شہر عنایت فرمائیگا ہر حرف کے بدلے سفید موتیوں کا محل عطا کریگا حور العین سے اس کی تزویج کریگا اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔

استغفار: اس ماہ میں صبح و شام ستر مرتبہ استغفار کرنے والے کا درجہ انتہائی بلند ہوگا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَاَسْئَلُهُ التَّوْبَةَ

بخشش چاہتا ہوں اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اور اس سے توبہ کا سوالی ہوں

استغفار: روایت میں ہے کہ اگر کوئی درج شدہ استغفار کو ہر روز ورد بزبان رکھے گا تو اسکی بخشش یقینی ہے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اے اللہ مجھے بخش دے اور میری توبہ قبول فرما

دعائے ماہِ رجب

☆ روایت میں ہے کہ جو شخص ماہ رجب میں اپنی نمازوں میں یہ دعا پڑھیگا تو ماہِ رجب کی برکات سے مالامال ہوگا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا مَنْ اَرْجُوْهُ لِكُلِّ خَيْرٍ وَّاٰمَنُ سَخَطَهٗ عِنْدَ كُلِّ شَرٍّ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے وہ جس سے میں ہر بھلائی کی امید رکھتا ہوں اور ہر برائی کے وقت اسکے غضب سے امان میں ہوں

يَا مَنْ يُّعْطِي الْكَثِيْرَ بِالْقَلِيْلِ يَا مَنْ يُّعْطِيْ مَنْ سَئَلَهٗ يَا مَنْ يُّعْطِيْ مَنْ لَّمْ

اے وہ جو تھوڑے عمل پر زیادہ اجر دیتا ہے اے وہ جو ہر سوال کرنیوالے کو دیتا ہے اے وہ جو اسے بھی دیتا ہے جو

يَسْئَلْهُ وَمَنْ لَّمْ يَعْرِفْهُ تَحَنُّنًا مِّنْهُ وَرَحْمَةً اَعْطِنِيْ بِمَسْئَلَتِيْ اِيَّاكَ جَمِيْعَ خَيْرِ

سوال نہیں کرتا اور (اسے بھی دیتا ہے) جو اسے نہیں پہچانتا اس پر بھی رحم و کرم کرتا ہے تو مجھے بھی میرے سوال پر دنیا اور آخرت کی تمام

الدُّنْيَا وَجَمِيْعَ خَيْرِ الْاٰخِرَةِ وَاصْرِفْ عَنِّيْ بِمَسْئَلَتِيْ اِيَّاكَ جَمِيْعَ شَرِّ الدُّنْيَا

بھلائیاں اور نیکیاں عطا فرما دے اور میری طلب گاری پر دنیا اور آخرت کی تمام تکلیفیں اور مشکلیں دور کر کے

وَشَرِّ الْاٰخِرَةِ فَاِنَّهٗ غَيْرُ مَنْقُوْصٍ مَّا اَعْطَيْتَ وَزِدْنِيْ مِنْ فَضْلِكَ يَا كَرِيْمُ

مجھے محفوظ فرما دے کیونکہ تو جتنا عطا کرے تیرے ہاں کمی نہیں ہوتی اور اے کریم مجھ پر اپنے فضل میں اضافہ فرما

☆ اسکے بعد داہنی مٹھی سے ڈاڑھی پکڑ کر شہادت کی انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے یہ دعا پڑھیں

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا ذَا النَّعْمَاۤءِ وَالْجُوْدِ يَا ذَا الْمَنِّ وَالطَّوْلِ حَرِّمْ شَيْبَتِيْ عَلَى النَّارِ

اے صاحب جلال و اکرام اے نعمتیں عطا کرنیوالے سخی اے صاحب احسان و عطا میری ڈاڑھی کے بالوں کو آگ (دوزخ) پر حرام فرما دے

دعائے وسعت: امام محمد باقرؑ نے فرمایا یہ دعا پڑھو کہ تمام امور میں وسعت کیلئے عجیب مقام رکھتی ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اَوْسِعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ وَامْدُدْ لِيْ فِيْ عُمُرِيْ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے معبود میرا رزق فراواں کر دے اور میری عمر میں طوالت دے

وَاغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ تَنْتَصِرُ بِهٖ لِدِيْنِكَ وَلَا تَسْتَبْدِلْ بِيْ غَيْرِيْ

اور میرے گناہ معاف کر دے اور مجھے ان لوگوں میں رکھ جن کے ذریعے تو دین کی مدد کرتا ہے اور میری جگہ کسی اور کو نہ لانا

اعمالِ ماہِ شعبان

☆ اس ماہ میں ستر مرتبہ استغفار کرنا دوسرے مہینوں میں ستر ہزار مرتبہ استغفار کرنے کے برابر ہے۔

استغفار: معتبر روایت میں ہے کہ ماہ شعبان المعظم کے دنوں میں ہر روز ستر مرتبہ یہ استغفار پڑھے

أَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِي لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ الْحَيُّ الْقَيُّومُ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ

میں مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ رحمٰن، رحیم، زندہ و پائندہ ہے اور میں اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

استغفار: معتبر روایت میں ہے کہ شعبان میں یہ استغفار بہت زیادہ پڑھنی چاہیے۔

أَسْتَغْفِرُ اللهَ وَأَسْئَلُهُ التَّوْبَةَ (میں اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں اور اس سے توبہ کا سوال کرتا ہوں)

☆ معتبر روایت میں ہے کہ ماہِ شعبان میں درج ذیل دعا کو ہزار بار پڑھے۔

لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَلَا نَعْبُدُ إِلَّآ إِيَّاهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ

اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں ہم اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے اس کے دین سے مخلص ہیں اگرچہ مشرکین کو ناپسند ہو

فضیلت شب نیمۂ شعبان

☆ پندرہ شعبان کی رات حضرت امام مہدی علیہ السلام کی ولادت باسعادت کی شب ہے

☆ اس کو شب برأت (جہنم سے خلاصی کی رات) بھی کہا جاتا ہے۔

☆ حضرات امامین صادقین علیہما السلام سے شب نیمۂ شعبان کی فضیلت کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ شب قدر کے بعد یہ رات سب راتوں سے افضل ہے۔

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ وہ رات ہے کہ جس رات کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کی قسم کھائی ہے کہ وہ اس رات میں کسی کو بھی اپنی بارگاہ سے خالی نہ لوٹائے گا

☆ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اس رات روزی تقسیم ہوتی ہے اور اجل لکھی جاتی ہے اسی رات حاجیوں کے نام لکھے جاتے ہیں اور ہاتف کی طرف سے ندا آتی ہے کہ ہے کوئی جو اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرے تاکہ میں اسے بخش دوں ہے کوئی جو روزی طلب کرے تو اضافہ کروں؟

اعمال شب نیمۂ شعبان

☆ شب برأت کا معنٰی آزادی کی رات ہے اس رات اعمال کیساتھ شب بیداری کرنے والا جہنم کی آگ سے آزاد ہو جاتا ہے

☆ شبِ برأت میں غسل کرنا سنتِ مؤکدہ ہے اس غسل کے کرنے سے گناہ جھڑتے ہیں۔

☆ بحار الانوار میں ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس رات نماز اور دعا میں بسر کرو اور دن کو روزہ رکھو کیونکہ اس طرح آتشِ دوزخ سے نجات ملتی ہے۔

☆ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس رات تلاوتِ قرآن مجید اجرِ عظیم کی حامل ہے۔

☆ اس رات عبادت میں مشغول رہ کر شب بیداری کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔

☆ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس رات عبادت میں بیدار رہے گا تو اس کا دل اس دن (بروز قیامت) نہیں مرے گا جب کہ دوسرے دل مردہ ہوں گے۔

☆ اس رات دو رکعت نماز "نمازِ امام زمانہ" کی فضیلت وارد ہوئی ہے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد میں إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ کو سو مرتبہ تکرار کے ساتھ سورہ مکمل کر کے دوسری سورہ پڑھے

نیت: دو رکعت نماز شب برأت (نیمۂ شعبان) پڑھتا / پڑھتی ہوں قُرْبَةً إِلَى اللهِ

☆ نماز کے بعد بلا فاصلہ تسبیح حضرت فاطمۃ الزہرآء علیہا السلام پڑھے۔

☆ اس رات چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورۂ توحید پڑھے کہ اس نماز کے بجالانے والا بخشش کے ساتھ جہنم کی آگ سے آزاد ہو جاتا ہے۔

دعائے سجدہ

☆ بحار الانوار میں ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس رات نماز کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر یہ دعا پڑھنا گناہوں کی مغفرت کا موجب ہے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○ اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدَ سَوَادِي وَخَيَالِي وَبَيَاضِي

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے اللہ میرے بدن کے سجدے شب و روز بلکہ ہر دم تیرے لئے ہی ہیں

يَا عَظِيمَ كُلِّ عَظِيمٍ اِغْفِرْ لِي ذَنْبِيَ الْعَظِيمَ فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُهُ غَيْرُكَ يَا عَظِيمُ

اے ہر عظیم سے زیادہ عظمت والے میرے گناہ بخش دے جو بہت زیادہ ہیں کیونکہ تیرے علاوہ بخشنے والا کوئی نہیں اے بزرگی والے

دعائے شب برأت

☆ دعائے سجدہ کے بعد خضوع و خشوع کے ساتھ ہاتھوں کو بلند کر کے دعائے شب برأت پڑھے

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○ اَللّٰهُمَّ إِنِّي إِلَيْكَ فَقِيرٌ وَمِنْ عَذَابِكَ خَائِفٌ مُسْتَجِيرٌ اَللّٰهُمَّ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے معبود میں تیرا محتاج ہوں اور تیرے عذاب سے خوف رکھتا ہوں اور اس سے پناہ ڈھونڈتا ہوں اے معبود

لَا تُبَدِّلِ اسْمِي وَلَا تُغَيِّرْ جِسْمِي وَلَا تَجْهَدْ بَلَآئِي وَلَا تُشْمِتْ بِي أَعْدَآئِي أَعُوذُ بِعَفْوِكَ

میرا نام تبدیل نہ کرنا اور میرے جسم کو دگرگوں نہ فرمانا میری آزمائش کو سخت نہ بنانا اور میرے دشمنوں کو مجھ پر خوشی نہ دینا میں پناہ مانگتا ہوں تیرے عفو کی

مِنْ عِقَابِكَ وَأَعُوذُ بِرَحْمَتِكَ مِنْ عَذَابِكَ وَأَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَأَعُوذُ

تیرے عذاب سے میں پناہ مانگتا ہوں تیری رحمت کی تیری سزا سے میں پناہ مانگتا ہوں تیری رضا کی تیری ناراضگی سے اور میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

بِكَ مِنْكَ جَلَّ ثَنَاؤُكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ وَفَوْقَ مَا يَقُولُ الْقَائِلُونَ

تیرے ہی ذریعے سے کہ تیری تعریف روشن ہے جب کہ تو نے خود ہی اپنی تعریف کی ہے جو تعریف کرنے والوں کے قول سے بلند تر ہے

☆ امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ اس رات نماز حضرت جعفر طیارؑ پڑھنا اجرِ عظیم رکھتا ہے۔

☆ اس رات دعائے کمیل اور زیارت امام حسینؑ پڑھنے کا بہت ثواب ہے۔

فضیلت زیارت: اس رات زیارتِ امام حسینؑ (زیارت وارث) پڑھنا سب اعمال سے افضل ہے

☆ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر کوئی یہ چاہے کہ وہ انبیاء علیہم السلام سے مصافحہ کرے تو اس رات زیارتِ امام حسین علیہ السلام پڑھے۔

☆ پس زیر آسمان ننگے سر ہو کر یہ مختصر زیارت امام حسینؑ پڑھے یا زیارتِ وارث جو صفحہ نمبر (۱۷۸) پر درج ہے پڑھے زیارت کے بعد دو رکعت نماز بجالائے۔

مختصر زیارت امام حسینؑ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَبَا عَبْدِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُولِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ

منتخب عملیات شب نیمۂ شعبان

عمل تسبیحات اربعہ: امام محمد باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی اس رات سو مرتبہ سُبْحَانَ اللهِ سو مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سو مرتبہ اَللهُ أَكْبَرُ سو مرتبہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ پڑھے گا تو اس کے تمام گذشتہ گناہ بخشے جائیں گے۔

عمل برائے مغفرت: جو کوئی شب نیمۂ شعبان میں سو مرتبہ درج ذیل وظیفہ پڑھے گا تو اس کی مغفرت کے آثار ظاہر ہوں گے نیز جو کوئی روزِ پندرہ شعبان کو نمازِ عصر کے بعد اسے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو بخشے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں داخل کرے گا۔

يَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِي (اے سب سے زیادہ بخشنے والے مجھے بخش دے)

عمل حفاظت نفس: علامہ میر داماد مرحوم کے شاگرد خاص سیّد اسماعیل بحرینی سے منقول ہے کہ یہ عمل ایک راز کی حیثیت رکھتا ہے ☆ ایک مٹھی چنے لے کر ہر دانے پر ایک مرتبہ سورۂ توحید اور تین مرتبہ صلوات پڑھ کر پکایا جائے پھر ان میں سے ہر ایک شخص سات دانے کھائے تو آئندہ نیمۂ شعبان تک تمام امراض اور ناگہانی موت سے محفوظ رہے گا۔

عمل برائے حاجات: بحوالہ ادعیہ جلالیہ سیّد اسماعیل بحرینی نے فرمایا کہ نیمۂ شعبان میں تین مرتبہ سورۂ یٰس ان درج ذیل حاجات کی نیت سے پڑھے۔

(۱) برائے طول حیات (۲) برائے تندرستیٔ بدن (۳) برائے بے نیازی از مخلوق

☆ سورۂ یٰس کے بعد سو مرتبہ درج ذیل تسبیحاتِ اربعہ پڑھے اور لطفِ خفی کا مشاہدہ کرے۔

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ

برائے وبائی امراض: بحوالہ ادعیہ جلالیہ نیمۂ شعبان بعد از نماز مغرب اوّل و آخر صلوات کیساتھ اکیس مرتبہ درج ذیل دعا پڑھے گا تو آئندہ سال تک ہر قسم کے وبائی امراض سے محفوظ رہیگا

اَلْأَمَانُ مِنَ الطَّاعُونِ وَالْوَبَاءِ وَمَوْتِ الْفُجَاةِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ

پناہ ہو طاعون سے اور وبا سے اور ناگہانی موت سے اور بری قضا سے

اعمال ماہِ رمضان

☆ محدث قمی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ ماہ رمضان میں بہترین عمل قرآن مجید کی تلاوت ہے۔
☆ ماہ رمضان میں قرآن مجید کی ایک آیت کی تلاوت دوسرے مہینوں کے پورے قرآن ختم کرنے کے برابر ہے
☆ اگر ہر روز کی تلاوت کو کسی ایک چہاردہ معصومین علیہم السلام سے منسوب کرتے ہوئے انکے ارواح مقدسہ کو ہدیہ کرے تو ان کے جوارِ مقدس میں ہونے کے ساتھ انکے ساتھ محشور ہوگا۔
☆ مستحب ہے کہ ماہ رمضان میں ہزار رکعت نوافل دو دو رکعت کر کے پڑھا کرے۔
تفصیل: پہلی سے بیسویں تک نماز مغرب کے بعد آٹھ اور نماز عشاء کے بعد بارہ رکعتیں پڑھے
☆ اکیسویں سے تیسویں تک نماز مغرب کے بعد آٹھ اور نماز عشاء کے بعد بائیس رکعتیں پڑھے انکا مجموعہ سات سو رکعتیں بن جائیگا تین سو رکعتیں شب قدر کی تین راتوں کیساتھ ایک ہزار رکعتیں مکمل ہوجائینگی
☆ کتاب ادعیہ جلالیہ میں محدث قمیؒ اور بلد الامین میں کفعمیؒ سے منقول ہے کہ ماہِ رمضان کی ہر شب دو رکعت نماز اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ توحید پڑھے جو اس نماز کو پڑھیگا تو اللہ اسکے ستر ہزار گناہ معاف فرمائیگا اور نماز کے بعد یہ درجِ ذیل دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ حَفِیْظٌ لَّا یَغْفُلُ سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے پاک تر ہے وہ (اللہ) جو ایسا نگہبان ہے کہ غافل نہیں ہوتا پاک تر ہے

رَحِیْمٌ لَّا یَعْجَلُ سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ قَائِمٌ لَّا یَسْھُوْ سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ دَائِمٌ لَا یَلْھُوْ

وہ مہربان جو جلدی نہیں کرتا پاک تر ہے وہ قائم جو کبھی بھولتا نہیں پاک تر ہے وہ ہمیشہ رہنے والا جو کھیل (غیر ضروری کام) میں نہیں پڑتا

☆ اسکے بعد سات مرتبہ یہ کلمات پڑھے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ
☆ اسکے بعد دس مرتبہ صلوات پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اور سات مرتبہ یہ درجِ ذیل دعا پڑھے

سُبْحَانَكَ سُبْحَانَكَ یَا عَظِیْمُ اغْفِرْ لِیَ الذَّنْبَ الْعَظِیْمَ

تو پاک ہے تو پاک ہے اے بڑائی والے میرے بڑے بڑے گناہ معاف کردے

☆ روایت میں ہے کہ جو شخص ماہِ رمضان میں خضوع و خشوع کے ساتھ ہر روز "دعائے مغفرت" جو صفحہ نمبر (۱۶۱) پر درج ہے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اُس کے تمام گناہ معاف فرما دے گا۔

احکام روزہ

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ

اے ایمان والو تم پر روزے فرض ہیں (البقرہ: ۱۸۳)

روزہ: یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور اس کی بارگاہ میں قربت حاصل کرنے کیلئے صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب (شرعی) تک مبطلات روزہ سے پرہیز کرے۔
نیتِ روزہ: نیت میں اتنا ہی کافی ہے کہ شب میں یہ ارادہ کرے کہ میں کل روزہ رکھوں گا، رکھوں گی قُرْبَۃً اِلَی اللّٰہِ بہتر تو یہ ہے کہ شب اوّل میں پورے مہینے کے روزوں کی نیت کرلے۔
مبطلات روزہ: نو چیزیں روزہ کو باطل کرتی ہیں (۱) کھانا پینا (۲) جماع کرنا (۳) استمناء یعنی انسان کوئی ایسا کام کرے جس سے منی نکل آئے (۴) اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ اور آئمہ علیہم السلام پر جھوٹ باندھنا (۵) گرد و غبار کو حلق تک پہنچانا (۶) سر اور چہرے کو پانی میں ڈبونا (غوطہ لگانا) (۷) حالتِ حیض و نفاس یا جنابت پر اذانِ صبح تک باقی رہنا (۸) کسی بہنے والی چیز سے انیما، حقنہ کرنا (۹) جان بوجھ کر قے کرنا
ضروری مسائل: بیماری میں دوا کے لئے انجکشن لگوانا جائز ہے البتہ غذائی کمی یا بھوک کے احساس کو ختم کرنے کے لئے جائز نہیں ہے ☆ ڈرپ کا استعمال چاہے دوا کے لئے ہو یا غذائی کمی دور کرنے کے لیے ہو دونوں صورتوں میں روزہ باطل ہے آنکھ اور ناک میں ڈالنے والے قطروں کا بھی یہی حکم ہے کہ اگر دوا حلق سے نیچے پہنچ رہی ہو تو ناجائز ہے۔
مکروہات روزہ: نو چیزیں روزہ کو مکروہ کرتی ہیں (۱) آنکھ میں دوا ڈالنا یا سرمہ لگانا (۲) ایسا کام کرنا کہ جس سے خون نکل آئے جو کہ کمزوری کا باعث بنے (۳) خوشبو سونگھنا (۴) خشک چیزوں سے حقنہ کرنا (۵) عورت کا پانی میں بیٹھنا (۶) ایسا کام (مسواک) کرنا کہ منہ سے خون نکل آئے (۷) درخت کی تازہ مسواک کرنا (۸) بغیر وجہ پانی یا کسی چیز کا منہ میں ڈالنا (۹) عورت (زوجہ) سے خوش طبعی کرنا۔

دعائے افطار: اَللّٰھُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ وَعَلَیْكَ تَوَکَّلْتُ

اے اللہ! میں نے تیرے لیے روزہ رکھا اور تیرے رزق پر افطار کیا اور تجھ پر میں نے بھروسہ کیا

اعمال ماہ ذُوالقعدہ

☆ یہ مہینہ دعاؤں کے قبول ہونے کا مہینہ ہے اس ماہ کی پہلی جمعرات اور ہفتے کا روزہ رکھنا نوسو سال کی عبادت کے برابر فضیلت رکھتا ہے اس ماہ کی پچیسویں کے روزے کا ثواب ساٹھ مہینوں کے روزوں کے برابر اور ستر سال کی عبادت کا نعم البدل ہے (ثواب الاعمال)
☆ حضرت رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ اتوار کے دن غسل اور وضو کر کے چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے تو اس کے تمام گناہ مٹا دیئے جائیں گے اور وہ ایمان کے ساتھ مرے گا اس کا رزق وسیع ہوگا اور موت کے وقت ملک الموت نرمی کرے گا۔
☆ اس نماز کا پڑھنا نہایت ہی اجر عظیم کا موجب ہے اس نماز کے پڑھنے والے کی توبہ قبول ہوگی۔
طریقہ: ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ توحید اور ایک مرتبہ سورۂ فلق ایک مرتبہ سورۂ والناس پڑھے نماز کے بعد ستر مرتبہ یہ استغفار پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ
☆ نماز اور استغفار کے بعد یہ درجِ ذیل دعا پڑھے کہ موجب مغفرت ہے۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَذُنُوْبَ

نہیں کوئی قوت و حرکت سوائے اللہ بلند بزرگ تر کے اے زبردست اے بہت بخشنے والے بخش دے میرے گناہ اور بخش

جَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

دے تمام مؤمنین اور مؤمنات کے گناہ کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کے بخشنے والا نہیں ہے

اعمال ماہ ذوالحجہ

پہلی ذوالحجہ: اس ماہ کی پہلی تاریخ کو زوال آفتاب سے آدھا گھنٹہ پہلے دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس دس مرتبہ سورۂ توحید و آیت الکرسی اور سورۂ قدر پڑھے
☆ اس دن نماز امیر المؤمنینؑ اور نماز فاطمۃ الزہراؑ کا پڑھنا گناہوں کی بخشش کا موجب ہے۔
☆ بحار الانوار علامہ مجلسیؒ میں حضرت امام موسیٰؑ کاظمؑ کا ارشاد ہے کہ جس نے ماہ ذوالحجہ کی پہلی سے نویں تک روزے رکھے اللہ تعالیٰ اسکے نامۂ اعمال میں اَسّی مہینوں کے روزے لکھے گا۔
☆ اس ماہ کی آٹھویں و نویں اور دسویں کی شب غسل کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔
☆ اس ماہ کی آٹھویں (ترویہ) اور نویں (روزِ عرفہ) کے دن کے روزے کا ثواب ساٹھ سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ (ثواب کثیر ہے)
نویں ذوالحجہ: اس تاریخ کو حضرت امام عالی مقام حسینؑ بن علیؑ کی مکہ سے کربلا روانگی ہوئی تھی
☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ روز عرفہ میرے جدّ امجد حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت پڑھنا اسی طرح ہے کہ وہ شخص بنفس نفیس ایام حج میں بیت اللہ کی زیارت اور کربلا معلّٰی میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت سے شرف یاب ہوا ہو۔
☆ اس دن حضرت امام حسینؑ کی زیارت کرنا ہزار حج اور ہزار عمرہ اور ہزار جہاد کے برابر ہے۔
☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی نویں ماہِ ذوالحجہ میں سو مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ سو مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ سو مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سو مرتبہ سورۂ توحید سو مرتبہ سورۂ قدر سو مرتبہ آیت الکرسی سو مرتبہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اور سو مرتبہ صلوات پڑھے گا تو اہم ترین حاجات اور مہم ترین مقاصد کی برآوری کیلئے بہت عمدہ ہے
دسویں ذوالحجہ: اس تاریخ کی رات اور دن کو غسل کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔
☆ آج کے دن زیارت امام حسین علیہ السلام پڑھنا مستحب ہے۔
☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ شب عید قربان بعد از نماز مغربین اور نماز عید سے پہلے اور بعد میں ان تکبیرات کا جو اگلے صفحہ پر درج ہیں پڑھنا مستحب ہے۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اللہ بزرگ تر ہے اللہ بزرگ تر ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اللہ بزرگ تر ہے اللہ بزرگ تر ہے اور اللہ ہی کیلئے حمد ہے اللہ بزرگ تر ہے

عَلٰی مَا ھَدَانَا اَللّٰہُ اَکْبَرُ عَلٰی مَا رَزَقَنَا مِنْ بَھِیْمَۃِ الْاَنْعَامِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی مَا اَبْلَانَا

کہ اس نے ہمیں ہدایت دی اللہ بزرگ تر ہے کہ اس نے ہمیں روزی دی بے زبان چوپایوں میں سے اور حمد اللہ کیلئے ہے کہ اس نے ہماری آزمائش کی

زنجانی جنتری کا مقبول عام مضمون نظر ثانی کے ساتھ

دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

قرآن پاک حکمت و شفا کی کامل کتاب ہے۔ قرآن پاک کی اصلیت و حقانیت اس سے بڑھ کر کیا ہوگی۔ مسلمانوں میں اختلافات کے باوجود قرآن پاک پر سب متفق اور اسے کلام الٰہی سمجھتے ہیں۔ صدیوں سے ماہرین نقوش و الواح عاملین و منجمین آیات قرآنی کی حرمت کے سبب آیات قرآنی کے اعداد ابجدی قمری نکال کر ان اعداد قرآنی کے نقوش قواعد عملیات کے تحت بنا کر اس سے خود اور اپنے سائلین کو فیض یاب کرتے ہیں۔ یہاں ہم نے قارئین زنجانی جنتری کے لیے قرآن پاک کی 114 سورتوں کے اعداد اور ان سے آسان فیض یابی کا طریقہ دیا ہے۔ کلام ربانی رب ذوالجلال بے مثال کی طرح اپنی نظیر نہیں رکھتا۔ ہر انسانی مشکلات کے حل کے لیے آیات قرآنی سے بنائے گئے نقوش میں شفاء و حکمت ہے۔ درود شریف کے عامل شخص کی دعائیں اور بنائے گئے نقوش زیادہ موثر کام کرتے ہیں۔ نقش بناتے وقت درود شریف پڑھیں اور بنانے کے بعد بھی درود شریف پڑھ کر اس پر دم کریں اور دعا کریں۔ حضرت علی مرتضیٰؑ کا فرمان ہے: "جس کو اللہ تعالیٰ دعا کی توفیق عطا فرما دے وہ شرف قبولیت سے محروم نہیں رہ سکتا۔" (عامل شاہ زنجانی)

نظر ثانی شدہ: نقش لکھنے سے قبل ذیل چند باتوں کا خیال رکھیں اس طرح آپ لمبی چوڑی چلہ کشی کی جان لیوا محنت سے بچ سکتے ہیں۔
☆ طہارت ذہنی جسمانی و لباس پاکیزہ جگہ ☆ معلومات رجال الغیب صفحہ نمبر 154 اور ستاروں کی سعد نظرات جو آپ کو جنتری ہذا صفحہ نمبر 157 پر مل جائیں گی۔ مشک و زعفران کی سیاہی درخت انار کی قلم باریک کاغذ صندل یا گلاب کی اعلیٰ خوشبو مجبوراً عام سیاہی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ نقش لکھتے ہوئے صندل اگربتی روشن کریں۔ اب مثال سے نقش بنانے کا طریقہ واضح کرتا ہوں مثلاً آپ نے شفاء کیلئے سورۃ فاتحہ کا خالی البطن نقش بنانا ہے۔ نقش صرف اُردو ہندسوں میں لکھیں۔ سورۃ فاتحہ کے اعداد 9359 میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اعداد 786 بھی شامل کیئے تو کل اعداد 10145 ملے انہیں 12 پر تقسیم کیا تو 845 آیا اور باقی قسمت 5 بچا اب نقش یوں پُر کریں گے۔ 845 کو خانہ پانچ تک مسلسل جمع کرتے جائیں گے خانہ 6 سے خارج قیمت ہر بار جمع ہوگا۔ تقسیم پر باقی قیمت صفر ہونے پر پھر کوئی عدد جمع نہیں ہوگا۔ سورۃ فاتحہ بمعہ بسم اللہ کا میزان بنائے گئے نقش کے خانوں سے 10145 چیک کر لیں تبھی بنایا گیا نقش درست ہوگا۔ نقش کے خانے میں خالی جگہ مریض کا نام لکھیں، بنائے گئے نقش مریض کو پانی یا دودھ میں گھول کر پلانے کے علاوہ گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں۔ سورۃ فاتحہ اپنے اندر بے پناہ شفاء کی تاثیر رکھتی ہے۔ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ امام حسنؑ اور امام حسینؑ جب کبھی بیمار ہوتے تھے تو سرکار دو عالمؐ سورۃ فاتحہ سے اپنے نواسوں کا علاج فرماتے اور انہیں شفاء ہو جاتی تھی۔ امام ششم جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ میں اس قدر شفاء ہے کہ 70 مرتبہ اگر پڑھ کر کسی مردے پر پھونکی جائے تو بعید نہیں کہ وہ اُٹھ کر زندہ ہو جائے۔ یاد رکھیں کہ جس طرح گلشن سے آنیوالی ہوا پھولوں کی مہک سے متاثر کرتی ہے اسی طرح قرآن جس زبان سے پڑھا جائے اس زبان سے پھونکی گئی ہوا (دم) اور قلم سے کاغذ پر بنایا گیا نقش سو فیصد کام کرتے ہیں۔ بشرطیکہ یقین کامل ہو اور آپ آداب عملیات سے قدرے واقف ہوں۔ اگر آپ کا کسی روحانی سلسلہ سے تمسک قائم ہے تو آپکا فیض روحانی خلق خدا کیلئے بڑھ بھی سکتا ہے۔ خاندان زنجانیہ عالیہ کے در سے آج تک دربار مصطفائی کا روحانی فیض جاری ہے۔ (خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی بیعت میں بھی آسکتے ہیں) روحانی فیض پا کر میرے والد بزرگوار الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی دادا محترم سید جیون شاہ زنجانی کی روح کو ایصال ثواب پہنچائیں۔ بزرگوار کا سالانہ عرس ہر سال 11,10 ربیع الاول کو منایا جاتا ہے عرس کا مقام درگاہ شاہ زنجانی بمقام جھگیاں براستہ عامر روڈ، شادباغ لاہور مزید تفصیلات کیلئے کتاب مصباح العملیات، بیاض نظامی کا مطالعہ کریں۔

۳	۸	۱
۷	چال نقش	۵
۲	۴	۶

۷۸۶

۲۵۳۵	۶۷۶۵	۸۴۵
۵۹۲۰	یہاں مقصد لکھیں	۴۲۲۵
۱۶۹۰	۳۳۸۰	۵۰۷۵

اسم اعظم سے فیض یابی کا آسان طریقہ یوں ہے کہ اپنی شرعی ضرورت کے تحت 99 اسمائے عظائم سے اسم اعظم تلاش کر کے نماز فجر یا کسی نماز کے بعد اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر اسے بلا ناغہ مقصد حل ہونے تک نوچندی جمعرات سے پڑھنا شروع کر دیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم نقشہ اسمائے باری تعالیٰ مع اعداد قمری خواص جلالی و جمالی

یا احد اے ایک جلالی 13	یاواجد اے غنی بے پرواہ جلالی 14	یا وہاب اے بے عوض دینے والے جلالی 14	یا حیی اے زندہ جلالی 18	یا واحد اے اپنی ذات میں یکتا جلالی 19	یا ودود اے بہت دوست رکھنے والے جمالی 20	یا ھادی اے راہ دکھانیوالے جمالی 20	یا اول اے سب سے پہلے جلالی 37	یا ولی اے دوست جمالی 46
یا والی اے مالک کارساز جمالی 47	یا ماجد اے صاحب بزرگ جلالی 48	یا مجیب اے دعا قبول کرنیوالے جلالی 55	یا مبدی اے پیدا کرنیوالے جلالی 56	یا مجید اے بزرگ جمالی 57	یا محی اے جلانیوالے جلالی 58	یا باطن اے وہم وخیال سے پوشیدہ جمالی 62	یا حمید اے تعریف کرنیوالے جمالی 62	یا اللہ اے معبود جلالی 66
یا وکیل اے بندوں کے کارساز جمالی 66	یا حکم اے حکم دینے والے جمالی 68	یا باسط اے کھولنے والے جلالی 72	یا جلیل اے بزرگ قدر جمالی 73	یا حکیم اے حکمت والے جمالی 78	یا حسیب اے حساب کرنیوالے جمالی 80	یا بدیع اے چیزوں کے پیدا کرنیوالے جلالی 86	یا حلیم اے بردباری کرنیوالے جمالی 88	یا ملک اے ظاہر و باطن کے بادشاہ جمالی 90
یا عزیز اے غالب جمالی 94	یا عدل اے انصاف کرنیوالے جلالی 104	یا حق اے ثابت جلالی 108	یا علی اے بلند رتبہ جلالی 110	یا باقی اے ہمیشہ رہنے والے جلالی 113	یاجامع اے جمع کرنیوالے جلالی 114	یا قوی اے قوت والے جلالی 116	یا معز اے عزت دینے والے جمالی 117	یا معید اے دوبارہ پیدا کرنیوالے جمالی 124
یا لطیف اے باریک بین جمالی 129	یا سلام اے سلامت رکھنے والے جمالی 131	یا صمد اے بے پرواہ جمالی 134	یا مومن اے امن دینے والے جمالی 136	یا واسع اے وسعت دینے والے جلالی 137	یا مہیمن اے نگہبان جمالی 145	یا محصی اے احاطہ کرنیوالے جلالی 148	یا علیم اے ہر چیز جاننے والے جمالی 150	یا عفو اے معاف کرنیوالے جلالی 156
یا قیوم اے قائم رہنے والے جلالی 156	یا مانع اے منع کرنیوالے جلالی 161	یاقدوس اے بہت پاک جمالی 170	یاسمیع اے دعا کو سننے والے جلالی 180	یامقدم اے آگے رکھنے والے جلالی 184	یانافع اے نفع پہنچانے والے جلالی 201	یا بر اے نیکوکار جلالی 202	یاجبار اے نقصان پورا کرنیوالے جلالی 206	یامقسط اے انصاف کرنیوالے جلالی 209
یامالک الملک اے دونوں جہانوں کے مالک جلالی 212	یاباری اے خلق پیدا کرنیوالے جلالی 213	یا کبیر اے سب سے بڑے جمالی 232	یامصور اے خلق کی صورتیں بنانے والے جلالی 236	یا نور اے روشنی بخشنے والے جمالی 256	یا رحیم اے بہت مہربان جمالی 258	یا کریم اے نیکوکار جمالی 270	یا رؤف اے مہربان جلالی 286	یا رحمٰن اے بہت بخشنے والے جلالی 298
یا صبور اے بہت صبر کرنیوالے جلالی 298	یابصیر اے دیکھنے والے جمالی 302	یا قادر اے قدرت رکھنے والے جلالی 305	یاقہار اے ہر چیز پر غالب جمالی 306	یارزاق اے روزی دینے والے جمالی 308	یارقیب اے نگاہ رکھنے والے جمالی 312	یا شہید اے حاضر جمالی 319	یا رافع اے بلند کرنے والے جمالی 351	یا تواب اے توبہ قبول کرنیوالے جلالی 409
یاممیت اے مارنے والے جلالی 455	یافتاح اے کھولنے والے جمالی 489	یامتین اے مضبوط جمالی 500	یا رشید اے راہنمائی والے جمالی 514	یاشکور اے شکر کرنیوالے جمالی 526	یامقیت اے قوت دینے والے جلالی 550	یامتعالی اے بہت بلند جلالی 551	یا باعث اے اٹھانے والے جمالی 573	یامنتقم اے بدلہ لینے والے جمالی 630
یامتکبر اے بزرگ عظمت والے جلالی 662	یاوارث اے دینے والے جمالی 707	یاخالق اے پیدا کرنیوالے جمالی 731	یامقتدر اے قدرت والے جلالی 744	یا مذل اے خوار کرنیوالے جلالی 770	یا آخر اے سب سے پیچھے جلالی 801	یاخبیر اے خبردار ہر چیز کے جلالی 812	یا مؤخر اے پیچھے ڈالنے والے جلالی 846	یا قابض اے قوت قبض کرنیوالے جلالی 903
یاحافظ اے پست کرنیوالے جمالی 989	یا ضار اے ضرر پہنچانے والے جلالی 1001	یاعظیم اے ذات وصفات میں بزرگ جمالی 1020	یاغنی اے بے پرواہ جلالی 1060	یاذوالجلال والاکرام اے بخشش اور بندگی والے جلالی 1100	یامغنی اے پرواہ کرنیوالے جمالی 1100	یاظاہر اے ظاہر کرنیوالے جلالی 1106	یاغفار اے بخشنے والے جمالی 1281	یاغفور اے بخشنے والے جلالی 1286

نام سورۃ	اعداد	حاجت
سورۃ فاتحہ	9359	شفاء کے لئے
سورۃ بقرۃ	947609	حصول خیر وبرکت کیلئے
سورۃ آل عمران	184956	حصول اولاد صالح
سورۃ نساء	1139293	زوجین میں محبت
سورۃ مائدۃ	848546	جدائی منافقین کیلئے
سورۃ انعام	935319	حصول جاہ ومرتبہ
سورۃ اعراف	253592	شیطانی شر سے بچنے کیلئے
سورۃ انفال	412375	رہائی کے لئے
سورۃ توبۃ	703615	تجارتی ترقی کے لئے
سورۃ یونس	550108	اختلاج قلب کے لئے
سورۃ ھود	514851	خطرات سے بچنے کے لئے
سورۃ یوسف	503980	محبت کے لئے
سورۃ رعد	244692	قائم حملکے لئے
سورۃ ابراھیم	225818	رجعت نظر بد وجادو کیلئے
سورۃ حجر	176709	تجارت میں نفع کے لئے
سورۃ النحل	520188	تسخیر دشمن کے لئے
سورۃ بنی اسرائیل	38613	حفاظت حاسدین
سورۃ کھف	505517	ہر مشکل کے لئے
سورۃ مریم	289644	واسطے حمل کے
سورۃ طٰہٰ	399283	لڑکیوں کے نصیب کشائی
سورۃ الانبیاء	382219	اولاد نرینہ کے لئے
سورۃ الحج	382344	حفاظت جان ومال
سورۃ مومنون	351714	غفلت نماز کے لئے
سورۃ نور	402457	بندش احتلام کے لئے
سورۃ فرقان	209575	تباہی ظالم کے لئے
سورۃ شعراء	201339	غلبہ سرکشوں کے لئے
سورۃ النمل	340962	ہر بھلائی کے لئے
سورۃ قصص	305120	حافظہ کی تیزی کے لئے
سورۃ عنکبوت	275297	رجعت مصیبت کے لئے

نام سورۃ	اعداد	حاجت
سورۃ روم	270377	مابین موافقت کے لئے
سورۃ لقمن	15900	بھاگے ہوئے کو بلانے کیلئے
سورۃ سجدۃ	113332	نشوونما کے لئے
سورۃ احزاب	355258	پیغام نکاح کے لئے
سورۃ سباء	253419	ناگہانی آفات سے بچنے
سورۃ فاطر	242773	حصول مراد حاکم کے لئے
سورۃ یٰسین	215653	ہر کام کے لئے
سورۃ الصّٰفّٰت	264754	رجعت آسیب کے لئے
سورۃ صٓ	229337	تسخیر خلائق
سورۃ زمر	306585	بلندی مرتبہ کے لئے
سورۃ مومن	368524	امراض چشم کے لئے
سورۃ حٰم السجدۃ	245837	مہربانی حکام بالا کے لئے
سورۃ شوریٰ	201339	زیادتی رزق کے لئے
سورۃ زخرف	260697	حفاظت شر حیوانات
سورۃ دخان	97793	درد شکم کے واسطے
سورۃ جاثیہ	150153	حفاظت امراض کے لئے
سورۃ احقاف	73774	ہر شر سے بچنے کے لئے
سورۃ محمد	180655	عزت وعظمت کے لئے
سورۃ فتح	188828	فتح ونصرت کے لئے
سورۃ الحجرات	102892	زیادہ شیر مادہ کے لئے
سورۃ قٓ	109736	عجیب وغریب فوائد کے لئے
سورۃ الذّٰریٰت	119544	آسانی وضع حمل کے لئے
سورۃ طور	94183	حفاظت سفر کے لئے
سورۃ النجم	94183	حاجت روائی کے لئے
سورۃ قمر	114374	آسانی مشکلات کے لئے
سورۃ الرحمٰن	120450	تسخیر خلائق کے لئے
سورۃ واقعۃ	102965	فراوانی رزق کے لئے
سورۃ حدید	198924	حفاظت جنگ کے لئے
سورۃ مجادلۃ	34237	غلبہ دشمنوں کے لئے

نام سورۃ	اعداد	حاجت
سورۃ حشر	133461	ترقی و کامیابی کے لئے
سورۃ ممتحنۃ	101350	آسانی شادی کے لئے
سورۃ صف	59060	نافرمان اولاد کے لئے
سورۃ جمعۃ	61525	روشن ضمیری کے لئے
سورۃ المنفقون	53256	دشمنوں کی زبان بندی کیلئے
سورۃ تغابن	7741	ناخوشگواری سے بچنے کیلئے
سورۃ طلاق	818012	نجات غم کے لئے
سورۃ تحریم	49232	ادائیگی قرض کے لئے
سورۃ ملک	99594	سلامتی کے لئے
سورۃ قلم	93708	رجعت نظر بد کیلئے
سورۃ حاقۃ	81719	بچے کے رونے ضد کیلئے
سورۃ معارج	73525	نجات وسواس شیطانی
سورۃ نوح	60633	حفاظت حیرانی و پریشانی
سورۃ جن	60633	نفع حصول جن وانس کیلئے
سورۃ المزمل	68466	کشادگی رزق کے لئے
سورۃ مدثر	92355	جلد خوشحالی کے لئے
سورۃ القیمٰۃ	54607	تسخیر خلائق وحاکم کیلئے
سورۃ دھر	77588	فوائد کے لئے
سورۃ المرسلت	70634	غائب کو بلانے کے لئے
سورۃ نبا	52656	تیزی بصارت کے لئے
سورۃ نازعات	67253	غلبہ حاسدین کے لئے
سورۃ عبس	51318	رجعت سحر وجادو کے لئے
سورۃ تکویر	38299	دفعہ بلیات کے لئے
سورۃ انفطار	36745	ترقی دولت عزت مرتبہ
سورۃ مطففین	48707	حفاظت اناج کے لئے
سورۃ انشقاق	28846	بچوں کو نظر بد سے بچانے
سورۃ بروج	32155	شفاء جلدی امراض کیلئے
سورۃ طارق	17765	گمشدہ کو بلانے کے لئے
سورۃ اعلیٰ	17704	حفاظت سفر کے لئے

نام سورۃ	اعداد	حاجت
سورۃ غاشیۃ	36457	حفاظت وبائی امراض
سورۃ فجر	89092	اطمینان وسکون کے لئے
سورۃ بلد	24283	عزت وتوقیر کے لئے
سورۃ شمس	19499	خاتمہ مشکلات کے لئے
سورۃ الیل	29666	حفاظت مال کے لئے
سورۃ ضحیٰ	13422	حاضری غائب کے لئے
سورۃ الم نشرح	12416	برکت مال ودولت
سورۃ تین	10228	آسانی مہم کے لئے
سورۃ علق	22541	سچائی کا بول بالا
سورۃ قدر	8311	وسعت حلقہ احباب
سورۃ بینۃ	31223	حفاظت برص ویرقان
سورۃ زلزال	19966	شفائے مرض لقوہ
سورۃ عادیات	13354	سہولت ادائیگی قرض
سورۃ قارعۃ	9763	فراخی رزق کے لئے
سورۃ التکاثر	10425	دماغی امراض کے لئے
سورۃ عصر	4748	حفاظت مال کے لئے
سورۃ ھمزہ	5948	حفاظت خطرات کیلئے
سورۃ فیل	5470	زیر دشمن کے لئے
سورۃ قریش	5656	محتاجی دور کرنے کیلئے
سورۃ ماعون	9217	حفاظت نئی اشیاء
سورۃ کوثر	2763	غلبہ حاسدین کے لئے
سورۃ کافرون	3828	پاکیزگی قلب کے لئے
سورۃ نصر	6123	دوری فکر وافلاس
سورۃ لھب	5431	تباہی ظالم کے لئے
سورۃ اخلاص	1002	مفادات کے لئے
سورۃ فلق	8675	دفعہ جن وآسیب
سورۃ الناس	4901	فوائد قدرت کے لئے

نظر ثانی: ۔یاد رہے! یہ میری محنت ہے جس کی توفیق مجھے اللہ، مولاؑ نے دی اور سید انتظار حسین شاہ زنجانی اور اہل بیت رسولؐ کی محبت اور مخلوق خدا کی خیر کے لئے اور خصوصاً خوشنودیٔ محمدؐ وآل محمدؐ کے لئے اشاعت ہو رہی ہے۔ نہ کہ کسی کی قلب شکنی کے لئے۔ **نوٹ:** ۔قارئین! ہر سورۃ کی ابتداء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے ہے۔ ماسوائے سورۃ توبہ کے، اس لئے ہر سورۃ کے اعداد میں بسم اللہ کے اعداد **786** ضرور شامل کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یغنیھم اللہ من فضلہ (اللہ اپنے فضل سے غنی کر دے)

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل و عیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے (ارشاد امام علی رضاؑ)

LUCKY NUMBERS PRIZE BONDS 2020

کس کا دل نہیں چاہتا کہ اس کا پرائز بانڈ نکل آئے، مگر دولت زندگی میں اتنی ہی ملتی ہے جتنی لوحِ محفوظ میں لکھی ہو۔ مگر دعاؤں، قرآنی وظائف، صدقات و جواہرات سے لوحِ محو و اثبات سے دولت بڑھائی جا سکتی ہے۔ مگر کسی کو اس کا علم و آگاہی نہیں ہے، جو ذرہ جہاں ہے، آفتاب ہے۔ ہر شخص کی خداوند نے اس دنیا میں ایک ڈیوٹی لگائی جو وہ جانتے ہوئے یا انجانے میں پوری کر رہا ہے۔ جیسے ہر شخص ڈاکٹر، انجینئر، لوہار، سنار، وزیر، صدر نہیں بن سکتا ہے۔ بے علم دیر سے اور صاحب علم جلد منزلِ مقصود پر پہنچ جاتے ہیں۔ ہم اہل ایمان مسلمان خوش قسمت ہیں کہ ہم امت محمدی ﷺ ہیں۔ انبیاء، چہاردہ معصومین علیہم السلام انتخاب اللہ ہیں۔ اسی طرح آلِ نبی ﷺ اولادِ علیؑ ہونا بھی اسی کا انتخاب ہے۔ اسی نسبت سے سادات اکرام کی دنیا بھر میں اہل ایمان عزت کرتے ہیں۔ ہم سادات پر بھی واجب (ڈیوٹی) ہے کہ اپنے نانا محمد ﷺ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے ضرورت مند بہن بھائیوں کے لیے دعائیں کریں۔ اس ضمن میں جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی ریاضت، آگاہی علوم باطنی جاننے کے سلسلے کے ابتداء میں ہی التماس کی گئی ہے (جنہوں نے رمضان المبارک کے تمام شب و روز عبادات الٰہیہ میں گزارے) کہ پریشان حال بہن بھائیوں کی کشادگی رزق کے لیے دعائیں کرنا معمول بنا لیں جسے انہوں نے تسلیم کر لیا ہے۔ ایسے بہن بھائی جو کشادگی رزق خصوصاً پرائز بانڈز سے حصولِ دولت کے متمنی ہوں، وہ 72,66,14,12,5 یا پھر 99 مختلف مالیت کے پرائز بانڈز حسب توفیق خرید کر اصل اپنے پاس رکھیں اور ان کی فوٹو کاپی بمعہ نام والدین (تاریخ پیدائش، وقت و مقام اور پتہ) کے ہمراہ دعا کے لیے بالمشافہ یا بذریعہ ڈاک روانہ کر سکتے ہیں۔

تحریر قسمت کی آگاہی بھی مفت معلوم کر سکتے ہیں۔ وظائف دعاؤں کی مدت آپ کے لیے 3 ماہ تا 3 سال ہو سکتی ہے۔ اس دوران یقیناً آپ کی قسمت یاوری کرے گی اور آپ کے خریدے ہوئے پرائز بانڈز پر انعام نکل آئے تو یہ کرشمہ دعا ہی ہوگا۔ فسٹ انعام نکل آنے پر نصف شہزادہ صاحب کو ہدیہ، سیکنڈ انعام نکل آنے پر 25% شہزادہ صاحب کو دینا واجب ہوگا۔ شہزادہ حافظ محسن علی زنجانی آپ کے اس پیسے کو کلی اختیار کے تحت دینی، روحانی و ذاتی کاموں کے استعمال میں لائیں گے، تیسرا انعام آپ ہی کا سو فیصد ہوگا۔ خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی سے بالمشافہ بروز جمعہ 10 بجے تا 12 بجے دن کاشانہ زنجانی D-125، گلبرگ 2، لاہور (حافظ صاحب کے موبائل کا نمبر 0300-9483758 ہے) مل کر فیض یاب ہو سکتے ہیں۔ غیر مقامی بہن بھائی پہلے جوابی لفافہ بھیج کر روحانی فارم مفت طلب کریں، پھر اس کے مطابق تفصیلات لف کر کے رجسٹری ڈاک سے روانہ کریں۔

فسٹ سیکنڈ پیکٹ متوقع پرائز بانڈ 2020

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
003	104	214	320	421	509	614	709	815	905
039	125	225	341	436	524	630	724	834	923
071	158	269	369	459	532	651	751	859	946
084	170	280	374	485	569	679	780	863	981
092	194	294	390	493	593	693	794	894	998

جن لوگوں نے پچھلے سال شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی کو بسلسلہ دعا پرائز بانڈز کی فوٹو کاپیاں ارسال کی تھیں، ان میں سے بہت سے خوش نصیبوں کے بڑے تو نہیں البتہ چھوٹے انعام ضرور نکلے۔ یہ کرشمہ دعا ہی کا نتیجہ تھا کہ ان لوگوں کی قسمت میں جتنا انعام لکھا تھا، انہیں ملا۔ شہزادہ سید مسرور علی زنجانی شائقین لکی نمبرز کے لیے "انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں" کے اب تک مسلسل 18 ایڈیشن نکال چکے ہیں۔ اس کتاب کا نیا ایڈیشن 2020ء ہمراہ البیرونی تقویم 2020ء ان شاء اللہ جنوری 2020ء میں پیش کر دیا جائے گا۔ جس میں حکومتی پرائز بانڈز جن کی مالیت 25000,15000,7500,1500,750,200,100 اور روپے ہے، کے متوقع لکی نمبرز نکالنے کے لیے مثالوں کے ساتھ مستند طریقے دیئے جائیں گے۔ اس کتاب کا مطالعہ آپ کو انعام کے بہت قریب گویا آپ کی قسمت سنوار دے گا۔ معمولی پڑھا لکھا بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ یہ کتاب اپنے قریبی بکسٹال سے طلب کریں یا پھر دفتر مکتبہ آئینہ قسمت سے براہِ راست طلب کریں، اس کے علاوہ شوقین دوستوں کے لیے پرانے ایڈیشن بھی دستیاب ہیں۔

کاشانۂ زنجانی D-125، حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ، گلبرگ 2، لاہور کے پتے پر روانہ کریں۔

صدقہ سے شفا

اَلصَّدَقَۃُ تَدْفَعُ الْبَلَآءَ (الحدیث) (صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے)

قرآن پاک سورۃ توبہ میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: آپ ﷺ ان کے اموال کی زکوٰۃ لے لیا کیجیے جس کے ذریعہ سے آپ ﷺ انھیں 1 پاک کر دیجیے اور انھیں برکت بھی دیجیے اور اُن کے لیے دعائے خیر و رحمت بھی فرمایے۔ یقیناً آپ کی دعائے خیر و برکت اُن کے لیے باعث تسکین و راحت ہوگی۔ (کیونکہ) یہ حقیقت ہے کہ اللہ (آپ ﷺ کی دعائیں) سننے والا اور (آپ ﷺ کے مرتبے کو) خوب جاننے والا ہے۔ (103) کیا انھیں معلوم نہیں کہ اللہ ہی تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ کو قبول کرتا ہے اور ان کی زکوٰۃ و خیرات کو بھی لے کر قبول کر لیتا ہے۔ (یہ اِس لیے ہے) کہ اللہ بہت معاف کرنے والا اور بڑا رحم کرنے والا ہے۔ (یعنی اُس کو تمھارے اموال کی کوئی ضرورت نہیں مگر صرف اِس لیے کہ تمھارے گناہ معاف فرمائے اور تم پر رحم فرمائے وہ تمھاری خیراتوں کو وصول فرماتا ہے۔ (104)

صدقہ کی فضیلت

حدیث! مومن جب صدقہ دیتا ہے تو یہ چیز شیطان پر گراں گزرتی ہے۔ جبکہ صدقہ مستحق کے ہاتھ میں پہنچنے سے پہلے ہی اللہ کے ہاتھ میں پہنچتا ہے۔

☆ انسان کو بُری موت سے بچاتا ہے۔ ☆ صدقہ سے روزی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ☆ قرض ادا ہو جاتا ہے۔ ☆ عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور ستر قسم کی بُری اموات سے بچاتا ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ اس کے عوض دس سے لیکر ایک لاکھ تک گناہ معاف کرتا ہے۔ ☆ جو شخص صبح کو صدقہ دے اس دن وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر وہ رات کے پہلے پہر میں صدقہ دے۔ تو اُس رات وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ ☆ مال کی زیادتی کا سبب بنتا ہے۔ ☆ مریض کا علاج صدقہ سے ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی شخص ایک مسلمان گھرانے کی کفالت کرے اور اسکے کھانے پینے اور لباس کا اہتمام کرے اور عزت و آبرو بچائے تو سترہ حج سے زیادہ کا ثواب ملتا ہے۔ یاد رہے کہ انسان کا سینہ جتنا زیادہ کشادہ ہوگا۔ اُس کی قبر بھی اُتنی ہی کشادہ ہوگی۔

کہتے ہیں کہ اگر دُنیا میں ایک روپیہ راہِ خدا میں خرچ کیا جائے تو دس گناہ دُنیا میں اور 70 آخرت میں ملیں گے۔ لیکن اگر کوئی شخص اپنے مردہ کی طرف سے صدقہ کرے۔ تو مرنے والے کو 700 نیکیاں ملیں گی۔ اور جب وہ انسان خود دوسرے جہاں جائے گا۔ تو اُس کو عالمِ برزخ میں 7000 نیکیاں ملیں گی۔ یہ جان لیں کہ یہ اللہ کا قانون ہے۔ اس میں تبدیلی نہیں پاؤ گے۔ لہٰذا اپنا اور خصوصاً اپنے والدین کا صدقہ ضرور دیا کریں۔ اسلئے کہ دونوں جہانوں میں آپکا ہی فائدہ ہے۔

صدقہ کا فائدہ

جانے والوں کے لئے بھی صدقہ کرنا چاہیے۔ حدیث میں ہے! دُنیا میں ایک دیں۔ تو آخرت میں اُس کا ثواب (ستر گنا) ملتا ہے۔ لیکن اگر آپ کے عزیز جو اگلے جہاں چلے گئے ہیں۔ اُن کے نام کا صدقہ کیا جائے۔ تو اُن کو سات سو گنا ملتا ہے۔ اور جب دینے والا اگلے جہاں خود پہنچ جائے گا، تو اُس کو سات ہزار گنا ثواب ملے گا۔

2020 آپکا صدقہ بمعہ ذاتی نافع الخوراک اور خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

حمل ♈	ثور ♉	جوزا ♊	سرطان ♋	اسد ♌	سنبلہ ♍	میزان ♎	عقرب ♏	قوس ♐	جدی ♑	دلو ♒	حوت ♓

ارشاد رسول اکرمؐ ہے کہ صدقہ حاجت مند کے ہاتھ میں جانے سے پہلے خدا کے ہاتھ میں پہنچتا ہے۔ دوسری حدیث میں بھی امام سجادؑ سے منقول ہے کہ صدقہ بندے کے ہاتھ میں اس وقت تک نہیں پہنچتا جب تک کہ پہلے پروردگار کے ہاتھ میں نہ جائے۔ دیگر ایک تیسری روایت میں ہے کہ اس بندے کے تمام اعمال فرشتے اپنی تحویل میں لے لیتے ہیں سوائے صدقہ کے جو براہِ راست خدا کے ہاتھ میں جاتا ہے۔ سورۃ توبہ آیت نمبر 103 اس کی بہترین تشریح ہے۔ تمام ذی روح مخلوق خدا ہیں، انسانوں کے ساتھ جانوروں سے صلہ رحمی (صدقہ) بھی بے حد حسن عمل ہے۔ برسہا برس کی تحقیق کے بعد زنجانی جنتری کیلئے میں نے صدقات کا چارٹ بنایا ہے جن بہن بھائیوں نے ان پر عمل کیا ان کی مشکلات اسرار غیبی سے دور ہو جائیں گی، پریشانیوں کے بادل چھٹ کر خوشیاں انکا مقدر بن جائیں گی۔ 2020ء میں ذاتی نافع الخوراک کو بھی شامل کیا جا رہا ہے، یہ علم نجوم کا پہلو اب تک پوشیدہ رہا۔

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں بچوں کے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں

یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتُ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَری وَالزُحَل وَالزُهرَه وَالعَطَارَد وَالمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَنب بِحَقِّ یَا اَللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

خصوصی نوٹ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنا لیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپ کے قریب نہ آئے گی۔ میری طرف سے آپ کو اس عمل کی اجازت ہے۔ خواہاں ہوں تو خصوصی اجازت (حضرت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین زنجانی) بانی ادارہ آئینہ قسمت وخاندان زنجانیہ عالیہ کے بزرگوں کی ارواح کو ایصال ثواب ہدیہ کر کے بھی لے سکتے ہیں۔ جوابی لفافہ یا فون: 042-35872277

موبائل: 0300-9483758 دعا گو: شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی

برج	نشانات بروج	ہر قسم کی نحوست، پریشانی کیلئے صدقہ	نافع الخوراک	معاش، کاروباری ترقی، حصول انعامات کے لئے صدقہ یا پرورش
حمل	♈	مچھلیوں کو سمندر، دریا یا جھیل میں اجناس ڈالیں۔ دن پیر	کلونجی اور شہد روزانہ مناسب مقدار	کیڑے مکوڑوں کو شکر یا چینی ڈالیں (دن جمعہ) گھر میں کوئل نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔
ثور	♉	آبی جانوروں کو کالی دال یا چنا ڈالیں دن ہفتہ	کلونجی اور دودھ	طوطوں کو گھر میں سبز مرچ کھلائیں (دن بدھ) گھر میں طوطے نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔
جوزا	♊	مچھلیوں یا آبی جانوروں کو ملے جلے اجناس ڈالیں دن جمعرات	شہد اور دودھ	سمندری مخلوق خصوصاً کچھوے، کیکڑوں کو عام خوراک ڈالیں دن پیر گھر میں نر و مادہ بکری، خرگوش یا چوپائے جانوروں کی پرورش نیک ہے۔
سرطان	♋	کالا بکرا، گوشت جانوروں کو ڈالیں دن منگل	سیب یا تربوز اور دودھ	شیر یا چیتا (چڑیا گھر جا کر) گوشت کھلائیں دن اتوار گھر میں نر و مادہ بلی کی پرورش نیک ہے
اسد	♌	کبوتروں کو باجرہ ڈالیں دن جمعرات، جمعہ	سبز الائچی ملا دودھ	چڑیوں کو دانہ ڈالنا دن بدھ۔ گھر میں غیر ملکی یا آسٹریلین نر مادہ طوطوں کی پرورش نیک ہے
سنبلہ	♍	گائے، بھینس کو سبز چارہ یا پالک کھلائیں دن بدھ	ناشپاتی یا سیب یا پھر انگور دودھ	طوطوں کو سبز مرچ یا دانہ کھلائیں دن بدھ گھر میں نر مادہ چکور کی پرورش نیک ہے
میزان	♎	آبی مخلوق مچھلیوں کو اناج ڈالیں دن پیر	دودھ اور شہد	حشرات الارض، کیڑے مکوڑوں کو ترش اشیاء دن منگل گھر میں نر و مادہ تیتر یا بٹیر کی پرورش نیک ہے
عقرب	♏	ہاتھی شیر یا چیتا کو چڑیا گھر میں پسندیدہ خوراک دن اتوار	سیب، شہد دودھ	کبوتروں کو دانہ یا چیلوں کو گوشت دن جمعرات گھر میں اعلیٰ نسل کا گھوڑا یا نر مادہ کبوتروں کی پرورش نیک ہے
قوس	♐	چڑیوں کے غولوں کو دانہ ڈالیں دن بدھ	بادام، شہد دودھ	بکریوں کے ریوڑ کو چارہ ڈالیں دن ہفتہ گھر میں نر مادہ بکری یا مچھلیوں کی پرورش نیک ہے
جدی	♑	کوؤں کو جلیبیاں یا انڈے گائے کو پالک کھلائیں دن جمعہ	شہد، سبز الائچی دودھ	متفرق پرندوں کو گھر کی چھت یا میدان میں دانہ ڈالیں۔ دن ہفتہ گھر میں آبی جانوروں ہر قسم کی پرورش نیک ہے۔
دلو	♒	حشرات الارض، کیڑے مکوڑوں کو خشک میوہ جات ڈالیں دن منگل	پھلوں کے رس اور دودھ	آبی مخلوق کو اجناس ہر قسم ڈالیں دن جمعرات گھر میں مچھلیوں کی پرورش نیک ہے۔
حوت	♓	چیل، باز، کبوتروں کو پسندیدہ خوراک ڈالیں دن جمعرات	مصری الائچی دودھ	گائے، بھینس، بلی، کتے کو پسندیدہ خوراک دن منگل گھر میں پسندیدہ چوپائے جانوروں کی پرورش

شرفِ مشتری کا گارنٹی شدہ نوٹ

12 سال بعد کائناتی خیر و برکت خوش بختی

حامل نوٹ کا رزق کشادہ نہ ہوا، تو اُسے حق ہوگا کہ قیامت کے دن شاہ زنجانی کا دامن گیر ہو

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل وعیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے۔ (ارشاد امام علی رضاؑ)

اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا کر ستارہ مشتری کی بابرکت شرف یافتہ سعادتوں میں شرفِ مشتری کا گارنٹی شدہ نوٹ آپ کے لیے تیار کرنے کی سعادت حاصل کی گئی ہے۔ قبل ازیں پانچ روپے کے شرفِ مشتری کے نوٹ **منجم زنجانی برادرز** نے تیار کر کے ہزاروں بہن بھائیوں کو فیض یاب کیا۔ 12 سال کے بعد کائنات میں خیر و برکت کی لہریں نصیب یاوری، رزق و دولت لاتی ہیں۔ انہی ساعتوں کو عامل **شاہ زنجانی** نے آپ کے لیے سمیٹ لیا ہے۔ شرفِ مشتری کے حامل کا رزق کشادہ ہونے لگے گا۔ اس نوٹ کی، کی **(Key)** اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لینا ہے۔ تبھی شرفِ مشتری کے نوٹ سے فیض پائیں گے۔ جس طرح **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** کے ابجد قمری **786** ہیں اور مفرد عدد **3** ہے۔ اسی طرح **اللّٰہ** کے ذاتی نام کے اعداد **66** جس کا مفرد بھی **3** ہے۔ سبع کواکب میں یہی نمبر ستارہ مشتری سے منسوب ہے۔ روحانی تحقیق کے مطابق مشتری اللہ، اولیاء اللہ، انبیاء، ولی، قطب، ابدال، رجال الغیب، غوث، قلندروں کا نمبر **3** سے رابطہ ہمیشہ قائم رہے گا۔ شرفِ مشتری کے نوٹ کی فیض یابی کے لیے اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لے کر آپ بھی اسی تسبیح کے دانے بن سکتے ہیں۔ آپ اللہ سے تجارت کر کے یقینی نفع پا سکتے ہیں۔

نوٹ حاصل کرنے کے خواہاں، بہن بھائی **2** ہزار روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔ انکی جانب سے اللہ کے گھر کی تعمیر میں **1900** روپے ہدیہ دے کر رسید کے ساتھ شرفِ مشتری کا نوٹ رجسٹرڈ لیٹر روانہ کر دیا جائے گا۔ اگر آپ مقامی طور پر اپنی پسند کی مسجد میں چندہ دینا چاہیں تو رسید کیساتھ **50** روپے کے علاوہ **50** روپے ڈاک خرچ ارسال کر دیں۔ بیرونِ ملک رہنے والے بہن بھائی اپنے رہائشی ملک کا نوٹ بھی بنوا سکتے ہیں۔ (**رابطہ: شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی 0300-9483758**)

إِنَّمَا يُرِيدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا

جبرائیل — یٰس — عزرائیل — اکبر — محیط — اللہ — حکم — باسط — طٰسٓ — اسرافیل — میکائیل

یا نور

یا غنی — یا منعم — یا رزاق — یا وھاب

شرفِ مشتری کا تحفہ: عکس شرفِ مشتری کاٹ کر یا فوٹو کاپی کروا کر بروز جمعرات طلوعِ آفتاب کے بعد دعائیں کر کے جنوب کی طرف لگائیں تاکہ شمال سے آنے والی مقناطیسی شعاعیں پڑتی رہیں، خیر و برکت آتی ہے۔ روزانہ خوشبو اگر بتی صبح و شام روشن کریں۔

ھدیہ الواح | سونا محدود تعداد میں دستیاب | کانسی (چاندی): اکیس ہزار روپے | کاغذ، مشک، زعفران ہدیہ: سات ہزار روپے

حمل ۷۸۶ ♈

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

ثور ۷۸۶ ♉

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

جوزا ۷۸۶ ♊

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

سرطان ۷۸۶ ♋

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

اسد ۷۸۶ ♌

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

سنبلہ ۷۸۶ ♍

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

میزان ۷۸۶ ♎

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

عقرب ۷۸۶ ♏

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

قوس ۷۸۶ ♐

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

جدی ۷۸۶ ♑

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

دلو ۷۸۶ ♒

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

حوت ۷۸۶ ♓

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

نقش نوروز عالم افروز شائقین و قارئین زنجانی جنتری کیلئے نقش مہر نبوت اور طلسم ہر برج و ستارے کا صفحہ نمبر 90-91 پر پیش خدمت ہے، یہ خاندان زنجانیہ عالیہ کی طرف سے آپ کیلئے روحانی تحفہ ہے۔ جو بہن بھائی اعمال نوروز 2020ء کریں اور جو نہ بھی کریں۔ وہ بوقت نوروز یا پھر اُسی دن اپنے

نام سے برج معلوم کرنے کا طریقہ

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوعِ آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی								دوسری							تیسری								چوتھی
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

حروف ابجد قمری									
ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ	
	300	400	500	600	700	800	900	1000	

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال اُن پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپ کے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کیجیے۔ پھر اِسی برج کے تحت نیک و بد سالانہ حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کو پن لے کر نگینہ پہنیں۔ صفحہ نمبر 193 ملاحظہ کریں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنا نام کا برج معلوم کیجیے۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کیجیے۔ اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے۔ اگر 2 باقی بچے تو ثور۔ 3 بچے تو جوزا۔ 4 بچے تو سرطان۔ 5 بچے تو اسد۔ 6 بچے تو سنبلہ۔ 7 بچے تو میزان۔ 8 بچے تو عقرب۔ 9 بچے تو قوس۔ 10 بچے تو جدی۔ 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

WASIM SAJJAD

حاکم سیارہ: مریخ　　نشان: مینڈھا　　حروف: ا ل ع

عقیدہ: میں ہوں (I M)　　نفسیاتی ٹائپ: وجدانی

عنصر: آگ (Fire)　　اعضائے جسمانی: سر

حمل

مریخ

خاصہ: تغیر پذیر (منقلب)　　منسوب دھات: لوہا اور تانبا

منسوب رنگ: تیز سرخ　　بائیوکیمک سالٹ: کالی فاس

منسوب پتھر: مرجان　　منسوب درخت: خاردار

مثبت اور مذکر برج　　منسوب پھول: گوکھرو' گل لالہ' لونگ

21 مارچ تا 20 اپریل

حالات وواقعات کی روشنی میں

آسمانی کونسل پر **2020**ء جسکا مفرد نمبر **4** ستارہ شمس (قدیم) ستارہ یورانس (جدید) سے منسوب لہروں کے دوش پر اپنی روحانیات بڑھا کر اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کم از کم یہ دُعا **40** مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں۔ (اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ یَا اَللّٰہُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِیُّ) یوں سال **2020**ء آپکی زندگی کا کامیاب سال ثابت ہوگا۔

آسمانی کونسل پر **2020**ء ابتداء سال میں **6** اہم ستارے آپ کے کیرئیر عزت و ترقی کامیاب زندگی گزارنے کی نیک خواہشات کی تکمیل کے گھر میں ہونے سے آپ ابتداء سال سے ہی اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے پُرجوش اور سرگرم رہیں۔ سب سے بڑھ کر آپ کے کیرئیر اور بیت الأمید کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل **17** دسمبر **2020**ء تک کیرئیر کے گھر میں رہتے ہوئے آپ کی زندگی کے آئندہ **3** سال اپنے اندر بے پناہ خوش بختیاں لئے ہوئے آرہا ہے۔ ستارہ زحل جو کہ عروج و زوال اور عدل و انصاف کا حاکم ہونے کے ساتھ ساتھ ایک شفیق اور بزرگ معلم ستارہ ہے۔ جو اپنی سعادت کے زمانہ میں لامتناہی کامیابیوں کا سلسلہ آپ کو عطا کرسکتا ہے۔ وہ حملی افراد جو اپنے مستقبل کو درخشاں کرنے کیلئے اپنے کیرئیر میں کمال ترقیاں، بلندیاں، عزت و مرتبہ کو چھونا چاہتے ہیں۔ تو آپ پر اخلاقی طور سے لازم ہوگا کہ اپنے مستقبل کے کاموں کی بنیاد صدق خلوص اور سچائی پر رکھیں۔ تجربات کرنے کے بجائے اپنی تیز طبع کو قابو رکھتے ہوئے بزرگوں اور مخلصین کے تجربات سے فائدہ اُٹھائیں یقین جانیں اگر آپ اوسط درجہ سے بھی تعلق رکھتے ہیں تو آپ کا درخشاں مستقبل آپکا منتظر ہے۔ آپ کا حاکم ستارہ مریخ **16** فروری تا **31** مارچ عزت و کیرئیر کے گھر میں شرف یافتہ اور پھر **28** جون تا **7** جنوری **2021**ء طالع میں عروج یافتہ رہے گا۔ ستارہ مریخ کا یہاں غیر معمولی قیام۔ آسمانی کونسل پر **2020**ء میں حملی افراد کیلئے یہ سعادت اپنی حیثیت وشخصیت اور زندگی میں آگے بڑھنے کی نیک خواہشات نہ صرف بلکہ ان کی تکمیل کے لحاظ سے نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے۔ **2020**ء یقیناً آپ اپنے ہم عصر لوگوں سے آگے نکلنے میں کامیاب ہوسکتے ہیں اور آپ سے وابستہ سبھی دوست احباب خاندان کے افراد کو آپ کی وجہ سے ہمت دحوصلے رہیں۔ **2020**ء میں **100%** فیصد کامیابیوں کے حصول کیلئے دوسروں پر مہربان رہیں تو قدرت بھی آپ پر دُگنی مہربان رہے گی۔

آپ کی شخصیت:۔ **2020**ء آپ کی زندگی کا بہترین سال آسمانی کونسل پر آپ کے حاکم ستارہ مریخ کی **3** جنوری تا **15** نومبر نصیب کے گھر میں قیام **16** فروری تا **31** مارچ عزت و کیرئیر کے گھر میں ستارہ مریخ کا شرف یافتہ رہنا اور پھر **28** جون تا **7** جنوری **2021**ء عروج یافتہ پوزیشن میں رہتے ہوئے طالع میں قیام۔ آپ کی زندگی اور خصوصاً روزمرہ زندگی میں ٹرننگ پوائنٹ اور کامیابیاں لانے کا ضامن بنے۔ آپ ذاتی یا اجتماعی طور پر قائدانہ صلاحیتیں محسوس کرتے ہوئے اپنی قابلیت ہمت سے کئی غیر متوقع طور سے ایسے کارنامے انجام دے پائیں۔ اور بعد از اپنے ان کارناموں کے ثمرات سے آپ ساری زندگی محضوظ ہوتے رہیں۔ ستارہ مریخ **10** ستمبر تا **14** جنوری طالع میں رجعت (اُلٹا) پذیر ہونے سے ان ایام میں وہم خود پسندی حسد خواہ مخواہ کے لڑائی جھگڑے قانونی مسائل سے بچنے کے ساتھ اپنی صحتِ جسمانی کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ ان ایام میں اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں میڈیکل سائنس کے عین مطابق جسمانی ضرورت **73** فیصد پانی ضرور پیتے رہیں۔ پانی سے دوستی آپ کو سرسبز وشاداب رکھے۔ ذہنی شعور کی بیداری اور اپنے جذبات غم وغصہ پر قابو رکھنے کے ساتھ اپنے اندر پیدا ہونے والی منفی سوچ وسوسوں اور اپنے غم وغصہ پر بآسانی قابو پاسکیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ **2020**ء خانہ مال کا حاکم ستارہ زہرہ **20** جنوری تا **8** فروری شرف یافتہ، **5** مارچ تا **3** اپریل اور

28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج یافتہ جبکہ 3 اپریل تا 7 اگست اوج یافتہ رہنے سے ان سبھی ایام میں ذرا سی ذہانت اور کوشش سے آپ اپنے مال واسباب اور ذرائع آمدن میں بآسانی اضافہ کر پائیں۔ 2020ء جہاں اچانک ذرائع آمدن میں اضافہ کا عندیہ دیتا ہے وہاں جذباتی پن میں ناگہانی مالی نقصانات کا اندیشہ بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا ہے۔ آسمانی کونسل پر ستارہ زہرہ 13 مئی سے 20 جون رجعت (اُلٹا) جبکہ آپ کے حاکم ستارہ زہرہ مریخ کی ناقص (تربیع) نظرات 27 جنوری، 3 جون، 4 ستمبر بنیں جبکہ 9 نومبر ستارے مقابل ہونے سے اپنے اہم مالی نوعیت کے فیصلے جلد بازی میں نہ کریں۔ فیصلہ کرنے میں ایک ہفتہ یا ایک دن یا کم از کم ایک گھنٹہ ضرور غور وفکر کریں تو قدرت کی جانب سے ان ایام میں ادائیگی صدقات کے بعد آپ کو درست رہنمائی مل سکے اور آپ ناگہانی مالی نقصانات کے حسد اور فریب اور دھوکہ دینے والے افراد سے محفوظ رہ سکیں گے۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ 2020ء بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ عطارد 3 فروری تا 4 مارچ، 16 مارچ تا 11 اپریل ہبوط یافتہ اور 2 دسمبر تا 21 دسمبر وبال یافتہ اور 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی اور 14 اکتوبر تا 3 نومبر رجعت یافتہ رہے۔ سال کے یہ سبھی مجموعی ایام عزیز واقارب بہن بھائیوں سے اختلاف رائے سے بچیں۔ غیر ضروری اندرون و بیرون ملک سفر سے بھی گریز کریں۔ 2020ء میں سفر اشد ضرورت کے تحت کریں۔ اور سفر سے قبل صدقہ خیرات جی کھول کر دیں۔ 2020ء کے ان ایام میں ٹریفک حادثات اور اپنی سواری اور مشینری ذرائع نقل وحمل سے متعلق سبھی اشیاء کا میکینکل چیک اَپ وقفہ وقفہ سے ضرور کرواتے رہیں۔ عزیز واقارب بہن بھائیوں پڑوسیوں سے حسنِ سلوک سے پیش آئیں اور اُن کی جائز ضروریات کا ممکنہ خیال رکھیں۔ بصورتِ دیگر اُن کی ناراضگی کیلئے بھی تیار رہیں۔ 2020ء میں آپ کے اردگرد جھوٹی افواہیں خبروں کا سلسلہ گرم رہے گا۔ سنی سنائی باتوں پر تحقیق کرنے کے بعد ہی اسے پاس آن کریں ورنہ آپ کے خلاف سازشیں حاسدین مخالفین کو آپ کی کردار کشی کا موقع مل سکتا ہے۔ عطارد مریخ سعد نظرات 26,25,24 جنوری، 27,26,25 فروری، 20,19,18 اپریل، 18,17,16 اگست، 16,15,14 دسمبر بننے سے عزیز و اقارب اور بہن بھائیوں میں آپ کی اہمیت بڑھے۔ 12 تا 28 مئی، 20 اگست تا 2 دسمبر عطارد عروج، شرف اور اوج یافتہ رہتے ہوئے ناراض عزیز واقارب سے صلح امن ودوستی کے پیغامات کا تبادلہ اور ان سے صلح صفائی خواہ اس میں آپ کا نقصان ہی کیوں نہ ہو آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ کا باعث بنے گا۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ 2020ء وتد الارض پر یکم جنوری تا 5 مئی راہو چوتھے اور مقابل کیتو ہونے سے بزرگوں خصوصاً والدہ کی صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں۔ خانگی خاندانی معاملات کی تلخی یا بدمزگی سے لازم بچنے کی کوشش کریں ورنہ آپ کی اچھی شخصیت کو دوسروں کی نظر میں بدنام کرنے کی ناکام کوشش کی جا سکتی ہے۔ راہو کی چوتھے موجودگی خانگی اور خاندانی معاملات میں اہم تبدیلیوں کا سبب بھی بنے۔ آپ کسی غیر متوقع جیسی صورتحال کیلئے پہلے سے تیار رہیں۔ راہو 5 مئی کو برج تبدیل کرتے ہوئے تیسرے اور کیتو نویں آنے سے زندگی میں خانگی اور خاندانی خوشگوار ٹرننگ پوائنٹ کیلئے باخبر رہیں۔ حالات میں غیر متوقع خوشگوار تبدیلیاں رونما ہو سکتی ہیں۔ جنوری، جون چاند اور سورج گرہن چوتھے جبکہ جولائی میں دسویں چاند گرہن لگنے سے یہ مہینے خاصے احتیاط طلب اور صدقات کے طالب دکھائی دیتے ہیں۔ یقیناً صدقہ ردِ بلا 2020ء آپ کی زندگی کا ایک نہایت ہی اہم سال گھر اور خاندان سے جڑے بہت سارے اہم معاملات میں اصلاح اور تبدیلی یا ہجرت کیلئے اپنے اس سالانہ زائچہ کے پورے بارہ گھروں کا بغور مطالعہ کرنے سے آپ اپنے خاندانی اور خانگی اُمور میں پیدا شدہ مشکلات پر قابو پا سکیں اور اپنے خاندان کے نام کو روشن بھی کر سکتے ہیں۔ زراعت باغبانی کاشتکاری جائیداد کی خرید وفروخت اور حسبِ منشاء سواری کے حصول کیلئے 2020ء ایک نہایت اہم سال ہے۔ 2020ء کی سعد تواریخ نوٹ فرمالیں۔ 11,10,9,6,5,4 جنوری، یکم 2,3,6,7,28,29 فروری، 4,5,6,26,27,28 مارچ، 23,24,25 اپریل، 20,21,22,25,26,27 مئی، 16,17,18,21,22,23 جون، 13,14,15,18,19,20 جولائی، 15,16,17 اگست، 6,7,8,11,12,13 ستمبر، 3,4,5,8,9,10 اکتوبر، 5,6,7,27,28,29 نومبر، 2,3,4,24,25,26,29,30,31 دسمبر۔ یہ سبھی ایام خانگی خاندانی ازدواجی جائیداد کی خرید وفروخت رہائشی تزئین وآرائش اور سکھ کو بآسانی اپنی ذہانت سے بڑھا سکتے ہیں۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ 2020ء حصول انعامات معاملات اُلفت ومحبت خصوصاً صاحب اولاد کی تعلیم وتربیت اور نگہداشت کے حوالے سے یوں اہم معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا طالع حاکم ستارہ مریخ 9 ماہ مسلسل زائچے کے اہم گھروں میں رہتے ہوئے بھرپور سعادتیں فراہم کرے گا۔ علاوہ پانچویں

کا حاکم ستارہ شمس بھی 20 مارچ سے 19 اپریل شرف یافتہ۔ 20 مئی تا 21 جولائی اوج یافتہ، 22 جولائی تا 22 اگست عروج یافتہ رہتے ہوئے اس گھر کی خوشیوں میں بھرپور کردار ادا کرے گا۔ آپ کے شعور اور ادراک میں بے پناہ اضافہ۔ علمی اور تحقیقی ہنر میں بھی اضافہ علم و ادب کے ساتھ قرآن فہمی اور دینی ریسرچ اور تحقیق کا جذبہ نہ صرف آپ بلکہ آپ کے بچوں میں بھی اس کی رغبت میں اضافہ ہوگا۔ انفارمیشن اور ٹیکنالوجی کے سبب حصول علم میں آسانیاں پائیں۔ اپنے بچوں کے مستقبل کو درخشاں بنانے اور ان کی اعلیٰ تعلیمی قابلیت کو بڑھانے کیلئے آپ کو اچھے مشیروں کی معاونت مل سکے گی۔ زندگی کے بڑے مقاصد کیلئے ضرور کوشاں رہیں مگر اپنے اور اپنے بچوں کی چھوٹی چھوٹی خوشیوں کے حصول کیلئے بھی عملی اقدامات ضرور کریں۔ 2020ء پسندیدہ جگہ شادی اور رومانوی ماحول کیلئے سازگار سال دکھائی دیتا ہے۔ 2020ء احتیاط طلب ایام 20 جنوری تا 18 فروری، 22 ستمبر تا 22 اکتوبر اور 21 تا 31 دسمبر رہیں۔ ان ایام میں صدقہ و خیرات خوب دیں۔ پرائز بانڈز اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے والے افراد 14,13,12 جنوری، 5,4,3 فروری، 21,20,19 مارچ، 6,5,4,3 اپریل، 23,22,21 مئی، 30,29,28,27 جون، 18,17,16,15 اگست، 19,18,17 ستمبر، 25,24 اکتوبر، 20,19,18 نومبر، 16,15,14,12,11,10 دسمبر۔ حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے شرف شمس 9,8 اپریل اور اوج شمس 12,11 جولائی بھی نہایت اہم تواریخ۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعامی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ 2020ء ایسے حملی افراد جو عرصہ دراز سے صحتِ جسمانی یا نفسیاتی جذباتی مسائل میں مبتلا ہو کر اپنے اندر ایک عجیب و غریب قسم کی بے چینی سی محسوس کرتے رہتے ہیں۔ ابتداء سال میں چھٹے کا حاکم عطارد غروب ہونے سے ہر قسم کی مسائل و پریشانیوں سے ممکنہ جان چھوٹ سکے۔ خصوصاً صحت و شفاء کے معاملات میں بہتری آئے۔ تبدیلی ملازمت اور روزگار میں بہتری کیلئے کی گئی کوششیں اگر کسی سبب کامیاب نہ ہو سکیں تو قطعاً مایوس نہ ہوں جب ایک دَر بند ہو جاتا ہے تو قدرت اور کئی دَر کھول دیتی ہے۔ 2020ء خوداعتمادی میں اضافہ کے ساتھ روزمرہ معمولات زندگی میں مثبت تبدیلیوں سے آپ کی صحتِ جسمانی بہتر اور بحال رہے۔ خصوصاً 12 تا 18 مئی، 20 اگست تا یکم دسمبر کے سبھی ایام مجموعی طور پر ملازمتی کیریئر روزگار میں بہتری کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہونگی۔ ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے ترقی کا عنصر غالب رہے گا بے روزگار افراد کو حسب منشاء روزگار کے مواقع ملیں۔ ناگہانی آفات و بلیات سے بچنے کیلئے حسب توفیق سارا سال سبز میٹھی اشیاء کا صدقہ حشرات الارض کو ڈالتے رہیں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ 2020ء آسانی کونسل پر بیت الزوج کا حاکم ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 7 فروری شرف یافتہ۔ 5 مارچ تا 3 اپریل اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی خوشیوں کو دوبالا ناراض زوجین کے مابین دوبارہ صلح صفائی۔ شادی کے خواہاں لڑکے لڑکیوں کی حسب منشاء شادی ہونے میں نیک اسباب و وسائل بنیں۔ ایسے حملی افراد جو کسی سبب دوسری یا تیسری شادی کے متلاشی ہیں انہیں بھی اچھا جیون ساتھی مل سکے۔ لیکن آپ پر بھی لازم ہے کہ آپ بھی اپنے آپ کو اچھا لائف پارٹنر ثابت کریں۔ 2020ء میں سعادت ستارہ زہرہ زحل مریخ و مشتری ملنے سے ان ایام میں وہ حملی لڑکے لڑکیاں یا ان کے والدین کوشش فرمائیں تو ان کی شادی کے غیر متوقع سعد اوقات بنیں اور جلد ہی رشتہ طے پا کر شادی خانہ آبادی ممکن ہو سکے گی۔ یہ سعد ایام 24,23,22 جنوری، 5,4,3 فروری، 22,21,20,19,18 اور 29,28,27 مارچ، 6,5,4,3 اپریل، 30,29,28,27,21,20,19 جون، 29,28 ستمبر، 25,24,20,19,18 اکتوبر، 30,21,16,15,14,12 دسمبر کے ایام شادی اور شراکتی اور کاروباری تعلقات کیلئے نہایت ہی اہم ایام ہیں۔ ان ایام میں مادی اور روحانی وسائل کی نیک نیتی سے تلاش آپ کا مقدر سنوار سکتی ہے۔ خصوصاً بڑی عمر کے حملی لڑکے لڑکیاں جواب تک رشتہ طے نہ ہونے کی وجہ سے پریشان چلے آ رہے ہیں وہ حسبِ توفیق ہر جمعرات جمعہ کسی درگاہ پر کھجوریں تقسیم کریں اور ماہ رمضان میں پورا ماہ افطار کیلئے حسبِ توفیق کھجوریں مسجد میں بھجوائیں۔ اس نیک عمل سے یہ کھجوریں آپ کے چھواروں میں بدل جائیں گی۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال سے آٹھویں گھر ہونے سے وراثتی و شراکتی معاملات پنچائتی یا قانونی طریقے سے حسبِ منشاء حل ہو سکیں گے۔ مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لینے سے مالی و مادی مفادات کا حصول ممکن ہے۔ خصوصاً ستارہ مریخ یکم جنوری تا 30 مارچ اور 20 جون تا 31 دسمبر آپ کو ممکنہ سعد گھروں میں رہتے ہوئے فوائد پہنچائے گا۔ وراثت انشورنس کلیم اور غیر متوقع مالی انعامی

فوائد کے ممکنات کا سال دکھائی دیتا ہے۔مریخ مشتری سعد نظرات 22,21,20,19,18 مارچ، 21,20,19 جون، بننے سے دیرینہ وراثتی شراکتی معاملات باہم رضامندی سے حل ہوسکیں۔تاہم 6,5,4,3,2 اگست، 21,20,19,18,17 اکتوبر کے ایام احتیاط طلب دکھائی دیتے ہیں ان ایام میں صدقہ خیرات حسبِ توفیق دیتے رہیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت النصیب اور سفر کا حاکم ستارہ مشتری ابتداء سال سے 19 دسمبر تک شمسی زائچہ کے دسویں گھر ہبوط یافتہ اور خصوصاً جنوری، فروری تحت الشعاع غروب ہونے سے 2020ء مستقبل کی منصوبہ بندی میں اپنے مخلصین اور بزرگوں کی مشاورت کو ضرور شامل کریں۔اندرون اور بیرون ملک کئے گئے لمبے غیر ضروری سفر کرنے سے اعتراض کریں۔اشد ضرورت ہو تو سفر سے قبل صدقہ و خیرات ضرور کریں۔حج و عمرہ زیارات مقدسہ پر جانے والے خواہاں عملی افراد اپنے نیک ارادوں کے مطابق سفر میں آسانیاں پائیں تاہم دوران سفر اپنے سامان و ضروری کاغذات اور زادِ راہ بھی کم ہونے سے پریشانی محسوس کرسکتے ہیں۔قانونی و پنچائتی اُمور کو مشاورت سے ممکنہ حل کرنے کی کوششیں کریں خواہ اس میں آپ کو عارضی طور پر کوئی نقصان ہی کیوں نہ ہو۔ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر تک رجعت (اُلٹا) میں رہے گا۔اِن ایام میں اپنے مستقبل کیلئے بنائے گئے مستقبل کے منصوبوں پر نظر ثانی ضرور فرمالیں تاکہ ممکنہ مستقبل کی پریشانیوں سے بچا جاسکے۔مشتری اور مریخ سعد نظرات 22,21,20,19,18 مارچ، 21,20,19 جون آپ اپنی مشکلات پر قابو پاسکیں گے۔بیرونِ ملک اعلیٰ تعلیم یا روزگار کیلئے کوشش کرنے والے عملی اِن ایام میں کوشش کریں تو اپنے مقاصد میں بآسانی کامیابی پاسکتے ہیں۔مشتری مریخ نحس نظرات 6,5,4,3,2 اگست، 21,20,19,18,17 اکتوبر بننے سے اپنے کاموں میں نظر ثانی کریں یا اِن دنوں کوئی اہم معاہدہ اور سفر سے اعتراض کریں۔حسبِ توفیق صدقات خیرات بھی ضرور دیتے رہیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کا مشترکہ حاکم زحل جو گزشتہ سال سے اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ چلا آرہا ہے۔ گزشتہ سال اس نے جو آپ کو بہتر موقع و وسائل دیئے۔اسے 2020ء میں سنبھال کے رکھنے کی ضرورت پر زور دیں۔ابتداء سال میں دسویں گھر میں زحل کے ہمراہ کیتو شمس عطارد مشتری اور پلوٹو کا اجتماع کاروباری کیرئیر عزت کے معاملات میں بہت حد تک محتاط رویہ اپنائیں ورنہ کئی چیزیں آپ کے ہاتھ سے نکل جائیں گئیں۔کاروباری معاملات میں زبردست اُتار چڑھاؤ تبدیلی کاروبار جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں غیر متوقع مسائل و پریشانیوں سے بچنے کیلئے ایک دو روحانی عمل آپکی خدمت میں ہدیہ ہیں۔2020ء کی ابتداء سے ہی اپنی کاروباری اور بیڈروم یا بستر کی جگہ پر فلسفہ ہجرت رسول اللہ ﷺ کے تحت تھوڑی سی اپنے گھر اور آفس میں تبدیلی کریں۔روزانہ یا ہفتہ کے دن حسبِ توفیق چائے کی پتی یا کالے ماش کا صدقہ ضرور دیں۔کاروبار میں مزید وسعت یا مزید سرمایہ کاری سوچ سمجھ کر کریں۔ملازمتی اُمور میں حکام بالا کی شکایت کا موقع نہ دیں اپنے خلاف ہونے والی ملازمتی سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں۔ 2020ء ستاروں کی آسمانی کونسل پر اجتماعی نشست کے مطابق جہاں بہت ساری غیر متوقع کامیابیاں دلائے وہاں کاروباری نقصانات کے اندیشے بعید از قیاس نہیں۔کاروباری وسائل اور مالی لین دین اتناہی کریں جتنے آپ کے وسائل ہیں۔سیاسی سماجی دلچسپیاں رکھنے والے افراد پر ایک دباؤ رہے اور ان کے تعلقات اور وفاداریاں وقت کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوسکتی ہیں۔2020ء زحل مریخ سعد نظرات 30,29,28,27 جون، اپنے کیرئیر عزت و وقار کو محفوظ رکھنے اور بڑھاوا دینے کیلئے نہایت ہی اہم اور سازگار وقت ہے۔حکام اور روحانی شخصیات سے فیض مل سکتا ہے۔زحل مریخ نحس نظرات 31,30 مارچ، یکم، 2 اپریل، 29,28,27,26,25,24,23,22,21 اگست، 25 ستمبر تا 3 اکتوبر نہایت ہی محتاط طلب ایام حاسدین آپ کی عزت وساکھ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔اچانک بڑی عمر کے عملی افراد کی صحتِ جسمانی متاثر ہوسکتی ہے۔ٹریفک حادثات ناگہانی مسائل و پریشانیاں ذہنی دباؤ ڈپریشن سے بچنے کیلئے اپنے اور اپنے زیر کفالت افراد اپنے کاروبار اپنے خاندان کے تحفظ کیلئے جی کھول کر صدقے و خیرات وقفہ وقفہ سے دیتے رہیں۔مجموعی طور پر 2020ء کیرئیر کاروبار عزت و وقار کیلئے ایک ذمہ دارانہ سال ہے۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید اور بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 22 مارچ 2020ء سے 7 مارچ 2023ء تک اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ رہے گا۔ماسوائے 2 جولائی تا 17 ستمبر 2020ء تک یہ رجعت یافتہ ہوکر پھر سے دسویں رہتے ہوئے 17 دسمبر کو پھر گیارہویں آجائے گا۔2020ء میں آپ کی بہت ساری ادھوری خواہشات کی تکمیل ہوسکے گی۔آپ کی زندگی میں نئے اچھے لوگوں

کی تعداد میں اضافہ کچھ پرانے لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں اور ان کی جگہ نئے اور مفید لوگ آپ کی زندگی میں شامل ہوسکیں۔ زحل کی گیارھویں اور اپنے فطرتی گھر نشست نہایت ہی اعلیٰ ثمرات عطا کرے زمین جائیداد پراپرٹی سے نفع پانے کے خواہاں حملی افراد کیلئے یہ بڑا اہم سال ہے۔ گزشتہ سالوں کی نسبت سبھی بگڑے کام آہستہ آہستہ سنورنے لگیں گے۔ پرانے اور دیرینہ مخلص دوستوں سے دوبارہ اچانک ملاقات ہوسکے گی۔ اور ایسے ماضی کے ساتھی جنہوں نے آپ کو کوئی مالی یا اخلاقی نقصان پہنچایا ہوگا عین ممکنات میں ہے کہ یہ لوگ آپ سے معافی کے خواستگار ہوں اور اپنی کوتاہیوں کا ازالہ کرنے کی حامی بھریں۔ ایسے لوگوں کو معاف تو ضرور کردیں یاد رہے کہ مومن ایک سوراخ سے بار بار نہیں ڈسا جاتا۔ 30 مارچ تا 2 اپریل دسویں گیارھویں گھر کے کسب پر قران زحل و مریخ ہونے سے کوئی بڑی ناپسندیدہ پریشانی و مشکلات آسکتی ہے۔ محتاط رہنے کے ساتھ ساتھ ان ایام میں کسی جانور کا حسبِ توفیق صدقہ وخیرات کریں۔ زحل مریخ تسدیس 30,29,28,27 جون ہونے سے جبکہ مریخ تب عروج یافتہ ہو۔ گزشتہ پیدا شدہ مشکلات پر بآسانی قابو پایا جاسکتا ہے۔ 2020ء کے محتاط ایام زحل مریخ تربیعات 21 تا 29 اگست اور 25 ستمبر تا 3 اکتوبر بنے۔ تب اُمیدوں میں اچانک ناکامی یا مایوسی جیسے واقعات پیش آسکتے ہیں۔ اپنے حاسدین مخالفین اور مشکوک دوستوں سے محتاط رہیں اور انہیں اپنے رازوں سے آگاہ ہرگز مت کریں ورنہ یہ لوگ آپ کو بلیک میل یا سازشیں کرسکتے ہیں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد اور نویں کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری 19 دسمبر تک دسویں ہبوط یافتہ اور ابتداء سال میں شمس عطارد زحل کیتو پلوٹو کے قرانات سے متاثر ہوتے ہوئے خصوصاً بیرونِ ملک حصول امیگریشن کے خواہاں حملی افراد کو تب رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے جب ان کے کاغذات درست نہ ہوں البتہ عبادت وریاضت اور چلہ کشی کرنے والے دوست سکون پائیں۔ 2020ء اس لحاظ سے اہم سال ہے کہ بڑھتے ہوئے اخراجات یا ناگہانی اخراجات پر قابو پانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے آپ اپنے اخراجات میں کمی اور سادگی کو اپناتے ہوئے مستقبل کی بہت ساری مالی مشکلات سے بچ سکتے ہیں۔ ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے دیرینہ اور پیچیدہ بیماری اور مشکلات ہسپتال یا دیگر نظر بندی کی مشکلات سے نجات پاسکیں گے۔ ستارہ مشتری مریخ نیپچون سعد نظرات 14 تا 27 فروری، 13 تا 16 مارچ، 18 تا 22 مارچ، 12 تا 21 جون، 18 تا 27 جولائی، 7 اگست تا 12 اکتوبر بننے سے آپ اپنی زندگی کو حقائق پر مبنی اپنے مذہب ومسلک اور خصوصاً مقدس آسمانی کتب آئمہ معصومینؑ کی دُعاؤں میں ذہنی وقلبی لگاؤ محسوس کرتے ہوئے رغبت ومطالعہ ریسرچ ورک اور سچائی حق شناسی کی تلاش میں اپنے لگن اور شوق سے بہت آگے تک جاسکتے ہیں۔ اور پورا سال درود شریف کا ورد کرنے والے روحانی معراج کو چھو سکتے ہیں تاہم تمام سال حسبِ توفیق صدقہ دیتے رہیں۔

حملی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 11 جنوری چاند گرہن، 21 جون سورج گرہن زائچہ کے چوتھے گھر میں لگنے سے خاندانی معاملات اور والدہ کی صحت کے مسائل کا اندیشہ محتاط رہیں۔ 6 جون چاند اور 16 دسمبر سورج گرہن زائچہ کے نویں لگنے سے قانونی مسائل و پریشانیاں اور اعلیٰ ڈگری کے خواہاں طلبہ صدقے اور خیرات ضرور دیں۔ 5 جولائی دسویں چاند گرہن لگنے سے صحتِ جسمانی اپنے عزت ووقار کا تحفظ کرنے کیلئے تیار رہتے ہوئے اپنے حاسدین اور مخالفین سے محتاط رہیں۔ 30 نومبر تیسرے چاند گرہن عزیز واقارب اور بہن بھائیوں اور پڑوسیوں سے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں۔ گرہن اپنے لگنے سے پندرہ دن قبل تا بعد بداثرات دے سکتا ہے۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کرکے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

سعد تواریخ:۔ 31,25,21,16,12,2 جنوری، 29,26,25,23,18,14,9 فروری، 31,29,23,20,18,13,9 مارچ، 27,21,19,16,11,7 اپریل، 25,20,15,10,6 مئی، 23,20,19,18,13,8,7 جون، 30,22,17,12,7,2 جولائی، 27,19,16,14,9,4 اگست، یکم، 29,28,23,15,11,6 ستمبر، 29,25,20,8,3 اکتوبر، 26,21,16,8,3 نومبر، یکم، 29,24,19,14,11,6 دسمبر

نحس تواریخ:۔ 28,27,14,5 جنوری، 11,5 فروری، 26,11,4 مارچ، 26,24,9,5 اپریل، 28,23,11,8 مئی، 29,21,6,3 جون، 28,26,19,8,4 جولائی، 30,24,23,17,2 اگست، 30,26,24,19,13 ستمبر، 22,19,16,14,10,9 اکتوبر، 18,12,9,6 نومبر، 31,16,10,3 دسمبر

حاکم سیارہ: زہرہ
ذاتی عقیدہ: میں رکھتا ہوں
خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت)
منسوب رنگ: سفید، کریم کلر، سبز، بھورا
منسوب پتھر: ڈائمنڈ اور سفید پکھراج
منسوب پھول: گلاب گل لالہ ڈیزی للی
مثبت اور مؤنث برج

AYUB KHAN

نشان: سانڈ کا سر
عنصر: مٹی (Earth)
نفسیاتی ٹائپ: مادی
اعضائے جسمانی: حلق گردن
منسوب دھات: تانبا، چاندی
منسوب درخت: سیب ناشپاتی
بائیو کیمک سالٹ: نیٹرم سلف

حروف: ب و

ثور
زہرہ
21 اپریل تا 21 مئی

حالات وواقعات کی روشنی میں

آسمانی کونسل پر **2020**ء جسکا مفرد نمبر **4** ستارہ شمس (قدیم) ستارہ یورانس (جدید) سے منسوب لہروں کے دوش پر اپنی روحانیات بڑھا کر اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کم از کم یہ دُعا **40** مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں۔ (اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِاسۡمِكَ یَا اَللّٰهُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِی) یوں سال **2020**ء آپکی زندگی کا کامیاب سال ثابت ہوگا۔

آسمانی کونسل پر **2020**ء شمسی زائچہ کے نویں گھر میں **6** کواکب مشتری عطارد شمس زحل کیتو اور پلوٹو کا قیام آپ کے نصیب، مذہب، قانونی یا پنچائتی معاملات بیرون ملک کاروبار اور طلبہ کے اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے نمایاں تبدیلی حالات و واقعات نیک اور غیر متوقع وسائل ملنے کیلئے نہایت ہی اہم سال خصوصاً زہرہ کا عزت کے گھر میں قیام مخلصین حکام بااثر لوگوں کی معاونت والدین خصوصاً والد گرامی یا کسی مرشد کامل یا بزرگ روحانی سے فیضیابی اور دُعاؤں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اس سال **4** اہم کواکب مشتری زحل اور راہو کیتو برج تبدیل کرنے سے آپ کی روزمرہ کاروباری و معاشرتی زندگی میں نمایاں مثبت تبدیلیاں لائیں۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ حالات کی تبدیلیوں سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے حقائق پر مبنی پروگرام بنائیں اور ان میں بزرگوں اور مخلصین کی مشاورت کو بھی ضرور شامل کریں۔ آپ انتھک محنت کے قائل اور اس کے نتیجہ میں زیادہ سے زیادہ دولت کمانے کے خواہاں رہتے ہیں۔ **2020**ء میں آپ دولت تو خاصی کما سکتے ہیں۔ مگر بارہویں کے مالک ستارہ مریخ کے بارہویں **28** جون **2020**ء تا **7** جون **2021**ء قیام کے دوران اندیشہ ہے کہ آپ کسی ناگہانی نقصان اور دھوکہ دہی سے اور عظیم مالی نقصان سے دوچار ہو سکتے ہیں۔ دیگر ان ایام میں بیرونِ ملک ہجرت یا حصول امیگریشن کے خواہاں ثوری افراد کو اپنے مقاصد کی تکمیل کیلئے آسان وسائل نہ صرف ملیں تاہم دوسرے ان کے سلسلہ میں مددگار ثابت ہوں۔ آپ کا حاکم ستارہ زہرہ جنوری، مارچ، اپریل، دسمبر مجموعی طور پر سعد گھروں میں رہتے ہوئے آپ کی حیثیت وشخصیت عزت میں اضافہ کا باعث بنے۔ مدمقابل آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔

آپ کی شخصیت:۔ آپ کا حاکم ستارہ زہرہ جو فطرتی طور پر محبت واُلفت خوبصورتی اور دُنیا کی رنگینیوں پر حکمران ہے۔ قدیم منجم اسے صلح اور امن اور محبت کی معراج کا ستارہ قرار دیتے ہیں۔ اس سے دن جمعہ منسوب جو عالم اسلام کا سیّد الیوم دن بھی کہلاتا ہے۔ **2020**ء میں ستارہ زہرہ **13** جنوری تا **8** فروری شرف یافتہ۔ **5** مارچ تا **3** اپریل اور **28** اکتوبر تا **21** نومبر عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کو اپنی سعادت کے سبب غیر متوقع طور پر کامیابیاں دلائے۔ **2020**ء اہم ستاروں کی تبدیلی کے سبب آپ کی روزمرہ معمولات زندگی بدل سکتے ہیں۔ آپ اس کیلئے ذہنی طور پر تیار رہیں ورنہ اچانک تبدیلی سے آپ غیر محسوس نقصانات اور اپنے جذبات واحساسات میں بے چینی محسوس کرتے ہوئے اپنی صحتِ جسمانی کو متاثر کر سکتے ہیں۔ **2020**ء میں زہرہ مریخ زحل سعد نظرات **5,4,3** فروری، **6,5,4,3** اپریل، **30,29,28,27** جون، **29,28** ستمبر، **25,24** اکتوبر، **16,15,14** دسمبر۔ بننے سے آپ اپنی شخصیت کو نمایاں واُجاگر کر کے وقفہ وقفہ سے بہت ساری کامیابیاں سمیٹ سکتے ہیں۔ اب دوسرے بھی آپ سے مشاورت لینا پسند کریں۔ جبکہ انہی کواکب کی نحس نظرات **29,28,27** جنوری، **4,3,2** مارچ، **30** مارچ تا **2** اپریل، **2** جون تا **4** جون، **21** تا **29** اگست، یکم تا **5** ستمبر، **30,25** ستمبر، **3** اکتوبر بنیں گی ان ناقص ایام کو اہم کام کی انجام دہی کیلئے ریڈ مارک کرلیں۔ تب اہم کاموں کو

پینڈنگ کرتے ہوئے ان ایام میں مشاورت اور صحتِ جسمانی کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ عطارد دیگر 5 ستارے شمس مشتری زحل کیتو اور پلوٹو کے جھرمٹ میں ہونے کے سبب ذرائع آمدن کو بڑھانے کیلئے عجیب وغریب ذرائع اور مواقع آفر ہوں اب اس میں جائز اور ناجائز کی تمیز آپکو خود ہی کر لینی چاہئے۔ ستارہ عطارد 12 تا 28 مئی، 20 اگست تا 5 ستمبر، عروج اور شرف یافتہ جبکہ 6 ستمبر تا یکم نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے ذرائع آمدن اور خاندان میں اضافہ ہوسکے گا۔ عطارد زہرہ سعد نظرات 5,4 مارچ، 19,18,17 اپریل، 23,22 مئی، 6,5,4,3 ستمبر، 13,12,11 اکتوبر بننے سے مستقبل کی محفوظ سرمایہ کاری اور کسی مخلص صاحب معاشیات کی مشاورت سے آپ جز وقتی یا طویل المعیاد معاشی پروگراموں پر عمل درآمد کرنا پسند کریں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم چندرماں (قمر) یوں تو ہر ماہ آپ کو سعد اثرات برج ثور سرطان سنبلہ جبکہ ناقص اثرات عقرب اور جدی میں دیتا ہے۔ قمر کی 12 برجوں میں تواریخ کے چارٹ سے جنتری ہذا میں سے بآسانی مستفید ہوسکتے ہیں۔ گزشتہ سال سے اس گھر میں اہم ستارہ راہو چلا آرہا ہے جو 5 مئی کو برج تبدیل کرتے ہوئے خانہ مال میں چلا جائے گا تاہم زحل بھی 22 مارچ تا 2 جولائی اور 17 تا 31 دسمبر مقابل نظر سے ہٹ جانے کے سبب عزیز واقارب بہن بھائیوں کی جانب سے گزشتہ سالوں سے جو دباؤ چلا آرہا تھا اس میں کمی آئے گی۔ رشتہ داروں اور عزیز واقارب کے مابین پیدا شدہ تنازعات کو حل کرنے کی کوشش بارآور ثابت ہونگے۔ ناراض بہن بھائی عزیز واقارب کو سمجھنے اور ان کی کوتاہیوں کو درگزر کرکے اللہ اور رسول ﷺ کی خوشنودی بآسانی پاسکتے ہیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ شمس ابتداء سال میں اپنے گھر سے چھٹے اور شمسی زائچہ کے نویں گھر میں دیگر 5 کواکب کے نرغے میں ہو۔ شمس چونکہ بادشاہ فلک اور غروب نہ ہونے والا ستارہ ہے لہٰذا آپ اور آپ کے خاندان کے مابین ہونے والی سازشیں کامیاب نہ ہوں۔ زمین جائیداد کی خرید وفروخت زراعت باغبانی سے متعلقہ اُمور اس سال قدرے توجہ اور محنت طلب ہونگے۔ ستارہ شمس 20 مارچ تا 19 اپریل، 21 جون تا 22 اگست سعد پوزیشن میں رہتے ہوئے رہائشی تزئین وآرائش زمین جائیداد کی خرید وفروخت اور اندرون خانہ مہمانوں کی آمد ورفت میں اضافہ رہے۔ تاہم 20 جنوری تا 18 فروری، 22 ستمبر تا 23 اکتوبر، 21 تا 31 دسمبر کمزور پوزیشن کے سبب عارضی مسائل و پریشانیاں خاندانی اختلافات پیش آنے کے سبب محتاط رہنے کے ساتھ ساتھ صدقے وخیرات بھی ضرور دیں۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ پانچویں محبت انعام اور اولاد کے اس اہم گھر کے حاکم سریع الرفتار ستارہ عطارد کی نشست 2020ء میں شمسی زائچہ کے سعد گھروں میں 12 تا 18 مئی، 20 اگست تا 10 نومبر صاحبِ اولاد اپنے بچوں کے مستقبل اور ایجوکیشن کے سلسلہ میں خاصہ فکرمند رہیں۔ بچوں کے روز وشب اور ان کے دوستوں کی شناسائی مصروفیات سے غافل ہرگز نہ رہیں۔ کیونکہ ابتداء سال میں عطارد کا نویں گھر غروب ہونا نیک شگون نہیں۔ بازاری قسم کی محبت اور جنسِ مخالف کے دامِ فریب میں آنے سے بچیں۔ بچوں کی صحت اور تعلیم اور پہلے سے کسی جاری محبت یا جذباتی لگاؤ میں سنجیدگی سے کام لیتے ہوئے اسے کسی انجام تک پہنچائیں۔ عطارد زہرہ سعد نظرات 6,5,4 مارچ، 19,18,17 اپریل، 23,22 مئی، 6,5,4,3 ستمبر، 13,12,11 اکتوبر بننے سے آپ کی شخصیت کی پسندیدگی اور سحر انگیزی کے سبب خواہاں لڑکے اور لڑکیوں کی منگنی یا شادی کے امکانات روشن رہیں۔ اس عرصہ میں قائم ہونے والی دوستی کو جلد کسی انجام تک پہنچائیں ورنہ حاسدین کے سبب شکوک وشبہات جنم لے سکتے ہیں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے کے خواہاں 24,23,22,3,2 جنوری، 29,28,27,5,4 مارچ، 19,18,17,9,8,7 اپریل، 23,22,11,10 مئی، 30,29 اگست، 6,5,4,3 ستمبر، 20,19,18,13,12,11 اکتوبر، 30,29,28 نومبر، 16,15,14 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا

مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ زہرہ جو طالع کا بھی مشترکہ حاکم ہے۔ ابتداء سال میں نویں نحس گھر ہمراہ عطارد زحل مشتری اور کیتو کے ہونے سے ثوری افراد کو بہت ساری ناگہانی پریشانیوں قرض مرض سے نجات ملے دیرینہ بیماری میں مبتلا بعض ثوری لمبے عرصہ بعد شفاء پاکر ہسپتال یا کسی آزمائش کے بعد اپنے گھر کو رونق بخشیں ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 20 فروری شرف یافتہ جبکہ 5 مارچ تا 3 اپریل اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج یافتہ رہیگا تب عزت کیرئیر روزگار خصوصاً ملازمت یا تبدیلی ملازمت کے لئے سازگار ماحول خصوصاً بیروزگار افراد کو تو فوراً جو کام ملے تو کر لینا چاہئے کام میں ہی عظمت اور ترقی بتدریج ہوتی ہے۔ ستارہ زہرہ 8 فروری تا 5 مارچ، 21 نومبر تا 15 دسمبر وبال یافتہ اور 3 تا 28 اکتوبر ہبوط یافتہ رہے۔ اس کے علاوہ زہرہ عطارد زحل نحس نظرات 2,3,4 مارچ، 28,29 اپریل، 3,4 اگست، یکم 2,3,22,23,24 ستمبر، 31 اکتوبر، 2,6,8,18,19,20 نومبر بنیں تب ملازمتی فرائض کی انجام دہی ذمہ دارانہ انداز سے کریں ماتحتوں کی نگرانی اور افسران بالا حکام کو شکائیت کا موقعہ نہ دیں۔ 2020ء عروج کا سال تاہم ان سب ایام کو ریڈ مارک کرلیں اپنے فرائض منصبی میں غیر ذمہ داری سے بچیں۔ اپنا میڈیکل چیک اَپ بلڈ پریشر، شوگر، کولیسٹرول ضرور چیک کروائیں تا کہ ممکنہ کسی بیماری سے بچا جا سکے۔ 2020ء آپ کا وزن بھی بڑھ سکتا ہے۔ اپنا طرز زندگی ہلکی پھلکی ورزش سیر کو بھی اپنے روز مرہ معمولات میں شامل کریں۔ 2020ء انہی کواکب کی سعد نظرات 11,12,13 جنوری، 3,4,5 فروری، 4,5 مارچ، 3,4,6,11,12,17,18,19 اپریل، 12,13,22,23 مئی، 2,3,6 ستمبر، 11,12,13,24,25,30 نومبر، یکم 14,15,16 دسمبر کے ایام میں آپ کے اندر ایک جنونی کام کاج کرنے اور آگے بڑھنے کا جذبہ موجزن رہیگا۔ بااثر اور اہم شخصیات کی وساطت سے آپ اپنے ہم عصر لوگوں سے آگے نکل سکتے ہیں۔ حاسدین مخالفین کی بدنظری سے بچنے کے لئے صدقہ و خیرات وقفہ وقفہ سے سارا سال ضرور دیتے رہیں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ آپ کا حاکم ستارہ بیت الزوج اور بارہویں کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ یکم ,2 جنوری ساتویں، 28 جون 2020ء تا 6 جنوری 2021ء شمسی زائچہ کے بارہویں گھر میں عروج یافتہ رہتے ہوئے غیر معمولی قیام کرے گا۔ جبکہ درمیانی عرصہ میں 16 فروری تا 31 مارچ شرف یافتہ رہے۔ 2020ء میں ستارہ مریخ کی غیر معمولی حرکات اور خصوصاً 10 ستمبر تا 14 نومبر یہ بارہویں گھر میں رجعت (اُلٹا) رہے گا۔ عام اور خاص تعلقات کے حوالہ سے 2020ء ایک غیر معمولی سال دکھائی دیتا ہے۔ شریکِ کار خصوصاً شریک حیات سے قریبی تعلقات میں احتیاط سے کام لیں۔ شادی کے خواہاں ثوری لڑکے اور لڑکیوں کی رشتے کی بات بن کر کسی سبب التواء کا شکار ہوسکتی ہے تو ایسے میں اُداس یا مایوس ہونے کے بجائے ہر منگل گوشت یا کلیجی پھیپھڑے حسبِ توفیق صدقہ و خیرات کریں۔ دُنیاوی روحانی تعلقات میں بہتری کے خواہاں ہوں تو اسم اعظم ''یَا وَارِثُ'' 707 مرتبہ روزانہ پڑھنا معمول بنالیں۔ ستارہ زہرہ 5 مارچ تا 3 اپریل طالع میں ہونے کے سبب ان ایام میں رشتہ و شادی کے معاملات طے ہونے میں آسانیاں پائیں اور ستمبر کا آخری ہفتہ بھی اس سلسلہ میں اہم دکھائی دیتا ہے۔ ان ایام کے علاوہ ستاروں کی آسمانی کونسل پر نشست شادی بیاہ خوشی کے کام ہونے کیلئے اور خانگی ازدواجی خوشیوں میں اضافہ کیلئے صدقہ و خیرات وقفہ وقفہ سے کرتے رہیں۔ ستارہ زہرہ مریخ اور مشتری کی سعد نظرات 22,23,24 جنوری، 18,19,20,21,22 اور 27,28,29 مارچ، 19,20,21 جون، 28,29 ستمبر، 18,19,20 اکتوبر، 14,15,16 دسمبر بننے سے آپ کی خوش مزاجی شخصیت کی سحر انگیزی حیثیت و شخصیت میں اضافہ ہونے سے شادی منگنی اور خصوصاً دوسری شادی کرنے والے ثوری مرد وخواتین بھی آسانیاں پائیں۔ صدقہ خیرات بزرگوں کی دُعاؤں سے بھی آپ کا نصیب یاوری کر سکے گا۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف اور گیارہویں کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری اپنے ہی فطرتی نویں گھر میں ہبوط یافتہ 19 دسمبر تک رہے گا۔ ابتداء سال میں مشتری کے ہمراہ شمس عطارد کیتو زحل اور پلوٹو کا ہونا 2020ء وراثتی خاندانی معاملات کسی بڑے انشورنس کلیم اور یک دم دولت کا مل

جانا اس سال کے اہم اور غیر معمولی واقعات ہو سکتے ہیں بشرطیکہ قبل ازیں اس کیلئے کوئی ماحول سازگار ہو۔ 2020ء میں غیر معمولی واقعات میں نظر بد اور شدید قسم کے حادثات جیسے خراب واقعات نظر انداز نہیں کئے جا سکتے خصوصاً 23,22 فروری، 3,2 مارچ، 27,26,25 اگست، یکم 3,2 ستمبر کو صدقہ خیرات ضرور دیں۔ 2020ء میں سعد اور خوش بختی کے ایام 24,23,22 جنوری، 5,4,3 فروری، 29,28,27 مارچ، 6,5,4,3 اپریل، 25,24,20,19,18 اکتوبر، 21,16,15,14,13,12 تا 30 دسمبر۔ سبھی اہم تواریخ پیدا شدہ حل المشکلات میں آپ کو مخلصین اور بزرگوں سے گائیڈنس ملے اور عبادت گزار ثوری افراد کو روحانی طور سے بھی مدد و نصرت ملے جس سے آپ اپنے وراثتی شراکتی معاملات کو حسبِ منشاء ممکنہ حد تک حاصل کرنے میں کامیاب ہو سکیں گے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور نصیب کا حاکم زحل گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی 17 دسمبر 2020ء تک اپنے ہی گھر میں طاقتور رہے گا۔ گزشتہ سال کے برعکس ابتداء سال میں زحل کے ساتھ 5 دیگر اہم ستاروں مشتری، کیتو، عطارد، شمس اور پلوٹو کا ہونا 2020ء مستقبل کی منصوبہ بندی اور بیرون ملک سفر قانونی مشاورت اور طلبہ کیلئے اعلیٰ تعلیمی امکانات جیسے سبھی اُمور غیر مستقل مزاجی سے تبدیل یا مؤخر ہو سکتے ہیں آپ اس سال جو بھی پلاننگ کریں اندیشہ ہے کہ آپ کی پلاننگ کسی سبب تاخیر نظر بد حاسدین کی سازشوں کے سبب متاثر ہو سکتی ہے۔ لہٰذا اپنے بنائے گئے منصوبوں پر بار بار نظر ثانی کرتے رہیں۔ کاروباری اغراض و مقاصد کے حصول کیلئے بیرونِ ملک جانے والے افراد خصوصی تیاری رکھیں دورانِ سفر اپنے سامان کی حفاظت کی طرف توجہ دیں تاکہ چوری چکاری کے خدشات سے بچا جا سکے۔ زحل زہرہ کی سعد نظرات 5,4,3 فروری، 6,5,4,3 اپریل، 26,25,24 اکتوبر، 16,15,14 دسمبر۔ ان سبھی سعد ایام میں آپ اپنے مستقبل کیلئے اہم فیصلے از خود یا مشاورت سے کریں تو ان کے اچھے ثمرات جلد ہی پائیں تاہم زحل زہرہ نحس نظرات 3,2,4 مارچ، یکم 3,2 ستمبر، 20,19,18 اکتوبر بننے سے مستقبل کی پلاننگ کیلئے غیر متوقع پریشانیوں رکاوٹوں کا اندیشہ۔ ان جیسے واقعات سے بچنے کیلئے قبل ازیں مخلصین بزرگوں سے مشاورت و معاونت کی اپیل کر سکیں۔ تو آپ کیلئے نیک فال ہوگا۔

کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:۔ 2020ء شمسی زائچہ کے دسویں کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد اس گھر میں 22 مارچ تا 2 جولائی اور پھر 17 دسمبر 2020ء تا 7 مارچ 2023ء تک ڈھائی سال کیلئے رہے گا۔ یہ سبھی مہینے سال آپ کی زندگی میں غیر معمولی خوش کن دکھائی دیتے ہیں۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ اپنے حالات میں غیر معمولی تبدیلیاں محسوس کریں گے۔ آپ کے اندر خود اعتمادی اور حوصلہ مندی سے اپنے کاروبار اور کیرئیر کو آگے بڑھانے کیلئے ایک نیا عزم جوش اور ولولہ دکھائی دیتا ہے۔ کیرئیر میں ترقی بااثر لوگوں اور سماجی سیاسی حکام سے تعلقات میں بہتری اور مفادات کا حصول ہو۔ سماجی سیاسی اہم ذمہ داریوں کیلئے بھی آپ کو چُنا جا سکتا ہے۔ آپ کی کاروباری عزت و ساکھ میں اضافہ ہوگا۔ آپ اپنی انتظامی صلاحیتوں میں بہتری محسوس کریں۔ ملازمتی عزت و مرتبہ اور ترقی کے خواہاں ثوری افراد 2020ء میں اپنے مقاصد کو بالآخر پا ہی لیں گے۔ زحل زہرہ عطارد سعد نظرات 13,12,11 جنوری، 5,4,3 فروری، 5,4 مارچ، 19,18,17,12,11,6,5,4,3 اپریل، 23,22,13,12 مئی، 6,5,4,3 ستمبر، 26,25,24 اکتوبر، 30 نومبر، یکم 16,15,14 دسمبر سبھی سعد تواریخ اپنے کاروباری عزت ساکھ اور مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے نیک دکھائی دیتے ہیں۔ سماجی سیاسی معاملات میں مصروفیات اور عملی طور پر حصہ لینے سے عزت و شہرت میں اضافہ ہوگا۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مشتری نویں اپنے فطرتی گھر میں ہبوط یافتہ اور 5 ستاروں کے اجتماع میں ابتداء سال سے 19 دسمبر تک رہے گا۔ آسمانی کونسل پر ستاروں کا دباؤ ''**ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پر دم نکلے**'' کے مصداق معلوم ہوتا ہے۔ 2020ء میں آپ کی زندگی سے کئی بے وفا قسم کے دوست احباب نکل جائیں گے اور اِن کی جگہ قدرت آپ

کوئی ایک مخلص دوست اور ساتھی دے دے گی جو ثوری رفائی اور فلاحی کاموں میں حصہ لیتے رہتے ہیں اور عبادت و نماز کی پابندی رکھتے ہیں وہ اس سال ممکنہ مشکلات سے بچے رہیں ورنہ یہ سال دوستی اور خواہشات کے معاملات میں عجیب وغریب قسم کی رکاوٹیں اَن دیکھے خدشات اور توقعات کی تکمیل میں تاخیر اور خصوصاً ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر جب رجعت میں ہوگا تو یہ ہفتہ خاصہ مایوس کُن ثابت ہوسکتا ہے۔ اُداس ہونے کے بجائے صبر وتحمل سے اچھے وقت کا انتظار کریں۔ مشتری زہرہ سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 29,28,27 مارچ، 20,19,18 اکتوبر، 16,15,14 دسمبر بنے تب آپ کی دیرینہ خواہشات کی تکمیل خصوصی مالی کاروباری فوائد اور مخلص کاروباری اور سماجی لوگوں سے تعلقات استوار نہ صرف ہوں بلکہ آئندہ سالوں میں آپ کی اِن سے قربت بڑھے۔ 2020ء دانشمندانہ طریقے اور پلاننگ کے ساتھ گزارا گیا تو ممکنہ کچھ خواہشات غیر متوقع طور سے پوری ہوسکیں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد بارھویں کا حاکم ستارہ مریخ 3 جنوری تا 15 فروری آٹھویں نحس گھر میں رہنے سے خفیہ دُشمن آشکار ہوں اور آپ اپنی ہمت وذہانت سے دشمنوں کے منصوبوں کو ناکام بناسکیں گے۔ 16 فروری تا 31 مارچ ستارہ مریخ شرف یافتہ رہتے ہوئے عبادت وریاضت چلہ کشی بیرونِ ملک ہجرت یا حصول امیگریشن کیلئے اپلائی کرنا بہت نیک رہے گا۔ 31 مارچ تا 12 مئی مریخ بارھویں سے بارھویں گھر رہے۔ یہ عرصہ بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پانے کیلئے نیک تاہم بچوں کی تعلیم وتربیت اور شادی پر ضروری اخراجات پیش آسکتے ہیں۔ اور اس کا تسلسل 28 جون تا 31 دسمبر جاری رہے گا۔ مریخ 2020ء میں طویل عرصہ بارھویں رہتے ہوئے بے چینی ناگہانی اخراجات ومسائل۔ دشمنوں کی سازشوں سے محتاط رہیں۔ مریخ زہرہ نحس نظرات 28,27,26,25 جنوری، 4,3,2 جون، 5,4,3 ستمبر، 10,9 نومبر بننے سے ذہنی دباؤ ڈپریشن اور خرابی صحت جیسے مسائل پیش آسکتے ہیں اپنی صحت کا مناسب خیال رکھنے کی وجہ سے آپ کو کچھ عرصہ اپنے گھر یا ہسپتال کی ضرورت ہوگی۔ اس سے قبل کہ ایسا ہو محتاط طرز زندگی۔ محتاط روز وشب آرام اور صدقات سے ان خدشات بہتر کیا جاسکتا ہے۔

ثوری مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 2020ء میں 4 چانداور 2 سورج گرہن لگیں گے۔ اِن کے ناقص اثرات گرہن لگنے سے 15 دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے دو نفل نماز خسوف (چاند) اور دو نفل نماز کسوف (سورج) ادا کریں۔ 11 جنوری چاند گرہن، 21 جون سورج گرہن شمسی زائچہ کے تیسرے لگنے سے عزیز واقارب بہن بھائیوں سے اختلافِ رائے سے بچیں اور ان کی ممکنہ فرمائش پوری کرسکیں۔ اور ایسا صلہ رحمی کے طور پر ضرور کریں۔ 6 جون چاند گرہن اور 14 دسمبر سورج گرہن شمسی زائچہ کے آٹھویں لگنے سے مشترکہ شراکتی کاموں میں لین دین میں دھوکہ دہی کے خدشات سے بچیں۔ 5 جولائی نویں چاند گرہن لگنے سے بیرونِ ملک سفر اشد ضرورت کے تحت کریں اور دورانِ سفر ممکنہ نحوستوں سے بچنے کیلئے متوقع خیرات بھی ضرور دیں۔ 30 نومبر خانہ مال میں چاند گرہن عزیز واقارب کی جانب سے صدقات اور مالی نقصانات کا اشارہ ہے۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) جسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

سعد تواریخ:۔ 28,23,16,9,3 جنوری، 27,22,17,8,4,3,2 فروری، 29,28,23,17,9,5,4 مارچ، 26,21,16,7,4 اپریل، یکم,28,24,22,19,14,5 مئی، یکم,28,24,19,14 جون، 26,22,17,12,7 جولائی، 19,10,5 اگست، 29,23,18,14,9,5,3 ستمبر، 24,23,18,14,12,11,9,3 اکتوبر، 17,13,8,3 نومبر، 22,17,15,13,10,8,6,3 دسمبر

نحس تواریخ:۔ 27,20,13,6 جنوری، 29,23,19,12,5 فروری، 20,13,6,3 مارچ، 18,11,5 اپریل، 17,10,4,3 مئی، 12,5,3 جون، 31,27,24,2 جولائی، 30,29,26,22,7 اگست، 2 ،28,21,15,4 ستمبر، 28,20,6 اکتوبر، 27,26,19,16,9, 5 نومبر، 30,29,20 دسمبر

جوزا

حاکم سیارہ: عطارد
ذاتی عقیدہ: میں سوچتا ہوں
عنصر: ہوا (Air)
نفسیاتی ٹائپ: سوچنا (Thinking)
اعضائے جسمانی: ہاتھ، سانس
پتھر: فیروزہ اور زمرد یا جیڈ
درخت: ناریل، کھجور

نشان: جڑواں بچے — حروف: ق ک
مثبت اور مذکر برج
توانائی: تغیر پذیر
رنگ: پیلا، نیلا، اسکائی بلیو
دھات: پارہ، پلاٹینم اور ایلومینیم
پھول: لیونڈر، بنفشہ، سوسن، آس
بائیوکیمک سالٹ: کالی میور

عطارد — 22 مئی تا 21 جون

SHAH MEHMOOD QURESHI

حالات وواقعات کی روشنی میں

آسمانی کونسل پر **2020**ء جسکا مفرد نمبر **4** ستارہ شمس (قدیم) ستارہ یورانس (جدید) سے منسوب لہروں کے دوش پر اپنی روحانیات بڑھا کر اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کم از کم یہ دُعا **40** مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں۔ (اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ یَا اَللّٰہُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِی) یوں سال **2020**ء آپکی زندگی کا کامیاب سال ثابت ہوگا۔

2020ء بھی گزشتہ سال کی طرح آپ کی زندگی کا ایک غیر معمولی سال دکھائی دیتا ہے۔ اس سال اہم ستارے زحل، مشتری اور راہو، کیتو برج تبدیل کریں گے۔ ان بروج کی تبدیلی کے علاوہ ابتداء سال میں شمسی زائچہ کے چھٹے ستارہ مریخ اپنے ہی گھر میں جبکہ آٹھویں نحس گھر میں آپ کے حاکم عطارد کے ساتھ دیگر پانچ ستارے مشتری زحل شمس کیتو اور پلوٹو کا ہونا آپ کی روزمرہ کی زندگی کیرئیر کاروبار اور زندگی کے اہم فیصلوں میں غیر متوقع تبدیلی اور اہم فیصلوں کا سال دکھائی دیتا ہے۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ اِن تبدیلیوں کو محسوس یا غیر محسوس طریقے سے انجام کار ضرور محسوس کریں گے۔ آپ فطرتی طور پر ذہین اور تیز طبع ہونے کے سبب زندگی میں آنے والے حقائق کو تسلیم کرنے کے بجائے ان سے منہ نہ موڑیں ورنہ مالی اخلاقی ذاتی عزیز واقارب سے تعلقات۔ دوستوں سے دوستی غلط فہمیاں جنم لینے اور حاسدین اور مخالفین کی ریشہ دوانیوں کے سبب اختلاف رائے اور تعلقات میں خرابی آسکتی ہے۔ اپنے جذباتی پن اور غم وغصہ پر قابو رکھیں خصوصاً جون اور دسمبر شمسی طالع کے مقابل اور **30** نومبر طالع میں لگنے والے گرہن دوسروں سے بُری طرح تعلقات اچانک خراب ہوسکتے ہیں۔ حاسدین مخالفین آپ کی بڑھتی ہوئی عزت وساکھ کو متاثر کرنے کیلئے بھرپور سازشیں کرسکتے ہیں۔ نہ صرف یہ بلکہ شادی شدہ جوڑے آپس میں شکوک وشبہات کی وجہ سے یا نظر بد جادو ٹونہ کے سبب خانگی اور ازدواجی سکھ کو بلاوجہ خراب کرسکتے ہیں۔ اس سے قبل کہ ناپسندیدہ واقعات حد سے بڑھ کر جذباتی پن کے سبب رسوائی اور قانونی مسائل وپریشانیاں مقدمات میں بدل جائیں۔ آپ اس سال خاصے محتاط رہیں۔ اور خصوصاً وہ جوزوی والدین یا جن کے جواں سال بچے اس برج سے تعلق رکھتے ہیں انہیں موٹر سائیکل یا گاڑی دلاتے یا چلاتے ہوئے سخت احتیاط کی نصیحت کریں۔ اپنے کم عمر بچوں کو کوئی اہم ذمہ داری یا گاڑی چلانے مت دیں۔ تاکہ کسی ممکنہ حادثہ وپریشانی سے بچا جاسکے۔ **2020**ء میں متوقع ناگہانی مسائل وپریشانیاں حادثات نظر بد جادو ٹونہ آسیب اور جنات شیاطین کی شرانگیزیوں سے بچنے کیلئے چاروں قل شریف روزانہ پڑھ کر اپنے او پر دم کریں دم شدہ پانی پئیں اور اپنے لئے دُعائیں کریں۔ اپنی سالگرہ کے دن اپنی حیثیت کے مطابق کسی جانور کی قربانی کریں اور اس کا گوشت غرباء میں تقسیم کریں۔ وہ جوزوی جن کی استطاعت کم ہو وہ ایک نمک کا پیالہ اور پانی کا مٹکا جمعرات کے دن کسی قریبی درگاہ پر جا کر دُعا کے بعد صاحب مزار کو ہدیہ کریں۔ **365** دن بلاناغہ **313** مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھنے والے جوزوی مرد وزن بھی اپنی زندگی میں آنے والے ممکنہ مسائل وپریشانیوں سے بچ سکتے ہیں۔ **2020**ء کی ابتداء میں **6** ستاروں کا شمسی زائچے کے **12,8,6** گھروں میں قیام کا ناقص ستاروں سے بنے والے ثمرہ سے بچاؤ کے ممکنہ آسان روحانی اوپائے آپ کی خدمت میں ہدیہ کردیئے ہیں ان آسان اوپائے سے آپ اپنی زندگی میں آنے والے ناقص اثرات کو ایسے ہی دُور کرسکیں گے جیسے بارش میں چھتری کام کرتی ہے۔ تحفظ وسلامتی کیلئے **14** مساکین کو کھانا کھلا کر زندگی بھر کے تحفظ کیلئے لوح محفوظ کا تحفہ ادارہ سے منگوا کر با پرہیز گلے میں پہن سکتے ہیں۔

آپ کی شخصیت:۔ **2020**ء آپ کی زندگی کا ایک اہم سال اہم ستاروں کی تبدیلی آپ کی طرز زندگی میں تبدیلیاں لائے گی۔ **22** مارچ تا **2** جولائی زحل نویں سے آٹھویں اور پھر **17** دسمبر نویں واپس آئے۔ شمسی زائچہ میں یہ برج جدی اور دلو دونوں زحل کے اپنے ہی گھر ہیں جبکہ **5** مئی

طالع میں راہو اور ساتویں میں کیتو آئندہ ڈیڑھ سال کیلئے آجائیں گے۔ اور 19 دسمبر مشتری بھی آئندہ ایک سال کیلئے نویں گھر میں آجائے گا۔ ستاروں کی یہ تبدیلی آپ کے روزمرہ کاموں میں مثبت تبدیلی لا سکتے ہیں۔ اپنے روحانی و دنیاوی علم میں اضافہ کرکے یا پھر سارا سال تفسیر قرآن کا مطالعہ کرنا آپ اپنی زندگی میں کامیابیوں کو اپنے قریب تر لا سکتے ہیں۔ اساتذہ بزرگوں کی مشاورت بھی آپ کو روزمرہ زندگی کے مسائل کو حل کرنے میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ شمسی زائچہ کے چاروں اوتاد کے حاکم ستارے عطارد اور مشتری کی سعد نظرات 3,2 جنوری، 9,8,7 اپریل، 11,10 مئی، 30,29 اگست، 30,29,28 نومبر بننے سے ان ایام میں آپ مستقل مزاجی سے اپنے دنیاوی اور روحانی مقاصد بآسانی پا کر کامیاب زندگی گزارنے کے ہنر سے آشنا ہو سکتے ہیں۔ تاہم عطارد مشتری نحس نظرات 26,25 اپریل، 31,30 جولائی اور 18,17,16 ستمبر بننے سے اپنے اہم کاموں میں محتاط رہیں۔ تب آپ کی کوئی ذہانت آپ کے کام نہ آسکے۔ ہر کام کو اپنے ہاتھ میں لینے کے بجائے کبھی کبھی قدرت پر بھی چھوڑ دیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ گزشتہ سال سے 5 مئی 2020ء تک راہو کی خانہ مال مقابلہ کیتو نے آپ کے مالی اخراجات پر جو دباؤ قائم رکھا ہوا ہے اس تبدیلی راہو کیتو سے آپ کو قدرے سکھ نصیب ہوگا۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ قمر 2020ء میں ہر ماہ شرفی و عروجی پوزیشن میں آنے کے سبب آپ کو وقفہ وقفہ سے مالی سعادتوں سے نوازتا رہے اور درپیش مشکلات کو حل کرنے کی صلاحیت برقرار رہنے سے اس سال اخراجات و آمدن میں توازن برقرار رکھ سکیں جبکہ سال کے ابتداء سے ہی آٹھویں 6 ستاروں کی نشست آپ کے خانہ مال کو ناظر رہیں تو اس بات کی نشاندہی ہوتی ہے کہ مالی پلاننگ کی اشد ضرورت اور غیر ضروری انوسٹمنٹ سے گریز اور مخلصین اور تجربہ کار افراد کے تجربات سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے اپنا وقت اور پیسہ دونوں بچا سکیں۔ اس سال اہم ستارے راہو کیتو کی 5 مئی کو برج کی تبدیلی سے اس سال کے مئی تا دسمبر تک کے ماہ مالی آمدن میں درپیش رکاوٹوں کے خاتمہ کا وقت ہو اور ماضی میں اللہ سے کی گئی تجارت کا حقیقی معنوں میں ثمر ملے تو سال کے یہ ایام آپ کیلئے مالی سعادتوں سے بھرپور رہیں اور تب مالی اسکیموں میں حصہ لینا بھی آپ کیلئے کسی نعمت سے کم ثابت نہ ہو۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ شمس ابتداء سال میں آٹھویں نحس گھر دیگر پانچ کواکب کے اجتماع عطارد زحل مشتری کیتو کے ہونے کے سبب عزیز و اقارب بہن بھائیوں پڑوسیوں کے ساتھ بلاوجہ اختلاف رائے بدمزگی تنازعے پیش آنے کے خدشات کے سبب آپ پر لازم ہوگا کہ آپ اپنی طبیعت کے برعکس درگذر صبر و تحمل سے کام لیں ورنہ خواہ مخواہ کے جھگڑے بڑھنے سے آپ ذہنی مسائل و پریشانیوں کا شکار ہو سکتے ہیں۔ 2020ء میں ایک چُپ سو سکھ والا مقولہ یاد رہیں۔ خصوصاً شمس کے کمزور ایام 2020ء نوٹ فرمالیں یکم جنوری تا 19 فروری، 22 ستمبر تا 22 اکتوبر، 21 تا 31 دسمبر ان ایام میں قریبی افراد سے تعلقات اور اندرون ملک شہر ٹو شہر سفر کرنے سے قبل اپنے ضروری کاغذات اور گاڑی کا ضرور چیک اَپ کروالیں۔ ستارہ شمس 20 مارچ تا 19 اپریل شرف یافتہ 22 جولائی تا 22 اگست عروج یافتہ تب عزیز و اقارب سے تجدید مراسم ناراض احباب سے صلح و صفائی خوشگوار تعلقات پھر سے بحال و قائم ہو سکیں گے۔ آپ کے پڑوسی بھی بدل سکتے ہیں۔ ان دنوں انکی آمد ہوئی تو آپ کا ان سے اور انکا آپ سے حسن سلوک دوستانہ ہوگا۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں آٹھویں نحس گھر دیگر پانچ ستاروں کے ہونے سے اندرون خاندان بعض حساس نوعیت کے معاملات زیر غور ہونگے۔ اہل خاندان یا اہل خانہ کے لئے مشکل فیصلے بھی کرنے پڑیں تو سمجھداری سے کریں اور مسائل بڑھنے نہ دیں ورنہ بقایا سارا سال ناخوشگواری میں گذر سکتا ہے۔ 2020ء میں ستاروں کی نشست کے اعتبار سے نظر بد جادو ٹونہ سے بچنے کے لئے صدقہ خیرات سارا سال وقفہ وقفہ سے کرتے رہیں۔ 2020ء میں عطارد رجعت (اُلٹا) 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی اور 14 اکتوبر تا 3 نومبر اس عرصہ میں اپنے التواء میں پڑے ہوئے کاموں کو مکمل کرنے کی کوشش کریں۔ رہائشی تزئین و آرائش اور اپنی گاڑی کا مکمل چیک اَپ بھی ضرور کروائیں۔ زراعت باغبانی سے تعلق رکھنے والے اپنی کاشت کاری سے بہتر نتائج حاصل کرنے کیلئے اس سال کچھ زیادہ ہی آپ کو محنت کرنی ہوگی۔ ستارہ عطارد 3 فروری تا 4 مارچ، 16 مارچ تا 11 اپریل اور 2 تا 21 دسمبر کمزور پوزیشن میں رہے گا تب بھی بعض اہم خاندانی فیصلے تبدیل کرنے پڑ

سکتے ہیں۔ اہم اور نیک اور خوش بخت ایام 12 سے 28 مئی، 20 اگست سے 6 ستمبر ستارہ عطارد شرف یافتہ اور 7 ستمبر تا یکم دسمبر۔ ستارہ عطارد اوج یافتہ رہے۔ مندرجہ بالا سال کے یہ سبھی ایام خوش بخت زمین جائیداد کی خرید وفروخت اور بعض اہم خانگی یا خاندانی کام جو عرصہ دراز سے التواء کا شکار چلے آ رہے تھے اب ان کی تکمیل کا وقت آن پہنچا ہے۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال نویں نصیب کے گھر میں اور پھر 13 جنوری تا 8 فروری یہ شرف یافتہ رہے۔ صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کے تعلیمی کیریئر پر خوشی محسوس ہو۔ بچوں کی تعلیم وتربیت ہائر ایجوکیشن کیلئے ان کو بیرونِ ملک بھجوانے اور ان کی شادی بیاہ کے انتظامات کرنے کیلئے 2020ء ایک نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے۔ معاملات اُلفت ومحبت اور آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی محبت اور شادی میں جلد بدل سکتی ہے۔ بشرط آپ اس کے خواہاں بھی ہوں۔ 5 مارچ تا 13 اپریل اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر آپ کے شعور وادراک میں اضافہ، علم وادب میں دلچسپی اور جدتِ زمانہ کے ساتھ آپ کی انٹرنیٹ سے مثبت دوستی آپ کے علم میں اضافہ کا باعث بنے۔ 13 تا 25 مئی زہرہ رجعت (اُلٹا) 8 فروری تا 4 مارچ اور 21 نومبر تا 15 دسمبر زہرہ وبال یافتہ رہے۔ تب بازاری قسم کی محبت ٹیلیفون کال پر فضول قسم کی دوستیاں۔ آپ کی بے عزتی اور رسوائی کا سبب بن سکتی ہیں۔ ان ایام میں جنس مخالف کے دام فریب میں آنے سے بھی بچیں اور اپنا قیمتی وقت اور روپیہ کسی اچھے کام میں صرف کریں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں اور پرائز بانڈز میں حصہ لینے کے شوقین جوزوی 26,25,24 جنوری، 27,26,25 فروری، 5,4 مارچ، 19,18,17 اپریل، 23,22 مئی، 18,17,16 اگست، 29,28,6,5,4,3 ستمبر، 13,12,11 اکتوبر، 16,15,14 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے شرف شمس 9,8 اپریل اور اوج شمس 12,11 جولائی بھی نہایت اہم تواریخ۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں اپنے ہی گھر ہونے سے اور بعد ازاں ستارہ مریخ 16 فروری تا 20 مارچ شرف یافتہ، 13 مئی تا 27 جون اوج یافتہ جبکہ 28 جون تا 7 جنوری 2021ء طویل عرصہ یہ طالع میں رہے۔ صحت و تندرستی کے مسائل شفاء کی جانب جائیں۔ 2020ء آپ اپنے روزمرہ کے معمولات زندگی میں صحت وتندرستی حفظانِ صحت اپنی ادویہ داغذیہ، پھلوں کے رَس، ہلکی پھلکی ورزش اور اپنی صحت کا مناسب انداز میں خیال رکھتے ہوئے گزشتہ پیدا شدہ امراض سے شفاء پائیں۔ بلڈ پریشر کولیسٹرول یورک ایسڈ یا وزن بڑھنے جیسے سبھی جسمانی صحت کے مسائل پر آپ قابو پاسکیں گے۔ جواں سال مزید تندرست وصحت منداور بڑی عمر کے جوزوی اپنی عمر سے 15,10 سال کم لگنے لگیں گے۔ بیروزگار افراد کو حسب منشاء اچھا روزگار مل جائے۔ تبدیلی ملازمت اور فرائض منصبی میں ذمہ داری سے ترقی کے مواقع ملیں۔ ایسے ہُنر مند افراد جو کام سیکھ کر بیرونِ ملک روزگار کیلئے جانا چاہتے ہیں انہیں بھی بآسانی روزگار کے مواقع میسر آئیں۔ مقدمات اور قرض مرض پر بھی ممکنہ قابو پایا جاسکتا ہے۔ مریخ عطارد سعد نظرات 26,25,24 جنوری، 27,26,25 فروری، 20,19,18 اپریل، 18,17,16 اگست، 16,15,14 دسمبر بننے سے آپ اپنی صحت قرض کی مشکلات پر اپنے ڈاکٹر اور بزرگوں کی مشاورت سے بآسانی قابو پاسکتے ہیں۔ مریخ عطارد نحس نظرات 12,11,10 مئی، 9,8,7 جولائی، 29,28,27,26 جولائی، 25,24,23 ستمبر ان سبھی ایام میں قرض لینا یا دینا اور کوئی تحریری قانونی معاہدہ کرنے سے گریز کریں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ ساتویں دسویں کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری 19 دسمبر تک آٹھویں نحس گھر میں ہبوط یافتہ جبکہ 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت اور ابتداء سال میں یہ 5 ستاروں کے اجتماع میں ہونے سے 2020ء شادی بیاہ کے خواہاں لڑکے لڑکیاں اپنی شادی کے معاملات میں تاخیر یا رکاوٹ اگر محسوس کریں تو اپنے ہاتھ میں زرد عقیق پہننے کے علاوہ 7 جمعرات زردہ بنا کر اس پر پنجتن پاک کی نذر دلا کر اپنے شہر میں کسی درگاہ پر جمعرات کے دن جا کر صاحبِ مزار کو سلام اور فاتحہ پیش کرنے کے بعد درگاہ پر آئے ہوئے زائرین میں تقسیم کریں۔ شادی شدہ زوجین کے مابین شکوک وشبہات اور غلط فہمیاں جنم لے کر علیحدگی جیسی صورتحال میں آنے کے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ شریکِ حیات یا شریکِ کار اور

آپ کے مابین جب بھی کوئی غلط فہمی ہو تو اسے فوری دُور کرنے کی کوشش کریں۔ منگنی شادی طے شدہ رشتہ اور شادی خانہ آبادی ہو جانے کے لئے **2020**ء ایک آزمائش جیسا سال معلوم ہوتا ہے جنہیں صدقے و خیرات سے دُور کیا جا سکتا ہے۔ اسم اعظم ''یَا وَارِثُ'' **707** مرتبہ اوّل آخر **11** مرتبہ دُرود شریف پڑھ کر روزانہ پڑھنا معمول بنا لیں **2020**ء میں آپ کو کوئی بھی روحانی بزرگ مخلص احباب اور جو آپ کی نگاہ میں نیک عورت یا مرد ہو۔ اُس سے اپنے نیک نصیب ہونے کیلئے دُعا ضرور لیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف اور وراثت اور مشترکہ مفادات کا حاکم ستارہ زحل یوں تو یہاں **17** دسمبر **2020**ء تک قیام کرے گا۔ تاہم ابتداء سال سے زحل کے ہمراہ کیتو شمس مشتری عطارد اور پلوٹو کا قیام حالات کی حساسیت کی نشاندہی کرتا ہے۔ وراثتی شراکتی اور انشورنس کلیم جیسے معاملات میں گزشتہ سال کی طرح آسانی نہ ہوگی۔ **5** مئی کو ایک اہم ستارہ یا سایہ کیتو برج تبدیل کر کے ساتویں آ جائے گا تو کچھ معاملات آہستہ آہستہ بہتر ہونے لگیں گے۔ مئی سے دسمبر بغیر محنت کے دولت مل سکتی ہے۔ ستارہ زحل **22** مارچ تا یکم جولائی نویں اور پھر **2** جولائی تا **16** دسمبر یہ پھر آٹھویں آ جائے گا اور پھر **17** دسمبر **2020**ء تا **7** مارچ **2023**ء یہ نویں گھر رہے گا۔ زحل کی یوں بروجی تبدیلی وراثتی فیصلے قانونی طور سے یا پنچائتی طور سے آپ کے حق میں ہو سکیں گے۔ ستارہ زحل **11** مئی تا **23** ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب کاموں میں سست روی آ سکتی ہے۔ ان ایام میں اپنی جان مال کا صدقہ ضرور دیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر یا نصیب کا حاکم ستارہ زحل **27** سال بعد اپنے گھر میں **23** مارچ **2020**ء کو آ کر **7** مارچ **2023**ء تک قیام کرے گا۔ اس سال ماسوائے **2** جولائی تا **16** دسمبر یہ پھر رجعت کرتے ہوئے آٹھویں چلا جائے گا تاہم زحل کی **23** مارچ کو اپنے ہی گھر میں آمد آپ کا نصیب کھول دے گا۔ **2020**ء اور آئندہ **2023**ء تک لمبے سفر خصوصاً بیرونِ ملک کاروباری کامیاب سفر طلبہ اعلیٰ تعلیم کیلئے بیرونِ ملک فل یا ہاف اسکالرشپ پر ذرا سی کوشش کرنے سے جا سکتے ہیں۔ دیرینہ قانونی پیچیدہ معاملات حسبِ منشاء حل ہو سکیں گے۔ زیارات اور مقدس سفر مذہب و روحانیت میں آپ کی دلچسپی۔ کسی مرشد کامل یا بزرگ روحانی سے فیض ملے۔ **2020**ء اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ بہترین طویل المعیاد یا جز وقتی منصوبہ بندی بآسانی کر پائیں گے۔ بزرگوں خصوصاً اپنے والد یا دادا کی رہنمائی بھی آپ کو ملے۔ زحل عطارد سعد نظرات **13,12,11** جنوری، **12,11** اپریل، **13,12** مئی، **4,3,2** ستمبر، **30** نومبر، یکم دسمبر بننے سے آپ اپنی مشکلات کو حل کرنے کیلئے بآسانی دنیاوی اور روحانی حل تلاش کر سکیں گے۔ ان ایام میں بیرونِ ملک کیا گیا سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ زحل عطارد نحس نظرات **29,28** اپریل، **4,3** اگست، **23,22** ستمبر، **31** اکتوبر تا **8** نومبر ان سبھی ایام میں اپنے قانونی مشیر سے مشاورت ضروری کریں۔ بیرونِ ملک سفر سے قبل صدقے و خیرات ضرور دیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری **18** دسمبر تک شمسی زائچہ کے آٹھویں نحس گھر میں ابتداء سال میں **5** ستاروں کے اجتماع اور غروب ہونے کے سبب سال کی ابتداء کاروباری اور کیرئیر کے حوالے سے کچھ بہتر انداز میں نہ ہو سکے گی۔ **2020**ء کیرئیر اور عزت کے حوالے سے کوئی آسان سال معلوم نہیں ہوتا اپنے مقاصد کی تکمیل اپنی عزت کیرئیر اور وقار کو بحال رکھنے کیلئے ضرورت سے زیادہ محنت کرنی پڑے گی۔ اپنے حاسدین و مخالفین سے محتاط رہیں۔ حکومت اور بااثر لوگوں سے بھی اپنے مفادات کے حصول کیلئے آپ کو اپنا طرز حسن و اخلاق اور ملازمتی یا ملازم پیشہ افراد کو حکام بالا کی نظر میں اپنی عزت و وقار قائم رکھنے کیلئے نہایت ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی کی ضرورت پر زور دیں۔ اپنے حاسدین اور مخالفین پر برتری لے جانے کے بجائے اپنے کام کو محنت اور مہارت سے مکمل کرنے کی صلاحیت اور قابلیت کو بڑھائیں۔ سارا سال اپنے مخلصین بزرگوں اور ہم پیشہ دوستوں سے مشاورت وقفہ وقفہ سے کرتے رہیں۔ مشتری عطارد سعد نظرات **3,2** جنوری، **9,8,7** اپریل، **12,11,10** مئی، **30,29** اگست، **30,29,28** نومبر بننے سے حل المشکلات میں قابو پانے میں آپ کو غیبی طور سے مدد ملے۔ تاہم نحس نظرات **26,25** اپریل، **31,30** جولائی **18,17,16** ستمبر بننے سے غیر ذمہ داری سے آپ کی مشکلات اچانک بڑھ سکتی ہیں ان ایام میں حسبِ توفیق صدقے و خیرات ضرور دیتے رہیں۔ اور

روحانی و دنیاوی کامیابیوں کے لئے 313 مرتبہ درود شریف پڑھ کر دُعا کرتے رہیں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مریخ 16 فروری تا 30 مارچ شرف یافتہ، 28 جون 2020ء تا 7 جنوری 2021ء اپنے ہی گھر میں ایک طویل عرصہ عروج یافتہ رہنے سے آپ کی سماجی وسیاسی زندگی یا روزمرہ کاموں میں مثبت تبدیلیاں رونما ہونگی۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ کی عزت توقیر اور حلقہ احباب میں وسعت ہو سکے گی۔ پرانے دوستوں سے اچانک ملاقات ناراض دوستوں سے صلح صفائی اور گلے شکوے دُور کئے جاسکتے ہیں۔ آپ کی زندگی سے کچھ بے وفا قسم کے دوست نکل جائیں گے اور ان کی جگہ نئے اور اچھے دوستوں کا اضافہ ہو سکے گا۔ جوزوی افراد کی بعض دیرینہ خواہشات 2020ء میں بآسانی پوری ہو سکیں گی۔ مریخ عطارد سعد نظرات 25,24 جنوری، 27,26,25 فروری، 20,19,18 اپریل، 18,17,16 اگست، 16,15,14 دسمبر بننے سے گزشتہ پیدا شدہ مشکلات پر آپ بآسانی قابو پاسکیں گے۔ بعض دیرینہ خواہشات کی تکمیل بھی ہو سکے گی۔ مریخ عطارد نحس نظرات 12,11,10 مئی، 29,28,26,9,8,7 جولائی، 25,24,23 ستمبر بننے سے دوسروں پر بھروسہ کرنے سے پہلے ان کا حسب نسب ضرور چیک کرلیں۔ اور اجنبی افراد پر قطعاً بھروسہ نہ کریں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں نویں اور پھر 13 جنوری تا 8 فروری شرف یافتہ، 5 مئی تا 3 اپریل، 28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج یافتہ جبکہ 3 اپریل تا 7 اگست اوج یافتہ رہے۔ بیرونِ ملک حصول امیگریشن کیلئے یہ مجموعی طور پر یہ بھی عرصہ نہایت اہم دکھائی دیتا ہے۔ 2020ء آمدن سے زیادہ اخراجات بڑھ سکتے ہیں۔ خصوصاً 13 مئی تا 25 جون جب زہرہ طالع میں رجعت یافتہ ہوگا۔ تو یہ عرصہ اخراجات کے ساتھ ایسے ضروری اخراجات جس کا تعلق بچوں کی خوشی شادی بیاہ پر متوقع ہو اس کیلئے پہلے سے تیار رہیں۔ ضروری اخراجات ضروری کریں تاہم اسراف سے گریز کریں۔ 8 فروری تا 5 مارچ 3 تا 28 اکتوبر اور 21 نومبر تا 15 دسمبر ستارہ زہرہ وبال اور ہبوط میں ہونے سے حاسدین مخالفین آپ کے خلاف خفیہ سازشیں کر سکتے ہیں ان سے محتاط رہیں۔ حسبِ توفیق صدقہ خیرات وقفہ وقفہ سے ضرور دیں۔

جوزوی مرد و زن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 2020ء میں 2 شمسی اور 4 چاند گرہن لگیں گے۔ 11 جنوری چاند گرہن اور 21 جون سورج گرہن خانہ مال میں لگنے سے کاروباری معاشی نقصانات دھوکہ دہی اور خاندانی صدمات پیش آسکتے ہیں۔ 6 جون چاند اور 14 دسمبر سورج گرہن ساتویں گھر لگنے سے شراکتی کاروباری اور ازدواجی تعلقات میں اچانک مسائل و پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ 5 جولائی آٹھویں چاند گرہن لگنے سے مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے اُمور اور وراثتی جھگڑے پریشانی کا باعث بن سکتے ہیں۔ 30 نومبر طالع میں چاند گرہن لگنے سے حاسدین مخالفین آپ کی عزت اور نیک نامی اور بڑھتی ہوئی ساکھ کے خلاف سازشیں کر سکتے ہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ خیرات بھی ضرور دیں۔

سعد تواریخ:۔ 31,26,20,15,12,10,8,5,2 جنوری، 29,28,26,24,19,15,6,5 فروری، 27,22,16,12,5,4 مارچ، یکم,4,8,11,16,18,19,22,27 اپریل، یکم,3,5,7,9,10,13,18,22,24,29 مئی، 30,26,22,17,5,3 جون، یکم,9,14,19,23 جولائی، 29,25,24,19,17,14,8 اگست، 28,19,14,9,5,3 ستمبر، 26,25,22,18,14,9 اکتوبر، 29,27,24,23,21,18,14,9,4 نومبر، یکم,5,10,15,19,20,25 دسمبر

نحس تواریخ:۔ 18,9 جنوری، 17,10,3 فروری، 30,14,8,2 مارچ، 30,28,26,25,13,9 اپریل، 15,11 مئی، یکم,7,15,28 جون، 30,28,26,11,8,4 جولائی، یکم,2,3,10,11,26 اگست، یکم,12,17,21,23,24,26 ستمبر، 27,24,20,12,8,4 اکتوبر، 17,7,6,2 نومبر، 26,22,13,7 دسمبر

حاکم سیارہ: قمر
نشان: کیکڑا
حروف: ح، ہ
خاصہ: تغیر پذیر (منقلب)
ذاتی عقیدہ: احساس (I Feel)
منسوب پتھر: سچا موتی، مون اسٹون
عنصر: پانی (Water)
نفسیاتی ٹائپ: حساسیت
اعضائے جسمانی: سینہ اور شکم
منسوب دھات: چاندی
درخت: کوئی خاص نہیں
پھول: سوسن، کنول، یاسمین
غذا: ڈیری کی غذائیں، مچھلی
حالات وواقعات کی روشنی میں منفی، مؤنث برج
بائیوکیمک سالٹ: کلکیر یا فلور

سرطان قمر

22 جون تا 21 جولائی

FAHAD MUSTAFA

آسمانی کونسل پر 2020ء جسکا مفرد نمبر 4 ستارہ شمس (قدیم) ستارہ یورانس (جدید) سے منسوب لہروں کے دوش پر اپنی روحانیات بڑھا کر اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کم از کم یہ دُعا 40 مرتبہ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں۔ (اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ یَا اَللّٰہُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِیُ) یوں سال 2020ء آپکی زندگی کا کامیاب سال ثابت ہوگا۔

2020ء بارہ منطقۃ البروج میں آپ کا برج سرطان اور آپ کے مقابل برج جدی سب سے زیادہ حساس اور متاثر ہونے والے حالات وواقعات کی آسمانی کونسل پر ستاروں کی نشست کے اعتبار سے غیر متوقع حالات وواقعات کی نشاندہی کرتے ہیں ابتداء سال میں آپ کا حاکم ستارہ قمر نویں نصیب کے گھر ہونے سے اس بات کا غیبی اور روحانی اشارہ ہے کہ آپ 2020ء میں پیش آنے والے مشکل اور آزمائش کن حالات سے بچنے کیلئے اپنے مالک حقیقی سے لَو لگائیں پورا سال ہر پیر (Monday) سفید اشیاء کا صدقہ ضرور دیں۔ آسمانی کونسل پر ستاروں کا نقشہ ابتداء سال میں کچھ یوں ہوگا۔ طالع میں راہو اور ساتویں کیتو شمس عطارد مشتری زحل پلوٹو ہونے سے آپ اپنی طبع اور ذہن پر عجیب وغریب جذباتی کیفیت، غیر محسوس قسم کی پریشانیاں انجانے سے وسوسے، ڈر خوف یا نظر بد جادو ٹونہ جیسے خدشات محسوس کرسکتے ہیں۔ اپنا ہمت وحوصلہ اگر کمزور محسوس کریں تو ذکر الٰہی قرآن فہمی بزرگوں کی دعائیں اور صدقہ وخیرات جی کھول کر سارا سال دیتے رہیں۔ آپ کی وساطت سے زندگی کا سنہرا نچوڑ سب کو ہدیہ ہے اگر آپ نے اسے پڑھ اور سمجھ لیا تو یقین جانیں آپ 2020ء میں مشکلات کے سمندر کی بآسانی عبور کرسکیں گے۔ لوگ زندگی میں 3 طرح نقصانات پاسکتے ہیں نمبر 1 کسی کو مالی نقصان ہو تو از روح نجوم اس کا زائچہ دیکھ کر اسے اچھے وقت کی پیش گوئی دی جاسکتی ہے اور بتایا جاسکتا ہے کہ آپ نے کچھ نہیں کھویا اور کھویا ہوا رزق آپکو دوبارہ جلد ہی مل جائے گا۔ نمبر 2 اگر کسی کو عزت و وقار میں رسوائی اور الزامات بدنامی ملے تو اس نے 50 فیصد نقصان اُٹھایا توبہ استغفار سے اور طرز زندگی بدلنے سے اصلاح کی جاسکتی ہے۔ نمبر 3 اگر کوئی شخص اپنا حوصلہ اور ہمت ہار جائے تو سو فیصد ہر چیز نقصان یافتہ ہے ہمت اور حوصلہ بازار میں بکنے والی شے نہیں۔ مخلصین بزرگوں اور خصوصاً ماں باپ کی دُعاؤں سے اپنا کھویا ہوا حوصلہ دوبارہ جمع خاطر کریں یاد رکھیں علم نجوم ایک نہایت ہی پیارا اور لطیف مستقبل کی آگاہی کا علم ہے۔ یہ ہمیں مستقبل کی آگاہی ہمت اور کشادگی رزق بڑھانے میں رہنمائی ضرور دیتا ہے تاہم مقدر سے زیادہ اور وقت سے پہلے کسی کو کچھ نہیں ملتا۔ بزرگوں سے سچی روایات چلی آرہی ہے کہ ''فقیروں کی دُعاؤں سے بدل جاتی ہیں تقدیریں'' اور پنجتن پاک کے وسیلہ سے کی گئی دُعائیں مقدر سے زیادہ عطا کی شکل میں بھی مل جاتا ہے۔ 2020ء بھی کچھ ایسا ہی سال ہے جسے علمی وروحانی طریقے سے بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ یقیناً علم کی روشنی اور آگاہی پانے والے 2020ء میں اطمینان سے مشکلات کا دریا پار کر جائیں گے۔ اور غفلت ولا پرواہی میں پڑے رہنے والے سرطانی افراد کیلئے ہم سب ملکر قارئین دُعا کرتے ہیں۔ سال کی تمام مشکلات و پریشانیوں سے بچنے کیلئے ادارہ سے بابرکت نقش لوحِ محفوظ منگوا کر خیر وبرکت کیلئے باپرہیز گلے میں پہنیں۔

آپ کی شخصیت: شمسی زائچہ کے طالع میں ابتداء سال میں راہو اور مقابل کیتو اور 5 ستاروں کا قیام آپ کی شخصیت اور نفسیات کو متاثر کرسکتا ہے۔ اپنی ساکھ اور شخصیت کو قائم رکھنے کیلئے اپنے اہم کاموں کو فوکس کریں اور پورا سال غیر ضروری اُلجھاؤ پریشانی سے ممکنہ حد تک دُور رہنے کی کوشش کریں۔ کوئی آپ سے زیادتی بھی کرے تو صبر وتحمل درگزر سے کام لیں۔ میڈیکل سائنس کے مطابق ہر شخص کے جسم میں 73 فیصد پانی موجود ہوتا ہے۔ آپ دن بھر 12 سے

14 گلاس پانی ضرور پئیں پانی کے ہر گلاس پر ایک دفعہ سورۃ فاتحہ دم کر کے پئیں۔ آپ نے اس چھوٹی سی گزارش پر عمل کیا تو آپ تر و تازہ مضبوط روحانی شخصیت بن کر اُبھریں گے اور اپنی مشکلات پر بھی قابو پا سکیں گے۔ 5 مئی راہو طالع سے بارھویں اور کیتو چھٹے چلا جائے گا تو بقایا سال پیدا ہونے والی غیر محسوس طریقے سے زندگی میں آنے والی پریشانیوں کو بھی کم کرے گا۔ روزانہ دو گلاس دودھ پینا بھی آپ کی شخصیت میں سکون اور خود اعتمادی میں اضافہ کا باعث بنے گا۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال کا حاکم شمس 20 مارچ تا 19 اپریل شرف، 21 جون تا 21 جولائی اوج اور 22 جولائی تا 22 اگست حالت عروج میں رہتے ہوئے سال کے یہ سبھی ایام سرطانی افراد کیلئے نئی انوسٹمنٹ آمدن کے وسائل بڑھانے اور درپیش مالی مشکلات کیلئے نہایت ہی سعد رہیں۔ شمس مشتری زہرہ سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 10,11,12,27,28,29 مارچ، 16,17,18 مئی، 4,3 جون، 10,9,8 ستمبر، 20,19,18 اکتوبر، 16,15,14 نومبر، 16,15,14 دسمبر بننے سے کئی ایک مالی وسائل کے مواقع اور کی گئی پلاننگ اور اقدامات و کاوشیں بارآور ثابت ہوں۔ شمس مشتری زہرہ نحس نظرات 24,23,22 فروری، 16,15,14 اپریل، 15,14,13 جولائی، 27,26,25 اگست، 12,11,10 اکتوبر اور 17 نومبر یہ وہ احتیاط طلب ایام ہیں جس میں ایسے تمام کام جن میں آپ کو تجربہ نہ ہوا انوسٹمنٹ سے گریز کریں اور آن لائن بزنس کی پرکشش مالی اسکیموں سے بھی گریز کریں جبکہ مخلصین اور بزرگوں کی مشاورت کو ان ایام میں یقینی بنائیں اور غیر قانونی ذرائع آمدن سے بھی گریز کریں اس میں سوائے مالی اور عزت کے نقصان کے کچھ حاصل نہ ہو سکے۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں غروب اور 5 ستاروں کے اجتماع میں 3 فروری تا 3 مارچ، 16 مارچ تا 10 اپریل، 2 تا 20 دسمبر ہبوط و وبال یافتہ ہونے کے سبب عزیز و اقارب بہن بھائیوں کی جانب سے فکر و پریشانی اور ان کی ضروریات زندگی اور جائز فرمائشوں کے پورا کرنے کیلئے تیار رہیں ستارہ عطارد 2020ء میں رجعت یافتہ 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر رہنے سے اندرونِ ملک کاروباری اور نجی سفر اشد ضرورت کے تحت ہی کریں۔ سفر سے قبل صدقہ و خیرات بھی ضرور دیں۔ جلد بازی میں ٹریفک حادثات اور جلد بازی میں پیدل چلنے والے بہن بھائی بھی ان ایام میں محتاط رہیں۔ ستارہ عطارد 12 تا 18 مئی، 20 اگست تا 5 ستمبر عروج اور شرف یافتہ رہتے ہوئے سیر و تفریح تعلیمی علمی ادبی محافل میں شرکت اور جدت زمانہ کے ساتھ انٹرنیٹ youtube سے بھی اپنی علمی پیاس بجھا سکیں۔ عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے خوشگوار تعلقات، مخلصین بزرگوں اور والدین کی دُعائیں آپکے ساتھ رہیں گی۔ **ہمتِ مرداں مددِ خُدا** کے یہ دُعائیہ کلمات ورد زبان رکھیں تو مشکل سے مشکل حالات میں بھی آپ باآسانی گزر جائیں گے۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ شمسی زائچہ کے چوتھے گھر اور گیارہویں گھر کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 7 فروری شرف یافتہ، 5 مارچ تا 3 اپریل اور 28 اکتوبر تا 20 نومبر عروج یافتہ رہنے سے اندرون خانہ مہمانوں کی آمد و رفت اور گھر کی رونقیں بڑھیں۔ وقفہ وقفہ سے آپکے ہاں یا پھر اہل خاندان کے قریبی لوگوں کے ہاں خوشی اور روحانی تقریبات جاری رہیں گی۔ زمین جائیداد پراپرٹی کی خرید و فروخت حسبِ منشاء ہو سکے گی۔ کاشت کاری، باغبانی، ڈیری فارمنگ سے تعلق رکھنے والے سرطانی افراد اس سال اپنے کاموں سے بے پناہ نفع پائیں۔ رہائشی تزئین و آرائش حسبِ حیثیت سواری کا حصول ممکن ہو سکے گا۔ زہرہ زحل مریخ سعد نظرات 4,3 فروری، 6,5,4,3 اپریل، 30,29,28,27 جون، 29,28 ستمبر، 25,24 اکتوبر، 16,15,14 دسمبر آپ کے اندر ہمت و حوصلہ بڑھے اور آپ اپنے اہل خانہ یا اہل خاندان کو اپنے ساتھ لے کر چلنے کی قائدانہ صلاحیت کا منصب پا سکتے ہیں۔ مخلصین بزرگوں اور والدہ سے مشاورت اور دُعائیں ملیں۔ التواء میں پڑے ہوئے کاموں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکتا ہے جبکہ انہی ستاروں کی نحس نظرات 25,26,27,28,29 جنوری، 2,3,4,30,31 مارچ، یکم,2 اپریل، 2,3,4 جون، 21 تا 29 اگست، یکم,2,3,4,5 ستمبر، 25 ستمبر تا 3 اکتوبر، 9,10,18,19,20 نومبر بننے سے خواہ مخواہ کی خانگی مسائل و پریشانیاں یا حاسدین آپ کو خوش دیکھتے ہوئے آپ اور آپ کے گھر پر نظر بد اور جادو ٹونہ کے بد اثرات بھجوا سکتے ہیں۔ اپنے گھر کی چھت پر ہر منگل حسبِ توفیق کلیجی پھیپھڑے لے کر ان پر نمک مرچ ہلدی اور سرسوں کا تیل لگا کر جانوروں کو صدقہ اور خیرات کا عمل پورا سال کرتے رہیں۔ ایسے صدقات آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو یقیناً تحفظ کا احساس دلائیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ شمسی زائچہ میں پانچویں اور دسویں ہر دو سعد ستاروں کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں اپنے ہی گھر ہونے سے اولاد انعام محبت کے اُمور میں آپ کی دلچسپیاں بڑھیں۔ ستارہ مریخ 16 فروری تا 30 مارچ شرف یافتہ اور 28 جون 2020ء تا 7 جنوری 2021ء عروج یافتہ رہے صاحبِ اولاد کو بچوں کی تعلیمی کامیابیوں اور ان کے شادی بیاہ کی ذمہ داری سے عہدہ برآں ہونے کی خوشی میسر آئے۔ 2020ء میں جذباتی قسم کی محبت جلد شادی اور پھر علیحدگی پر منتج ہو سکتی ہے۔ محبت کی شادی ضرور کریں تاہم نیک وقت نکاح کا تعین کسی اچھے منجم سے ضرور نکلوائیں تاکہ محبت کا بندھن صدا قائم رہے۔ ستارہ مریخ 10 ستمبر تا 14 نومبر رجعت میں ہونے کے سبب اپنے بچوں کے شب و روز پر توجہ رکھیں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں اور انعامی بانڈز میں حصول انعام کے خواہاں 28,25,23,18,16,12,9,6,3,2 جنوری، 3,4,8,22,23,24,25,26,27,28 فروری، 29,28 ستمبر، 12,11,10 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے شرف شمس 9,8 اپریل اور اوج شمس 12,11 جولائی بھی نہایت اہم تواریخ۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام کی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ مشتری 19 دسمبر تک ساتویں ہبوط یافتہ اور ابتداء سال میں 5 ستاروں کے اجتماع میں رہنے سے ملازمتی افراد اپنے فرائض منصبی کو ذمہ دارانہ طریقے سے انجام دیں اپنے آفس میں حاسدین و مخالفین کی سازشوں سے بھی محتاط رہیں۔ خصوصاً ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر جب رجعت (اُلٹا) میں ہوگا تب غیر ذمہ داری سے ملازمت کے ہاتھ سے نکل جانے کے خدشات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ایسے بزرگ سرطانی جو عرصہ دراز سے اپنی صحت سے پریشان چلے آرہے ہیں انہیں شفایابی کیلئے کوئی اچھا معالج مل جائے جو اُن کی درست تشخیص کر کے انہیں مرض سے آفاقہ دلا سکے گا۔ سرطانی افراد عموماً روحانیت اور ہومیوپیتھی علاج پر یقین رکھتے ہیں انہیں اپنے یقین کے مطابق کسی مرشد کامل یا بزرگ روحانی سے بھی فیض یاب ہونا چاہئے۔ یا از خود شفا کیلئے جب بھی پانی پئیں اس پر ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ دم کر کے پئیں۔ ادائیگی قرض کیلئے کاروباری یا ذاتی نوعیت کا قرض اپنی صالح نیت سے ادا کرنے چاہئیں تو قدرت آپ کو عجیب و غریب طریقے سے غیبی مدد بھی فراہم کرے۔ مشتری مریخ سعد نظرات 18,19,20,21,22 مارچ، 21,20 جون بننے سے آپ کے اندر خود اعتمادی، صحت و تندرستی کے سبب آپ اپنے آپ کو چاک و چوبند محسوس کرنے کے ساتھ اپنی صحت کو بہتر محسوس کریں مریخ مشتری نحس نظرات 6,5,4,3,2 اگست، 21,20,19,18,17 اکتوبر بننے سے اپنے حاسدین و مخالفت سے محتاط رہیں۔ حاسد لوگ آپ کو کسی مقدمہ یا پریشانی میں مبتلا کر سکتے ہیں۔ ان ایام میں صدقہ و خیرات بھی جی کھول کر دیتے رہیں۔ اسم اعظم ''یَا شَافِیُ'' 391 مرتبہ روزانہ پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرنے سے اپنے اندر شفایابی کی قوت محسوس کریں اپنے جسم کے ساتھ آپ کی روح بھی طاقتور ہو۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزواج شمسی زائچہ کا اہم گھر جو دوسروں سے سماجی معاشرتی تعلقات کے ساتھ شریکِ حیات یا شریک کار بزنس پارٹنر شپ کی اہمت کو اُجاگر کرتا ہے۔ ابتداء سال میں یہاں چھ کواکب کا اجتماع زحل مشتری شمس عطارد کیتو اور پلوٹو کا قیام 2020ء میں شراکتی ازدواجی بھی قسم کے تعلقات نہایت احتیاط طلب ہونگے۔ اپنے جذباتی پن غم و غصہ پر قابو رکھیں اور نہ ہی دوسروں کے جذبات کو مجروح کریں۔ ساتویں کا حاکم زحل جو 27 سال بعد یہاں اپنے ہی گھر میں گزشتہ دو سال سے چلا آرہا ہے۔ اس سال برج تبدیل کرے گا۔ 22 مارچ تا 2 جولائی اور 17 تا 31 دسمبر یہ آٹھویں جبکہ سارا سال ساتویں ہی گھر رہیگا۔ ستارہ مشتری کا یہاں 12 سال بعد قیام 19 دسمبر تک رہیگا۔ ہر دو کواکب کا یکے بعد دیگرے یہاں قیام شادی کی مسرتیں سعادتیں لائے التواء اور رکاوٹوں کا ستارہ کیتو جو گزشتہ سال سے یہاں ہے 5 مئی کو برج تبدیل کر کے چھٹے چلا جائیگا۔ ایسے سرطانی لڑکے لڑکیاں جنکی شادی میں تاخیر چلی آرہی اور وہ سرطانی جنکے رشتے منگنی یا شادی ہو کر ٹوٹ چکی ہے۔ اور وہ عقد ثانی کے خواہاں ہیں 2020ء ایسے خواہاں افراد کی شادی کے لئے بہت اہم سال ہے۔ انجام کار اس سال کے آخر تک شادی میں بندش یا رکاوٹ محسوس کرنے والے سرطانی لڑکے لڑکیوں کی شادی خانہ آبادی ہو جائیگی ایسا بھی امکان ہے کہ سرطانی لڑکوں کو بڑی عمر کی لڑکیاں شادی کے لئے ملیں یا پسند آ جائیں انہیں بغیر کسی سوچ بچار کے عمر کی مناسب مناسبت سے شادی کر لینی چاہئے۔ ستارہ زحل 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں رہے ناراض زوجین کے مابین بھی صلح و صفائی ممکن ہو سکے گی شراکتی کاروباری تعلقات بھی نیا رُخ اختیار کریں گے۔ پرانے تعلقات شکوک و شبہات کے سبب متاثر ہو سکتے ہیں اور انکی جگہ نئے سینئر پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے مالک نئے لوگ

آپ کی زندگی میں آئیں گے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ 2020ء وراثتی، شراکتی اور مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں کے لئے نہایت اہم سال ہے۔آٹھویں وراثتی گھر کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد اپنے گھر میں آئے 2020ء میں اس کا قیام 22 مارچ تا 2 جولائی اور پھر 17 دسمبر 2020ء تا 7 مارچ 2023ء تک رہیگا۔اس گھر سے منسوبات وراثت دفینہ انشورنس کلیم یا محنت کے بغیر دولت ملنا، لاٹری جیک پاٹ سٹہ مشترکہ مفادات کاروبار یا شادی سے شریکِ حیات کے نصیب سے دولت بھی ملنا ممکن ہے۔2020,2021,2022 اور 2023ء تین چار سال اہم نیک معجزاتی ثابت ہونگے۔ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت (اُلٹا) یافتہ ہونے کے سبب شراکتی وراثتی لین دین میں محتاط رہیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر نصیب کا حاکم ستارہ مشتری ابتداء سال میں ساتویں گھر غروب دیگر پانچ ستاروں شمس زحل کیتو اور عطارد کے ہمراہ ہونے سے بیرون ملک کئے گئے کاروباری سفر پہلے تین مہینوں میں خاطر خواہ نتائج نہ لائیں گے۔مارچ کے بعد کئے گئے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہونگے۔ستارہ مشتری 19 دسمبر برج تبدیل کر کے شمسی زائچہ کے آٹھویں اور اپنے گھر سے بارہویں آجانے کے سبب کچھ خاص فوائد 2020ء اور 2021ء میں نہ دے گا۔تاہم سارا سال طالع اور پھر اگلے سال خانہ مال کو سعد ناظر رہنے سے حل المشکلات اور ذرائع آمدن میں اضافہ کی راہیں دکھائے گا۔حج و زیارات مقدسہ پر جانے والے سرطانی اپنے بھرپور وسائل شامل حال لانے کے بعد ہی روحانی سفر پر آجا سکیں گے۔ایسا بھی ممکن ہے کہ بنائے گئے بیرون ملک سفر کسی ضروری کام سے پینڈنگ ہوجائیں۔قانونی اُمور سارا سال مشاورت نظرثانی کے طالب رہیں گے۔اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بیرون ملک تجارتی کوشش جدوجہد کے بعد ہی کامیابی ملے۔اپنے اہم کاموں کیلئے بزرگوں مخلصین سے وقفہ وقفہ سے سارا سال مشاورت رکھیں۔مشتری مریخ سعد نظرات 22,21,20,19,18 مارچ، 21,20,19 جون ان ایام میں آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے بہترین پلاننگ کرسکیں گے۔غیر متوقع قانونی اور پنچائتی فیصلے بھی آپ کے حق میں ہوں۔مشتری مریخ نحس نظرات 6,5,4,3,2 اگست، 21,20,19,18,17 اکتوبر نظر بد اور خواہ مخواہ کی متوقع پریشانیوں سے بچنے کیلئے حسبِ توفیق صدقہ خیرات دینے کے ساتھ ساتھ عبادت و ریاضت اور کثرت درود شریف پڑھنے سے سکھ اور سکون پائیں۔ان ایام میں حسبِ توفیق صدقہ خیرات بھی ضرور دیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:۔ بیت العزت کیریئر کا حاکم ستارہ مریخ 2020ء میں لمبے عرصہ اپنی سعد پوزیشن کے سبب آپ کو اپنے کیریئر کو آگے بڑھانے مستقبل کو سنوارنے کیلئے متعدد مواقع ملیں۔آپ کی اس میں کاوش کم تاہم قدرت والدین اور بزرگوں کی دُعاؤں سے آپ اپنے 2020ء میں اپنے کیریئر میں ہمت و حوصلہ بلند ارادہ سے اپنے ہم عصر کاروباری لوگوں سے آگے نکل سکتے ہیں۔نہ صرف یہ بلکہ آپ کی شخصیت دوسروں کیلئے بھی فائدہ مند ثابت ہوگی۔ذاتی مفادات سے ہٹ کر آپ اجتماعی مفادات کو ترجیح دیں۔کیریئر کا حاکم ستارہ مریخ یکم,2 جنوری عروج، 16 فروری تا 31 مارچ شرف یافتہ اور پھر 28 جون 2020ء تا 7 جنوری 2021ء ستارہ مریخ لمبے عرصہ کیلئے عرصہ دراز بعد آپ کے کیئر کے گھر میں باقوت جلوہ افروز ہوگا۔آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ اپنے کیریئر کو اپنی محنت سے بآسانی آگے بڑھا سکتے ہیں۔جرأت مندانہ اقدامات کی بدولت آپ گزشتہ پیدا ہونے والی رکاوٹوں پر قابو پاسکیں گے۔معاشی اور کاروباری اُمور میں متعدد اسباب و وسائل ملیں سماجی و سیاسی حیثیت و شخصیت میں اضافہ مخلصین آپ کی کامیابیوں پر رشک کریں اور آپ کو دُعائیں دیں اور آپ بھی ان سے فرمائش کر کے دعائیں لیں۔تاہم ستارہ مریخ کیریئر کے گھر میں ہی 10 ستمبر تا 14 نومبر رجعت (اُلٹا) یافتہ ہونے سے اپنے کیریئر کے معاملات میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔اپنے فیصلے ایک ہفتہ یا ایک دن رُک کر کریں تو ممکنہ کسی خرابی یا نقصان سے بچا جاسکتا ہے۔2020ء میں مریخ شمس زحل سعد نظرات 22 تا 28 فروری، 21,20,19 مارچ، 30,29,28,27 جون، 18,17,16,15 اگست، 19,18,17 ستمبر، 20,19,18 نومبر، 12,11,10 دسمبر۔آپ کی کاروباری ساکھ اور عزت میں اضافہ ہوگا۔حکام بالا اور بااثر لوگوں سے مفادات ملیں۔ان ایام میں آپ زندگی کے اہم کاروباری معاہدے بھی کرسکیں گے۔2020ء کی نحس نظرات 14,13,12 جنوری، 31,30 مارچ، یکم,2,20,21,22 اپریل، 3 تا 10 جون، 22,21,20 جولائی، 21 تا 29 اگست، 25 تا 3 ستمبر، 13 تا 19 اکتوبر۔ان سبھی ایام میں اپنے حاسدین اور مخالفین کی بدنظری اور سازشوں سے بچیں۔ان ایام میں کوئی اہم کاروباری معاہدہ بھی پایہ تکمیل

تک نہ پہنچ سکے۔ لہٰذا ان ایام میں درگزر راور صدقات دے کر خوش بختیاں حاصل کریں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد: ۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ زہرہ **13** جنوری تا **7** فروری شرف یافتہ، **5** مارچ تا **17** اگست اور **28** اکتوبر تا **21** نومبر عروج واوج یافتہ، ہمدردانہ اور مخیرانہ سوچ کے تحت اس سال **2020ء** میں آپ کو سماجی سیاسی اور رفاع عامہ کے کام کرنے والے بہت سارے نیک لوگوں سے تعلقات بڑھیں۔ دوست احباب کی مدد اور خلق خدا کی بھلائی کیلئے آپ کے ہاتھ سے صدقہ جاریہ کے متعدد کام انجام پائیں۔ آپ اپنی ذات سے ہٹ کر اجتماعی طور پر لوگوں کی بھلائی کیلئے جو شمع روشن کریں گے اس کے ثمرات آپ کو دنیا و آخرت میں بھی نصیب ہونگے۔ ناراض دوستوں سے صلح اور پرانے دوستوں سے ملاقات کے بھی اسباب بنیں۔ ستارہ زہرہ **8** فروری تا **8** مارچ، **21** نومبر تا **15** دسمبر وبال یافتہ اور **13** مئی تا **25** جون رجعت یافتہ ہونے کے سبب دوست نما دشمنوں حاسدین سے محتاط رہیں۔ ان ایام میں دوسروں سے نیکی کر کے کوئی خیر کی توقع نہ رکھیں۔ ''**کر بھلا سو ہو بھلا**'' والے مقولہ پر عمل کریں قدرت آپ ہی کا بھلا کرے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن: ۔ بیت الاعداد کا حاکم ستارہ عطارد **3** فروری تا **4** مارچ، **16** مارچ تا **11** اپریل، **2** دسمبر تا **21** دسمبر شمسی زائچہ کے نحس گھروں میں ہونے کے سبب ان ایام کے علاوہ ستارہ عطارد **17** فروری تا **10** مارچ، **18** جون تا **12** جولائی، **14** اکتوبر تا **3** نومبر رجعت (اُلٹا) یافتہ ہونے کے سبب ان سبھی ایام میں اپنے حاسدین مخالفین کی ریشہ دوانیوں، نظر بد اور جادو ٹونہ جیسے بد اثرات سے بچنے کیلئے ہر منگل گوشت یا کلیجی پھیپھڑے حسبِ توفیق ان پر نمک مرچ ہلدی سرسوں کا تیل لگا کر جانوروں کو ضرور صدقہ دیتے رہیں تا کہ ممکنہ نحوسوں سے محفوظ رہا جا سکے۔ ستارہ عطارد **12** تا **18** مئی، **20** اگست تا **2** دسمبر آسمانی کونسل پر سعد گھروں میں ہونے کے سبب آپ کو ممکنہ فوائد یوں دلا سکتا ہے کہ بیرونِ ملک حصولِ امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں کامیاب، عبادت وریاضت چلہ کشی اور اپنے بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پانے کیلئے آپ مؤثر پلاننگ کر سکتے ہیں۔

سرطانی مرد و زن پر گرهنوں کے اثرات: ۔ **2020ء** میں **4** چاند اور **2** سورج گرہن لگیں گے۔ **11** جنوری طالع میں چاند گرہن اور **21** جون سورج گرہن لگنے سے آپ کی صحتِ جسمانی اچانک متاثر ہو سکتی ہے۔ حاسدین مخالفین اپنے بدارادے کے تحت آپ کی عزت وساکھ کو خراب کرنے کی سازشیں کر سکتے ہیں۔ **6** جون چاند اور **14** دسمبر سورج گرہن چھٹے لگنے سے قرض مرض اور خواہ مخواہ کے مقدمات سے نجات مل سکتی ہے۔ بشرط آپ اس کیلئے کوشش بھی ضرور کریں۔ **5** جولائی ساتویں چاند گرہن شراکتی ازدواجی تعلقات میں اختلافِ رائے سے بچیں۔ **30** نومبر بارہویں چاند گرہن لگنے سے آپ کے خفیہ دشمن آشکار اور ذلیل وخوار ہوں۔ بڑھتے اخراجات پر بھی قابو پانے کیلئے آپ کوئی پلاننگ کر سکتے ہیں۔ گرہن اپنے لگنے کے **15** دن قبل تا بعد اپنے ناقص اور ملے جلے اثرات دے سکتے ہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ یوم گرہن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

سعد تواریخ: ۔ **2,6,12,15,16,20,21,25,30,31** جنوری، **4,9,13,14,18,23,25,29** فروری، **5,9,13,14,18,24,29,30** مارچ، **4,7,11,12,17,21,27,28** اپریل، **3,6,10,12,15,17,20,22,25,28** مئی، یکم، **3,8,10,13,16,18,21,23,26,30** جون، **2,7,10,12,15,17,20,22,25,30** جولائی، **4,9,14,16,19,23,27,28** اگست، یکم، **7,11,13,15,17,21,23,26,28** ستمبر، **3,7,8,12,17,20,21,25,26,29** اکتوبر، **3,6,8,11,15,16,19,21,25,26** نومبر، یکم، **5,6,10,11,14,19,24,29** دسمبر

نحس تواریخ: ۔ **3,5,9,14,17,28** جنوری، **2,5,7,11,16,26** فروری، **3,4,9,11,16,26** مارچ، یکم، **5,8,9,15,24,26** اپریل، یکم، **7,14,23,30** مئی، **6,7,10,28,28** جون، **4,5,13,19,26,27** جولائی، **2,3,11,17,25,30** اگست، **2,10,19,24** ستمبر، یکم، **10,14,16,22,23,31** اکتوبر، **12,18,21** نومبر، **3,4,8,16,22,30,31** دسمبر

حروف: م

اسد

شمس

23 جولائی تا 23 اگست

نشان: شیر

حاکم سیارہ: شمس

ذاتی عقیدہ: حق دار (I Deserve) عنصر: آگ (Fire)

خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت) نفسیاتی ٹائپ: وجدانی

منسوب رنگ: سنہرا، اورنج منسوب پتھر: یاقوت

منسوب اعضاء: دل، پیٹھ کا بالائی حصہ مثبت اور مذکر برج

منسوب پھول: گیندا، سورج مکھی منسوب غذا: عمدہ اور اعلیٰ

منسوب درخت: نارنگی، اخروٹ، زیتون سالٹ: میگنیشیا فاس

MOHSIN ALI ZANJANI

حالات وواقعات کی روشنی میں

آسمانی کونسل پر **2020**ء جسکا مفرد نمبر **4** ستارہ شمس (قدیم) ستارہ یورانس (جدید) سے منسوب لہروں کے دوش پر اپنی روحانیات بڑھا کر اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کم از کم یہ دُعا **40** مرتبہ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں۔ (اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ یَا اَللّٰہُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِیُّ) یوں سال **2020**ء آپکی زندگی کا کامیاب سال ثابت ہوگا۔

2020ء آسمانی کونسل پر ستاروں کی نشست آپ کے ستارہ شمس کا دوست مریخ چوتھے گھر میں باقوت اپنے ہی گھر میں ہوگا اور اور ستارہ زہرہ ساتویں اپنے فطرتی گھر میں بیٹھ کر طالع کو سعد ناظر اس کے علاوہ تمام ستارے ماسوائے یورانس سبھی ستارے نحس گھروں میں چھ آٹھ بارہ میں موجود ہونگے۔ ابتداء سال میں چھٹے نحس گھر میں **6** ستاروں کا اجتماع زحل مشتری عطارد کیتو پلوٹو اور بشمول آپکا حاکم شمس بھی یہاں ہوگا۔ عموماً سال کے آغاز میں شمس شمسی زائچہ کے اسی گھر میں **20** جنوری تک ہوتا ہے لیکن اس سال کی خاص بات یہ ہے کہ مزید **5** کواکب کا چھٹے ہونا نیک شگون نہیں خصوصاً اپنی صحتِ جسمانی کا خاص طور پر خیال رکھیں خواہ آپ کی عمر **10** سال سے **80** سال ہی کیوں نہ ہو۔ اسدی افراد اپنی فیملی کے اسدی افراد کا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں۔ غذا کی بد پرہیزی فاسٹ فوڈ یا چکنائی کا زیادہ استعمال کرنا اور ورزش سے جی چُرانے کے سبب اندیشہ ہے کہ آپ کولیسٹرول، بلڈ پریشر، امراض قلب، یورک ایسڈ اور خواہ مخواہ کے ذہنی تفکرات میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ یہ عجیب وغریب کیفیات یکم جنوری تا **20** مارچ تک نحوست سیارگان کے سبب رہ سکتی ہے۔ جیسے ہی سورج **20** مارچ سے اپنے شرفی برج اور نوروز عالم افروز کا آغاز کرے گا تو حالات میں بتدریج بہتری آنے لگے گی اور خصوصاً آپکا حاکم ستارہ شمس **22** جولائی تا **22** اگست جب طالع میں آئے گا آپ کی حیثیت وشخصیت اور حوصلہ مندی میں اضافہ ہوگا۔ آپ فطرتی طور پر دلیر اور بہادر شخصیت کے مالک آپ یوں تو وسیع پیمانے پر اپنے کاموں کو انجام دینا پسند کرتے ہیں اور ان کی تفصیلات اور کاموں کی تکمیل کیلئے ایک جذبہ کے تحت جب تک کام مکمل نہ ہو جائے کوشاں رہتے ہیں۔ مایوسی اُداسی اور کام کو ادھورا چھوڑنا آپ اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں۔ تاہم **2020**ء کی ابتداء میں ستاروں کی ناقص نشست اس بات کا اشارہ ہے کہ **2020**ء میں اپنے سبھی اہم اور غیر اہم کام روزمرہ کے کاموں سے ہٹ کر جلد بازی میں انجام نہ دیں۔ کاموں کی تکمیل میں وقت کی مناسبت سے اپنے کاموں کی پلاننگ اور منصوبہ بندی میں کم از کم ایک ہفتہ ایک دن یا کم از کم ایک گھنٹہ ضرور غور وفکر کریں۔ یوں آپ غیر متوقع ہر قسم کی پریشانیوں سے بچ سکیں گے۔ **2020**ء میں چار اہم ستاروں کی بروجی تبدیلی آپ کی طرزِ زندگی میں بھی تبدیلیاں لاسکتی ہیں۔ **22** مارچ زحل برج تبدیل کر کے ساتویں رجعت اور استقامت کے سبب دو مرتبہ آئے۔ راہو **5** مئی گیارہویں اور کیتو پانچویں آجائے اور ستارہ مشتری بارہ سال کے بعد **19** دسمبر کو شمسی زائچہ کے ساتویں آئندہ ایک سال کیلئے آجائے گا۔ آسمانی کونسل پر ستاروں کی تبدیلی **2020**ء میں ہونے سے اکثر اسدی افراد کا طرزِ زندگی رہن سہن بھی تبدیل ہوگا۔ آپ کا تعلق کسی بھی شہر قصبہ یا ملک سے کیوں نہ ہو آپ اپنے حالات وواقعات رہن سہن میں تبدیلیاں کرنا پسند کریں۔ کچھ لوگ ہجرت کرنا بھی پسند کریں۔ شہر تو شہر یا ملک سے باہر بھی بسلسلہ روزگار یا امیگریشن کے حصول کیلئے جانا پسند کریں۔ جو اسدی افراد پہلے سے تبدیلی کے خواہاں ہیں وہ تو حسب منشاء اچھے حالات اور ماحول میں تبدیلی کر پائیں اور اگر آپ تیار نہ ہوئے تو پھر ناپسندیدہ تبدیلیوں کیلئے تیار رہیں اکثر ستاروں کی کمزور نشست کے سبب سارا

سال وقفہ وقفہ سے صدقہ وخیرات ضرور دیتے رہیں۔صدقہ یقیناً رد بلا ثابت ہوگا۔

آپ کی شخصیت:۔ یوں تو آپ بارہ منطقۃ البروج میں انفرادیت شاہانہ شخصیت وشاہانہ جاہ وجلال کے مالک ہیں۔ 2020ء ایک ایسا سال ہے جہاں آپ کو بہت احتیاط سے کام لینا ہوگا۔حاسدین مخالفین آپ کی بڑھتی ہوئی عزت اور ساکھ سے حسد میں مبتلا ہوکر آپ کے خلاف سازش کر سکتے ہیں۔آپ پر نظر بد جادوٹونے کے آثار نمایاں ہونے کا بھی اندیشہ معلوم ہوتا ہے اگر آسانی ہو تو چاروں قل پڑھ کر اپنے او پر دم کر کے گھر سے نکلنا معمول بنالیں۔آپکا حاکم ستارہ شمس 20 مارچ تا 19 اپریل شرف یافتہ، 20 مئی تا 21 جولائی اوج، 22 جولائی تا 23 اگست عروج یافتہ رہتے ہوئے عزت، سکھ اور آپ کے شخصی وقار میں اضافہ ہو جبکہ مستقبل کی پلاننگ اور پینڈنگ اُمور کی انجام دہی بھی ممکن ہو سکے گی۔ 21 جنوری تا 20 فروری، 24 ستمبر تا 24 اکتوبر شمس کمزور ہونے کے سبب حد درجہ سبھی اُمور میں خاص احتیاط کی ضرورت رہے۔اس دوران حسبِ توفیق وقفہ وقفہ سے صدقات ضرور دیں تاکہ منفی اثرات سے بچے رہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں چھٹے نحس گھر میں ہونے کے سبب 2020ء میں امکان غالب ہے کہ آمدن سے زیادہ اخراجات کو قابو میں رکھنے پر زور دیں۔اسراف سے گریز کریں۔قرض لینے میں اجتناب برتیں۔اور دوسروں کو بھی اتنا ہی قرض دیں جو قابل برداشت ہو۔خانہ مال کا حاکم ستارہ عطارد 12 مئی تا 28 مئی، 20 اگست تا 5 ستمبر، 6 ستمبر تا یکم دسمبر عروج شرف اور اوجی بروج میں رہنے کے سبب خاندان میں اضافہ تقریبات میں شرکت۔نئے اور مفید کاروباری معاہدے ان ایام میں متوقع ہو سکتے ہیں۔تب ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے کی گئی کوشش بھی بارآور ثابت ہونگی۔عطارد مشتری سعد نظرات 2 جنوری، 9,8,7 اپریل، 11,10 مئی، 30,29 اگست، 30,29,28 نومبر بننے سے سال کے یہ بہترین ایام کاروباری ذرائع یا کسی اور نیک سبب کی گئی کوششیں آمدن میں اضافہ کا باعث بن سکتی ہیں۔جبکہ نحس نظرات 26,25 اپریل، 31,30 جولائی اور 18,17,16 ستمبر بننے سے مالی کاروباری اہم فیصلے کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔غفلت و لاپرواہی سے مالی اخلاقی نقصان کا اندیشہ ہے۔مالی خیر و برکت کیلئے بہترین صدقہ اپنی توفیق کے مطابق۔کسی غریب طالب علم کی فیس اور دیگر ضروریات کا ذمہ لیں یا ہر روز یا پھر ہر بدھ 5 سبز ٹافیاں حشرات الارض کو صدقہ ڈالیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء تیسرے کا حاکم ستارہ زہرہ 2020ء میں آسمانی کونسل پر سال کی ابتداء میں ہی 13 جنوری تا 8 فروری شرف، 5 مئی تا 7 اگست عروج اور اوج یافتہ رہے اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر پھر سے حالاتِ موافق میں ہونے کے سبب اس سال کے سبھی سعد ایام میں اندرون و بیرونِ ملک سفر وسیلہ ظفر اور تجدید مراسم کیلئے بالخصوص کئے گئے سبھی سامانِ سفر راحت مہیا کریں۔جبکہ زہرہ عطارد سعد نظرات 5,4 مارچ، 19,18,17 اپریل، 23,22 مئی، 6,5,3 ستمبر، 13,12,11 اکتوبر بننے سے ان سعد ایام میں بھی بہن بھائی عزیز واقارب رشتے دار پڑوسیوں سے معاونت ومدد مل سکے اور باہمی تعاون سے درپیش غلط فہمیاں دُور اور تعلقات میں مضبوطی اور پائیداری آسکے۔ کئی ایک کئے گئے سفر بھی وسیلہ ظفر ثابت ہوں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں اپنے ہی گھر ہونے سے آپ اہل خاندان اور اہل خانہ کی خدمت کیلئے خاصے پُرعزم متحرک رہیں گے۔ 2020ء میں ستارہ مریخ بیشتر ایام عروج وشرف یافتہ رہتے ہوئے آپ اپنے اندر تعمیری خصائل محسوس کریں۔ذاتی گھر کی تعمیر یا اپنے گھر کی تزئین وآرائش میں دلچسپیاں بڑھیں۔کاشت کاری، باغبانی، ڈیری فارمنگ سے بھی حسب منشاء نفع پائیں۔ 16 فروری تا 31 مارچ مریخ شرف یافتہ ہونے سے اندرون خانہ مہمانوں کی آمد ورفت عزیز واقارب اور اپنے ہاں متعدد تقریبات اور روحانی محافل کا اہتمام کرسکیں گے۔خصوصاً 13 مئی تا 20 جون ان مقدس محافل کے لئے نیک زمانہ ہے جب اجتماعی دُعاؤں سے حل المشکلات ہوجانے کے لئے قابل توجہ ہے۔ستارہ مریخ 28 جون 2020ء تا 7 جنوری 2021ء نویں رہتے ہوئے 12,9,4,3 ویں گھروں کے منسوبات اُجاگر کرے کچھ اسدی تبدیلی

رہائش کے لئے بیرونِ ملک یا دُور دراز مقامات پر شفٹ ہو سکتے ہیں۔ حسبِ حیثیت نئی سواری کا حصول یا کوئی پلاٹ یا فارم بہ آسانی خرید سکتے ہیں۔ بشرطِ اس کیلئے آپ نے پہلے سے کوئی پلاننگ کی ہو۔ 2020ء میں مریخ شمس سعد نظرات 22 تا 28 مئی، 18,17,16,15 جون، 12,11,10 دسمبر، خود اعتمادی میں اضافہ بزرگوں مخلصین کی مشاورت مدد سے آپ اپنے خانگی ازدواجی مسائل کو حل کر لیں گے۔ مریخ شمس نحس نظرات 3 تا 18 جون، 14,13 اکتوبر اور اس کے علاوہ مریخ رجعت (اُلٹا) یافتہ 10 ستمبر تا 14 نومبر بننے سے یہ بھی ایام خاندانی مسائل و پریشانیاں حالات کے لئے تیار رہیں اس دوران صدقہ وخیرات بھی وقفہ وقفہ سے ادا کرتے رہیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد پانچویں کا حاکم ستارہ مشتری 19 دسمبر تک شمسی زائچہ کے چھٹے نحس گھر میں ہونے سے صاحب اولاد اپنے بچوں کے کیسے دوست ہیں؟ ان پر نظر رکھیں۔ 2020ء انکی نگہداشت پر خصوصی توجہ کا سال ہے۔ اس سلسلے میں کی گئی غفلت کا خمیازہ آپ کو تلخ انداز میں بھگتنا پڑ سکتا ہے۔ معاملات عشق و محبت میں راز افشاں ہونے سے بدنامی رسوائی کا اندیشہ اپنے اہم راز بھی دوسروں کو نہ دیں بازاری قسم کی محبت جنسِ مخالف کے دام فریب میں آنے سے بچیں۔ سٹاک شیئرز اور تخمین بازی کے کاموں میں محتاط حصہ لیں فائدہ کی بجائے نقصانات کا اندیشہ کچھ زیادہ ہی رہے گا۔ فراڈ دھوکہ دہی دے سکنے والے افراد سے محتاط رہیں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں انعامی اسکیموں میں گزشتہ سالوں کی بہ نسبت اگرچہ کچھ خاص نفع نہ مل سکے گا تاہم پھر بھی 2020ء کے ان ایام میں قسمت آزمائی ضرور کریں۔ 3,2 جنوری، 12,11,10 مارچ، 9,8,7 اپریل، 18,17,16,11,10 مئی، 30,29 نومبر کے ایام میں حصہ لیں اور ساتھ ہی اسم اعظم ''یا وھابُ'' 1400 مرتبہ اوّل و آخر 14,14 مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر کشادگی رزق کے لئے دُعائیں کریں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے ہر جمعرات کسی درگاہ پر حاضری اور زردہ کی نذر دلا کر زائرین میں تقسیم کرنا نیک عمل ثابت ہوگا۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض چھٹے گھر میں ابتداء سال 6 ستارے شمس پلوٹو مشتری عطارد کیتو اور اس گھر کا حاکم زحل بھی یہاں ہونے سے صحت جسمانی کے مسائل غفلت لاپرواہی سے شدت اختیار کر سکتے ہیں۔ آپکا تعلق عمر کے کسی بھی حصہ سے کیوں نہ ہو چاہے آپ اپنے آپ کو صحت مند توانا ہی محسوس کرتے ہوں پھر بھی آپ اوّل فرصت میں اپنا مکمل میڈیکل چیک اَپ کروانے کو ترجیح دیں۔ اور اگر کسی مرض کی تشخیص ہو جائے تو اس کی مناسب ادویہ واغذیہ اپنے ڈاکٹر کے مشورہ سے استعمال کریں آپکا برج اور ستارہ آتشی عنصر کا مالک ہے۔ جسم میں پانی کی کمی کے سبب کولیسٹرول کمزوری ومعدہ وجگر اور امراض قلب کے خدشات دور کرنے کیلئے بارہ سے چودہ گلاس پانی روزانہ پئیں اور ممکن ہو تو ہر گلاس پر ایک مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے پینا معمول بنالیں۔ ملازمتی فرائض ذمہ داری سے ادا کریں غفلت لاپرواہی سے تنزلی کا خدشہ رہیگا۔ ستارہ زحل جو چھٹے ساتویں دونوں مشترکہ گھروں کا حاکم ہے۔ 27 سال بعد برج تبدیل کر کے چھٹے سے ساتویں سال میں دو مرتبہ 22 مارچ تا یکم جولائی اور پھر 17 تا 31 دسمبر ساتویں بقایا ایام چھٹے اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ رہے۔ زحل کی بروجی تبدیلی ملازمت روزگار کے لئے اہم ہے۔ ستارہ زحل 11 مارچ تا 29 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب قرض اور مقدمات سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ ابتداء پانچ ماہ کیتو مقابل راہو ہونے سے نظر بد جادو کے اندیشہ کے سبب ہر ہفتہ اتوار صدقہ وخیرات ضرور کرتے رہیں۔ سورۃ فاتحہ یا ایک تسبیح درود شریف کا دم شدہ پانی دُعاؤں کے ساتھ بطور شفاء روزانہ پینا معمول بنالیں آفاقہ پائیں گے۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 22 مارچ کو اپنے گھر میں عارضی طور سے 2 جولائی تک اور پھر دوبارہ 17 دسمبر تا 7 مارچ 2023ء تک یہاں آجائے گا تمام اسدی لڑکے لڑکیاں خواہ انکی عمر زیادہ ہی کیوں نہ ہو اب انکی شادی میں ممکنہ تاخیر الجھنیں دور ہو سکیں گی زحل بزرگ ستارہ ہے۔ ممکنات میں ہے کہ اسدی افراد کی شادی ہم عمر یا بڑی عمر کے جیون ساتھی سے ہو تاہم 2020ء تا 2023ء جن بھی اسدی افراد کی شادی ہوگی انہیں شریک حیات کی قسمت سے مال واسباب دنیاوی فوائد ملیں۔ ابتداء سال میں 6 ستارے

بمعہ زحل ساتویں گھر سے بارہویں گھر ہونے سے کاروباری شراکتی نوعیت کے کاموں میں اختلاف رائے معاہدوں کی پاسداری نہ ہونے کے سبب قانونی الجھاؤ مقدمہ بازی جیسے مسائل اور پریشانیاں آپ کو پورا سال وقفہ وقفہ سے پریشان۔ اوّل تو شراکتی معاملات سے پرہیز کریں اور دیگر مشترکہ مفادات کے کاموں حصہ لینا ہو تو 17 دسمبر کے بعد ایسا کرنا مناسب ہوگا۔ ستارہ زہرہ یکم تا 13 جنوری ساتویں اور پھر 8 فروری تک شرف یافتہ رہے۔ ستارہ زہرہ 5 مارچ تا 3 اپریل دسویں اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر اوج یافتہ، 6 ستمبر تا 3 اکتوبر طالع میں ہونے سے شراکتی ازدواجی خوشیوں کے طالب اسدی افراد کی منگنی یا شادی اچانک ہو سکتی ہے۔ ستارہ زہرہ سعد نظرات 5,4,3 فروری، 6,4,3 اپریل، 26,25,24 اکتوبر، 16,15,14 دسمبر کی سعد تواریخ بھی شراکتی ازدواجی خوشیوں کے حصول کیلئے نیک تواریخ ہیں۔ ان تواریخ میں شادی بیاہ اور رشتے کی بات چلانی یقینی طور پر حسبِ منشاء خوشیاں لائیں گی۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف کا حاکم ستارہ مشتری جو گزشتہ سال سے چھٹے نحس گھر میں ہبوط یافتہ چلا آ رہا تھا۔ گزشتہ سال اس نے آپ کو جو وراثتی شراکتی اور انشورنس کلیم کے اگر ممکنہ فوائد نہیں دلائے تو 2020ء میں اس کا ازالہ ممکن ہو سکے گا۔ ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت (اُلٹا) یافتہ ہوگا تو تب وراثتی معاملات میں دوسروں پر بھروسہ کرنا نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔ مشتری شمس سعد نظرات 12,11,10 مارچ، 18,17,16 مئی، 10,9,8 ستمبر، 16,15,14 نومبر بننے سے کوئی بڑا غیر متوقع انعام انشورنس کلیم یا حصول وراثت میں آسانی ممکن ہو سکتی ہے۔ 2020ء فوائد کے حصول ڈوبی ہوئی لاکھوں کی وصولی کیلئے بزرگ افراد مرد و زن خواہ وہ آپ کے رشتہ دار ہوں یا نہ ہوں یا ملنگ بابوں کی خدمت کریں۔ اور انہیں پیسے یا چائے بنانے کا پورا سامان ان کو ہدیہ دے کر دُعا کی درخواست کرنا بہترین صدقہ ثابت ہوگا۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر کا حاکم ستارہ مریخ آپ پر کچھ زیادہ ہی مہربان رہے گا اور غیر معمولی طور سے ایک طویل عرصہ 28 جون تا 7 جنوری 2021ء نویں اپنے فطرتی گھر میں رہتے ہوئے آپ کا نصیب یاور کرا دے گا۔ اس سے قبل بھی یکم، 2 جنوری عروج اور 16 فروری تا 31 مارچ شرف یافتہ رہے گا۔ بیرونِ ملک ہائر ایجوکیشن کیلئے جانے والے طلبہ کو اپلائی کرنے پر اسکالرشپ مل سکتا ہے۔ 2020ء اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ جو بھی پلاننگ کریں گے اس سال اور آئندہ سال بھی فوائد مل سکیں گے۔ دیرینہ اور قانونی پیچیدہ معاملات بھی حسبِ منشاء حل ہو سکیں گے۔ ایسے اسدی افراد جو کبھی کبھار اپنی خرابی قسمت کا گلہ کرتے ہیں 2020ء ان کی قسمت کا دروازہ کھولنے آ رہا ہے۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے ہو آپ یقیناً بہتری محسوس کریں اور جب بہتری محسوس کریں تو ضرور سجدہ شکر ادا کریں۔ 2020ء میں مریخ مشتری شمس سعد نظرات 22 تا 28 فروری، 18,13,12,11 تا 22 مارچ، 18,17,16 مئی، 21,20,19 جون، 18,17,16,15 اگست، 10,9,8 ستمبر، 16,15,14 نومبر، 12,11,10 دسمبر بننے سے بیرونِ ملک کاروباری پروگراموں میں کامیابی نصیب ہو۔ حج وعمرہ و زیارات مقدسہ پر جانے کی آپ کی آرزو بآسانی پوری ہو سکے گی۔

کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:۔ عزت و کیرئیر کا حاکم ستارہ زہرہ 2020ء میں آپ پر زیادہ ہی مہربان دکھائی دیتا ہے۔ ابتداء سال میں ہی 13 جنوری تا 7 فروری شرف یافتہ، 5 مارچ تا 3 اگست، 28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج یافتہ جبکہ 3 اپریل تا 7 اگست بھی آپ کو غیر متوقع طور سے کامیابیاں دلائے گا۔ آپ کی ذاتی اور عوامی حیثیت و شخصیت میں اضافہ ہوگا۔ آپ کا تعلق سیاست یا رفاعی کاموں سے ہو یا پھر آپ اپنے آپ کو عام انسان ہی کیوں نہ سمجھتے ہوں عزت شہرت اور نیک نامی میں اضافہ، کاروباری اور معاشی فوائد یقیناً مل سکیں۔ حکام یا بااثر شخصیات سے آپ کو فوائد ملیں۔ 2020ء میں زہرہ عطارد مشتری سعد نظرات 24,23,22,3,2 جنوری، 29,28,27,5,4 مارچ، 19,18,17,9,8,7 اپریل، 23,22,11,10 مئی، 30,29 اگست، 6,5,4,3 ستمبر، 20,19,18,13,12,11,10 اکتوبر، 30,29,28 نومبر، 16,15,14 دسمبر بننے سے اندرون اور بیرونِ ملک نئے کاروباری وسائل ملیں۔ تبدیلی کاروبار یا کاروبار میں وسعت کیلئے مزید سرمایہ کاری کرنی بھی نیک رہے تاہم نحس ایام 31,30 جولائی، 27,26,25 اگست، 18,17,16 ستمبر، 17,16,15 نومبر کے ایام میں کاروباری لین اور حاسدین

کے شر سے محتاط رہیں۔ حسب توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیتے رہیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد: ۔بیت الأ مید اور خانہ مال کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں چھٹے نحس گھر میں ہونے کے سبب سال کی ابتداء تو کچھ ناپسندیدہ واقعات اور دوستوں کی بے وفائی سے ہوسکتی ہے۔ آسمانی کونسل پر ستاروں کی نشست اس بات کا اشارہ ہے کہ کچھ ناعاقبت اور مفاد پرست دوست آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے یا پھر آپ ان کی بے وفائی کے سبب ان سے قطع تعلق کرلیں گے۔ستارہ عطارد 22 تا 28 مئی اور 20 اگست تا 6 ستمبر عروج اور شرف یافتہ جبکہ 7 ستمبر تا یکم دسمبر اوج یافتہ رہے۔ ان ایام میں آپ کی ایسی معصوم دیرینہ خواہشات پوری ہو سکیں۔آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔آپ کی عزت وتکریم میں اضافہ ہو۔کاروباری یا جائیداد کی خرید وفروخت سے نفع پائیں سال کے نحس ایام 11 تا 28 اپریل، 27 ستمبر تا 27 اکتوبر، 11 نومبر تا 2 دسمبر اہم کاموں کی تکمیل دوستوں میں اضافہ اور اجنبی افراد سے بھی اجنبی لوگوں سے محتاط رہیں۔صدقہ وخیرات دینے سے آپ حاسدین مخالفین کی ریشہ دوانیوں سے محفوظ رہ سکیں گے۔ 5 مئی تا آخر سال تک راہو آپ کے گیارہویں اور کیتو مقابل آنے سے اپنے دوستوں کے انتخاب میں محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن: ۔2020ء میں بارہویں راہو اور چھٹے 6 کواکب کے ساتھ کیتو کی موجودگی خفیہ دشمنوں کی شرانگیزیاں اور نظر بد جادو ٹونہ جیسے اسباب 2020ء میں تسلسل سے رہیں۔ 5 مئی راہو بارہویں سے نکل کر گیارہویں آنے سے تب بزرگوں اور والدین کی دُعاؤں سے آپکی تمام پریشانیاں دُور ہوں۔ کسی مرشد کامل یا بزرگوں والدین کی دُعاؤں سے آپ اپنی سبھی پریشانیوں کو دُور ہوتا ہوا محسوس کریں۔صدقہ وخیرات حسبِ توفیق مسلسل وقفہ وقفہ سے دیتے رہیں۔ بیرونِ ملک سفر حصول امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں۔

اسدی مرد وزن پر گرهنوں کے اثرات: ۔2020ء میں آسمانی کونسل پر 6 گرہن لگیں۔4 چاند اور 2 سورج گرہن لگیں جن کے اثرات یوں ہوسکتے ہیں۔ 11 جنوری چاند اور 21 جون سورج گرہن بارہویں نحس گھر میں لگنے کے سبب نحوست کے برعکس آپ اپنے بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پانے کیلئے جو بھی مثبت کوششیں فرمائیں۔ان کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوں۔6 جون چان اور 14 دسمبر سورج گرہن پانچویں لگنے سے اولاد کی فکر و پریشانی محبوب سے جدائی تخمین بازی کے کاموں میں نقصان 5 جولائی چاند گرہن چھٹے لگنے سے ملازمتی فرائض میں غیر ذمہ داری سے تنزلی صحت کا بھی خیال رکھیں۔30 نومبر چاند گرہن گیارہویں لگنے سے دوست نما حاسدین سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔اپنی عزت ساکھ کا خیال رکھیں۔ ایام گرہن میں دونفل نماز کسوف (سورج گرہن) دونفل نماز خسوف (چاند گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کریں۔ گرہن کے دن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

سعد تواریخ: ۔30,25,20,15,13,10,7,6 جنوری، 29,26,25,23,22,18,13,4 فروری، 30,24,20,19,14,11,8,5 مارچ، 28,26,23,17,12,4 اپریل، 28,22,17,15,12,10,5,3 مئی، 30,26,21,16,10,3، یکم جون، 30,25,20,15,12,10، یکم جولائی، 28,23,19,17,16,14,9 اگست، 26,21,18,17,15,13,9,7 ستمبر، 26,25,21,17,12,7 اکتوبر، 25,19,15,11,10,6 نومبر، 28,24,20,19,14,11,5 دسمبر

نحس تواریخ: ۔23,17,9,3 جنوری، 16,7,2 فروری، 16,9,3 مارچ، یکم، 21,15,14,8 اپریل، یکم، 30,14,7 مئی، 28,13,11,7,6 جون، 27,21,14,13,5 جولائی، 25,11,3 اگست، 24,10,2 ستمبر، یکم، 31,23,18,15,14,11,10 اکتوبر، 22,8 نومبر، 30,22,10,8,4 دسمبر

حاکم سیارہ: عطارد　　نشان: دوشیزہ　　حروف: پ، غ

ذاتی عقیدہ: میں تجزیہ کرتا ہوں (I Analiaz) عنصر: خاک (Earth)

سنبلہ

عطارد

24 اگست تا 22 ستمبر

خاصہ: تغیر پذیر (ذوجسدین)　　نفسیاتی ٹائپ: ادارک

منسوب رنگ: ہرا، نیلا، بھورا، ملے جلے رنگ　　منفی اور مونث برج

اعضائے جسمانی: پیٹ کا نچلا حصہ　　منسوب پھول: چنبیلی

منسوب پتھر: زمرد، فیروزہ، پیری ڈوٹ　　منسوب درخت: برگد

منسوب دھات: پلاٹینم اور المونیم　　بائیو کیمک سالٹ: کالی سلف

PERVEZ MUSHARAAF

حالات و واقعات کی روشنی میں

آسمانی کونسل پر **2020**ء جسکا مفرد نمبر **4** ستارہ شمس (قدیم) ستارہ یورانس (جدید) سے منسوب لہروں کے دوش پر اپنی روحانیات بڑھا کر اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کم از کم یہ دُعا **40** مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں۔ (اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ یَا اللّٰہُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِی) یوں سال **2020**ء آپکی زندگی کا کامیاب سال ثابت ہوگا۔

2020ء آسمانی کونسل پر آپ کا حاکم ستارہ عطارد تحت الشعاع غروب پانچویں گھر میں دیگر **5** ستاروں شمس مشتری زحل کیتو اور پلوٹو ہونے سے آپکی ذہین اور فطین اور محتاط شخصیت ہونے کے باوجود شمسی زائچہ کے پانچویں گھر جس کا تعلق اولاد محبت اور انعامات اور اسٹاک شیئرز اور شعور سے ہے۔ ابتداء سال سے ہی ان مندرجہ بالا اُمور میں فکر و پریشانی یا عجیب و غریب پُراسرار قسم کے واقعات رونما ہو سکتے ہیں۔ آپ کا حاکم ستارہ عطارد مسلسل یکم جنوری تا **28** اپریل تک کمزور پوزیشن اور **12,8,6** نحس گھروں سے گزرے گا۔ سال کے پہلے چار ماہ نہایت صبر و تحمل سے گزاریں۔ کام کاج کی زیادتی سے آپ کی صحتِ جسمانی متاثر ہوسکتی ہے۔ آپ کا تعلق کسی بھی عمر سے کیوں نہ ہو سال کے پہلے **4** ماہ صحتِ جسمانی کی خرابی کا اشارہ دیتے ہیں۔ اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروالیں اور آپ کا معالج یا آپ کا ڈاکٹر آپ کو جو بھی ایڈوائز کرے اس پر عمل کرتے ہوئے اپنی ادویہ و اغذیہ کا خیال رکھیں۔ پنجگانہ نماز کی ادائیگی ایک بہترین روحانی ورزش ہے۔ جو سنبلی مرد و زن کوئی مشکل مشقت نہ کر پائیں تو ادائیگی نماز سے بڑھ کر کوئی آسان ورزش نہیں۔ کاروباری اور شراکتی معاملات بھی توجہ طلب آپ کی بڑھتی ہوئی عزت اور ساکھ اور مقبولیت کو دیکھتے ہوئے حاسدین مخالفین آپ کے خلاف سازشیں نظر بد اور جادو ٹونہ جیسے ناپسندیدہ فعل کے مرتکب ہو سکتے ہیں۔ البتہ **2020**ء میں جن سنبلی افراد کی شادی خانہ آبادی ہوگی انہیں اپنے شریکِ حیات کے نصیب سے عزت و دولت نصیب ہوسکتی ہے۔ خاندانی وراثتی دیرینہ جھگڑے حسبِ منشاء طے ہوجانے کیلئے یہ سال نہایت سازگار ہے۔ اس سال ہم مزاج دوستوں سے ملکر مشترکہ مفادات کے تحت کاروباری منصوبے بنا کر ان پر عمل درآمد کرنے سے فوائد ملیں۔ **2020**ء میں **4** اہم ستارے **22** مارچ زحل، **5** مئی راہو کیتو، اور **19** دسمبر مشتری برج تبدیل کریں گے۔ اس کے علاوہ ستارہ مریخ غیر معمولی طور سے **28** جون **2020**ء تا **7** جنوری **2021**ء تک اپنے فعلی برج حمل جو کہ شمسی زائچہ میں آٹھویں پڑتا ہے طویل عرصہ قیام کرے گا۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو۔ آپ اپنی روزمرہ زندگی میں آنے والی ان تبدیلیوں کو محسوس کئے بغیر نہ رہ سکیں۔ سال کے پہلے **4** مہینے ناپسندیدہ اور غیر متوقع تبدیلیاں لا سکتے ہیں۔ لہٰذا ذہنی طور پر ان ناپسندیدہ تبدیلیوں سے نبٹنے کیلئے تیار رہیں۔ **2020**ء یوں تو آپ کی زندگی کا ایک اہم سال تاہم حل المشکلات کیلئے مخلصین اور بزرگوں سے مشاورت لینے کے ساتھ ساتھ حسبِ توفیق صدقات و خیرات سارا سال دیتے رہیں۔ خوشی شادمانی اور **2020**ء کی حصول کامیابیوں کیلئے ایک آسان سا مجرب عمل ہدیہ ہے کہ آپ **313** مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھیں اور ہر تسبیح میں وقفہ کر کے اپنے نیک مقاصد کیلئے دُعائیں کرنا اور دَم شدہ پانی پینا **2020**ء میں روزانہ معمول بنالیں۔

آپ کی شخصیت:۔ آپ کی شخصیت طالع اور عزت دسویں کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد **2020**ء میں **12** مئی تا **5** اگست۔ **20** اگست تا **5** ستمبر عروج اور شرف یافتہ جبکہ **6** ستمبر تا یکم دسمبر اوج یافتہ رہے۔ سال کے ان ایام میں آپ جو بھی ذاتی یا اجتماعی مفادات کے کام اس عرصہ میں کریں تو یقیناً فائدہ مند

پائیں۔ان ہی ایام میں آپ کی حیثیت وشخصیت اور سحر انگیزی میں اضافہ ہوگا۔علمی ادبی روحانی محافل میں شرکت سے آپ کی شخصیت میں نکھار آئے ذہنی اور تخلیقی صلاحیتیں بڑھیں۔البتہ سال کے پہلے **4** ماہ اپنے اہم کاموں میں محتاط رہیں۔ستارہ عطارد **17** فروری تا**10** مارچ، **18** جون تا**12** جولائی، **14** اکتوبر تا**3** نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے کے سبب ان ایام میں اپنے پینڈنگ کاموں کو ترجیح دینے کے ساتھ ساتھ اپنے حاسدین مخالفین کی شرانگیزیوں سے بھی غافل نہ رہیں۔سال کا بہترین صدقہ یہ ہے کہ غریب طلبہ کی کسی بھی قسم کی تعلیمی ضروریات میں مدد کریں اور پھر اس نیک عمل کے ردعمل سے یقیناً سکھ پاسکتے ہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ **2020**ء مالی وخاندانی وسعت کا ستارہ زہرہ ابتداء سال میں چھٹے نحس گھر میں ہونے کے سبب سال کی ابتداء مالی فکر و پریشانی سے شروع ہوسکتی ہے۔گزشتہ سال سے بڑھتے ہوئے اخراجات کا تسلسل اس سال بھی رہ سکتا ہے۔تاہم فکرمندی کی بجائے توکل بڑھاتے ہوئے اپنے کم وسائل میں اپنی چھوٹی بڑی ضروریات اور خوشیوں کو احسن طریقے سے پورا کرنے میں کامیاب رہیں۔**2020**ء میں قدرت آپ پر یوں مہربان رہے کہ خانہ مال کا حاکم ستارہ زہرہ **13** جنوری تا**8** فروری شرف یافتہ، **5** مارچ تا**3** اپریل اور **28** اکتوبر تا**28** نومبر عروج یافتہ، **20** اکتوبر تا **21** مارچ ترفع مول ترکون کی قوت پاتے ہوئے ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے کی گئی کوششیں کامیاب ثابت ہوں۔یہ بھی زمانہ ذرائع آمدن میں اضافہ، مالی مادی اخلاقی خوشیوں کے حصول کا زمانہ دکھائی دیتا ہے۔خاندان میں وسعت نئی رشتہ داریاں قائم ہوں۔ٹھوس سرمایہ کاری یا بچت اسکیموں میں پیسہ لگانا نیک رہے گا۔ستارہ زہرہ **8** اپریل تا**4** مارچ، **21** نومبر تا**8** جنوری **2021**ء تک وبال اور حضیض میں ہونے کے سبب ناگہانی یا دھوکہ دہی سے مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔اس دوران کاروباری لین دین یا معاہدے کرتے وقت بھی محتاط رہیں۔حسبِ توفیق صدقہ و خیرات وقفہ وقفہ سے دیتے رہیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء اور اندرونِ ملک سفر کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں اپنے ہی گھر ہونے سے **2020**ء اندرونِ ملک متعدد خوشگوار سفر اور عزیز واقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں بہتری کوششیں کارآمد ثابت ہوں۔ناراض بہن بھائیوں میں پھر سے دوستی اور گلے شکوے دور ہونے کیلئے بھی نیک اسباب ملتے رہیں۔آپ اپنی ذہانت حاضر دماغی سے اپنی انتظامی صلاحیتوں کو بہتر بنا کر اپنی گزشتہ پیدا ہونے والی مشکلات پر قابو پاسکتے ہیں۔طبیعت میں تیزی طراری جذباتی پن سے گریز کریں۔ورنہ قریبی لوگوں سے غلط فہمی کے سبب بلاوجہ دوریاں ہوسکتی ہیں۔ستارہ مریخ **16** فروری تا**31** مئی شرف یافتہ رہتے ہوئے **30** مارچ تا**2** اپریل زحل سے حالت قران میں رہے۔فوائد کی نسبت غیر متوقع مسائل و پریشانی عزیز واقارب بہن بھائیوں کی جانب سے آسکتی ہیں۔جبکہ مریخ مشتری قران بھی **18** تا**22** مارچ قبل ازیں ہونے سے آپ بعد میں آنے والی مشکلات کی پلاننگ کرلیں۔ستارہ مریخ **28** جون **2020**ء تا**7** جنوری **2021**ء شمسی زائچہ کے اپنے اور آٹھویں نحس گھر میں طویل عرصہ قیام کرنے کے سبب عزیز واقارب بہن بھائیوں سے ستارہ مریخ **10** ستمبر تا**14** نومبر **2020**ء آٹھویں رجعت کے سبب فوائد سست روی سے ملیں۔اندرونِ ملک دورانِ سفر جب بھی ذاتی گاڑی بس یا ریل گاڑی میں سفر کریں تو صدقہ خیرات اور **313** مرتبہ درود پاک پڑھ کر دعائیں کرکے اپنے سفر کا آغاز کریں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ **2020**ء چوتھے اور ساتویں کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری جو کہ گزشتہ سال سے پانچویں گھر ہبوط یافتہ چلا آرہا ہے۔**19** دسمبر تک مسلسل کمزور پوزیشن اور ابتداء سال دیگر **5** کواکب شمس عطارد زحل کیتو اور پلوٹو میں گھر ارہنے کے باعث خانگی اور خاندانی معاملات میں بلاوجہ مسائل اور پریشانیاں پیش آنے کے خدشات نظر انداز نہیں کئے جاسکتے۔لہٰذا خصوصی احتیاط کریں۔خصوصاً ستارہ مشتری **14** مئی تا**13** ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب کچھ زیادہ ہی احتیاط طلب زمانہ ہے۔والدہ محترمہ کی صحت کا خیال رکھیں۔ٹریفک میں جلد بازی اور گاڑی چلاتے ہوئے یا پھر خواہ آپ سڑک ہی کیوں نا پار کررہے ہوں ان سبھی اُمور میں احتیاط سے کام لیں۔مشتری عطارد سعد نظرات **2,3** جنوری، **9,8,7**

اپریل، 11,10 مئی، 30,29 اگست، 30,29,28 نومبر بننے سے آپ کی مثبت سوچ اور اپنی ذات سے ہٹ کر اجتماعی کاموں میں حصہ لینا آپ کی عزت اور توقیر کا باعث بنے۔ اہل خاندان کے لوگ آپ سے اپنے ضروری معاملات میں مشاورت کرنا پسند کریں اور آپ پر بھی لازم ہے کہ آپ بھی ان کے راز کی پردہ پوشی کریں۔ مشتری عطارد نحس نظرات 26,25 اپریل، 31,30 جولائی، 18,17,16 ستمبر بنے تب دوسروں پر زیادہ بھروسہ کرنا یا ان سے اختلاف رائے یا کسی اہم تنازع پر بحث و مباحثہ کرنا مناسب نہ ہوگا۔ اپنے درمیان بزرگوں یا مخلصین کا ایک وسیلہ ضرور رکھیں اور اپنی اچھی بری باتوں سے ان کو آگاہ کرتے رہیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ 2020ء میں بیت الاولاد کا حاکم ستارہ زحل یکم جنوری تا 22 مارچ اور 2 جولائی تا 17 دسمبر یہ اپنے ہی گھر 5 ستاروں کے اجتماع کے ساتھ سال کا آغاز کرے گا۔ سنبلی افراد غیر فطرتی طور سے اپنی آمدن بڑھانے کیلئے از قسم لاٹری، ریس، سٹہ، نیشنل پرائز بانڈز کے ساتھ انعامی اسکیموں میں آپ کی دلچسپیاں سارا سال وقفہ وقفہ سے جاری رہیں۔ صاحب اولاد سنبلی افراد نے اپنے بچوں کے معاملات ان کی تعلیم و تربیت روزمرہ کی مصروفیات کو چیک کرنے میں غفلت برتی تو سال کے آخر میں آپ کو ان کی جانب سے فکر و پریشانی کا سامنا کرنا پڑے۔ بازاری قسم کی محبت جنسِ مخالف کے دم فریب میں آنے سے بچیں۔ اپنی عزت کو مقدم جانیں ورنہ بلاوجہ کی رسوائی آپ کے حصہ میں آسکتی ہے۔ انعامی مقابلوں پرائز بانڈز یا انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے والے سنبلی افراد اس سال اپنی قسمت ضرور آزمائیں اور وہ سنبلی جنہوں نے عرصہ دراز سے پرائز بانڈز لے رکھے ہیں۔ انہیں بھی کوئی بڑا انعام اچانک مل سکتا ہے۔ انعامی مقابلوں میں حصہ لینے والے سنبلی افراد ان تواریخ میں 13,12,11 جنوری، 5,4,3 فروری، 5,4 مارچ، 19,18,17,12,11,6,5,4,3 اپریل، 23,22.13,12 مئی، 6,5,4,3 ستمبر، 26,25,24,13,12,11 اکتوبر، 30 نومبر، یکم 16,15,14 دسمبر بنیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے ہر جمعرات کسی درگاہ پر حاضری اور زردہ کی نذر دلا کر زائرین میں تقسیم کرنا نیک عمل ثابت ہوگا۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام کی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔ حصول انعام کیلئے نام کا اسمِ اعظم درود شریف کے ساتھ بھی ورد کرنا سارا سال روحانی فیض بخشے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ زحل یکم جنوری تا 22 مارچ اور 2 جولائی تا 17 دسمبر سے بارہویں ہمراہ دیگر 5 کواکب شمس عطارد مشتری کیتو پلوٹو کے ہونے سے سال کا یہ عرصہ صحتِ جسمانی کیلئے خاص احتیاط کی ضرورت جبکہ آپ اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں خصوصاً بڑی عمر کے سنبلی افراد بلڈ پریشر، ذیابیطس، کولیسٹرول، یورک ایسڈ کا چیک اینڈ بیلنس ضرور رکھیں۔ 23 مارچ تا یکم جولائی زحل جب چھٹے گھر میں آجائے تب صحتِ جسمانی میں بہتری اور اغذیہ وادویہ میں احتیاط ضرور کریں۔ اس عرصہ میں ملازمتی ذمہ داریوں میں غفلت نہ برتیں اور اپنی ذمہ داریوں کو سنجیدگی سے نبھائیں بالخصوص جب 5 مئی کیتو چھٹے اور بالمقابل راہو آجائے تو سال کا باقی عرصہ نظر بد جادوٹونہ سے بھی صحت جسمانی متاثر ہونے کا اندیشہ تب صدقات حسبِ توفیق دیتے رہیں اور ملازمتی اُمور میں غفلت بالکل نہ برتیں۔ 2020ء میں زحل عطارد سعد نظرات 13,12,11 جنوری، 12,11 اپریل، 13,12 مئی، 4,3,2 ستمبر، 30 نومبر، یکم دسمبر بننے سے یہ عرصہ ایسے تمام سنبلی افراد کیلئے نیک ثابت ہو جو حسبِ منشاء ملازمت کا حصول یا تبدیلی ملازمت کے خواہاں ہوں۔ جبکہ کیریئر کو آگے بڑھانے میں مخلصین بزرگوں کا تعاون بھی فائدہ مند رہ سکے۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ مشتری ابتداء سال تا 19 دسمبر پانچویں ہبوط یافتہ ہمراہ دیگر 5 کواکب شمس عطارد زحل کیتو اور پلوٹو کے ہونے سے ازدواجی مسائل اُبھر سکیں جبکہ بلاوجہ کے لڑائی جھگڑے اور غلط فہمیوں سے بچنے کیلئے مخلصین کا تعاون یقینی بنائیں اور تب ہی مشترکہ نوعیت کے اُمور کیلئے بھی یہ وقت نیک نہ رہے تو پہلے سے پلاننگ ضرور رکھیں اور پہلے سے شروع کئے گئے اُمور میں

مزید انوسٹمنٹ یا کسی نئے کام کی ابتداء کیلئے یہ عرصہ مفید نہ رہے۔ معاملات میں حسبِ منشاء بہتری اور تبدیلی کیلئے 13 جنوری تا 8 فروری کا عرصہ خاصہ نیک ثابت ہو جب زہرہ ساتویں میں شرفی پوزیشن میں رہے تو تب خواہاں سنگلی افراد کوششیں کرنے سے نیک شریک حیات پا لیں شادی منگنی بہ آسانی ہو سکے۔ اور شراکتی اُمور میں باقی ماندہ سال 2020ء کی پلاننگ ضرور کریں تاکہ تمام متوقع پریشانیوں سے محفوظ رہ سکیں۔ مشتری عطارد زہرہ سعد نظرات 2,3,22,23,24 جنوری، 4,5,27,28,29 مارچ، 7,8,9,17,18,19 اپریل، 10,11,22,23 مئی، 29,30 اگست، 3,5,6 ستمبر، 28,29,30 نومبر، 14,15,16 دسمبر بننے سے شادی شراکتی، سماجی سیاسی کاموں میں مثبت پہلو نمایاں رہیں اور حسبِ منشاء نتائج کا حصول اور آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ بھی ہو سکے۔ جبکہ سارا سال وقفہ وقفہ سے صدقات ضرور دیتے رہیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ وراثت یا بیت الخوف کا حاکم ستارہ مریخ 16 فروری تا 31 مارچ شرف جبکہ 28 جون 2020ء تا 7 جنوری 2021ء عروج یافتہ رہتے ہوئے لمبا عرصہ قیام کرتے ہوئے سال 2020ء آپ کیلئے وراثت انشورنس کلیم کے حصول کیلئے ایک نہایت اہم سال ثابت ہو۔ اس سال تمام وراثتی مسائل و جھگڑے کورٹ کچہری سے باہر پنچائتی طریقے سے حل ہو سکیں۔ 2020ء میں مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں میں اس تمام عرصہ مالی فوائد کا حصول ممکنات میں سے ہو۔ جبکہ مخلصین بزرگوں کی مشاورت سے ازدواجی زندگی میں بھی سکھ برقرار رکھ سکیں۔ قرض کی واپسی کا حصول بھی ممکنات میں سے رہے جبکہ بغیر محنت مالی فوائد کا حصول اور کوئی بڑا دفینہ یا انعام بھی آپ کی قسمت سنوار سکتا ہے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر و نصیب کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال 13 جنوری تک چھٹے نحس گھر اس کے علاوہ 8 فروری تا 5 اپریل اور 21 نومبر تا 15 دسمبر وبال یافتہ رہنے کے سبب قانونی اُمور نظر ثانی اور مشاورت کے طالب ہونگے۔ ان ایام میں کاروباری بیرونِ ملک کئے گئے سفر خاطر خواہ نتائج نہ لائیں گے۔ خصوصاً ستارہ زہرہ 13 مئی تا 25 جون کیریئر کے گھر میں رجعت پذیر ہوگا تب سبھی اُمور خصوصاً مستقبل کی منصوبہ بندی بیرونِ ملک سفر اور اعلیٰ تعلیم کیلئے طلبہ بیرونِ ملک یونیورسٹیوں کا انتخاب جیسے سبھی اُمور خصوصی توجہ اور نظر ثانی کے طالب ہونگے۔ البتہ ان ایام میں روحانی سفر حج و عمرہ زیارات مقدسہ جیسے سبھی سفر وسیلہ ظفر ثابت ہونگے۔ ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 8 فروری، 3 اپریل تا 7 اگست اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر شرف عروج و اوج یافتہ کی سعادت کے سبب ذرا سی محنت سے آپ کا نصیب یاوری کر سکتا ہے۔ گزشتہ پیدا شدہ قانونی مسائل و پریشانیاں جیسے اُمور حل المشکلات ہو سکیں۔ زہرہ عطارد سعد نظرات 4,5 مارچ، 17,18,19 اپریل، 22,23 مئی، 3,4,5,6 ستمبر، 11,12,13 اکتوبر بیرونِ ملک سیر و تفریح اور مطالعاتی سفر پیش آئیں۔ اور بڑی عمر کے سنگلی افراد کی ان ایام میں اچانک حسبِ منشاء شادی ہو سکتی ہے۔ ہائر ایجوکیشن کے طلبہ نمایاں علمی کامیابیاں پائیں۔

کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:۔ کیریئر اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں پانچویں گھر میں 5 دیگر ستاروں کے جھرمٹ میں تحت الشعاع اور غروب ہونے سے سال کی ابتداء ملے جلے انداز سے ہوگی۔ آسمانی کونسل پر عطارد کا سفر سورج کے ساتھ ساتھ 12 مئی تک بے یقینی اور اضطراب کی شکل میں جاری رہے گا۔ ان سبھی ایام میں اپنے کیریئر عزت اور کاروباری معاملات میں خصوصی طور پر محتاط رہیں۔ اپنے جاری کام پر ہی توجہ رکھیں اور کسی نئے کام میں سرمایہ کاری یا دلچسپی لینے سے اعتراض کریں اور خاص طور پر اسٹاک ایکسچینج میں حصہ لینے والے سنگلی افراد محتاط حصہ لیں۔ خصوصاً ستارہ عطارد 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر رجعت میں رہنے کے سبب بھی کاروباری مسائل اور وسائل کو یکجا کریں اور پینڈنگ پڑے ہوئے کاموں کی ترتیب کو درست کریں۔ مخلصین اور بزرگوں سے مشاورت کرنے سے معاملات کو درست کر سکتے ہیں۔ 2020ء زہرہ عطارد مشتری سعد نظرات 2,3 جنوری، 4,5 مارچ، 7,8,9,17,18,19 اپریل، 10,11,22,23 مئی، 29,30 اگست، 3,4,5,6 ستمبر، 11,12,13,18,19,20 اکتوبر، 28,29,30 نومبر، 14,15,16 دسمبر بننے سے پیشہ ورانہ

کاروباری معاملات میں بہتری آئے گی تب آپ اپنے محدود وسائل سے بھی کاروبار کو نکھار سکیں گے۔ ہم پیشہ با اثر لوگوں سے تعلقات میں بہتری آئے گی دیگر با اثر حکام سے بھی مفادات ملیں زہرہ عطارد مشتری نحس نظرات **24,23,22** فروری، **26,25** اپریل، **31,30** جولائی، **27,26,25** اگست، **18,17,16** ستمبر، **17,16,15** نومبر، بننے سے ان ایام میں اہم کاروباری معاملات لین دین میں خصوصاً احتیاط سے کام لیں۔ حسبِ توفیق صدقہ وخیرات بھی ضرور دیتے رہیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ **2020**ء بیت الاُمید اور خواہشات کے گھر میں چاند کا سایہ راہو **5** مئی تک گیارہویں جبکہ مقابل کیتو ابتداء سال میں دیگر **5** ستاروں شمس زحل عطارد مشتری اور پلوٹو ہونے سے حلقہ احباب میں خاص ہلچل اور ردو بدل ہونے کے امکانات آپ کو اپنے دوستوں دشمنوں اور حاسدین میں تمیز اور تفریق کرنے کی بے حد ضرورت ہوگی۔ اپنے چند مخلص دوستوں اور بزرگوں سے مشاورت کرتے رہیں۔ اجنبی لوگوں کو دوستوں کی صف میں شامل نہ کریں۔ اس سال بہت سے دوست نما حاسد آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے۔ آپ کا دوست خواہ ایک ہی کیوں نہ ہو۔ وہی آپ کیلئے کافی ہے۔ ایسی مثبت تبدیلیاں **9** مئی تا **31** دسمبر ممکن ہوسکیں گی جب راہو کیتو کے سائے ان گھروں پر اثرات مرتب ہوں۔

خفیه سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اوراخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد کا حاکم شمس یکم جنوری تا **19** فروری، **25** ستمبر تا **23** اکتوبر اور **22** نومبر تا **31** دسمبر کمزور رہنے کے سبب گزشتہ سال سے بڑھتے ہوئے اخراجات **2020**ء کے ان ایام میں آپ کنٹرول کر سکتے ہیں۔ آپ کے خفیہ دشمن بھی آشکار ہوں اور ان سے محتاط رہیں ستارہ شمس **20** مارچ تا **19** اپریل، **21** جون تا **22** اگست سعد گھروں میں ہونے کے سبب بیرونِ ملک حصول امیگریشن اور قیام میں آسانیاں، بیرونِ ملک ہجرت کیلئے بھی یہ ایام اہم ہیں ایسے سنبلی جو اکثر ذہنی دباؤ اور ڈپریشن محسوس کرتے ہیں ان ایام میں سوا لاکھ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں دم شدہ پانی پئیں اور حضور ﷺ کے وسیلے سے دعائیں کرنا معمول بنالیں تو حیرت انگیز طریقے سے بہت ساری ڈپریشن کی دوائیاں کھانے سے نکل آئیں۔

سنبلی مرد وزن پر گرهنوں کے اثرات:۔ **2020**ء میں **6** گرہن **4** چاند اور **2** سورج گرہن لگیں گے۔ **11** جنوری چاند، **21** جون سورج گرہن گیارہویں گھر لگنے سے دوستوں کی بے وفائی سے صدمہ اور ممکنہ خواہشات کی تکمیل ادھوری رہ جائے۔ **6** جون چاند اور **14** دسمبر چوتھے گرہن لگنے سے خاندانی مسائل اور پریشانیاں ٹریفک حادثات کے اندیشوں سے بچنے کیلئے صدقہ وخیرات جی کھول کر دیں۔ **5** جولائی پانچویں چاند گرہن لگنے سے محبوب کی بے وفائی اور بچوں کی بے راہ روی سے صدمات کا اندیشہ ہے۔ **30** نومبر دسویں چاند گرہن لگنے سے کاروباری مسائل و پریشانیاں اور آپ کی عزت وساکھ اور صحتِ جسمانی متاثر ہوسکتی ہے۔ گرہن اپنے لگنے کے **15** دن قبل تا بعد خراب اثرات دے سکتے ہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) اور دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

سعد تواریخ:۔ **31,26,20,15,12,10,8,5,2** جنوری، **29,28,26,24,19,15,6,5** فروری، **27,22,16,12,5,4** مارچ، یکم، **27,22,19,18,16,11,8,4** اپریل، یکم، **29,24,22,18,13,10,9,7,5,3** مئی، **30,26,22,17,5,3** جون، یکم، **23,19,14,9** جولائی، **29,25,24,19,17,14,8** اگست، **28,19,14,9,5,3** ستمبر، **26,25,22,18,14,9** اکتوبر، **29,27,24,23,21,18,14,9,4** نومبر، یکم، **25,20,19,15,10,5** دسمبر

نحس تواریخ:۔ **18,9** جنوری، **17,10,3** فروری، **30,14,8,2** مارچ، **30,28,26,25,13,9** اپریل، **15,11** مئی، یکم **28,15,7** جون، **30,28,26,11,8,4** جولائی، یکم **26,11,10,3,2** اگست، یکم **26,24,23,21,17,12** ستمبر، **27,24,20,12,8,4** اکتوبر، **17,7,6,2** نومبر، **26,22,13,7** دسمبر

حروف: ر، ت، ط

میزان
زہرہ
23 ستمبر تا 23 اکتوبر

حاکم سیارہ: زہرہ
نشان: ترازو
ذاتی عقیدہ: توازن (I Balance) عنصر: ہوا (Air)
خاصہ: تغیر پذیر (منقلب)
نفسیاتی ٹائپ: خیالی اور تصوراتی
منسوبی رنگ: سفید، نیلا
اعضائے جسمانی: گردے
منسوبی پھول: بڑے گلاب
منسوب پتھر: ڈائمنڈ، وہائٹ ٹوپاز
منسوبی غذا: دلیہ، بیشتر پھل
منسوب درخت: سفیدہ اور دیودار
مثبت اور مذکر برج
بائیو کیمک سالٹ: نیٹرم فاس

IMRAN KHAN

حالات و واقعات کی روشنی میں

آسمانی کونسل پر **2020**ء جسکا مفرد نمبر **4** ستارہ شمس (قدیم) ستارہ یورانس (جدید) سے منسوب لہروں کے دوش پر اپنی روحانیات بڑھا کر اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کم ازکم یہ دُعا **40** مرتبہ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درودشریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں۔ (اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ یَا اَللّٰهُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِیُّ) یوں سال **2020**ء آپکی زندگی کا کامیاب سال ثابت ہوگا۔

2020ء ابتداء سال آسمانی کونسل پر **6** ستاروں کا اجتماع وتد الارض چوتھے گھر میں مشتری عطارد زحل کیتو پلوٹو اور شمس ہونے سے آپ کی طرز زندگی رہن سہن میں تبدیلیاں رونما ہونگی خواہ آپ ان کیلئے تیار ہوں یا نہ ہوں خصوصاً **4** اہم ستارے زحل مشتری اور راہو کیتو کی بروجی تبدیلی ستارہ زحل **22** مارچ راہو کیتو **5** مئی اور مشتری **19** دسمبر کو بروج تبدیل کریں گے۔ آپ کی شخصیت میں خوش مزاجی پُرامیدی اگرچہ ہمیشہ رہتی ہے۔ آپ کا منقلب برج ہونے کے سبب اپنے ارادوں میں آپ اکثر تبدیلیاں کرتے رہتے ہیں۔ جان لیں کہ **2020**ء آپ کی زندگی میں عظیم غیر متوقع اور پُراسرار تبدیلیاں لانے جارہا ہے۔ آپ کی سوچ اگر مثبت ہے تو یقیناً زندگی میں آپ کو آگے بڑھنے کے اور مستقبل کو درخشاں بنانے کے متعدد مواقع میسر آئیں گے۔ معذرت کے ساتھ اگر آپ اپنی خود احتسابی کرتے ہوئے یہ جان لیں کہ آپ میں بعض اوقات منفی سوچ تو اُجاگر نہیں ہوجاتی اگر ایسا ہو تو آپ اپنے طرز سوچ میں مثبت تبدیلی لائیں ورنہ آپ **2020**ء کی ان سعادتوں سے مکمل طور سے فیضیاب نہ ہوسکیں۔ ابتداء سال میں ستارہ زہرہ کی پانچویں نشست یہ سال حصول انعامات محبت اور صاحب اولاد افراد کو اپنی اولاد کی تعلیمی کامیابیوں اور ان کی شادی بیاہ کی ذمہ داریوں سے خوشی ملے۔ **2020**ء میں پانچویں کے حاکم ستارہ زحل کا **27** سال بعد یہاں آنا اور پھر دسمبر میں دولت کے فطرتی حاکم مشتری کا یہاں آنا۔ **2020**ء تا **2023**ء انعامی مقابلے پرائز بانڈز یا انٹرنیشنل لاٹریوں میں آپ کو اچانک کوئی بڑی دولت مل سکتی ہے۔ **2020**ء میں ابتداء سال دوسرے اور ساتویں کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ خانہ مال اور وسعتِ خاندان کے گھر میں سعد ہونے کے سبب اس بات کے مزید دلیل ہے کہ **2020**ء دنیا کے جیسے بھی معاشی حالات ہوں آپ کے مال و اسباب میں یقیناً اضافہ ہو۔ عین ممکن ہے کہ جن میزانی افراد کی **2020**ء میں شادی ہوانہیں اپنے شریک حیات کے نصیب سے بھی رزق اور دولت بے حساب ملے۔ جنوری، جون، جولائی، چوتھے دسویں گرہن لگنے سے یہ مہینے خاصے احتیاط طلب دکھائی دیتے ہیں۔ فوائد کے بجائے نقصانات عظیم یا ٹریفک حادثات بزرگوں کی صحت وزندگی جیسے تشویش ناک مسائل و پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ انسانی اختیار میں دعائیں صدقات اور وہ تمام مثبت کوششیں جو تدبیر سے تقدیر بدلنے کیلئے اپنے بزرگوں سے دعائیں لی جاسکتی ہیں۔ روحانی تدبیر پر خصوصی توجہ دیں۔ اپنی صحت جسمانی اور حاسدین مخالفین کی ریشہ دوانیوں خصوصاً ان مہینوں میں محتاط رہیں وقفہ وقفہ سے سارا سال صدقات دینے کے ساتھ ساتھ حصول خیر وبرکت کیلئے **313** مرتبہ کوئی سا درودشریف پڑھیں اور خیر وبرکت کیلئے دعائیں کرتے رہیں۔

آپ کی شخصیت: ۔طالع آپ کی شخصیت کا ستارہ زہرہ یکم جنوری تا **13** جنوری طالع پانچویں اور گیارہویں گھر کو سعد ناظر رہے۔ **14** جنوری تا **7** فروری ستارہ زہرہ شرف یافتہ، **5** مارچ تا **7** اگست، **28** اکتوبر تا **21** نومبر عروج اور اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی حیثیت وشخصیت کی سحر انگیزی سے

دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔ اپنا اور اپنی فیملی کا مستقبل بہتر بنانے کیلئے آپ خوداعتمادی کے ساتھ اہم فیصلے بآسانی کر سکیں۔ آپ کے شعور اور ادراک میں اضافہ اور بزرگوں کی مشاورت بھرپور انداز سے سارا سال آپ کو ملتی رہے۔ تاہم ستارہ زہرہ 13 تا 25 جون رجعت یافتہ اور 9 فروری تا 4 مارچ، 3 اکتوبر تا 27 اکتوبر اور 21 نومبر تا 15 دسمبر کمزور ہونے کے سبب اہم فیصلے محتاط انداز سے کریں۔ تب دوسرے بھی آپ سے اپنے وعدہ کی پاسداری نہ کریں۔ حاسدین مخالف کی سازشوں سے بھی محتاط رہتے ہوئے صدقات خیرات دیتے رہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ 2020ء میں خانہ مال کا حاکم ستارہ مریخ نصف سال سے زیادہ نہایت مضبوط اور سعد پوزیشن میں ہونے کے سبب آپ کی ذاتی کوشش اور محنت سے اپنے ذرائع آمدن میں بآسانی اضافہ کر سکیں۔ شریکِ کار یا شریکِ حیات کے نصیب سے بھی آپ کو مالی مادی اور اخلاقی فوائد ملیں۔ ستارہ مریخ یکم ،2 جنوری، 16 فروری تا 30 مارچ اور 29 جون تا 7 جنوری 2021ء تک شرف وعروج میں ہونے کے سبب روپے پیسے کا حصول بآسانی ذرا سی کوششوں سے ہوتا رہے۔ خاندان میں اضافہ اور سارا سال وقفہ وقفہ سے تقریبات میں شرکت سے عزت و پذیرائی بڑھے۔ مریخ زہرہ سعد نظرات 29,28 ستمبر غیر متوقع طور سے نفع بخش ثابت ہوں جبکہ مریخ زہرہ نحس نظرات 29,28,27,26,25 جنوری، 4,3,2 جون، 5,4 ستمبر، 10,9 نومبر بننے سے مالی لین دین اور دھوکہ دہی سے محتاط رہیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مشتری 19 دسمبر تک شمسی زائچہ کے چوتھے اور سال کے ابتداء میں ستاروں کے نحس و بدجھرمٹ پر ہونے کے سبب اور خصوصاً 14 مئی تا 13 ستمبر مشتری کے رجعت یافتہ ہونے کے سبب عزیز واقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں غیر معمولی کشیدگی اور غلط فہمیوں سے بچیں۔ عزیز واقارب بہن بھائی اور پڑوسی آپ سے جو بھی فرمائش کریں انہیں ممکنہ حد تک پوری کرنے کے عمل کو بہترین عمل یا صلہ رحمی جانیں تو یقیناً آپ اس کے اچھے اثرات پائیں۔ اندرونِ ملک ممکنہ سفر بھی اس سال پیش آئیں۔ ستارہ مشتری زہرہ سعد نظرات 23,22 جنوری، 29,28,27 مارچ، 20,19,18 اکتوبر، 16,15,14 دسمبر بننے سے آپ کے اندر خوداعتمادی، ہمت وحوصلہ بڑھے۔ علمی ادبی صلاحیتوں کے ساتھ آپ جدت زمانہ کمپیوٹر سائنس کے علم میں آپ کی دلچسپیاں بڑھیں۔ ان ایام میں کئے گئے سفر نہایت خوشگوار ثابت ہوں تاہم مشتری زہرہ نحس نظرات غیر اہم سفر ملتوی کر دیں اور سفر ضروری ہو تو صدقہ وخیرات دے کر اپنے سفر کا آغاز کریں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ بیت الارض کا حاکم ستارہ زحل جو گزشتہ دو سال سے اپنے ہی گھر میں مقیم رہتے ہوئے آپ کو متعدد خانگی خاندانی زمین جائیداد اور زراعت باغبانی حسبِ حیثیت سواری کا حصول جیسی خوش بختیاں دیتے ہوئے اس سال برج تبدیل کرے گا اور چوتھے سے پانچویں گھر چلا جائے گا۔ تاہم اپنی رجعت واستقامت کے تحت زحل کا قیام یکم جنوری تا 21 مارچ، 2 جولائی تا 16 دسمبر دوبارہ قیام چوتھے ہی گھر میں رہے گا۔ جو میزانی افراد گزشتہ سالوں میں زمین جائیداد کا سکھ نہیں پا سکے وہ اس سال ان ایام میں اگر کوشش کریں انہیں نہ صرف جائیداد کے فوائد ملیں بلکہ بگڑے ہوئے خاندانی مسائل بھی کنٹرول میں آسکیں۔ ستارہ زحل مشتری سعد نظرات 5,4,3 فروری، 6,5,4,3 اپریل، 25,24 اکتوبر اور 16,15,14 دسمبر بننے سے رہائشی تزئین وآرائش گھریلو خاندانی سکھ کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں اور آپ کامیاب زندگی گزارنے کے ہنر سے آشناء ہوتے ہوئے اہل خاندان کے افراد کو بھی اپنی خوشیوں میں شامل کرنے کی کوشش کریں۔ زحل زہرہ نحس نظرات 4,3,2 مارچ، یکم ،3,2 ستمبر، 20,19,18 نومبر بننے کے علاوہ ستارہ زہرہ 13 مئی تا 25 جون اور ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر مشترکہ رجعت کے زمانہ میں اپنے گھر میں آپ نظر بد جادوٹونہ جیسی کیفیت محسوس کریں تو مسلسل 40 دن سورۃ بقرہ کی تلاوت کر کے اپنے لئے دُعا کریں دم شدہ پانی پئیں اور گھر میں سپرے کریں۔ اس حسنِ عمل سے آپ ہر قسم کی نحوست سے محفوظ رہیں گے۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ بیت الاولاد اور پانچویں کا حاکم زحل 27 سال بعد شمسی زائچہ کے پانچویں آکر 22 مارچ تا یکم جولائی اور

پھر 17 دسمبر تا 7 مارچ 2023ء یہ پانچویں گھر میں قیام کرے گا۔ اس گھر کا تعلق انعام محبت اور اولاد سے ہونے کے سبب اس سبھی عرصہ میں اکثر میزانی افراد کی دلچسپی پرائز بانڈز یا انٹرنیشنل لاٹریوں میں رہے۔ اسٹاک ایکسچینج سے تعلق رکھنے والے افراد بھی محدود اور محتاط سرمایہ کاری کریں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں اور پرائز بانڈز میں حصہ لینے والے میزانی افراد 3,4,5,22,23,24,25,26,27,28 فروری، 19,20,21 مارچ، 3,4,5,6 اپریل، 21,22,23 مئی، 27,28,29,30 جون، 15,16,17,18 اگست، 17,18,19,28,29 ستمبر، 24,25 اکتوبر، 18,19,20 نومبر، 14,15,16 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے ہر جمعرات کسی درگاہ پر حاضری اور زردہ کی نذر دلا کر زائرین میں تقسیم کرنا نیک عمل ثابت ہوگا۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام کی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔ حصول انعام کیلئے نام کا اسمِ اعظم درود شریف کے ساتھ بھی ورد کرنا سارا سال روحانی فیض بخشے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیریئر: ۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ مشتری 19 دسمبر تک چوتھے ہبوط یافتہ اور ابتداء سال میں 5 ستارے شمس زحل عطارد کیتو اور پلوٹو کے ساتھ ہونے سے ایسے میزانی افراد جو کمزوری معدہ و جگر حدت مثانہ ذیابیطس کولیسٹرول اور خصوصاً گردوں کی کسی شکایت میں مبتلا چلے آرہے ہیں۔ ان کیلئے اچھی خبر ہے کہ انہیں جسمانی یا روحانی طور پر کوئی ایسا اچھا معالج مل جائے جن سے انہیں اپنے امراض میں افاقہ اور شفاء نصیب ہو۔ آپ کی تمام بدنی امراض کیلئے ایک ہربل نسخہ ہدیہ ہے کہ آپ پودینہ ادرک انار دانہ ایک پاؤ اور نصف پاؤ لہسن کی پیسٹ بنا کر صبح شام پانی میں ایک سے دو چمچ حسبِ ضرورت ملا کر اس کا مشروب پینے سے آپ ہفتہ عشرہ میں اپنے آپ کو چاک و چوبند محسوس کریں۔ ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب ملازمتی فرائض منصبی ذمہ داری سے انجام دیں۔ 2020ء اس لحاظ سے ایک اچھا سال ہے کہ آپ کے تمام معلوم نامعلوم حاسدین مخالفین آشکار ہوں نہ صرف بلکہ آپ سے معافی کے بھی خواستگار ہوں۔ 2020ء کیریئر کو آگے بڑھانے ترقی بہتری اور بہتر ملازمت کے حصول کیلئے انتہائی اہم سال ہے۔ مشتری زہرہ سعد نظرات 22,23,24 جنوری، 27,28,29 مارچ، 18,19,20 اکتوبر، 14,15,16 دسمبر بننے سے بیروزگار افراد کو حسبِ منشاء روزگار کے مواقع ملیں۔ مقدمات مشکلات قرض کی ادائیگی جیسی سبھی مشکلات ذرا سی کوشش سے آسان ہوسکتی ہیں۔ حسبِ توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیتے رہیں۔ مشتری زہرہ نحس نظرات 22,23,24 فروری، 25,26,27 اگست، 15,16,17 نومبر بننے سے تب بھی ان ایام میں فرصت نکال کر اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں تا کہ کسی بھی بڑی پریشانی سے بچا جاسکے۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی: ۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ مریخ کیم 2,3 جنوری، 28 جون تا 7 جنوری 2021ء عروج یافتہ 16 فروری تا 30 مارچ شرف یافتہ، 2020ء میں غیر معمولی طور سے طویل عرصہ ستارہ مریخ آپ کو شادی شراکت اور دوسروں سے خوشگوار تعلقات استوار کرنے میں معاونت عطا کرے گا۔ 2020ء اس لحاظ سے نہایت ہی اہم سال ہے کہ جن میزانی لڑکے لڑکیوں کی کسی سبب شادی کے معاملات رُکے ہوئے تھے وہ اس سال یقیناً رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوسکیں گے۔ بڑی عمر کے میزانی یا عقد ثانی کرنے کے میزانی بھی اس سال اس سعادت سے مستفید ہوسکیں گے۔ ستارہ زہرہ 20 اکتوبر تا 21 نومبر طالع میں رہتے ہوئے ساتویں گھر کو سعد ناظر ہوگا۔ جبکہ ساتویں کا حاکم مریخ بھی 28 جون تا 7 جنوری 2021ء ساتویں میں رہتے ہوئے شادی خانہ آبادی ہونے میں آسانیاں عطا کرے گا۔ 2020ء میں مشاہدہ کیا جاسکتا ہے کہ میزانی لڑکے لڑکیوں کی شادی اس سال ان کی خواہش کے مطابق ہوسکی ہے بشرطا ایجوکیشن یا کوئی خاندانی عذر نہ ہو۔ خصوصاً ستارہ مریخ زہرہ تثلیث یا سعد نظر 28,29 ستمبر جب بنیں تو تب آپ کی زندگی میں کوئی انقلابی روحانی خوشی آسکتی ہے۔ شریکِ کار یا ناراض زوجین کے مابین صلح و صفائی کی کوشش بار آور ثابت ہوں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ 2020ء میں طالع اور بیت الخوف کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ اپنی سعادت کے سبب آپ کو عجیب وغریب طریقے سے سعادتیں عطا کرے گا۔ 2020ء میں ستارہ زہرہ کی سعد شرفی نشست 13 جنوری تا 7 فروری، 5 مارچ تا 7 اگست، 28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج اور اوج یافتہ سعد پوزیشن مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لینا نیک رہے گا حصولِ وراثت کے دیرینہ اور پیچیدہ مسائل آسانی کونسل پر بھی ستاروں اور خصوصاً زہرہ کی سعد نشست کے سبب حل ہو سکیں گے۔ کوئی بڑا انشورنس کلیم جیک پاٹ لاٹری بھی اس سال لگ سکتی ہے۔ 13 تا 25 جون ستارہ زہرہ جب رجعت یافتہ ہو تو ان ایام میں مشترکہ کاموں میں محتاط حصہ لیں۔ اسم اعظم "یَا وَارِثُ" 707 مرتبہ پڑھنے والے میزانی افراد اپنی وراثتی اُلجھنوں کو بآسانی حل کرسکیں گے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں 5 دیگر ستاروں کے جھرمٹ میں ہونے کے سبب پہلے چار ماہ میں کوئی خاطر خواہ فائدہ نہ دے تاہم ستارہ عطارد 12 تا 28 مئی، 20 اگست تا یکم دسمبر شرف اور اوج یافتہ ہونے کے سبب مستقبل کی منصوبہ بندی کیلئے نہایت اہم وقت دکھائی دیتا ہے۔ ہائر ایجوکیشن کیلئے بیرونِ ملک جانے والے طلبہ، فل یا ہاف اسکالرشپ پر بآسانی اپنی پسندیدہ یونیورسٹی میں جاسکیں گے۔ قانونی مسائل اپنے قانونی مشیر کی مشاورت سے ممکنہ حل کئے جاسکیں گے۔ حج وزیارات مقدسہ اور بیرونِ ملک کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے یہ سال بھی بہت اہم دکھائی دیتا ہے۔ خصوصاً ستارہ عطارد زہرہ سعد نظرات 5,4 مارچ، 19,18,17 اپریل، 23,22 مئی، 6,5,4,3 ستمبر، 13,12,11 اکتوبر بننے سے یہ سبھی نیک ایام آپ کے مقدر کو جگانے کے اور خوش بختیاں عطا کرنے کیلئے منتظر ہیں۔ بشرط آپ بھی بند کمرہ سے نکل کر کسی پُرفضاء مقام پر تشریف لے آئیں۔ ستارہ عطارد 2020ء میں 3 مرتبہ رجعت (اُلٹا) یافتہ ہوگا۔ 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر ان ایام میں قانونی اُمور اور خصوصاً دورانِ سفر اپنے ضروری سامان کاغذات اور روپے پیسے کا خاص طور سے خیال رکھیں اور بغیر صدقہ دیے سفر نہ کریں۔ بزرگوں اور مخلصین سے اس عرصہ میں دعائیں لیتے رہیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت کے گھر کا حاکم ستارہ قمر جبکہ اس کا سایہ راہو جو کہ گزشتہ سال سے بیت العزت کیرئیر کے گھر میں چلا آرہا مقابل کیتو ابتداء سال میں چھ ستارے کیتو زحل پلوٹو شمس عطارد اور مشتری چوتھے سے دسویں مقابل رہیں کاروبار یا پیشہ وارانہ اُمور آپ کی جلد بازی سے دباؤ مسائل میں اُلجھاؤ لا سکتے ہیں۔ مئی تک کسی نئے کام کی ابتداء کرنا مناسب نہیں ہے۔ 5 مئی راہو کیتو برج تبدیل کرنے سے کاروباری مسائل و پریشانیاں بتدریج دور ہوسکیں گی۔ بزرگوں مخلصین کا تعاون رہیگا۔ 2020ء ستارہ قمر کی سعد تواریخ جو کاروباری ہر قسم کے پیشہ ورانہ اُمور کے لئے اہم و نیک ثابت ہوسکتی ہیں۔ 12,11,10,9 جنوری، 9,8,7,6 فروری، 31,8,7,6,5,4 مارچ، یکم، 30,29,28,27,4,3,2 اپریل، 30,29,28,26,25 مئی، 25,24,23,22,21 جون، 21,20,19,18 جولائی، 19,18,17,16,15 اگست، 15,14,13,12,11 ستمبر، 12,11,10,9,8 اکتوبر، 9,8,7,6,5 نومبر اور 6,5,4,3,2 دسمبر سبھی سعد تواریخ نوٹ فرمالیں ان ایام میں کیرئیر کاروبار تعمیر وترقی کے سبھی کام کرنے نیک رہیں گے۔ 2020ء کی نحس تواریخ 21,20,19,18 جنوری، 18,17,16,15,14 فروری، 16,15,14,13,12 مارچ، 13,12,11,10,9 اپریل، 12,11,10,9 مئی، 10,9,8,7,6 جون، یکم، 30,6,5,4,3,2 جولائی، 30,29,28,27,3,2 اگست، 27,26,25,24,23 ستمبر، 23,22,21,20 اکتوبر، 21,20,19,18,17 نومبر، 17,16,15,14,13 دسمبر احتیاط طلب تواریخ اس دوران کوئی اہم کام کرنے سے پہلے اچھی طرح سے مشاورت کرلیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الأمید کا حاکم ستارہ شمس اپنی سالانہ آسمانی کونسل پر گردش کرتے ہوئے 2020ء میں 20 مارچ تا 19 اپریل شرف یافتہ 21 جون تا 22 اگست اوج وعروج یافتہ رہے دیگر اہم ستاروں زحل راہو کیتو اور مشتری کی تبدیلی آپ کے حلقہ احباب میں وسعت آئے اچھے مخلص دوستوں کی تعداد میں اضافہ جبکہ حاسد نما دوست آپ کی زندگی سے خود نکل جائیں گے۔ بااثر سماجی سیاسی حکام سے قریبی مراسم اور آپ کے ذمہ ملک وقوم کی کوئی خدمت انجام دہی کے لئے لگائی جاسکتی ہے۔ جسے آپ احسن طریقے سے انجام دے سکیں گے۔ ستارہ شمس مریخ مشتری کی سعد نظرات 22 تا 28 فروری، 21,20,18,12,11,10 مارچ، 18,17,16 مئی، 21,20,19 جون، 18,17,16,15 اگست، 16,14,10,9,8 نومبر اور 12,11,10 دسمبر بننے سے سعد تواریخ نوٹ فرمالیں جب اکثر میزانی افراد کی معصوم خواہشات خصوصاً دیرینہ خواہشات پوری ہوسکیں گی۔

خفیه سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد خفیہ دشمنوں کا ستارہ عطارد ابتداء سال چوتھے غروب یافتہ ہونے سے امکان غالب ہے کہ آپ کے دشمن آپ کے خاندان یا گھر میں فرد یا ملازم کی شکل میں آپ کے خلاف سازشیں کریں۔ اپنے اردگرد کے حاسدین مخالفین نما قسم کے مشکوک افراد سے محتاط رہیں۔ خصوصاً ستارہ عطارد 20 اگست تا 6 ستمبر بارہویں رہے یہ زمانہ احتیاط طلب تب اخراجات بھی بلند رہیں۔ ایسے میں قرضہ لینا یا دینا ہرگز نیک نہیں دیا گیا قرض آپ کو واپس نہ مل سکے گا۔ بیرونِ ملک حصول امیگریشن کے لئے یہ سال سازگار روحانی ریاضت وعبادت چلاّ کشی کرنے کے لئے اگست ستمبر اکتوبر کے مہینے نیک ہیں۔ حاسدین کے شر سے بچنے کیلئے وقفہ وقفہ سے صدقہ دیتے رہیں۔

میزانی مرد وزن پر گرهنوں کے اثرات:۔ 2020ء میں چھ گرہن چار چاند اور دو سورج گرہن لگیں گے۔ 11 جنوری چاند اور 21 جون سورج گرہن کیریئر کے گھر لگنے کے سبب کاروباری اُتار چڑھاؤ نقصانات عظیم کا اندیشہ محتاط رہیں 6 جون چاند اور 14 دسمبر سورج گرہن نویں لگنے سے اندرون ملک کاروباری اغراض ومقاصد کے تحت کئے گئے سفر بھی کچھ خاص نفع بخش ثابت نہ ہوں۔ ضروری ہوتو صدقہ دیکر سفر کریں۔ 5 جولائی چوتھے چاند گرہن خانگی خاندانی مسائل و پریشانیاں لاسکتا ہے۔ 30 نومبر نویں چاند گرہن بیرون ملک بنائے گئے پروگرام متاثر ہو سکتے ہیں۔ ان ایام میں صدقہ وخیرات ضرور دیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

سعد تواریخ:۔ 28,23,16,9,3 جنوری، 27,22,17,8,4,3,2 فروری، 29,28,23,17,9,5,4 مارچ، 26,21,16,7,4 اپریل، یکم ,28,24,22,19,14,5 مئی، یکم ,28,24,19,14 جون، 26,22,17,12,7 جولائی، 19,10,5 اگست، 29,23,18,14,9,5,3 ستمبر، 24,23,18,14,12,11,9,3 اکتوبر، 17,13,8,3 نومبر، 22,17,15,13,10,8,6,3 دسمبر

نحس تواریخ:۔ 27,20,13,6 جنوری، 29,23,19,12,5 فروری، 20,13,6,3 مارچ، 18,11,5 اپریل، 17,10,4,3 مئی، 12,5,3 جون، 31,27,24,2 جولائی، 30,29,26,22,7 اگست، 2 ,28,21,15,4 ستمبر، 28,20,6 اکتوبر، 5 ,27,26,19,16,9 نومبر، 30,29,20 دسمبر

حاکم سیارہ: مریخ و پلوٹو — ذاتی عقیدہ: تخلیق (I Create) — حروف: ن، ی
نشان: بچھو، عقاب اور ققنس — عنصر: پانی (Water)
خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت) — نفسیاتی ٹائپ: احساس
منسوب رنگ: گہرا سرخ — اعضائے جسمانی: تناسلی اعضا
منسوب پتھر: تیز سرخ یاقوت — منسوب درخت: خاردار قسم کے
منسوب پھول: سرخ پھول — منسوب غذا: تیز خوشبو والی
حالات و واقعات کی روشنی میں: منفی اور مونث برج — بائیو کیمک سالٹ: کلکیریا سلف

عقرب — مریخ

24 اکتوبر تا 22 نومبر

HINA RABAANI KHAR

آسمانی کونسل پر **2020**ء جسکا مفرد نمبر **4** ستارہ شمس (قدیم) ستارہ یورانس (جدید) سے منسوب لہروں کے دوش پر اپنی روحانیات بڑھا کر اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کم از کم یہ دُعا **40** مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں۔ (اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِاسۡمِكَ یَا اَللّٰهُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِی) یوں سال **2020**ء آپکی زندگی کا کامیاب سال ثابت ہوگا۔

2020ء سال کی ابتداء طالع میں طالع کا حاکم ستارہ مریخ عروج یافتہ ہونے سے اور آسمانی کونسل پر دیگر **4** اہم ستاروں کی تبدیلی مشتری زحل راہو کیتو اس سال بروج تبدیل کریں گے ان اہم ستاروں کی تبدیلی۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ ان تبدیلیوں سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ آپ کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال کے بعد **16** فروری تا **31** مارچ شرف یافتہ اور **28** جون تا **7** جنوری عروج یافتہ آپ کی حوصلہ مندی اور خوداعتمادی میں اضافہ ہوگا۔ پیشہ ورانہ فنی قابلیت میں خاطر خواہ اضافہ اگر آپ کسی ادارہ کے سربراہ ہیں تو انتظامی اُمور میں قابلیت کے باعث کامیابی پائیں۔ ترقی و عزت حکام اور بااثر لوگوں سے فوائد ملیں آپ سارا سال اپنے اندر ایک ڈائنامیک پاور محسوس کریں۔ طبیعت میں مثبت تیزی اور طراری مخلصین ہم پیشہ دوستوں سے سیکھنے کے مواقع ملیں آپ کسی خاص تخلیقی نوعیت کے کام میں بھی مصروف عمل رہیں۔ حاضر دماغی سے آپ گزشتہ پیدا شدہ مشکلات پر قابو پا سکتے ہیں۔ دوسروں کی رائے کا بھی احترام کریں۔ بے روزگار افراد کو روزگار کے اعلیٰ متعدد مواقع میسر آئیں۔ بعض عقربی تبدیلی ملازمت یا کیریئر میں اضافہ کیلئے جو مثبت جدوجہد کریں ان کا یقیناً انہیں فائدہ ملے۔ ملازمتی ترقی کے خواہاں افراد اپنے ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے نہ صرف ترقی پائیں بلکہ افسرانِ بالا سے خوشگوار تعلقات اور بااثر لوگوں سے بھی فوائد ملیں۔ ستارہ مریخ **10** ستمبر تا **14** نومبر رجعت میں ہونے کے سبب غیر ذمہ داری سے آپ کی عزت میں فرق آ سکتا ہے۔ حاسدین مخالفین اپنے بد ارادے کے تحت آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر سکتے ہیں محتاط رہیں۔ ستارہ زحل وتد الارض کا حاکم ہو کر **27** سال بعد چوتھے گھر میں **27** مارچ **2023**ء تک آجائے گا مجموعی طور پر اگلے آنے والے **4,3** سال آپ کی زندگی کے بہترین سال ثابت ہونگے اور خاص طور پر وہ عقربی افراد جو عرصہ سے اپنا ذاتی گھر بنانے کیلئے کوشاں ہیں انہیں ذاتی گھر، پلاٹ یا فلیٹ یقینی طور پر مل سکے گا۔ کاشتکاری باغبانی اور ڈیری فارم سے وابستہ عقربی افراد ان **4,3** سالوں میں بے پناہ نفع پائیں۔ اور ایسے عقربی جو عرصہ دراز سے بیرونِ ملک مقیم چلے آرہے ہیں وہ بیرونِ ملک سے اپنی سکونت ترک کر کے اپنے وطنِ عزیز میں دوبارہ رہائش پذیر ہونا پسند کریں۔ ستارہ زحل **11** مئی تا **29** ستمبر رجعت (اُلٹا) میں ہونے کے سبب زمین جائیداد پراپرٹی کی خرید و فروخت کرتے وقت محتاط رہیں۔ **5** مئی کیتو دوسرے اور راہو آٹھویں آنے سے اگلے **18** ماہ یہاں رہے۔ آمدن کے مقابلہ میں اخراجات بڑھ جانے سے آپ مالی دباؤ محسوس کریں گے۔ مشترکہ مفادات کے کام اور شریک کار سے اختلافِ رائے سے بچیں۔ اس سال کے بہترین صدقات غریب طلباء کی ایجوکیشنل امداد اور بزرگوں کی خدمت اور ہر منگل کلیجی پھیپھڑے کو نمک مرچ ہلدی سرسوں کا تیل لگا کر جانوروں کو کھلانا بہت اچھا رہے گا۔

آپ کی شخصیت:۔ **2020**ء آسمانی کونسل پر ستاروں کی بہتر نشست کے سبب تعمیر و ترقی ذاتی یا اجتماعی طور پر مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ اہم فیصلے کر سکتے ہیں۔ مریخ مشتری سعد نظرات **22** تا **28** فروری، **10,11,12,18,20,21,22** مارچ، **16,17,18** مئی،

21,20,19 جون، 18,17,16,15 اگست، 10,9,8 ستمبر، 16,15,14 نومبر، 12,11,10 دسمبر۔ آپ کی مثبت سوچ خود اعتمادی اور قابلیت سے آگے بڑھنے کی صلاحیت میں اضافہ اور آپ اپنے ہم عصر لوگوں سے بآسانی آگے نکل سکتے ہیں۔ ان ایام میں ہر طرح کے اجتماعی اور ذاتی اہم کاموں کی مشاورت اور پلاننگ کرنا نیک رہے گا۔ تاہم مریخ مشتری شمس نحس نظرات 16,15,14 اپریل، 3 تا 10 جون، 15,14,13 جولائی، 6,5,4,3,2 اگست، 21,20,19,18,17,14,13,12,11,10 اکتوبر نہایت ہی اہم اور حساس تواریخ ہیں انہیں ریڈ مارک کر لیں اور اس دوران اپنی عزت وساکھ کا خیال رکھیں۔ حاسدین سے محتاط رہتے ہوئے حسبِ توفیق صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ مشتری جو گزشتہ سال سے ہبوط یافتہ رہتے ہوئے 19 دسمبر تک بدستور کمزور اور ہبوط یافتہ ہی رہے۔ ادھر 5 مئی کیتو اگلے 18 ماہ کیلئے خانہ مال راہو اس کے مقابل آجائے گا۔ مالی معاملات خاصے محتاط شکل اختیار کریں۔ آمدن سے اخراجات بڑھ جائیں گے۔ کاروباری لین دین میں نقصانات اور دھوکہ دہی سے مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ 19 دسمبر تک مجموعی طور پر یہ سارا سال ہی توجہ طلب ہوگا فضولیات اور اسراف سے گریز کرنے سے آپ اپنے مالی مسائل کے اندر رہتے ہوئے وسائل کو حل کر سکتے ہیں۔ قرض لینے اور دینے کیلئے بھی یہ کوئی اچھا سال ثابت نہ ہوگا۔ خصوصاً ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر جب رجعت میں ہوگا۔ مالی اُمور پر خاصہ بوجھ محسوس کریں۔ تب خاندانی صدمات بھی برداشت کرنے پڑیں۔ مشتری مریخ سعد نظرات 22,21,20,19,18 مارچ، 21,20,19 جون، بننے سے غیر متوقع طور پر کوئی مالی سہارا یا نفع مل سکتا ہے۔ مشتری مریخ نحس نظرات 6,5,4,3,2 اگست، 21,20,19,18,17 اکتوبر بننے سے مالی نقصانات اور دوسروں سے لین دین کرتے وقت جذباتی طور پر محتاط رہیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ تیسرے بیت الاقرباء کے گھر میں ابتداء سال میں 6 ستاروں کا اجتماع عزیز واقارب، بہن بھائیوں سے تعلقات میں حدِ فاصل رکھیں۔ بہن بھائیوں اور قریبی لوگوں کی ضروریاتِ زندگی اور ان کی جبری خدمت کیلئے تیار رہیں۔ کیا ہی اچھا ہو آپ عزیز واقارب اور قرباء کی خدمت کو عبادت اور صلہ رحمی سمجھ کر انجام دیں تو آپ ممکنہ خدمت کے ساتھ راحت اور ذہنی سکون بھی پائیں۔ آسمانی کونسل پر ستاروں کی نشست کے اعتبار سے یہ سال عزیز واقارب، بہن بھائیوں کی خدمت کا سال قرار دیا جا سکتا ہے۔ ستارہ زحل یکم جنوری تا 21 مارچ، 2 جولائی تا 16 دسمبر تبدیلی برج کے باوجود یہ رجعت واستقامت کے سبب اسی گھر رہے گا۔ یہ بھی اس کا ذاتی گھر ہے۔ اندرونِ ملک سیر وتفریح مطالعاتی سفر اور عزیز واقارب، بہن بھائیوں سے تجدید مراسم کیلئے متعدد سفر پیش آئیں۔ زحل مریخ سعد نظرات 30,29,28,27 جون بننے سے ان ایام میں کیا گیا سفر یا ہجرت ایک شہر سے دوسرے شہر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ زحل مریخ نحس نظرات 30 مارچ تا 2 اپریل، 21 تا 29 اگست، 25 ستمبر تا 3 اکتوبر بننے سے دورانِ سفر احتیاط سے کام لیں۔ حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دُعائے سفر پڑھ کر سفر کا آغاز کریں تا کہ سفر آسان اور منزل بخیر ہو۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ 2020ء میں وتد الارض کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد اپنے گھر میں عروج یافتہ 22 مارچ تا یکم جولائی اور پھر 17 دسمبر تا 7 مارچ 2023ء اپنے ہی گھر میں رہے گا۔ شمسی زائچہ میں ستارہ زحل کی یہ نشست آپ کی زندگی آپ کے رہن سہن میں مثبت تبدیلیاں آئیں گی۔ زمین جائیداد پراپرٹی کا سکھ ملے۔ کاشت کاری باغبانی زراعت سے نفع پائیں۔ حسبِ حیثیت سواری کا حصول میسر آئے۔ رہائشی تزئین وآرائش میں آپ کی خصوصی دلچسپی رہے۔ اندرونِ خانہ مہمانوں کی آمدورفت اور اہل خاندان کے افراد سے تبادلہ خیال اور اچھا وقت گزارنے کے مواقع ملیں۔ ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب اپنے گھر میں قیمتی اشیاء کی حفاظت پر زور دیں۔ زحل مریخ قران نحسین 30 مارچ زائچہ کے تیسرے گھر سے شروع ہو کر 2 اپریل چوتھے گھر ختم ہوگا۔ یہ برجوں کی باؤڈر لائن پر ہونے سے نحس قران زندگی میں سبھی اہم معاملات میں احتیاط کا اشارہ ہے۔ خاص طور پر ٹریفک حادثات میں محتاط رہیں خواہ پیدل ہی سفر کیوں نہ کر رہے ہوں۔ مارچ اپریل زندگی میں سکھ

پانے کیلئے صدقہ وخیرات جی کھول کر دیں۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 19 دسمبر شمسی زائچہ کے تیسرے گھر میں 5 ستاروں کے اجتماع میں رہنے کے سبب صاحبِ اولاد عقربی افراد اپنے بچوں کی نگہداشت تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دیں۔ امکان غالب ہے کہ آپ کے بچے بگڑے زمانہ کے ساتھ کہیں بے راہ روی کا شکار نہ ہو جائیں۔ محبت میں راز کے افشاں ہونے رسوائی کے خدشات بعید از قیاس نہیں اور بازاری قسم کی محبت اور جنسِ مخالف کے دام فریب میں آنے سے بچیں۔ ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں رہنے کے سبب مندرجہ بالا سبھی ایام تمام اُمور کیلئے احتیاط طلب ہیں۔ انٹرنیشنل لاٹریاں اور پرائز بانڈز میں حصہ لینے کے شوقین عقربی 2, 3, 24, 25, 26 جنوری، 26, 27 فروری، 18, 19, 20, 21, 22 مارچ، 7, 8, 9, 18, 19, 20 اپریل، 10, 11 مئی، 19, 20, 21 جون، 16, 17, 18, 29, 30 اگست، 28, 29, 30 نومبر، 14, 15, 16 دسمبر بنیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے ہر جمعرات کسی درگاہ پر حاضری اور زردہ کی نذر دلا کر زائرین میں تقسیم کرنا نیک عمل ثابت ہوگا۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "انعام کی نمبرز" آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسمِ اعظم درود شریف کے ساتھ بھی ورد کرنا سارا سال روحانی فیض بخشے۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ 2020ء بیت المرض اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال یکم، 2 جنوری طالع، 3 جنوری تا 15 فروری خانہ مال اور پھر 16 فروری تا 30 مارچ شرفی گھر ہمراہ دیگر 5 اہم ستاروں کی نشست اور پھر 28 جون تا اختتام سال چھٹے ایک لمبا عرصہ قیام کرنے کے سبب آپ کی صحتِ جسمانی کو سارا سال مستحکم رکھے۔ عرصہ دراز سے بیمار یا کسی نامعلوم جسمانی بیماری میں مبتلا عقربی افراد کو اس سال روحانی وجسمانی شفایابی نصیب ہو۔ اچھے معالج کا ساتھ اور متوازن غذا اور ادویہ کے ساتھ ہلکی پھلکی ورزش آپ کو تمام سال چاک وچوبند رکھے آپ کئی ایک پینڈنگ کاموں کو تکمیل دے سکیں۔ دیگر 2020ء ملازمتی تبدیلی کے خواہاں عقربی افراد کیلئے حسبِ منشاء ملازمت کا حصول بھی یقینی بن سکے۔ کیرئیر میں ترقی اور حکام وافسرانِ بالا کے ساتھ خوشگوار مراسم خود اعتمادی اور ملازمتی کارکردگی میں نمایاں بہتری برقرار رکھنے پر حوصلہ افزائی ملے۔ 40 سے 50 سال کے عقربی اس سال جوان جبکہ نوجوان عقربی پہلے سے بھی زیادہ پُرجوش نظر آئیں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں شمسی زائچہ کے چوتھے گھر ہونے سے اس بات کا ایک اچھا اشارہ ہے کہ ان کی شادی خانہ آبادی ہونے میں آسانیاں ملیں ستارہ زہرہ 13 مارچ تا 8 فروری پانچویں گھر شرف یافتہ ہونے سے 2020ء میں سب سے زیادہ عقربی افراد کی شادیاں پسندیدگی سے ہونگی۔ 5 مئی تا 7 اگست اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر ستارہ زہرہ عروج اور اوج یافتہ رہتے ہوئے ان مجموعی سبھی ایام میں عقربی لڑکے لڑکیاں یا ان کے والدین شادی کیلئے کوشش کریں تو انہیں آسانیاں ملیں گی۔ شراکتی کاروباری تعلقات بھی اس سبھی زمانہ میں اہمیت اختیار کر جائیں۔ اور متعدد کاروباری معاہدے کئے جاسکیں گے۔ ستارہ زہرہ 13 مئی تا 25 جون رجعت میں (اُلٹا) ہونے کے سبب اور خصوصاً اس کے علاوہ 8 فروری تا 4 مارچ، 3 اکتوبر تا 27 اکتوبر اور 21 نومبر تا 15 دسمبر وبال اور ہبوط کے برجوں میں رہنے کے سبب ان ایام میں جذباتی پن غم وغصہ پر قابو رکھیں۔ ورنہ معاملات بلاوجہ ناپسندیدہ ماحول اختیار کر سکتے ہیں۔ زہرہ مریخ نحس نظرات 25,26,27,28,29 جنوری، 2,3 جون، 3,4,5 ستمبر، 9,10 نومبر بننے سے خانگی ازدواجی معاملات اور خصوصاً جن لوگوں کے رشتے طے ہوئے ہیں انہیں ان ایام میں احتیاط سے کام لینا چاہئے ورنہ طے شدہ رشتے متاثر ہو سکتے ہیں اور زوجین کے مابین خواہ مخواہ کی ناراضگی بدمزگی جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ زہرہ مریخ سعد نظرات 28,29 ستمبر بننے سے ایسے عقربی جوڑے جو ناراض اور جن کے مقدمات چل رہے ہیں وہ ان ایام میں بزرگوں مخلصین کی معرفت کوشش کریں تو ان کے معاملات میں خوشیاں دوبارہ لوٹ آئیں گی اس سال ہر جمعہ شکر یا مصری کا چورا کر کے حشرات الارض کو ڈالنا بہت نیک رہے گا۔

وراثت، انشورنس، کلیم: ۔ بیت الخوف اور بیت الامید کا مشترکہ ستارہ عطارد ابتداء سال میں تیسرے بہن بھائیوں اور عزیز و اقارب کے گھر میں دیگر 5 ستاروں کے اجتماع میں گھرا ہوا۔ خاندانی اور وراثتی شراکتی معاملات اہمیت اختیار کریں۔ بہن بھائی یا وراثتی شریک کاروں میں تلخ کلامی جھگڑا مقدمات جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ کیا ہی اچھا ہو کہ آپ شراکتی اور وراثتی معاملات کو آسمانی کونسل پر بننے والے سعد اور نحس ایام کی روشنی میں انجام دیں تاکہ ممکنہ سہولت اور آسانی آپ کے شراکتی وراثتی معاملات اور خصوصاً انشورنس کلیم یا کسی بڑے انعامی مقابلے میں حصہ لینے میں آپ آسانیاں پائیں۔ عطارد مریخ سعد نظرات 26,25,24 جنوری، 27,26,25 فروری، 20,19,18 اپریل، 18,17,16 اگست اور 16,15,14 دسمبر بننے سے آپ اپنے سبھی کام مندرجہ بالا سعد ایام میں انجام دینے کی کوشش کریں۔ عطارد مریخ نحس نظرات 10 ,11 ,12 مئی، 29,28,27,26,9,8,7 جولائی اور 25,24,23 ستمبر بننے سے ان ایام میں اپنے معاملات کے حل کیلئے خاصے محتاط رہیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم: ۔ بیت السفر اور نصیب کے گھر میں گزشتہ سال سے راہو اور مقابل کیتو چلے آرہے ہیں۔ 5 مئی تک راہو یہاں رہتے ہوئے اپنے قانونی معاملات پر نظر ثانی فرمائیں کاروباری اغراض و مقاصد کیلئے اس عرصہ میں سفر کرنا خاصہ احتیاط اور مشاورت کا طالب رہیگا۔ 5 مئی کو جیسے ہی راہو برج تبدیل کرے گا تو مستقبل کی منصوبہ بندی بیرونِ ملک کاروباری یا روحانی سفر قانونی مشاورت اور اعلیٰ تعلیم یا روزگار کیلئے بیرونِ ملک جانے میں آسانیاں پائیں۔ مئی سے قبل اس جیسے سبھی کام سفید اشیاء کا صدقہ دے کر کر سکتے ہیں۔ سب سے اعلیٰ صدقے نمک یا سفید لباس کا ہے۔ 2020ء میں آپ کا نصیب یاوری کر سکتا ہے اور اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے ان ایام میں کوشش کریں جب اچھے ستارے آپ کے شمسی زائچہ کے ساتویں گھر سے گزریں ان اہم ستاروں کے گزرنے کی تواریخ نوٹ فرمالیں۔ شمس 21 جون تا 22 اگست، عطارد 28 مئی تا 5 اگست، زہرہ 7 اگست تا 6 ستمبر تاہم ستاروں میں گھرا مشتری 19 دسمبر تک اپنے فطرتی گھر کو ناظر رہے گا۔ ان سبھی مشترکہ ایام میں خوشگوار روحانی و دنیاوی مطالعاتی سفر پیش آئیں۔ حج و عمرہ پر جانے کے خواہاں بھی اپنی نیک خواہش کو پورا ہوتا دیکھیں۔ طلبہ بیرونِ ملک فل یا ہاف اسکالرشپ پر جانے میں آسانیاں پائیں۔ 11 جنوری چاند گرہن اور 21 جون سورج گرہن اس گھر میں لگنے سے 15 دن قبل تا بعد مندرجہ بالا سبھی اُمور میں محتاط رہیں خاص طور پر بیرونِ ملک کاروباری اغراض و مقاصد میں سفری دستاویز اور اپنے روپے پیسے کی خاص طور پر حفاظت کریں۔ 2020ء ایک توجہ طلب سال ہے تاہم مندرجہ بالا سعد اور نحس ایام کا خیال رکھنے سے آپ احسن طریقے سے اپنے مقاصد کو پالیں۔ کسی مُرشد کامل یا پھر بزرگ روحانی سے آپ کو فیض ملے اور مخلصین بزرگوں اور خصوصاً والدین سے دعائیں کروالیں۔ تاکہ خوش بختیاں ملیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار: ۔ بیت العزت کیرئیر اور کاروبار کا حاکم ستارہ بادشاہ فلک شمس 2020ء میں 20 مارچ تا 19 اپریل شرف، 20 مئی تا 22 جولائی اوج یافتہ جبکہ 22 جولائی تا 22 اگست عروج یافتہ رہے۔ ستارہ شمس کی آسمانی کونسل پر یہ سعد نشست کاروباری اور کیرئیر کے معاملات میں بہتری لائیں خصوصاً ترقی اور بہتر ملازمت کے خواہاں افراد کو روزگار کے مواقع ملیں بااثر افراد اور حکام سے قریبی تعلقات اور فوائد ملیں۔ ترقی کا عنصر غالب رہے۔ آپ کی سماجی حیثیت و شخصیت عزت و توقیر میں اضافہ ہو۔ آپ کی شخصیت کی سحر کاری سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں تاہم 20 جنوری تا 19 فروری اور 22 ستمبر تا 23 اکتوبر اور 21 تا 31 دسمبر شمس کا کمزور گھروں میں ہونے کے سبب آپ کے حاسدین اور مخالفین آپ کے خلاف سازشیں کر سکتے ہیں محتاط رہیں اور گندم یا باجرہ کے صدقات حسبِ توفیق دیتے رہیں۔

دوست احباب، خواھشات، کاروباری فوائد: ۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں 5 ستاروں شمس مشتری زحل کیتو اور پلوٹو میں گھرا ہونے کے سبب سال کا آغاز اس گھر کے منسوبات حوالے سے نارمل انداز سے شروع نہیں ہوگا۔ خاص طور سے 3 فروری تا 12 مئی کچھ ملا جلا

دور گزرے گا۔ تاہم اس سال کے اچھے ایام 12 تا 28 مئی، 20 اگست تا 2 دسمبر ستارہ عطارد عروج اور شرف یافتہ گھروں میں ہونے کے سبب آپ کی ممکنہ معصوم خواہشات کی تکمیل آسانی سے ہو سکے گی۔ 2020ء میں آپ کو اپنے دوستوں حاسدین اور دشمنوں میں بآسانی تمیز ہو سکے گی۔ سال کے پہلے 5 مہینے قدرے احتیاط طلب ہیں تب دوسروں پر بھروسہ کرنا نقصانات کا باعث بن سکتا ہے۔ 2020ء تعلقات اور دوستوں کے حوالے سے ایک اہم سال ہے۔ کئی پُرانے لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں اور ان کی جگہ مخلص دوست آپ کی زندگی میں شامل ہو جائیں۔ جونیئر کی بجائے سینئر اور بزرگ لوگوں سے دوستی آپ کی اخلاقی اور صدق خلوص سچائی پر قائم رہ سکتی ہے اور آپ کو ان سے بہت سارے اچھے مشورے مل سکتے ہیں علمی ادبی ثقافتی سماجی سیاسی محافل میں شرکت کے سبب آپ کے حلقہ احباب میں غیر متوقع طور پر وسعت آئے گی۔ ستارہ عطارد سال میں 3 مرتبہ رجعت (اُلٹا) پذیر ہوگا۔ 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر ان ایام میں جلد بازی اور جذباتی پن میں دوسروں پر بھروسہ کرنا نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد یا خفیہ دشمنوں کا حاکم ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 8 فروری، 5 مارچ تا 7 اگست اور 20 اکتوبر تا 21 نومبر سعد گھروں میں ہونے کے سبب بیرونِ ملک امیگریشن یا ہجرت کے حصول کیلئے نہایت اہم ایام دکھائی دیتے ہیں۔ یہ گھر آمدن کے برعکس خرچ کا جبکہ آمدن کا مالک ستارہ مشتری 19 دسمبر تک ہبوط یافتہ ہونے کے سبب 2020ء ناگہانی مسائل و پریشانیاں اخراجات کی زیادتی حاسدین مخالفین کی نظرِ بد جادو ٹونہ جیسے سبھی خدشات بعید از قیاس نہیں۔ ابتداء سال سے ہی اپنے بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پائیں قرض لے کر غیر ضروری اخراجات کرنا مناسب نہ ہونگے۔

عقربی مرد و زن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 2020ء میں چار چاند اور 2 سورج گرہن لگیں گے۔ 11 جنوری چاند، 21 جون سورج گرہن نویں گھر لگنے سے بیرونِ ملک کاروباری یا سفر میں رکاوٹ پیش آسکتی ہے۔ 6 جون چاند اور 14 دسمبر سورج گرہن خانہ مال میں لگنے کے سبب مالی اُتار چڑھاؤ کاروباری نقصانات کا اندیشہ۔ 5 جولائی تیسرے چاند گرہن لگنے سے عزیز و اقارب ہمسائیوں سے بدگمانی یا ناراضگی اور 30 نومبر چاند گرہن لگنے سے مشترکہ مفادات اور شراکتی مسائل اور پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ گرہن لگنے سے 15 دن قبل تا بعد احتیاط سے کام لیں صدقہ و خیرات ضرور دیتے رہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ و خیرات بھی ضرور دیں۔

سعد تواریخ:۔ یکم,2,6,12,13,16,19,21,24,25,29,31 جنوری، 2,3,7,9,11,14,15,18,20,21,23,25,26,29 فروری، یکم,9,10,13,14,18,20,23,28,29,31 مارچ، 7,8,10,11,16,19,20,21,25,27 اپریل، 4,8,9,10,11,12,15,17,20,22,25,31 مئی، 4,8,13,18,19,20,27,28,30 جون، یکم,2,6,7,10,12,15,17,22,24,26,29,30 جولائی، 2,4,7,12,14,16,19,21,27,29 اگست، یکم,3,6,8,11,15,17,23,25,28,29,30 ستمبر، 5,8,12,18,20,22,23,25,27,29 اکتوبر، 2,3,8,11,15,19,21,24,27,29 نومبر، یکم,6,8,11,12,14,15,17,19,21,26,29 دسمبر

نحس تواریخ:۔ 4,5,11,14,17,27,28 جنوری، 5,13,28 فروری، 4,6,11,12,26 مارچ، 5,9,14,22,24,26,30 اپریل، 6,19,23,26,28 مئی، 2,3,6,7,16,21,23,29 جون، 4,8,13,14,19,20,28 جولائی، یکم,9,13,17,23,24,30 اگست، 4,5,13,19,21,24,26 ستمبر، 3,9,10,14,15,16,19,30 اکتوبر، 6,9,12,13,16,18,26 نومبر، 3,4,10,16,23,24,31 دسمبر

قوس

حروف: ف

مشتری

23 نومبر تا 21 دسمبر

KASHIF ABBASI

حالات وواقعات کی روشنی میں

حاکم سیارہ: مشتری
نشان: تیر انداز
ذاتی عقیدہ: میں دیکھتا ہوں (I See)
عنصر: آگ (Fire)
خاصہ: تغیر پذیر (ذوجسدین)
نفسیاتی ٹائپ: وجدانی
منسوب رنگ: ارغوانی، گہرا پیلا
اعضائے جسمانی:: رانیں اور جگر
منسوب پتھر: پیلا پکھراج
منسوب درخت: برگد، انجیر، ایش
منسوب پھول: ہلکے گلابی
منسوب غذا: کشمش اور پیاز کی قسم
مثبت اور مذکر برج
بائیو کیمک سالٹ: سلیشیا

آسمانی کونسل پر **2020**ء جسکا مفرد نمبر **4** ستارہ شمس (قدیم) ستارہ یورانس (جدید) سے منسوب لہروں کے دوش پر اپنی روحانیات بڑھا کر اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کم از کم یہ دُعا **40** مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں۔ (اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِاسۡمِكَ یَا اَللّٰہُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِی) یوں سال **2020**ء آپکی زندگی کا کامیاب سال ثابت ہوگا۔

2020ء آپ کی زندگی کا ایک نہایت ہی غیر محسوس طریقے سے اور پُراسراریت نظرِ بد سے متاثر ہونے جیسا سال دکھائی دیتا ہے۔ چونکہ بارہویں کا مالک مریخ اپنے ہی گھر میں ابتداء سال میں طاقتور ہوگا۔ آسمانی کونسل پر آپ کے حاکم ستارہ مشتری سے منسوب پہلے سچی اور بعدازاں اچھی باتوں سے علم نجوم کی روشنی میں آگاہی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اپنے سالانہ شمسی زائچہ کہ سال میں کم از کم **5** سے **10** مرتبہ بلکہ ہر ماہ کی ابتداء میں ایک بار ضرور پڑھ لیں تاکہ آپ اپنی سالانہ اور ماہانہ پلاننگ بہتر انداز سے کر پائیں اور متوقع ناگہانی مسائل و پریشانیوں سے بچ سکیں۔ آپ کا حاکم ستارہ مشتری ابتداء سال میں دوسرے گھر میں ہبوط یافتہ رہتے ہوئے **19** دسمبر تک یہاں قیام کرے۔ ابتداء سال میں مشتری تحت الشعاع غروب اور مزید **5** ستارے شمس عطارد زحل کیتو پلوٹو میں گھرا ہونے کے سبب **2020**ء میں زبردست مالی دباؤ پریشانیاں پیش آسکتی ہے زحل کی ہمراہ موجودگی عزیز واقارب اور بہن بھائیوں پر غیر متوقع اخراجات پیش آسکتے ہیں۔ آپ بعض حساس نوعیت کے کاموں میں بے ہمتی اور عارضی طور پر ذہنی دباؤ یا ڈپریشن محسوس کر سکتے ہیں۔ اس سال **4** اہم ستارے برج تبدیل کریں گے۔ کیتو **5** مئی کو طالع میں آجائے گا۔ جبکہ مشتری **19** دسمبر اور زحل سال میں دو مرتبہ اپنی رجعت اور استقامت کے سبب **22** مارچ تا **21** جولائی اور پھر **17** دسمبر **2020**ء تا **7** مارچ **2023**ء شمسی زائچہ کے تیسرے اہم گھر میں آنے سے آپ کی روزمرہ زندگی میں نہایت اہم تبدیلیاں رونما ہونگی۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو۔ آپ ان تبدیلیوں کو محسوس کریں۔ **5** مئی تا **31** دسمبر کیتو کے پہلے اور راہو کے ساتویں ہونے سے شراکتی کاروباری اور خانگی ازدواجی تعلقات صبر آزما آزمائش کے دور میں داخل ہو جائیں گے۔ اپنے اور دوسروں کو برداشت کرنے کا حوصلہ وہمت پیدا کریں۔ **2020**ء میں ہر جمعرات زردہ لڈو یا دینی خدمات انجام دینے والے سفید پوش علماء کی مالی واخلاقی خدمت کریں اور ہر ہفتہ چائے کی پتی یا پھر **60** سال سے زیادہ عمر کے بزرگ لوگوں کی بھی مالی اور اخلاقی خدمت مدد کرنے سے آپ بہت ساری غیر متوقع مسائل و پریشانیاں ناگہانی آفات وبلیات حادثات سے محفوظ رہ سکیں گے۔ بارش میں جیسے چھتری کام کرتی ہے **2020**ء میں صدقات کی اہمیت بھی کسی چھتری سے کم نہ ہوگی۔ تاہم نیک اور صالح نیت رکھنے والے قوسی مرد وزن جن کا زیادہ تر وقت عبادت وریاضت اور پنجگانہ نماز کی ادائیگی میں گزرتا ہے ان سے مسائل و پریشانیاں دُور رہیں گی۔ **2020**ء کا سب سے اہم اور خوش بخت واقع ستارہ زحل کی بروجی تبدیلی اور گزشتہ **7** سال سے چلی آپ کی شمسی ساڑھ ستی اس سال ختم ہو جائے گی۔ ساڑھ ستی کا اس سال ختم ہو جانا **2020**ء کا ایک نہایت ہی خوش کن واقعہ ہوگا۔ اس کیلئے جو قوسی روزانہ **2** نفل شکرانے کے ادا کر کے اللہ سے دُعا مانگیں گے وہ اس سال دوسروں کے مقابلہ میں زیادہ سکھ اور راحتیں پائیں۔

آپ کی شخصیت: ۔آپ کا حاکم ستارہ مشتری **19** دسمبر تک دوسرے ہبوط یافتہ ہونے کے سبب **2020**ء ایک نہایت ہی اہم اور حساس سال دکھائی دیتا ہے۔ مشتری فطرتی طور پر مذہب قانون اور روحانیت کا ستارہ ہے۔ **2020**ء میں سکون دسکھ کیلئے اپنے مذہب ومسلک کے مطابق بلاناغہ اپنے مالک کی عبادت کرتے رہیں۔ اپنے روپے سے صدقہ وخیرات کر کے اپنے مالک سے تجارت کریں۔ اور دولت کے لالچ میں پڑے بغیر اپنے مالک حقیقی سے

توکل بڑھائیں۔ ان چھوٹی چھوٹی گزارشات پر عمل کیا گیا تو آپ اپنے سال 2020ء کو ایک اچھا اور خوشگوار سال بنا سکتے ہیں ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب اور 6 جون چاند اور 14 دسمبر طالع میں سورج گرہن لگنے سے آپ کی صحت جسمانی ذہنی دباؤ ڈپریشن جیسے ناخوشگوار واقعات سے بچنے کیلئے 70 مرتبہ پنے او پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔ دم شدہ پانی پئیں اور دُعائیں کرتے رہیں۔ یہ حسنِ عمل آپ کو جسمانی اور آپ کی روح کو روحانی شفاء عطا کرے۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ 2020ء خانہ مال کا حاکم ستارہ زحل اپنے ہی گھر میں تحت الشعاع غروب اور دیگر 5 ستارے مشتری عطارد کیتو شمس اور پلوٹو ہونے کے یہ کاروباری اور مالی لحاظ سے نہایت ہی اہم مالی دباؤ کا سال دکھائی دیتا ہے۔ یہ سال آپ کو شاہ سے گدا بنا سکتا ہے مشاورت اور احتیاط لازم ہے۔ ستارہ زحل دوسرے گھر کے ساتھ ساتھ تیسرے فعلی گھر کا حاکم ستارہ ہونے سے اور تبدیلی برج 22 مئی تا 20 جولائی اور پھر 17 دسمبر سے 7 مارچ 2023ء تک تیسرے گھر چلا جائے گا۔ یہ گھر خانہ مال کا بھی مال ستارہ ہے۔ ان ایام میں جو بھی ذرائع آمدن بڑھانے کیلئے کام کئے جائیں گے ان میں عزت و بڑھاوا آئے گا۔ اور آپ بہت عرصہ بعد مالی اور کاروباری آسودگی کو آتا ہوا محسوس کریں گے۔ ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت (اُلٹا) رہنے کے سبب اہم مالی معاملات میں محتاط رہیں تب بعض خاندانی صدمات بھی پیش آسکتے ہیں۔ زحل مشتری قران 12 تا 30 دسمبر دوسرے اور تیسرے گھر کے کسب پر واقع ہوگا۔ تب غیر متوقع طور سے مالی اخراجات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ حسب توفیق صدقہ ضرور دیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ تیسرے بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 22 مارچ تا 7 مارچ 2023ء تک تیسرے گھر میں آجائے گا۔ ستارہ زحل کی یہ غیر معمولی تیسرے گھر نشست آپ کو اپنے عزیز و اقارب بہن بھائی اور مستحق پڑوسیوں کی خدمت کیلئے انتہائی سنجیدہ بنادے گی۔ آپ کے اندر انصاف پسندی ایمانداری اور صلہ رحمی کا جذبہ کچھ زیادہ ہی نمایاں ہوجائے گا اور 2020ء سے اندرونِ ملک کاروباری سیاسی مطالعاتی سفروں کا ایک لامتناہی سلسلہ شروع ہوجائے گا۔ سارا سال آپ وقفہ وقفہ سے اپنے عزیز و اقارب اور بہن بھائیوں کی خدمت اور ان کی خوشیوں میں شرکت کیلئے وقفہ وقفہ سے سفر کرتے رہیں۔ ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے اور زحل مشتری قران 12 تا 30 دسمبر ہونے سے عزیز و اقارب بہن بھائیوں کی مالی امداد کیلئے بھی تیار رہیں۔ انہیں دیا گیا روپیہ پیسہ اس نیت سے نہ دیں کہ وہ واپس مل سکے گا۔ بہن بھائیوں پڑوسیوں کے مابین صلح صفائی کرانے میں آپ کی حیثیت نمایاں رہے گی اور آپ ان کے مابین نیک نیتی سے جو بھی اچھے اور ثالثی فیصلے کریں فریقین بہن بھائی آپ کے فیصلے اور انصاف کی یقیناً قدر بھی کریں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض شمسی زائچہ کے اہم گھر کا ستارہ مشتری 19 دسمبر تک ہبوط یافتہ ہونے کے سبب خانگی اور خاندانی معاملات خاصے توجہ طلب رہیں۔ 2020ء کا سال تبدیلی رہائش یا ہجرت کیلئے کچھ زیادہ نفع بخش نہیں۔ ضروری ہو تو صدقے و خیرات دے کر ہی تبدیلی رہائش و ہجرت کریں۔ ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب آپ پر خاصہ خاندانی یا خانگی دباؤ یا پریشر پیش آسکتا ہے۔ ٹریفک حادثات اور گاڑی چلاتے وقت محتاط رہیں اور سفر سے پہلے دُعائے سفر پڑھ کر اپنے سفر کا آغاز کریں۔ کاشتکاری اور باغبانی سے تعلق رکھنے والے افراد اپنی فصلوں کا آسانی ہو تو اپنے مالک و خالق سے صدقہ دیکر یا پھر کسی بیمہ کمپنی سے بیمہ ضرور کروائیں تاکہ ممکنہ نقصانات سے بچا جاسکے۔ اور جو قوسی افراد اپنی زمینوں باغات یا گھر کی چھت پر پرندوں کو روزانہ دانہ اور پانی حسبِ توفیق ڈالتے رہیں وہ یقیناً اس عمل سے خیر و برکت خوشی اور سکھ محسوس کریں۔ گھریلو اور خاندانی خوشیوں کیلئے یہ سال کا بہترین صدقہ ہے۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں بارہویں گھر ہونے سے صاحب اولاد اپنے بچوں کے روز و شب پر نگاہ رکھیں اور جن قوسی کے بچے بچیاں جوانی کی عمر کو پہنچ رہے ہیں اُن پر لازم ہے کہ اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت اخلاق اور مذہبی تعلیمات اور رجحانات پر خصوصی توجہ دیں اور انہیں مقدس مقامات کی زیارات پر ضرور لے کر جائیں تاکہ ان کی اچھی تربیت کرسکیں۔ ستارہ مریخ 16 فروری تا 30 مارچ شرف یافتہ، 28 جون تا 7 جنوری 2021ء پانچویں اپنے ہی گھر میں طویل عرصہ تک قیام کرے گا۔ سنجیدہ محبت جلد شادی کا باعث بنے۔ اسٹاک ایکسچینج اور اسی طرح کے دیگر تخمینی بازی کے کاموں سے قوسی افراد اچانک اور غیر متوقع اچانک نفع پاسکتے ہیں۔ پرائز بانڈز اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے والے افراد 23,22

جنوری، 2، 3، 4، 5 فروری، 18، 19، 20، 21، 22، 27، 28، 29 مارچ، 3، 4، 5، 6 اپریل، 19 تا 30 جون، 28، 29 ستمبر، 18، 19، 20، 24، 25 اکتوبر، 12، 14، 15، 16 اور 21 تا 30 دسمبر ان ایام میں حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے ہر جمعرات کسی درگاہ پر حاضری اور زردہ کی نذر دلا کر زائرین میں تقسیم کرنا نیک عمل ثابت ہوگا۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "انعام کی نمبرز" آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسمِ اعظم درود شریف کے ساتھ بھی ورد کرنا سارا سال روحانی فیض بخشے۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ ابتدائے سال بیت المرض کا حاکم ستارہ زہرہ تیسرے جبکہ ہمت وحوصلہ اور شفاء کا مالک ستارہ عطارد چھ ستاروں کے اجتماع دوسرے گھر ناک کان گلہ کے امراض اور بارہویں ہسپتال کا مالک ستارہ مریخ اپنے ہی گھر میں ہونے سے 2020ء صحت کے حوالے سے خصوصی سال دکھائی دیتا ہے۔ جواں سال اور خصوصاً 40 تا 60 یا اس سے زیادہ عمر کے قوسی افراد کو اس سال اپنی صحتِ جسمانی سے لاپرواہی نہیں برتنی چاہئے اندیشہ ہے کہ آپ کے منہ یا گلے میں کوئی ایسا انفیکشن ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ جس سے نظام ہضم متاثر ہو اور جسم کے وہ کمزور حصے جن میں قوتِ مدافعت کم ہو ان جیسے امراض سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ آپ مہنگے مہنگے علاج معالجے میں اُلجھنے سے بہتر ہے کہ آپ ابتداء سال سے ہی اپنے دانتوں اور منہ کے امراض کا خیال رکھیں میڈیکل سائنس کے تحت 73 فیصد پانی آپ کے جسم میں ہونا چاہئے جو قوسی افراد پانی کا مناسب خیال اور اپنے دانتوں کی حفاظت کریں گے وہ بہت ساری متوقع امراض بلڈ پریشر، کولیسٹرول، یورک ایسڈ، ذیابیطس کے امراض کے اندیشوں کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔ ہلکی پھلکی ورزش اور اپنے ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق اپنی ادویہ اغذیہ کا مناسب خیال رکھیں۔ ستارہ زہرہ 13 تا 8 فروری، 5 اپریل تا 7 اگست اور 20 اکتوبر تا 21 نومبر سعد اور نحس گھروں میں ہونے کے سبب بیروزگار افراد کو روزگار کے حسبِ منشاء مواقع ملیں۔ ترقی کا عنصر غالب رہے۔ ستارہ زہرہ اور مشتری کی سعد نظرات 22، 23، 24 جنوری، 27، 28، 29 مارچ، 18، 19، 20 اکتوبر، 14، 15، 16 دسمبر بننے سے ملازمتی ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے ترقی اور مراعات کا حصول ممکن ہو سکے گا۔ زہرہ مشتری نحس نظرات 22، 23، 24 فروری، 25، 26، 27 اگست، 15، 16، 17 نومبر بننے سے اپنے حاسدین مخالفین سے محتاط رہیں ورنہ قانونی مسائل و پریشانیاں مقدمات قرض لینے دینے سے بھی اعتراض کریں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج اور کیریئر کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں دوسرے گھر دیگر 5 ستاروں کے اجتماع میں ہونے کے سبب اپنے شریکِ کار اور شریکِ حیات سے حالات حاضرہ کے مطابق جو شکوک وشبہات چل رہے ہیں انہیں کسی وسیلہ سے دور کرنے کی مخلصانہ کوشش کریں۔ ورنہ آپس کے اختلافات بڑھ کر علیحدگی جیسی صورتحال پیدا کر سکتے ہیں۔ خصوصاً یہ خراب وقت مئی اور نومبر میں ہو سکتا ہے۔ 5 مئی راہو ساتویں اور کیتو طالع میں آئندہ ڈیڑھ سال کیلئے آجائیں گے اور پھر آٹھویں نحس گھر کا مالک ستارہ قمر کا گرہن 30 نومبر ساتویں گھر لگے گا۔ تب ابتداء سال یا مئی سے پیدا ہونے والا اختلافِ رائے بڑھ کر نومبر میں شدت اختیار کر سکتا ہے۔ آپ کے طالع کا ذاتی مالک ستارہ مشتری بھی 19 دسمبر تک ہبوط یافتہ رہنے سے یوں پورا سال آپ کے خلاف شراکتی ازدواجی سازش نظرِ بد جادو ٹونہ اور اسی قسم کے غیر متوقع نحس واقعات ہو سکتے ہیں۔ ان سب نحوستوں سے بچنے کیلئے پیر کو سفید اور بدھ کو سبز اور جمعرات کے دن زرد اشیاء کا صدقہ دیتے رہیں۔ اور سارا سال توبہ استغفر اللہ کی تسبیح کرنا بھی بہت ساری نحوستوں سے آپ کو بچائے گی۔ ستارہ عطارد 17 فروری تا 10 مارچ اور 18 جون تا 12 جولائی اور پھر 14 اکتوبر تا 3 نومبر رجعت (اُلٹا) میں ہونے کے سبب یہ بھی ایام بھی دوسروں سے تعلقات میں احتیاط طلب ہونگے۔ 2020ء میں بہت ساری غیر متوقع خراب باتوں کے ساتھ کچھ اچھی باتیں بھی آپ کی خدمت میں ہدیہ ہیں۔ ستارہ عطارد 12 مئی تا 5 اگست اور 20 اگست تا 6 ستمبر اوج عروج اور شرف یافتہ رہتے ہوئے بہت سارے قوسی افراد کو منگنی شادی خانہ آبادی کی خوشیوں سے نوازے گا۔ شمسی زائچہ میں دوسرا گھر خانہ مال کے ساتھ وسعت کا بھی گھر ہے۔ ستارہ زحل یہاں اپنے ہی گھر میں گزشتہ دو سالوں سے مقیم ہے۔ 22 مارچ اور پھر 17 دسمبر یہ برج تبدیل کرے گا۔ زحل کا بیشتر قیام اپنے ہی دوسرے گھر میں ہونے کے سبب خاندان میں اضافہ شادی اور منگنی کے مقابلے میں رکاوٹیں دُور ہوں خصوصاً بڑی عمر کے قوسی لڑکے لڑکیاں جو شادی سے مایوس ہو چکے ہیں۔ زحل برج تبدیل کرتے ہی ان کا مقدر کھول دے گا۔ عطارد مشتری سعد نظرات 2، 3، 4 جنوری، 7، 8، 9 اپریل، 10، 11 مئی، 29، 30 اگست، 28، 29، 30 نومبر بننے سے خواہاں لڑکے

لڑکیوں کی اچانک شادی اور منگنی ہو سکتی ہے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف کا حاکم ستارہ قمر ابتداء سال میں چوتھے ہونے سے خاندانی وراثتی توجہ طلب معاملات اس سال خاصے سرگرم رہیں گے۔ گزشتہ سال سے راہو آٹھویں گھر اور مقابل کیتو چلا آرہا ہے۔ 5 مئی کو یہ گھر تبدیل کریں گے اپنے وراثتی معاملات انشورنس کلیم یا پھر شراکتی لین دین کو احسن طریقے سے نپٹانے کیلئے 5 مئی سے پہلے پہلے کوشش کریں۔ آپ کے معاملات حسبِ منشاء حل ہو سکتے ہیں۔ ستارہ شمس وراثت کا خانہ مال ہے۔ شمس کی سعادت آپ کو 20 مارچ تا 19 اپریل، 21 جون تا 22 اگست مجموعی طور پر یہ بھی ایام بھی شراکتی وراثتی توجہ طلب اُمور کیلئے معاون ثابت ہونگے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر کا حاکم ستارہ شمس 19 فروری تک کمزور اور خصوصاً ابتداء سال میں 19 جنوری تک دیگر 5 ستاروں زحل کیتو عطارد مشتری اور پلوٹو کے ساتھ ہونے کے سبب حاسدین مخالفین کی سازشوں کے سبب قانونی مسائل و پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ بیرونِ ملک کاروباری اغراض ومقاصد یا سیر وتفریح کیلئے بنائے گئے پروگرام متاثر ہو سکتے ہیں۔ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے 20 مارچ سے پہلے بنائے گئے کسی بھی پروگرام پر عمل درآمد نہ کریں۔ ورنہ خاطر خواہ نتائج نہ مل سکیں گے۔ ابتداء سال سے اپنے قانونی مسائل و پریشانیوں میں حل المشکلات پر خصوصی توجہ دیں۔ ستارہ شمس 20 مارچ تا 19 اپریل اور 21 جون تا 22 اگست شرف اوج اور عروج کے گھروں سے گزرے گا۔ خصوصاً 22 جولائی تا 22 اگست کے ایام بیرونِ ملک کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے اہمیت کے حامل ہونگے۔ شمس اور مشتری کی سعد نظرات 12,11,10 مارچ، 18,17,16 مئی، 10,9,8 ستمبر اور 16,15,14 نومبر بننے سے ان ایام میں حج وعمرہ زیارات مقدسہ بیرونِ ملک اعلیٰ تعلیم کیلئے سفر یا پھر سیر وتفریح جیسے پروگراموں کیلئے بنائے گئے پروگرام پایہ تکمیل تک پہنچیں۔ ان ایام میں قانونی مسائل و پریشانیاں بھی حل کی جاسکتی ہیں۔ شمس مشتری نحس نظرات 16,15,14 اپریل، 15,14,13 جولائی، 12,11,10 اکتوبر بننے کے علاوہ آپ کا ذاتی حاکم ستارہ مشتری بھی 19 دسمبر تک ہبوط یافتہ رہے گا یوں مجموعی طور سے پورا سال والدین بزرگوں کسی مرشد کامل یا پھر آپ خود یا اپنے جاننے والے وہ قریبی لوگ جو مقدس مقامات پر جارہے ہوں ان سے اپنے لئے خصوصی طور سے دُعائیں کروائیں۔ پورا سال صدقہ وخیرات ممکن ہو تو روزانہ ہی حسبِ توفیق دیں۔ دوسروں سے دعائیں لیں اور ان کیلئے دعائیں کریں۔ بے شک **فقیروں کی دعائوں سے بدل جاتی ھیں تقدیریں۔**

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کا حاکم ستارہ عطارد خانہ مال میں ابتداء سال 5 ستاروں کے اجتماع میں گھرا ہونے کے سبب اور خصوصاً آپ کی جاری شمسی ساڑھ ستی کا آخری زمانہ یکم جنوری تا 21 مارچ اور 2 جولائی تا 17 دسمبر یہ شمسی ساڑھ ستی کا آخری زمانہ مالی کاروباری نقصانات عظیم کا زمانہ ثابت ہوسکتا ہے۔ خصوصاً وہ قوسی افراد جو عملی زندگی میں قدم رکھ رہے ہیں وہ محتاط سرمایہ کاری کریں۔ نت نئے مالی تجربات کرنے سے بچیں اور دوسروں کے دیئے گئے لالچ میں آکر اپنا سرمایہ کسی غیر محفوظ جگہ پر ہرگز نہ لگائیں۔ اپنی عزت اور ساکھ کو بحال رکھنے کیلئے جو بھی کاروباری معاہدے کریں ان کی پاسداری کا خیال رکھیں۔ حاسدین مخالفین 2020ء میں ابتداء سال میں بارہویں کا حاکم ستارہ مریخ بارہویں نحس گھر ہونا ستارہ مشتری کا 19 دسمبر تک ہبوط یافتہ ہونا اور اوپر سے ستارہ زحل کی نحوست ساڑھ ستی کا دباؤ اور خصوصاً 6 جون چاند اور 14 دسمبر سورج گرہن کا طالع میں لگنا آسانی کو نسل پرستاروں کی آزمائش اور مشکلات آپ کے دائیں بائیں گردش کرتی رہیں گی۔ حاسدین مخالفین آپ کی کاروباری بندش کیلئے نظرِ بد جادو ٹونہ جیسے ہتھکنڈے استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ صدقہ وخیرات کی اہمیت سے باخبر نہ رہیں۔ ستارہ عطارد 12 تا 18 مئی اور 20 اگست تا 11 نومبر عروج اوج اور شرف یافتہ ہونے سے کاروباری کیرئیر اور عزت میں بڑھاوا دینے کیلئے آپ کی کاوشیں اور محنتیں رنگ لائیں۔ آپ کے چاروں اوتار کے 2-2 مشترکہ حاکم ستارے عطارد مشتری کی سعد نظرات 3,2 جنوری، 9,8,7 اپریل، 11,10 مئی، 30,29 اگست، 30,29,28 نومبر بننے سے کاروباری وسعت اور نئے کاروباری وسائل عزت وساکھ میں اضافہ ہوگا۔ عطارد مشتری نحس نظرات 26,25 اپریل، 31,30 جولائی، 18,17,16 ستمبر بننے سے اپنی کاروباری عزت وساکھ اور خصوصاً

صحتِ جسمانی کا خیال رکھیں۔ حسبِ توفیق صدقہ وخیرات بھی سارا سال وقفہ وقفہ سے دیتے رہیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ زہرہ یوں تو ابتداء سال میں بھی سعد گھر میں اور پھر 13 جنوری تا 8 فروری شرف یافتہ، 5 مارچ تا 7 اگست اور 28 اکتوبر تا 20 نومبر عروج اوج میں رہتے ہوئے سعد گھروں سے گزرے گا۔ حلقہ احباب میں وسعت، سماجی سیاسی عزت وتوقیر میں اضافہ، عزیز واقارب اور اچھے دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہو۔ آپ کی بہت ساری دیرینہ خواہشات آسانی سے حل ہو جائیں۔ آپ کے ہاتھوں اپنے دوست احباب کیلئے کچھ کام صدقہ جاریہ کے طور پر انجام پائیں۔ اپنے ہاتھ سے ہونے والی نیکی کو نہ روکیں۔ 2020ء آسمانی کونسل پر مشتری کی کمزوری شمسی ساڑھ ستی کے سبب عزیز واقارب سے صلہ رحمی ان کی مالی اخلاقی امداد جاری رکھنے سے آپ اپنے لئے بہت ساری متوقع مسائل و پریشانیوں سے بچ سکتے ہیں۔ ستارہ زہرہ 13 مئی تا 25 جون رجعت یافتہ ہونے کے سبب دوسروں سے زیادہ توقعات وابستہ نہ رکھیں کیونکہ ان کے پورا نہ ہونے سے آپ خواہ مخواہ کی رنجیدگی محسوس کر سکتے ہیں۔

خفیه سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء اور بیت الاولاد کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ یکم 3,2، جنوری بارہویں نحس گھر اور پھر 16 فروری تا 31 مارچ شرف یافتہ اور پھر 28 جون تا 7 جنوری 2021ء ستارہ مریخ پانچویں رہنے سے ناگہانی اخراجات کے ساتھ ضروری اخراجات بچوں کی تعلیم وتربیت شادی بیاہ پر اخراجات بلند رہیں گے۔ اپنے بڑھتے ہوئے اخراجات کو پورا کرنے کیلئے قرض لینے سے اعتراض کریں ورنہ لیا گیا قرض جلداُتار نہ سکیں۔ روحانی وظائف چلہ کشی اور خالص اپنے مالک حقیقی کی عبادت کیلئے کی گئی عبادت وریاضت سے سکون اور سکھ پائیں۔ 2020ء میں کچھ قوسی افراد اپنے ساتھ یا اپنے کمرہ میں کوئی روحانی سایہ محسوس کریں تو اس کیلئے پریشان قطعاً نہ ہوں۔ آپ کے گزشتگان اور بزرگوں کی ارواح کا 2020ء میں آسمانی کونسل کے مطابق گہرا تعلق رہے گا۔ بلاناغہ سونے سے قبل بزرگوں ارواح کی بلندی درجات کیلئے سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر ان کی ارواح کو ہدیہ کر کے اور دعائیں کر کے سویا کریں۔ اسراف سے گریز کرتے ہوئے اپنے بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پائیں۔ تاہم بیرونِ ملک ہجرت اور حصول امیگریشن کیلئے 2020ء ایک نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے۔

قوسی مردوزن پر گرهنوں کے اثرات:۔ 2020ء میں چار چاند اور دو سورج گرہن لگیں گے۔ 11 جنوری چاند 21 جون سورج گرہن آٹھویں لگنے سے شراکتی اور وراثتی اور دوسروں سے لین دین میں احتیاط برتیں، 6 جون چاند اور 14 دسمبر سورج گرہن طالع میں لگنے سے آپ کے خلاف سازشیں آپ کی عزت ساکھ متاثر کرنے کیلئے حاسدین سازشیں اور جادوٹونہ بھی کر سکتے ہیں۔ 5 جولائی چاند گرہن خانہ مال میں لگنے سے مالی کاروباری نقصانات کا اندیشہ۔ خاندانی صدمات سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔ 11 نومبر ساتویں چاند گرہن لگنے سے شراکتی ازدواجی مسائل و پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ گرہن لگنے کے 15 دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات جی کھول کر دیتے رہیں۔ ایام گرہن میں دونفل نماز کسوف (سورج گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

سعد تواریخ:۔ 28,23,18,14,5,2 جنوری، یکم,20,15,11,2 فروری، 28,23,20,18,14,11,10 مارچ، 25,20,15,10,8,6,5 اپریل، 31,22,17,12,10,8,4 مئی، 30,27,20,18,13,8,4 جون، یکم,28,27,24,15,10,6 جولائی، 29,24,11,6,2 اگست، 30,21,17,9,8,3 ستمبر، 27,22,18,14,5 اکتوبر، یکم,29,24,19,15,13,11 نومبر، 27,22,17,15,13,9 دسمبر

نحس تواریخ:۔ 30,16,10 جنوری، 27,23,13,3 فروری، 26,12,6 مارچ، 28,26,22,2 اپریل، 27,20,6 مئی، 29,23,16,2 جون، 26,20,14,13 جولائی، 26,22,20,9,4 اگست، 19,13,5 ستمبر، 30,19,16,11,10,2 اکتوبر، 26,16,6 نومبر، 24,11,5 دسمبر

جدی
زحل

حروف: ز و ظ گ س خ ج

22 دسمبر
تا
20 جنوری

حاکم سیارہ: زحل — نشان: پہاڑی بکرا
ذاتی عقیدہ: میں کرتا ہوں (I Do) — عنصر: مٹی (Earth)
خاصہ: متغیر (منقلب) — نفسیاتی ٹائپ: ماڈی ادارکی
منسوب رنگ: سیاہ، نیوی بلیو — منسوب پتھر: نیلم
اعضائے جسمانی: گھٹنا اور ہڈیاں — منسوب پھول: من سکھ
منسوب درخت: صنوبر، بید کا درخت — منسوب غذا: گوشت
منفی اور مؤنث برج — بائیوکیمک سالٹ: کلکیر یا فاس

SYED MUSTAFA KAMAL

حالات وواقعات کی روشنی میں

آسمانی کونسل پر **2020**ء جسکا مفرد نمبر **4** ستارہ شمس (قدیم) ستارہ یورانس (جدید) سے منسوب لہروں کے دوش پر اپنی روحانیات بڑھا کر اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کم از کم یہ دُعا **40** مرتبہ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں۔ (اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ یَا اَللّٰهُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِیُّ) یوں سال **2020**ء آپکی زندگی کا کامیاب سال ثابت ہوگا۔

2020ء آسمانی کونسل پر آپ کے طالع میں **5** ستاروں کا اجتماع شمس عطارد مشتری پلوٹو کیتو اور آپ کا حاکم زحل بھی اسی گھر میں ہونے سے آپ کے علم میں ہے کہ آپ کی شمسی ساڑھ ستی ان دنوں جاری ہے۔ طالع کے مقابل راہو اور پھر **11** جنوری مقابل چاند گرہن لگنے سے سال کی شروعات آسمانی کونسل پر ستاروں کی ناقص پوزیشن کے سبب کوئی خاطر خواہ اچھے انداز سے نہ ہوگی آپکی جاری ساڑھ ستی **7** مارچ **2023**ء کو ختم ہوگی۔ اب سے تب تک کا زمانہ انتہائی پھونک پھونک کر چلنے کا ہے۔ ساڑھ ستی میں عموماً قانونی تاخیر رکاوٹیں التواء پریشانیاں کام بنتے بنتے رُکنے لگتے ہیں۔ مالی کاروباری نقصانات روپے پیسے میں بے برکتی الغرض وہ سبھی نحوستیں متوقع ہوسکتی ہیں جن کا کبھی آپ نے پہلے سوچا بھی نہ ہوگا۔ ابھی صبر آزما ساڑھے سات سال میں سے تین سال باقی ہیں۔ ہم قانونِ قدرت کے تحت ستاروں کی گردش کو تو بدل نہیں سکتے لیکن بارش میں جیسے چھتری کام کرتی ہے آپ کو **2020**ء کے عجیب وغریب نقصانات کے تحفظ کے لئے **9** روحانی صدقات ہدیہ کر رہے ہیں۔ آپ نے ذرا سی ہمت کر کے ان **9** میں سے چند روحانی اوپائے یا پھر سبھی پر عمل کر لیا تو یقین جانیں آپ **2020**ء کی ممکنہ نحوستوں اور پریشانیوں سے تحفظ و پناہ میں آجائیں گے۔ (**1**) **786** مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھیں اور ہر تسبیح میں وقفہ کر کے اپنے لئے دعائیں کریں۔ (**2**) صبح یا شام **313** مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر ہر تسبیح میں دعائیں کرنا معمول بنالیں۔ (**3**) توبہ استغفار کی تسبیح **268** مرتبہ روزانہ اوّل وآخر **11-11** مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی حل المشکلات کیلئے دعائیں کرنا معمول بنالیں۔ (**4**) **سورۃ رحمٰن میں ذکر کردہ یاقوت مرجان اور موتی جواہرات** میں سے کوئی ایک نگینہ چاندی میں مڑوا کر اپنے دائیں ہاتھ میں دو نفل شکرانہ کے ادا کر کے بنوا کر پہنیں۔ (**5**) اپنے والدین یا پھر کسی بزرگ جس کی عمر **60** سال سے زیادہ ہو۔ اس کی خدمت اور دیکھ بھال کو اپنا معمول بنالیں۔ (**6**) ہر منگل حسبِ توفیق کلیجی پھیپھڑے لے کر ان پر نمک مرچ ہلدی اور سرسوں تیل لگا کر جانوروں کو صدقہ ڈالیں۔ (**7**) **9** پھلدار درخت بطور صدقہ جاریہ کسی مناسب جگہ لگائیں۔ (**8**) پانی کے **9** مٹکے یا واٹر کولر کسی جگہ بطور سبیل لگائیں۔ (**9**) ہر ماہ سفید کپڑا یا دودھ حسبِ توفیق بزرگ مستحق لوگوں میں تقسیم کریں۔ بارہ منطقۃ البروج میں آپ کا واحد برج جدی **2020**ء میں نہایت ہی حساس نوعیت کے مستقبل کے حالات وواقعات کی نشاندہی کر رہا ہے آپ نے ہماری مندرجہ بالا گزارشات پر عمل کیا تو یقیناً یہ آزمائش طلب سال بخیر گزر ہی جائے گا۔ الغرض **2020**ء آپ کی زندگی میں جی کھول کر صدقہ وخیرات دینے کے علاوہ اپنے مالک وخالق سے رجوع کر کے نماز شب پڑھ کر دعاؤں میں بسر کرنے کے ساتھ اپنا معمول بنالیں۔

آپ کی شخصیت: ۔آپ کے طالع کا حاکم ستارہ زحل جو گزشتہ سال سے آپ کے طالع میں چلا آرہا ہے اس سال برج تبدیل کرتے ہوئے **22** مئی تا یکم جولائی اور **17** تا **21** دسمبر۔ یہ دوسرے میں چلا جائے گا۔ ستارہ زحل طالع اور دوسرے کا مشترکہ حاکم ہے۔ **2020**ء میں صبر وتحمل اور مستقبل

مزاجی سے آپ کو آگے بڑھنے کے مواقع خصوصاً مندرجہ بالا روحانی تدارک سے آپ نے اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کر لی ہے تو آپ کی ترقی کا گراف خواہ وہ سست رفتاری سے ہی کیوں نہ ہو آگے بڑھنے لگے گا۔ آپ مستقل مزاجی سے اپنے اہم کاموں کی انجام دہی کیلئے کوشاں رہیں یقیناً آپ کو سال کے آخر میں اچھے ثمرات ہی ملیں گے۔ ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب جلد بازی اور جذباتی پن کا مظاہرہ نہ کریں۔ اور خواہ مخواہ دوسروں سے اُلجھنے سے بھی گریز کریں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ 2020ء خانہ مال سے بارہویں 6 ستاروں کا قیام مالی معاملات میں عارضی طور سے رکاوٹیں لا سکتے ہیں۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 22 مئی تا یکم جولائی اور پھر 17 دسمبر 2020ء تا 7 مارچ 2023ء خانہ مال میں آجائے گا۔ زحل کا چونکہ یہ ذاتی اور فعلی برج بھی ہے۔ ساڑھ ستی کے باوجود آپ ذرائع آمدن بڑھانے اور معاشی اُمور کی بہتری کیلئے کوشاں رہیں۔ طویل المعیاد سرمایہ کاری خواہ اس سے آمدن کم ہی کیوں نہ ہو آپ کو ایسے معاملات میں حصہ لینا چاہیے جیسے زمین جائیداد سے کرایہ داری یا پھر کسی نیشنل سیونگ یا انشورنس پلان سے مستقبل کے مالی مفادات کی منصوبہ بندی جیسے سبھی اُمور نیک ثابت ہونگے ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب اچانک مالی اخراجات بڑھنے سے یا کاروباری لین دین میں نقصانات سے بچنے جیسے اقدامات ذہن میں رکھیں۔ قرض دینا اور لینا ہرگز اس سال مناسب نہ ہوگا۔ اشد ضرورت کے تحت ہی ایسا کریں زحل زہرہ سعد نظرات 5,4,3 فروری، 6,5,4,3 اپریل، 25,24 اکتوبر اور 16,15,14 دسمبر بننے سے ان ایام خیر و برکت کے حصول اور ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہونگی۔ جبکہ زحل زہرہ نحس نظرات 4,3,2 مارچ، یکم، 3,2 ستمبر اور 20,19,18 نومبر بننے سے لین دین اور مالی معاملات میں انتہائی احتیاط سے کام کریں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مشتری 17 دسمبر تک طالع میں ہبوط یافتہ اور ابتداء سال میں 5 ستاروں کے اجتماع میں ہونے کے سبب عزیز و اقارب، بہن بھائیوں کی جانب سے فرمائشوں کا ایک لامتناہی سلسلہ جاری ہو سکتا ہے۔ انہیں پورا کریں تو آپ کیلئے مشکل اور نہ پورا کریں تو بھی آپ کیلئے مشکلات میں اضافہ۔ آپ کو مشورہ ہے کہ آپ صلہ رحمی کے تحت اپنے عزیز و اقارب پڑوسیوں کو کسی بات پر انکار کرنے کے بجائے ان سے خندہ پیشانی سے پیش آئیں اور ان سے انکی اُمید پر مدد کا وعدہ کریں کہ آپ ممکنہ ان کی خدمت خواہ وہ مالی ہو یا اخلاقی یا پھر ان کو مشاورت یا وقت دینے کی خدمت کا احسن طریقے سے وعدہ کر لیں۔ قدرت نے آپ سے ان کی خدمت لینی ہوگی تو وہ آپ کو ضرور ایسے اسباب بھی مہیا کر دے گا۔ یوں تو اس سال اندرون ملک غیر ضروری سفروں سے اجتناب برتیں۔ 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں (اُلٹا) ہونے کے سبب دوران سفر اپنے مال و اسباب کا خیال رکھیں۔ حسب توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ مریخ جو آپ کے چوتھے اور گیارہویں گھر کا مشترکہ حاکم ہونے کے ساتھ 2020ء میں آسانی کونسل پر اس کی گردش اس سال آپ کیلئے کسی نعمت سے کم نہ ہوگی۔ ستارہ مریخ ابتداء سال میں یکم، 3,2 جنوری عروج یافتہ، 16 فروری تا 31 مارچ طالع میں شرف یافتہ اور پھر اپنے ہی گھر وتد الارض میں طویل عرصہ کیلئے 27 جون 2020ء تا 7 جنوری 2021ء تک قیام کرے گا۔ آپکی سماجی اور خاندانی مصروفیات اچانک بڑھ جائیں۔ اندرونِ خانہ مہمانوں کی آمد و رفت اور خاندانی مسائل و پریشانیوں کیلئے آپ کے ہاں مشاورت و پنچائیت ہوتی رہے۔ آپ حوصلہ مندی سے اہلِ خاندان کے درمیان پل کا کام کرتے ہوئے خاندان کے ناراض بچھڑے پیارے رشتوں کو پھر سے ملا سکتے ہیں۔ ستارہ مریخ 10 ستمبر تا 14 نومبر رجعت میں ہونے کے سبب بعض حاسد قسم کے لوگ آپ کے خلوص کو غلط رنگ دینے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ زمین جائیداد کی خرید و فروخت رہائشی تزئین و آرائش بھی کی جا سکے۔ حسبِ حیثیت سواری کا حصول بھی بآسانی ممکن ہو سکے۔ مریخ زحل سعد نظرات 30,29,28,27 جون، بننے سے آپ اپنے پینڈنگ کاموں کو بآسانی ان ایام میں نپٹا سکیں گے۔ مریخ زحل نحس نظرات 30 مارچ تا 2 اپریل، 21 تا

29 اگست، 25 ستمبر تا 3 اکتوبر اپنے حاسدین ومخالفین کی ریشہ دوانیوں سے محتاط رہیں۔حسبِ توفیق صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں دوسرے ہونے سے صاحب اولاد اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت اور ان کی منگنی یا شادی جیسی خوشیوں پر اخراجات کرنے پسند کریں۔شمسی ساڑھ ستی کے سبب ممکنہ کوشش کریں کہ قرض لے کر آپ ان فرائض کو ادا کرنے کی کم سے کم کوشش کریں۔ستارہ زہرہ 13 جنوری تا یکم فروری شرف یافتہ، 5 مارچ تا 6 اگست اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج اور اوج کے گھروں میں رہتے ہوئے آپ اپنے وقتاً فوقتاً منتشر ذہن ہونے کے سبب محبت فلم آرٹ علمی ادبی محافل کی رنگینوں میں کھو کر سکون حاصل کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ پہلے سے اگر آپ کی محبت چل رہی ہے تو اسے شادی تک جلد منتہی کر لیں۔ورنہ ایسے جذباتی رشتے ٹوٹنے کے امکانات اس عرصہ میں کچھ زیادہ ہی رہیں گے۔اسٹاک ایکسچینج اور شیئرز کے کاروبار میں محتاط حصہ لیں۔انٹرنیشنل لاٹریوں اور پرائز بانڈز میں حصہ لینے کے شوقین 5,4,3 جنوری، 5,4,3 فروری، 6,5,4,3 اپریل، 30,29,28,27 جون، 30,29,28 ستمبر، 25,24 اکتوبر، 15,14 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے ہر جمعرات کسی درگاہ پر حاضری اور زردہ کی نذر دلا کر زائرین میں تقسیم کرنا نیک عمل ثابت ہوگا۔حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم درود شریف کے ساتھ بھی ورد کرنا سارا سال روحانی فیض بخشے۔حصولِ انعام کیلئے 6 سے 10 قراٹ کا اوپل دونفل شکرانہ کے ادا کر کے پہننا نیک رہے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں طالع میں دیگر 5 ستاروں کے جھرمٹ میں ہونے کے سبب ذہنی دباؤ ڈپریشن محسوس کر سکتے ہیں۔کام کاج کی زیادتی کے سبب آپ کی صحتِ جسمانی متاثر ہوسکتی ہے۔آسمانی کونسل پر ستاروں کی نشستی اعتبار سے اس سال اپنا مکمل میڈیکل چیک اَپ کروائیں۔بلڈ پریشر، کولیسٹرول، ذیابیطس، یورک ایسڈ، کمزوری معدہ وجگر، ہیپاٹائٹس کے ٹیسٹ یا جو آپ کا ڈاکٹر مشورہ دے وہ ٹیسٹ ضروری کروائیں۔وہ افراد جن کا وزن بڑھ رہا ہے۔انہیں گھٹنوں اور پاؤں کے جوڑوں کی درد کا اندیشہ ہوسکتا ہے۔ستارہ عطارد 12 تا 18 مئی اور 20 اگست تا یکم دسمبر اپنی سعادت کے سبب بیروزگار افراد کو روزگار کے اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک اچھے مواقع ملیں اور تبدیلی روزگار کے مواقع بھی حسبِ منشا مل سکیں۔ان مشترکہ ایام میں مقدمات قرض کی ادائیگی جیسے حساس معاملات کو حل کرنے کیلئے بھی مثبت کوششیں بارآور ثابت ہوں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ قمر یوں تو ہر ماہ آپ پر سعادتیں نچھاور کرتا ہے تاہم 2020ء یوں قدرے توجہ طلب سال ہے۔ابتداء سال میں 6 ستارے ساتویں کے مقابل اور خصوصاً ساتویں میں راہو کا 5 مئی تک قیام اور پھر 11 جنوری چاند اور 21 جون سورج گرہن اس گھر میں لگنے سے شراکتی ازدواجی تعلقات خاصے آزمائش طلب ہونگے۔جن لڑکے لڑکیوں کی اس سال شادی متوقع ہے۔انہیں اپنے شراکتی رشتے داروں سے تعلقات اور گفتگو میں خاصی احتیاط سے کام لینا چاہئے ورنہ طے شدہ رشتہ متاثر ہوسکتا ہے۔اور شادی میں عارضی طور سے تاخیر کا بھی اندیشہ ہے۔اپنے شریکِ کار اور اپنے شریکِ حیات سے بھی تعلقات میں احتیاط سے کام لیں۔شراکتی تعلقات منقطع ہوسکتے ہیں اور زوجین کے مابین علیحدگی یا ناراضگی جیسے حالات پیدا ہونے کا اندیشہ سال کے پہلے 5 ماہ خاصے احتیاط طلب ہونگے۔5 مئی راہو کی ساتویں اور کیتو کی طالع سے تبدیلی سے حالات میں قدرے بہتری ہونے لگے گی۔اس سال شادی کرنے والے نیک وقت نکاح کسی منجم سے ضرور نکلوائیں تاکہ ان کا بندھن مضبوط ہو اور ٹوٹنے نہ پائے۔ ستارہ قمر ہر ماہ اپنی سعد پوزیشن کے سبب 11,10,9,6,5,4 جنوری، یکم ,28,7,6,3,2 فروری، 31,27,26,25,6,5,4 مارچ، یکم ,28,27,24,23 اپریل، 25,21,20 مئی، 22,21,17,16 جون، 20,19,18,15,14,13 جولائی، 16,15,11,10 اگست، 12,11,7,6 ستمبر، 31,10,9,8,5,4,3 اکتوبر، یکم 28,27,6,5 نومبر، یکم ,30,29,26,25,24,3,2 دسمبر مجموعی طور پر یہ سبھی ایام رشتے ناطے طے کرنے کیلئے نیک ہیں۔ممکنہ ان ایام سعادت

حاصل کی جاسکتی ہے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف کا حاکم ستارہ شمس 20 مارچ تا 19 اپریل، 22 جولائی تا 22 اگست سعد پوزیشن میں ہونے کے سبب حصول وراثت اور شراکتی وراثتی کاموں اور خصوصاً انشورنس کلیم جیسے کاموں کیلئے بھی یہ ایام موافق ہیں۔ 20 جنوری تا 19 فروری، 22 ستمبر تا 23 اکتوبر، 21 تا 31 دسمبر شمس کی کمزور پوزیشن دوسروں سے لین دین اور مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لیتے وقت محتاط رہیں۔ شمسی ساڑھ ستی کے سبب کچھ ناعاقبت اندیش لوگ آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر سکتے ہیں ان سے محتاط رہتے ہوئے اپنے کاموں کو صرف مندرجہ بالا سعد اوقات میں ہی حل کرنے کی کوشش کریں۔ جنوری، جون، جولائی، نومبر، دسمبر لگنے والے چاند اور سورج گرہن آپ کے وراثتی مسائل و پریشانیوں کو مزید متاثر کر سکتے ہیں۔ حسبِ توفیق صدقہ و خیرات دینے کے ساتھ ساتھ اپنے مخلصین اور بزرگوں سے بھی مسلسل مشاورت میں رہیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ نویں کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں طالع میں تحت الشعاع یا غروب 5 ستاروں کے اجتماع میں ہونے کے سبب مستقبل کی منصوبہ بندی کیلئے پہلی سہ ماہی کا وقت کچھ خاص مناسب نہ ہوگا۔ 2020ء قانونی مسائل و پریشانیوں کے حل کیلئے اپنے قانونی مشیر سے مسلسل مشاورت میں رہیں۔ بیرونِ ملک ہائر ایجوکیشن کیلئے جانے والے طلبہ اور کاروباری حضرات کیلئے یوں تو یہ سارا سال اتنا اچھا نہیں تاہم ستارہ عطارد 12 تا 28 مئی، 20 اگست تا یکم دسمبر سعد گھروں میں ہونے کے سبب ان ایام میں بیرونِ ملک تعلیم یا سفر کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں البتہ حج وعمرہ اور زیارات مقدسہ پر جانے والے افراد ان ایام میں بآسانی سفر پر جاسکیں گے۔ ستارہ عطارد 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 18 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر رجعت میں ہونے کے سبب مستقبل کی منصوبہ بندی بیرونِ ملک سفر قانونی معاملات۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول میں سست روی کا امکان اپنی تمام حل المشکلات کیلئے تمام سال بدھ کے دن سبز میٹھی گولیوں کا چورا کر کے حشرات الارض کو ڈالنا معمول بنالیں۔ عطارد زحل سعد نظرات 12,11 اپریل، 13,12 مئی 4,3,2 ستمبر، 30 نومبر، یکم دسمبر بننے سے یہ سبھی ایام پیدا شدہ مسائل و پریشانیوں کے حل کیلئے نہایت مفید ثابت ہوں۔ بزرگوں یا والدین سے ضرور دُعا لیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کے گھر کا حاکم ابتداء سال میں خانہ مال میں ہونے کے سبب کاروباری لین دین اور معاملات میں محتاط انداز سے وسعت لانے کا باعث بن سکتا ہے۔ شمسی ساڑھ ستی کے سبب یوں تو کیرئیر کے معاملات سارا سال ہی توجہ طلب رہیں گے تاہم ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 8 فروری، 5 مارچ تا 7 اگست، 28 اکتوبر تا 21 نومبر شرف اوج اور عروج کے گھروں میں ہونے کے سبب آپ کی مستقل مزاجی اور پیشہ ورانہ انتھک محنت سے آپ اپنی کھوئی ہوئی ساکھ کو بحال کرنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں آپ کی حیثیت و شخصیت میں اضافہ، سماجی سیاسی مصروفیات وقفہ وقفہ سے جاری رہیں۔ بااثر لوگوں سے تعلقات ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے ترقی و مراعات جیسی اُمیدیں بھی برآئیں۔ زہرہ زحل سعد نظرات 5,4,3 فروری، 6,5,4,3 اپریل، 25,24 اکتوبر، 16,15,14 دسمبر بننے سے ان ایام میں کیرئیر و کاروبار کو آگے بڑھانے کیلئے آپ جو بھی کوشش کریں گے ان سے نفع پائیں۔ شمسی ساڑھ ستی کے سبب کاروباری معاہدے ذمہ داری سے کریں۔ زہرہ زحل نحس نظرات 4,3,2 مارچ، یکم 3,2, ستمبر، 20,19,18 نومبر بننے سے تب کوئی ایسی ذمہ داری اپنے اوپر نہ لیں جسے آپ پورا نہ کر سکیں۔ غیر متوقع اور سہواً نقصانات شمسی ساڑھ ستی کے سبب ہونے کا اندیشہ نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ ممکن ہو تو روزانہ اپنا کاروباری صدقہ و خیرات حسبِ توفیق ضرور نکالتے رہیں۔ بلاشبہ صدقے خیرات اور کسی اسم اعظم یا درود شریف کے ورد سے ہی اپنے اس سال کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں اپنے ہی گھر عروج یافتہ اور پھر 16 فروری تا 31 مارچ طالع میں شرف یافتہ ہونے کے علاوہ ایک مرتبہ پھر 28 جون تا 7 جنوری تک چوتھے گھر میں طویل عرصہ کیلئے عروج یافتہ رہے گا۔

گیارہویں چوتھے دو اچھے گھروں کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ آپ کی سماجی قائدانہ صلاحیتوں میں اضافہ۔ حلقہ احباب میں وسعت، زمین جائیداد کی خرید و فروخت سے فائدہ اور بگھڑے ہوئے کام اس سال بآسانی ذرا سی کوشش سے حل ہو سکتے ہیں۔ 2020ء حلقہ احباب میں وسعت کیلئے انتہائی اہم سال دکھائی دیتا ہے۔ اس سال آپ کو اپنے دوستوں اور ان کی فیملیز کی خدمات انجام دینی پڑسکتی ہیں۔ ایسے اخلاقی کام خوش دلی سے انجام دیں۔ یہ آپ کا اس سال کا بہترین صدقہ اور صلہ رحمی ہوگا۔ اور اس کے نتیجہ میں آپ کی بھی کئی ایک مشکلات دور ہو سکیں گی۔ نہ صرف یہ 2020ء میں آپ کی بڑی نہیں تو چھوٹی معصوم خواہشات پوری ہو سکیں گی۔ **"کر بھلا سو ہو بھلا"** آپ جتنے زیادہ دوسروں کے کام آئیں گے قدرت بھی آپ پر اتنی زیادہ فیاض اور مہربان ہو سکے گی۔ **29,28,27** جون سال کے وہ سعد ایام جب آپ کی دیرینہ خواہش پوری ہو سکے گی۔ مریخ زحل نحس نظرات **30** مارچ تا **2** اپریل، **21** تا **29** اگست، **25** ستمبر تا **3** اکتوبر بننے سے اپنے حاسدین دوست نما دشمنوں سے محتاط رہیں۔ ان سے لین دین اور کھاتہ پڑتال پر ذہنی تفکرات پیش آسکتے ہیں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد خفیہ دشمنوں کا حاکم ستارہ مشتری **19** دسمبر تک طالع میں دیگر **5** ستاروں کے اجتماع میں ابتداء سال ہونے سے **2020**ء میں آپ کے تمام معلوم نامعلوم خفیہ دشمن آشکار ہو سکیں گے۔ **2020**ء اس لحاظ سے اچھا سال ہے کہ آپ کو اپنے تمام دوستوں اور دشمنوں کی تمیز ہو سکے گی۔ ایسے ناعاقبت اندیش حاسد جو نہ صرف آپ کے خلاف سازشیں کرتے رہتے ہیں۔ اور آپ پر نظرِ بد کے علاوہ جادو ٹونہ جیسی بدنظرات کرتے رہتے ہیں ان لوگوں سے بھی ممکنہ چھٹکارا مل سکتا ہے زیادہ عمر کے افراد بیرونِ ملک اپنی رہائش ختم کر کے اپنے وطن میں آباد ہونے کا عملی منصوبہ سوچیں گے۔ حصولِ امیگریشن کے خواہاں افراد اپنے ضروری کاغذات نہ مکمل ہونے کے سبب جلد امیگریشن حاصل نہ کر سکیں۔ **2020**ء ایک فلکیاتی اندازے کے مطابق بڑھتے ہوئے ہر قسم کے اخراجات پر قابو پانے کیلئے پلاننگ کا سال دکھائی دیتا ہے۔

جدوی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔ **2020**ء میں **4** چاند اور **2** سورج گرہن لگیں۔ **11** جنوری چاند اور **21** جنوری سورج گرہن ساتویں گھر لگنے سے خانگی ازدواجی شراکتی مسائل و پریشانیاں اچانک پیش آسکتی ہیں۔ اپنی شریکِ حیات کی صحتِ جسمانی کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ **6** جون چاند گرہن اور **14** دسمبر سورج گرہن بارہویں گھر لگنے کے سبب ایسے افراد جو طویل عرصہ سے کسی نظر بندی یا ہسپتال میں زیرِ علاج تھے انہیں شفا مل سکے گی۔ **5** جولائی چاند گرہن طالع میں لگنے کے سب حاسدین مخالفین آپ کی عزت و توقیر کو خراب کرنے کیلئے سازشیں کر سکتے ہیں۔ **30** نومبر چھٹے چاند گرہن مسائل و پریشانیوں میں کمی لائے مقدمات اور قرض مرض سے ممکنہ حد تک نجات مل سکے گی۔ گرہن لگنے کے **15** دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے صدقہ و خیرات جی کھول کر دیتے رہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ و خیرات بھی ضرور دیں۔

سعد تواریخ:۔ یکم، **29,24,15,12,6** جنوری، **25,20,16,11,4,3** فروری، یکم، **31,29,24,20,19,14,10** مارچ، **25,20,15,12,11,7,4** اپریل، **31,22,17,13,8,4** مئی، **28,19,14,9,5** جون، **29,25,16,11,6,2** جولائی، **29,25,21,12,7,2** اگست، **26,21,18,17,11,8,3** ستمبر، **28,24,23,15,5** اکتوبر، **29,24,19,15,11** نومبر، یکم، **27,22,17,15,13,9** دسمبر

نحس تواریخ:۔ **31,17,11,4** جنوری، **28,13,6** فروری، **26,12,5,3** مارچ، **28,26,23,21,9,2** اپریل، **30,20,6** مئی، **30,23,16,2** جون، **27,24,21,13** جولائی، **23,17,10,3** اگست، **30,19,6,2** ستمبر، **30,18,17,4** اکتوبر، **27,13,2** نومبر، **24,11,4** دسمبر

حاکم سیارہ: زحل و یورینس | نشان: مشکیزہ بردار | حروف: س ش ث ص

ذاتی عقیدہ: میں جانتا ہوں (I Know) عنصر: ہوا (Air)

خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت) | نفسیاتی ٹائپ: سوچنا

منسوب رنگ: نیلا اور بنفشی | اعضائے جسمانی: ٹخنہ

منسوب دھات: یورینیم | منسوب پتھر: نیلم اور ڈائمنڈ

منسوب پھول: ثعلب مصری، | منسوب درخت: پھل دار

حالات و واقعات کی روشنی میں ثبت اور مذکر برج | بائیو کیمک سالٹ: نیٹرم میور

TAHIR UL QADRI

دلو
زحل

21 جنوری تا 19 فروری

آسمانی کونسل پر **2020**ء جسکا مفرد نمبر **4** ستارہ شمس (قدیم) ستارہ یورانس (جدید) سے منسوب لہروں کے دوش پر اپنی روحانیات بڑھا کر اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کم از کم یہ دُعا **40** مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں۔ (اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ یَا اَللّٰہُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِی) یوں سال **2020**ء آپکی زندگی کا کامیاب سال ثابت ہوگا۔

2020ء آسمانی کونسل پر ستاروں کی نشست کے اعتبار سے آپ کا سالانہ شمسی زائچہ سب سے الگ تھلگ اور ایک منفرد زائچہ معلوم ہوتا ہے۔ جیسے کہ آپ کے علم میں ہے کہ آپ کی شمسی ساڑھ ستی چل رہی ہے۔ جو **14** فروری **2026**ء تک جاری رہے گی۔ قانونِ قدرت کے تحت ستاروں کا عروج و زوال ہر دور میں ہوتا رہتا ہے۔ جیسے چاند اور فل مون کی کرنیں سمندر میں مدو جزر پیدا کرتی ہیں اسی طریقے سے ہم سب زمین والے بھی ستاروں کے اثرات سے متاثر ہوتے ہیں۔ ستارہ زحل آپ کا فعلی حاکم ستارہ ہے۔ کچھ منجمین کی رائے ہے کہ آپ شمسی ساڑھ ستی سے بری الذمہ ہیں۔ ساڑھے سات سالہ خراب دور دراصل ویدک آسٹرالوجی کے تحت زائچہ میں چاند کی پوزیشن کے تعین سے کیا جاتا ہے۔ لیکن چونکہ سبھی بہن بھائی اپنا انفرادی زائچہ کسی منجم سے نہیں بنواتے لہٰذا دُنیا میں چھپنے والی عموماً سبھی جنتریاں شمسی زائچہ سے ہی انہیں ساڑھ ستی کی آگاہی دیتی ہیں۔ اپنے بارے میں انفرادی راہنمائی جاننے کیلئے آپ کسی بھی اچھے منجم یا صاحبِ علم سے ضرور اپنا زائچہ بنوا کر راہنمائی لیں۔ آسمانی کونسل پر **2020**ء میں **4** اہم ستارے برج تبدیلی کریں گے اور اس میں آپ کا اپنا حاکم ستارہ زحل **27** سال بعد **22** مارچ **2020**ء کو طالع میں آئے گا۔ زحل کا قیام طالع میں **22** مارچ تا یکم جولائی اور پھر **17** دسمبر **2020**ء سے لے کر **7** مارچ **2023**ء تک زحل طالع میں ہی قیام کرے گا۔ ستارہ زحل ایک سنجیدہ معلم اور بزرگ ستارہ ہے۔ شاہ و گدا بنانے میں اس کا زائچے میں بہت ہی گہرا عمل دخل ہوتا ہے۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو **2020**ء آپ کے اندر نظم و ضبط خود اعتمادی اور مستقل مزاجی ہونے سے آپ پہلے سے زیادہ اپنے آپ کو باعمل اور بہتر محسوس کریں گے۔ آپ کے اندر چھپی ہوئی فنی قابلیت اور تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ ابتداء سال میں **6** ستاروں کا اجتماع بارہویں گھر میں جن میں آپ کا حاکم ستارہ زحل بمعہ شمس عطارد مشتری پلوٹو کیتو اور مقابل راہو ہونے سے کچھ ناعاقبت حاسدین مخالفین آپ کے خلاف ریشہ دوانیوں سازشیں نظرِ بد جادو ٹونہ جیسی گھناؤنی سازشیں کرنے کی ناپاک جسارت کر سکتے ہیں۔ ابتدا سال میں ستارہ مریخ عزت اور کیریئر کے گھر میں ہونے سے خود اعتمادی دے گا۔ تاہم مریخ **16** فروری تا **31** مارچ جب بارہویں گھر میں شرف یافتہ ہوگا تب اپنی صحتِ جسمانی کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ ٹریفک حادثات اور ہسپتالوں کے چکر لگنے جیسے خدشات سے بچنے کیلئے صدقہ و خیرات جی کھول کر دیتے رہیں۔ ممکن ہو تو صبح نمازِ فجر فرض یا قضاء پڑھ کر چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں دم شدہ پانی پئیں اور دُعا کرتے رہیں۔ نظرِ بد جادو ٹونہ سے تحفظ کیلئے بہترین ریمیڈی ہے۔ ستارہ مریخ شمسی زائچہ کے تیسرے گھر میں **28** جون تا **7** جنوری **2021**ء غیر معمولی قیام کرے گا۔ آپ کے اندر مشکلات پر قابو پانے کیلئے ایک ڈائنامک یا مضبوط روحانی قوت محسوس کریں گے۔ اپنی ذات سے ہٹ کر آپ اجتماعی کاموں میں حصہ لینا پسند کریں گے۔ **''کر بھلا سو ہو بھلا''** کے مصداق آپ کے اپنے ہی کام بھی بخیر و خوبی انجام پاتے رہیں گے۔ طالع میں زحل کی آمد کے بعد **5** مئی راہو کیتو بھی برج تبدیل کر کے پانچویں گیارہویں آجائیں گے۔ مئی سے دسمبر تک بچوں کی جانب سے خوشیاں اور جواباً آپ کی طرف سے ان کی نگہداشت تعلیم و تربیت پر توجہ اور اخراجات بڑھیں گے۔ محبت اور انعام جیسے حساس جذبات بھی اُبھریں گے۔ اور پھر **19** دسمبر سعد اکبر ستارہ مشتری آپ کے طالع میں آئندہ ایک سال کیلئے آجائے گا مشتری آپ کے دو اچھے گھروں خانہ مال اور نیک خواہشات اور تکمیل کے سبب آپ کی جاری ساڑھ ستی کے مسائل و پریشانیوں میں کمی لائے گا۔ خصوصاً شادی بیاہ شراکتی معاملات کیلئے سال کے آخر میں خانگی

ازدواجی خاندانی خوشیوں میں اضافہ ہوگا۔

آپ کی شخصیت:۔ 2020ء ابتداء سال میں ستارہ زحل کی 22 مارچ تک بارہویں بمعہ 5 ستاروں کی نشست کے سبب سال کی ابتداء اگرچہ اتنے اچھے انداز سے نہیں ہوگی تاہم جیسے جیسے وقت گزرے گا حالات وواقعات میں بہتری آنے لگے گی۔ اپنے ہاتھ میں **یاقوت** یا **مرجان** کا نگینہ ضرور پہنیں۔ ستارہ زحل 22 مارچ تا یکم مئی طالع میں آنے سے قدرے حل المشکلات اور سہولتوں میں اضافہ کرے گا۔ ان سعد ایام میں اپنے اہم کاموں کی تکمیل کی طرف توجہ دیں۔ ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب کاموں میں سست روی اور رکاوٹیں پیش آسکتی ہیں۔ ہر منگل گوشت یا کلیجی پھیپھڑے کا صدقہ دینے کے ساتھ ساتھ درود پاک اور نماز پنجگانہ کی پابندی کے ساتھ اپنے اور اپنے اہل خانہ کیلئے دُعائیں کرنا معمول بنالیں۔ یقیناً اس حسنِ عمل سے نیکی اور بہتری پائیں گے۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ دوسرے خانہ مال اور خاندان میں وسعت کا حاکم ستارہ مشتری 19 دسمبر تک زائچہ کے بارہویں نحس گھر میں ابتداء سال دیگر 5 ستاروں کے ساتھ ہبوط یافتہ رہے گا۔ 2020ء ذرائع آمدن میں اضافہ کے لحاظ سے کوئی اتنا اچھا سال نہیں ہے۔ آمدن سے اخراجات بلند رہیں۔ ناگہانی اخراجات قرض کے لین دین، چوری چکاری یا کسی غلط معاشی فیصلے کے سبب آپ کو نقصانات عظیم ہوسکتے ہیں۔ شمسی ساڑھ ستی ان خدشات کو تقویت دیتی ہے۔ 2020ء ایک ایسا مالی احتیاط طلب سال ہے کہ آپ خود احتسابی کے تحت اپنے اوپر کچھ پابندیاں ایک سال کیلئے لگالیں۔ اسراف سے گریز کریں۔ قرض لینے دینے میں احتیاط کریں خاندانی صدمات اور مسائل و پریشانیوں سے بھی واسطہ پڑسکتا ہے۔ خاص طور سے مالی معاملات میں اتنے ہی پاؤں پھیلائیں جتنی آپ کی چادر ہو۔ زحل مشتری قران 12 تا 30 دسمبر کے مابین شمسی زائچہ کے طالع اور بارہویں کے کسب پر ہونے سے ناگہانی مالی نقصانات سے بچنے کی پہلے سے منصوبہ بندی کر رکھیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں مضبوط پوزیشن میں ہونے کے سبب عزیز واقارب بہن بھائیوں کی جانب سے ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ خوشیاں بھی ملیں۔ ستارہ مریخ 16 فروری تا 31 مارچ بارہویں شرف یافتہ ہونے کے سبب عزیز و اقارب بہن بھائیوں کی جانب سے فرمائشوں کا ایک سلسلہ شروع ہوجائے گا جس کو ممکنہ حد تک آپ کو پورا کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر ان کی ناراضگی کیلئے تیار رہیں۔ ستارہ مریخ 28 جون تا 7 جنوری تیسرے اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ رہتے ہوئے عزیز واقارب، بہن بھائیوں سے جذباتی ایثار ومحبت اور قربانی جیسے تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ ان ایام میں ناراض اندرونِ ملک متعدد کاروباری تفریحی مطالعاتی اور روحانی سفر پیش آسکتے ہیں۔ 2020ء عزیز واقارب بہن بھائیوں سے تجدید مراسم کا بہترین سال ہے ستارہ مریخ 10 ستمبر تا 14 نومبر رجعت میں ہونے کے سبب اپنے جذباتی پن غم وغصہ پر قابو رکھنے سے آپ آپس کی بہت ساری غلط فہمیوں سے بچ سکتے ہیں۔ ستارہ زحل مریخ قران 30 مارچ تا 2 اپریل اور تربیعات 21 اگست تا 29 اگست، 25 ستمبر تا 30 اکتوبر ہونے سے بہن بھائیوں اور قریبی تعلق کے اختلافات سے بچیں اور ان کی عزت واحترام اور واجبات کو عبادت سمجھ کر پورا کریں اس حسنِ عمل سے آپ بہت ساری غیر متوقع پریشانیوں سے بچے رہیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں طالع میں ہونے کے سبب سال کی ابتداء سے ہی خاندانی اور سماجی خوشیوں میں اضافہ ہو۔ صبر وتحمل فرمانے اور اپنے اندر خوش طبعی پیدا کرنے سے آپ اہل خاندان کو اپنا گرویدہ بنا سکتے ہیں۔ ستارہ زہرہ اور ستارہ مشتری کی مشترکہ سعد نظرات اندرونِ خانہ سارا سال وقفہ وقفہ سے مہمانوں کی آمد ورفت اور تقریبات کا سلسلہ جاری رہے۔ زمین جائیداد کی خرید و فروخت تبدیلی رہائش زراعت کاشتکاری باغبانی سے غیر متوقع نفع پائیں۔ ساڑھ ستی کے باوجود بھی آپ اپنے لئے بہتر سواری خرید پائیں۔ 2020ء میں اپنے آفس یا رہائشی ماحول میں تزئین وآرائش کرنے سے آپ اپنے رہن سہن اور ماحول میں بہتریاں پائیں۔ بزرگوں اور والدہ کی دُعائیں آپ کے ساتھ مسلسل رہیں۔ ستارہ زہرہ 31 جنوری تا یکم فروری شرف یافتہ 5 مارچ تا 7 اگست اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر اوج وعروج یافتہ رہنے سے آپ کی خانگی اور خاندانی خوشیوں میں اضافہ ہوسکے گا۔ مجموعی طور پر یہ بھی ایام نہایت نیک ثابت ہونگے۔ آپ اپنے اہم کاموں کی تکمیل کیلئے ان ایام سے ضرور استفادہ کریں۔ ستارہ زہرہ زحل سعد نظرات 5,4,3 فروری، 6,5,4,3 اپریل، 25,24 اکتوبر، 16,15,14 دسمبر بننے سے آپ اجتماعی طور سے اپنی

ذات سے ہٹ کر خاندانی لحاظ سے اہم ذمہ داریاں نبھائیں گے جس سے آپ کی خاندانی عزت و توقیر بڑھے۔ زہرہ زحل نحس نظرات 4,3,2 مارچ، یکم 3,2, ستمبر، 20,19,18 نومبر بننے سے اور خصوصاً ستارہ زہرہ کی رجعت 13 مئی تا 25 جون جب ہو ان ایام میں ذمہ داری اور حاضر دماغی کا ثبوت دیں۔ اہم خانگی فیصلوں میں جلد بازی نہ کریں اور صدقہ و خیرات دینا بھی آپ کیلئے نیک ہے۔

اولاد، انعامات و محبت: ۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں بارھویں نحس گھر غروب اور ستاروں کے اجتماع میں ہونے کے سبب صاحبِ اولاد افراد اپنے بچوں کے روز و شب، اُن کی دوستیاں اور اُن کے انٹرنیٹ موبائل فونز کو بھی چیک کرتے رہیں۔ اس معمول کی ذمہ داری کو تمام سال اپنی اہم ذمہ داری بنالیں۔ تو بچوں کی جانب سے ممکنہ آنے والی پریشانیوں سے بچا سکتا ہے۔ خصوصاً 5 مئی راہو پانچویں اور مقابل کیتو آئندہ ڈیڑھ سال کیلئے آجانے سے اولاد محبت اور انعامات جیسے مشاغل میں آپ کی دلچسپیاں بڑھیں۔ ستارہ عطارد 12 تا 18 مئی اور 6 ستمبر تا 2 دسمبر عروج شرف اور اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی زندگی میں بعض اہم انقلابی تبدیلیاں لائیں۔ علم و ادب اور جدید ٹیکنالوجی جیسے علوم میں آپ کی دلچسپی بڑھے۔ آپ کے شعور اور ادراک میں اضافہ ہو۔ سال کے آخر میں اچانک کوئی محبت شادی میں بدل سکتی ہے۔ ستارہ عطارد سال میں 3 مرتبہ رجعت (اُلٹا) یافتہ 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر ہونے سے جذباتی اور محبت کے نوعیت کے معاملات خاصے محتاط طلب ہونگے۔ جنسِ مخالف میں رغبت خصوصاً بازاری قسم کی دوستیاں بدنامی اور پریشانی کا باعث بن سکتی ہیں۔ شمسی ساڑھ ستی کے سبب اپنی اور اپنی فیملی کی عزت کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ غیر متوقع پریشانیوں سے بچنے کیلئے مٹھی بھر کر روزانہ شکر کا صدقہ حشرات الارض کو ڈالیں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں اور پرائز بانڈز میں دلچسپی رکھنے والے افراد 13,12,11,3,2 جنوری، 12,11,9,8,7 اپریل، 13,12,11,10 مئی، 30,29 اگست، 4,3,2 ستمبر، 30,29,28 نومبر، یکم 30,21,12,2, دسمبر ان ایام میں حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام کی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر: ۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ قمر ابتداء سال میں دوسرے گھر میں ہونے سے ناک کان گلے کے امراض کا اندیشہ خصوصاً دانتوں کے مسائل کیلئے فوری اچھے معالج سے رابطہ کریں اور اغذیہ و ادویہ کے استعمال میں کوتاہی نہ کریں ورنہ وزن یا کولیسٹرول لیول بڑھنے جیسے مسائل کا سامنا رہ سکتا ہے۔ سال کے ابتداء میں 6 ستارے بارھویں خصوصاً کیتو اور راہو چھٹے ہونے سے حاسدین مخالفین آپ پر اپنا غلبہ بڑھانے کی ناکام کوشش کریں نظرِ بد جادو ٹونہ جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں اگر آپ اپنی طبیعت میں کوئی غیر معمولی فرق محسوس کریں اور تمام دوا سے آپ کو شفاء نہ ہو تو پھر ڈاکٹری علاج کے ساتھ ساتھ کسی مُرشد کامل یا بزرگ روحانی سے اپنی شفایابی کیلئے اپنا روحانی علاج بھی ساتھ کروائیں۔ صدقے و خیرات ہر پیر سفید اشیاء کا حسبِ توفیق دیتے رہیں۔ قرض مرض مقدمات جیسے مسائل پریشانیاں مئی تک پیش آنے کا اندیشہ ہے۔ 5 مئی راہو پانچویں اور کیتو گیارھویں آنے سے صحت کے مسائل میں بہتری آئے گی۔ مئی تا دسمبر اگر آپ قرض خواہ ہیں تو ادائیگی قرض کیلئے صالح نیت سے کی گئی کوشش بار آور ثابت ہوں۔ اپنی جسمانی اور روحانی شفایابی کیلئے چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں دم شدہ پانی پئیں اور دُعائیں کریں نظرِ بد جادو ٹونہ سے تحفظ کیلئے ادارہ سے لوحِ محفوظ کا تحفہ منگوا کر پاس رکھیں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی: ۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ شمس یوں تو سارا سال بارہ منقطۃ البروج میں گردش کرتے ہوئے 20 مارچ تا 19 اپریل، 20 مئی تا 21 جون، 27 جولائی تا 22 اگست اور 22 نومبر تا 21 دسمبر زائچہ کے سعد گھروں سے گزرتے ہوئے شراکتی از دواجی معاملات میں بہتری لائے گا۔ شادی کے خواہاں لڑکے لڑکیاں خصوصاً بڑی عمر کے افراد یا عقد ثانی کے خواہاں دلوی افراد کی شادی منگنی کیلئے 2020ء اور 2021ء نہایت اہم سال ہیں۔ ستارہ مشتری بھی 19 دسمبر کو 12 سال کے بعد طالع میں آکر پورا ایک سال یہاں رہے گا۔ شادی منگنی جیسی خوشیاں عطا کرے گا۔ ناراض زوجین کے مابین افہام و تفہیم اور صلح صفائی کے مواقع بھی میسر آئیں گے۔ شمسی ساڑھ ستی کے سبب دوسروں سے ہر قسم کے خراب تعلقات میں بہتری لانے کیلئے اگر آپ اپنا ہم وزن صدقہ گندم یا باجرہ سال کی ابتداء میں اپنے سر سے وار کر کبوتروں یا پرندوں کو

ڈالیں تو یہ آپ کا سال 2020ء کیلئے ایک نہایت اہم دربلا جیسا صدقہ ہے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں بارھویں نحس گھر میں ہونے کے سبب وراثت حصولِ انشورنس کلیم، دوسروں سے شراکتی لین دین غیر معمولی مسائل و پریشانیاں شکوک وشبہات اس سے قبل پیدا ہوں۔ آپ اپنے سارے اہم کام 8 فروری تک پینڈنگ رکھیں۔ اس کے بعد حالات قدرے بہتر ہونے لگیں گے۔ ستارہ عطارد 12 مئی تا 5 اگست اور 20 اکتوبر تا یکم دسمبر عروج شرف اوراوجی بروج سے گزرے گا تو مشترکہ مفادات کے کاموں لین دین اور شریکِ حیات کے نصیب سے بھی بہتری آئے گی۔ ان ایام میں جن کی شادی ہوگی انہیں اپنی شریکِ حیات کے نصیب سے مالی مادی فوائد ملیں۔ ستارہ عطارد سال میں 3 مرتبہ رجعت یافتہ (اُلٹ) 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر ہونے سے وراثتی وشراکتی اُمور افہام وتفہیم پنچائتی طریقے سے حل کرنے نیک رہیں گے۔ تب معاملات میں قدرے سست روی آئے تو دُعاؤں اور صدقات سے انہیں دور کیا جاسکتا ہے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور نصیب کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں طالع میں ہونے سے 2020ء میں متعدد خوشگوار تفریحی اور روحانی سفر پیش آئیں۔ ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 8 فروری شرف یافتہ، 5 مارچ تا 7 اگست اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر شرف عروج اوراوج یافتہ ہونے سے کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے بیرونِ ملک متعدد سفر پیش آئیں۔ ایسے طلبہ جو ہائر ایجوکیشن کیلئے بیرونِ ملک جانا چاہتے ہیں انہیں کسی یونیورسٹی میں فل یا ہاف اسکالرشپ بآسانی مل سکتا ہے۔ دیرینہ قانونی مقدمات کے فیصلے 2020ء اور 2021ء میں اہم ستاروں کی تبدیلی کے سبب آپ کے حق میں ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔ بیرونِ ملک حصول امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں بھی ان ایام میں کامیاب ثابت ہوں۔ ستارہ زہرہ مریخ زحل کی سعد نظرات 5,4,3 فروری، 6,5,4,3 اپریل، 30,29,28,27 جون، 29,28 ستمبر، 25,24 اکتوبر، اور 16,15,14 دسمبر بننے سے حج وعمرہ زیارات مقدسہ پر جانے کی دیرینہ آرزو پوری ہو سکے گی۔ اپنے نیک نصیب بیرونِ ملک تفریحی ومطالعاتی سفر اور اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ جو منصوبہ بندی کریں گے جس میں بزرگوں اور خصوصاً اپنے والد گرامی کی دُعاؤں کو ضرور شامل رکھیں۔ زہرہ مریخ زحل نحس نظرات 25 تا 29 جنوری، 3,2 اور 31,30 مارچ، یکم ,2,3,4,5,25,30 ستمبر، یکم ,3,2 اکتوبر، 10,9 نومبر، 20,19,18 نومبر بننے سے اپنے قانونی معاملات پر نظر ثانی کریں خواہ مخواہ کے قانونی پیچیدہ جھگڑوں میں اُلجھنے کے بجائے اسے پنچائتی طور پر حل کرنے کی کوشش کریں۔ 13 مئی تا 25 جون ستارہ زہرہ رجعت میں ہونے کے سبب ہر روز دو مٹھیاں چینی یا شکر بھر کر حشرات الارض کو ڈالنا بہت نیک رہے گا۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں اپنے ہی گھر عروج یافتہ رہنے سے گزشتہ سال کی گئی محنت کے ثمرات آپ کو اس سال ضرور ملیں گے اگرچہ آپکی شمسی ساڑھ ستی جاری ہو اس کے باوجود بھی ستارہ مریخ کی سعادت کے سبب آپ اپنے اندر ایک ہمت اور استقلال محسوس کریں۔ ستارہ مریخ یکم ,3,2 جنوری، 28 جون تا 7 جنوری عروج یافتہ رہے۔ ان ایام میں کئے گئے کاروباری دانشمندانہ فیصلے آپ کا مستقبل سنوار سکتے ہیں اپنے ہم عصر اور ہم پیشہ لوگوں سے تعلقات بڑھیں۔ بااثر اور حکام کی نظروں میں آنے سے آپ کی عزت وتوقیر اور ملازمتی ترقی کا یقینی امکان ہے۔ مجموعی طور پر یہ سال کا وقت نہایت اہم ہے۔ مریخ کو شرف شمسی زائچہ کے بارھویں گھر 16 فروری تا 31 مارچ ہونے سے یہ وقت آپ کی ذات سے دوسروں کی خدمت اور مشاورت کیلئے گزرے۔ قدرت اس صلہ رحمی یا صدقہ جاریہ کا اچھا اجرادا کرے۔ 2020ء ستارہ مریخ زحل مشتری کی سعد نظرات 18 تا 22 مارچ، 30,29,28,27,21,20,19 جون بننے سے خود اعتمادی سے پیشہ ورانہ کامیابیاں ملیں۔ 2020ء کی احتیاط طلب نحس تواریخ 30 مارچ تا 2 اپریل، 6,5,4,3,2 اور 21 تا 29 اگست، 25 ستمبر تا 3 اکتوبر، 17 تا 21 اکتوبر، 12 تا 30 دسمبر بننے سے اور خصوصاً ستارہ مریخ 10 ستمبر تا 14 نومبر رجعت میں ہونے کے سبب ان ایام میں خاص طور پر احتیاط سے کام لیں۔ ایک تو یہ ایام اور دوسرا ساڑھ ستی کی مجموعی نحوست سے بچنے کیلئے حسبِ توفیق روزانہ یا ہر منگل صدقہ وخیرات ضرور

دیتے رہیں۔ خصوصاً سرخ اشیاء کا صدقہ گوشت کلیجی پھیپھڑے کا دینا زیادہ احسن اور افضل ثابت ہوگا۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مشتری 19 دسمبر تک شمسی زائچہ کے بارہویں نحس گھر میں 5 ستاروں کے اجتماع میں انتہائی کمزور اور نحس گھروں میں ہونے کے سبب 2020ء کچھ زیادہ خوش کن سال معلوم نہیں ہوتا۔ ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پر دم نکلے اس سال حقیقت کا روپ دھار سکتا ہے۔ اپنے نفس کو کنٹرول رکھیں اور کم سے کم خواہشات پر ہی اکتفا کریں ورنہ آپ کو اپنے قریبی لوگوں کی فرمائشیں پوری کرنے کیلئے ناگہانی مسائل و پریشانیوں اور بے عزتی اور رسوائی سے بھی گزرنا پڑسکتا ہے۔ 2020ء دوستوں اور دشمنوں کی تمیز کے حوالے سے ایک نہایت اہم سال ہے جنہیں آپ اپنا دوست سمجھتے رہے وہ لوگ آپ سے بے وفائی اور آپ کے بھروسہ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ یار مار قسم کے دوستوں سے بھی محتاط رہیں۔ حسبِ حال 2020ء کیلئے ایک شعر آپ کی خدمت میں ہدیہ ہے ”**دوستوں کی دوستی کے ہی طفیل، راز سارے دشمنی کے پا گیا ہوں میں**“

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد زائچہ میں خفیہ دشمنوں کا گھر سال کی ابتداء میں ہی 6 کواکب شمس عطارد مشتری پلوٹو کیتو پہلے اور بارہویں گھر کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل بھی یہاں ہونے سے 2020ء آپ کے بھی دوست اور دشمن آپ کے سامنے عیاں ہونگے۔ جن لوگوں پر آپ ماضی میں بھروسہ کرتے رہے ہیں وہی لوگ آپ کے حاسدین اور مخالفین میں شامل آپ کو نظر آئیں گے۔ آپ کے خلاف سازشوں کا ناکام جال بُنا جاسکتا ہے۔ خصوصاً نظرِ بد جادو ٹونہ کی شکایت اور عارضہ آپ محسوس کرسکتے ہیں۔ طبیعت میں سستی کاہلی اور تنہائی ڈر خوف جیسے آثار محسوس کریں تو اپنی جان مال کا صدقہ ضرور دیں۔ ایسے دلوی افراد جو عرصہ دراز سے بیرونِ ملک مقیم ہیں ممکن ہے کہ وہ کسی سبب دلبرداشتہ ہوکر یا اپنے بڑھاپے کی وجہ سے اپنے وطن آنے کو ترجیح دیں۔ فلسفہ ہجرت مکہ سے مدینہ کی نیت سے کی گئی سنتِ ہجرت باعثِ برکت ثابت ہوگی۔ ناگہانی اخراجات پیش آسکتے ہیں۔ آمدن و خرچ میں توازن قائم رکھنا بہت ضروری ہوگا۔ سارا سال وقفہ وقفہ سے صدقات پر زور دیں۔

دلوی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات:۔ اس سال میں 4 چاند اور 2 سورج گرہن لگیں گے۔ 11 جنوری اور 21 جون چاند اور سورج گرہن چھٹے گھر میں لگنے کے سبب قرض مرض سے ممکنہ نجات مل سکے گی اور آپ کے ظاہری دشمن ذلیل و خوار ہوں 6 جون چاند اور 14 دسمبر سورج گرہن گیارہویں لگنے سے دوستوں کی بے وفائی صدمات لائے۔ توقعات میں مایوسی اور ناکامی، 5 جولائی بارہویں چاند گرہن لگنے سے بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پاسکتے ہیں۔ آپ کے خفیہ دشمن بھی زیر و ذلیل ہوں۔ 30 نومبر پانچویں چاند گرہن لگنے سے صاحبِ اولاد بچوں کی نگہداشت اور تعلیم و تربیت کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ اپنا اور بچوں کی جان و مال کا صدقہ ضرور دیں۔ گرہن لگنے کے 15 دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے صدقہ و خیرات جی کھول کر دیتے رہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) جسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ و خیرات بھی ضرور دیں۔

سعد تواریخ:۔ کیم،6،12،15،24،29 جنوری، 3،4،11،16،20،25 فروری، کیم،10،14،19،20،24،29،31 مارچ، 4،7،11،12،15،20،25 اپریل، 4،8،13،17،22،31 مئی، 5،9،14،19،28 جون، 2،6،11،16،25،29 جولائی، 2،7،12،21،25،29 اگست، 3،8،11،17،18،21،26 ستمبر، 5،15،23،24،28 اکتوبر، 11،15،19،24،29 نومبر، کیم،9،13،15،17،22،27 دسمبر

نحس تواریخ:۔ 4،11،17،31 جنوری، 6،13،28 فروری، 3،5،12،26 مارچ، 2،9،21،23،26،28 اپریل، 6،20،30 مئی، 2،16،23،30 جون، 13،21،24،27 جولائی، 3،10،17،23 اگست، 2،6،19،30 ستمبر، 4،17،18،30 اکتوبر، 2،13،27 نومبر، 4،11،24 دسمبر

حوت
مشتری
20 فروری تا 20 مارچ
حروف: د ج

حاکم سیارہ: مشتری و نیپ چون
ذاتی عقیدہ: مجھے یقین ہے (I Believe) عنصر: پانی (Water)
خاصہ: تغیر پذیر (ذوجسدین)
نشان: دو مچھلیاں
نفسیاتی ٹائپ: احساس
منسوب رنگ: سمندری نیلا
اعضائے جسمانی: پاؤں
منسوب پتھر: ایمے تھیسٹ
منسوب پھول: آبی کنول
منسوب درخت: بید
منسوب غذا: سلاد کے پتے
مثی اور مؤنث برج
بائیو کیمک سالٹ: فیرم فاس
حالات و واقعات کی روشنی میں
SHEHRYAR AFRIDI

آسمانی کونسل پر **2020**ء جسکا مفر دسمبر **4** ستارہ شمس (قدیم) ستارہ یورانس (جدید) سے منسوب لہروں کے دوش پر اپنی روحانیات بڑھا کر اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کم از کم یہ دُعا **40** مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں۔ (اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ یَا اَللّٰهُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِی) یوں سال **2020**ء آپکی زندگی کا کامیاب سال ثابت ہوگا۔

2020ء میں آسمانی کونسل پر ستاروں کی نشست ابتداء سال میں آپ کا حاکم ستارہ مشتری گیارہویں گھر ہبوط یافتہ غروب اور بمعہ **5** کواکب کے شمس عطارد زحل کیتو اور پلوٹو کے ساتھ ہونے سے جبکہ آپ کا ذیلی حاکم نیپچون طالع میں قمر کے ہمراہ ہونا قدرے ایک بہتر سہارا۔ اس سال **4** اہم ستارے برج تبدیل کریں گے۔ **22** مارچ ستارہ زحل گیارہویں سے بارہویں گھر میں عارضی طور پر آ کر پھر مستقل آئندہ ڈھائی سال کیلئے بارہویں گھر میں آجائے گا۔ **5** مئی راہو تا وتد الارض اور کیتو وتد السماء بیت العزت اور کیرئیر کے گھر میں آئندہ ڈیڑھ سال کیلئے آجائے گا اور پھر آپ کا حاکم ستارہ مشتری **19** دسمبر گیارہویں سے بارہویں گھر ایک سال کیلئے آجائے گا۔ یوں ستاروں کی بروجی تبدیلی اس بات کا اشارہ ہے۔ کہ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ ان تبدیلیوں کو محسوس کئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ اس سال جو تبدیلیوں کا سلسلہ شروع ہوگا۔ آپ کے پاس اپنے مستقبل کی پلاننگ کیلئے یہ سال نہایت اہم ہے۔ چونکہ **17** دسمبر **2020**ء جب ستارہ زحل طالع کے بارہویں آجائے گا تو آپ کے آئندہ ساڑھے سات سال جسے منجمین ساڑھ ستی کا نام دیتے ہیں ایک آزمائش طلب خراب دور شروع ہوجائے گا۔ اس دور میں زندگی کے اہم کاموں میں تاخیر التواء رکاوٹیں پریشانیاں آنے لگیں گی۔ کام بنتے بنتے رُکتے ہیں۔ روپے پیسے کا کاروباری نقصانات دوسروں سے تعلقات میں بلاوجہ کی خرابی۔ البتہ دوستوں اور دشمنوں میں تمیز ہوجاتی ہے۔ کہ لوگ آپ سے کتنے مخلص ہیں بعض اوقات دوست دشمن اور دشمن دوست لگنے لگتے ہیں۔ خرابی صحت بعض کمزور زائچہ کے حامل ذہنی دباؤ ڈپریشن بھی محسوس کر سکتے ہیں۔ الغرض اگلے ساڑھے سات سال جلد بازی اور جذباتی فیصلوں کے ہرگز نہیں ہیں۔ اِدھر آپ کا حاکم ستارہ مشتری اس سال ہبوط سے تو نکل آئے گا۔ تاہم یہ **19** دسمبر **2020**ء طالع سے بارہویں رہنے سے آمدن و خرچ میں عدم توازن قائم کرے گا۔ جو لوگ ریٹائرڈ ہونے والے ہیں انہیں مخلصانہ مشورہ ہے کہ اپنی زندگی کی جمع پونجی کا خیال رکھیں اور کسی غلط جگہ سرمایہ کاری کے سبب اپنی رقم کو ضائع نہ کر پائیں۔ یہ ایک احسن اور خوش آئند بات ہے آپ کا ذیلی حاکم ستارہ نیپچون **26** جنوری **2026**ء تک طالع میں رہے۔ نیپچون روحانیات پُراسرایت اور شعور سے لاشعور میں لے کر جانے کا ستارہ ہے۔ ایسے حوتی بہن بھائی جو نماز پنجگانہ کی پابندی درود و سلام اور روحانی علوم وظائف اور زیارات مقدسہ پر اکثر و بیشتر جاتے رہے ہیں ان کا روحانی وجدان بہت بڑھ جائے گا اور انہیں آنے والے وقت کے غیبی اشارے بھی ملنے لگیں گے۔ تاہم روحانیت کے ساتھ ساتھ دنیاوی علوم و فنون میں بھی آپ کی دلچسپیاں قائم رہیں گی۔

آپ کی شخصیت:۔ طالع کا حاکم ستارہ مشتری **19** دسمبر تک ہبوط یافتہ گیارہویں گھر میں رہتے ہوئے **14** مئی تا **13** ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب آپ کی حیثیت و شخصیت اور آپ کے خلاف حاسدین کی سازشیوں کا امکان ہے۔ اپنے ہالہ نور اور روح کو طاقتور بنانے کیلئے اور اپنے حاسدین و مخالفین کو زیر کرنے اور انکی جانب سے نظرِ بد اور سازشوں سے بچنے کیلئے آپ زرد پکھراج یا زرد عقیق معدنی نگینہ چاندی میں بنوا کر دو نفل شکرانہ کے ادا کر کے دُعا کر کے اپنے ہاتھ میں پہنیں۔ ستارہ مشتری طالع کے ساتھ آپ کی عزت و تکریم کا بھی مالک ہے اور اس سے منسوب یہ جواہرات پہننے سے آپ کا ہالہ نور یقیناً طاقتور ہوگا۔ مشتری اور آپ کا ذیلی حاکم نیپچون ہر دو حاکم ستارے روحانیت و مذہب سے منسوب ہونے کے سبب سب سے اچھا اور آسان روحانی عمل یہ ہوگا کہ آپ بلا ناغہ

کثرت سے درود شریف پڑھ کر نہ صرف اپنے او پر دم کریں بلکہ دم شدہ پانی بھی پئیں۔ اور اپنے سر پر بھی ڈالا کریں۔ نیز اپنے ہر قسم کے تحفظ کیلئے ادارہ سے لوحِ محفوظ کا روحانی تحفہ منگوا کر اپنے گلہ میں با پرہیز پہنیں۔ یوں روحانی تدارک سے آپ اپنے سال ہذا میں اپنی شخصیت کو بدنظری اور جادو ٹونہ سے محفوظ بنا سکیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں نویں نصیب کے گھر میں سعد پوزیشن ہونے سے ابتداء سال میں آپ اپنے کاموں میں سارا سال وقفہ وقفہ سے التواء اور رکاوٹیں محسوس کر سکتے ہیں ان سے تحفظ اور حفاظت کیلئے نگینہ مرجان پہننا آپ کیلئے نیک ہے۔ ستارہ مریخ شمسی زائچہ کے ابتداء سال میں نویں اور پھر 3 جنوری تا 16 فروری دسویں گھر میں ہونے سے ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے نئے کاروباری معاہدے ملیں لیکن ان پیشہ ورانہ معاملات سے دولت کا حصول آسان دکھائی نہیں دیتا۔ ستارہ مریخ 16 فروری تا 31 مارچ شرف یافتہ اور 28 جون تا 7 جنوری 2021ء خانہ مال میں طویل عرصہ تک اپنے ہی گھر میں ہونے سے آپ کو اپنے ذرائع آمدن بڑھانے کی ذمہ داری و فکر لاحق رہے گی اور آپ غیر ارادی طور پر ذمہ داری سے اپنی آمدن میں زیادہ نہیں تو کچھ نہ کچھ اضافہ کر ہی پائیں گے۔ جو لوگ اپنے والدین خصوصاً والدہ اور بزرگوں سے دُعائیں لیتے رہتے ہیں۔ ان کے معاملات قدرے نرم اور بہتر رہ سکتے ہیں۔ تاہم ستارہ مریخ 10 ستمبر تا 14 نومبر رجعت میں ہونے کے سبب روپیہ پیسہ آسانی سے نہ ملے گا بلکہ آپ کو قدرے زیادہ محنت کرنی پڑے گی۔ یہ سال خاندان میں وسعت کے لحاظ سے بھی نہایت اہم دکھائی دیتا ہے۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں بارہویں نحس گھر میں ہونے کے سبب اس سال عزیز و اقارب کی جانب سے فرمائشیں ملتی رہیں۔ آپ ان کی فکر و پریشانی میں ان کا ساتھ دیں۔ ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 8 فروری شرف یافتہ، 5 مارچ تا 7 اگست اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج و اوج یافتہ رہتے ہوئے عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں خوشگواری اور ایثار و قربانی کا جذبہ بڑھے۔ اندرونِ ملک متعدد مطالعاتی اور سیر و تفریح جیسے سفر پیش آئیں تاہم ستارہ زہرہ 13 مئی تا 25 جون رجعت میں ہونے کے سبب دورانِ سفر اور سفر سے قبل صدقہ و خیرات ضرور دیں۔ زہرہ مشتری سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 29,28,27 مارچ، 20,19,18 اکتوبر، 16,15,14 دسمبر بننے سے عزیز و اقارب بہن بھائیوں کی فلاح و بہتری کیلئے آپ اپنی ذات سے ہٹ کر کوئی اجتماعی کام کرنے پسند کریں جن سے صلہ رحمی کی خوشبو آئے ناراض بہن بھائیوں عزیز و اقارب میں آپ کی کوششوں سے صلح صفائی اور محبت جیسے کئی ایک کام آپ کے ہاتھوں انجام پا سکتے ہیں۔

